# فہرست مضامین الادلۃ القویۃ لدفع الحیل الواہیۃ


| صفحہ | مضمون | صفحہ | مضمون |
|---|---|---|---|
| | سبب تصنیف | ۱۶ | جواز استفتاء عن کل الصحابہ صحابہ کے زمانہ تک منحصر نا بعد اونکے ائمہ اربعہ کا اتباع واجب ہونا + |
| | **فصل اوّل** | ۱۷ | مذہب جدید کا مردود ہونا - |
| ۵ | سائل کے سوال سے سائل کو الزام دینا اور سوال کا پلٹنا + | " | وہابیونکا کافر ہونا غیر مقلدون کے تقریر سے |
| ۷ | قبل تدوینات صحاح ستہ کے تقلید شخصی کا جاری ہونا + | ۱۸ | غیر مقلدونکا فاسق و ضال و مبتدع ہونا + |
| ۸ | سائل کے سوال سے سائل کو رافضی ہونا اور بدلیل خیر القرون تقلید ائمہ اربعہ کی افضل ہونا - اور فی زماننا کے عالم حی کی تقلید مین گمراہی ہونا | ۱۹ | حالت مجبوری مین فاسق کے پیچھے نماز درست ہونا اور حالت اختیاری مین اسکو امام نکرنا بلکہ تحقیر کرنا - |
| ۱۰ | سائل کا سوال سائل پر پلٹنا اور جواب دندان شکن پانا - | ۲۰ | فی زماننا مجتہد مطلق کا وجود غیر ممکن ہونا |
| " | الاسناد من الدین الخ مین گفتگو کرنا | | **فصل دوم** |
| ۱۱ | سبب سند کو دین سے نہونا + | ۲۲ | نقل اشتہار مولوی محمد حسین صاحب لاہوری |
| ۱۳ | متفق علیہ حدیث کو عمدہ ترین حدیثون کے ہونیکی سند بے سند ہونا - | ۲۳ | جواب اشتہار بطور اصول موضوعہ سات گذارش مین - |
| ۱۴ | سائل کا سوال سائل پر پلٹنا - | ۲۴ | پہلی گذارش مین سائل کے سوال کو سائل پر پلٹا دینا مع وعدہ انعام |
| ۱۵ | اجماع کا بیان مع دفع دخل | ۲۵ | دوسری گذارش مین حدیث صحیح کا دع |

| صفحہ | مضمون | صفحہ | مضمون |
|---|---|---|---|
| ۵۳ | اب ہمکو مناسب ہی کہ امام صاحب کا اتباع کرنا — | ۷۷ | تنبیہ |
| ۵۴ | امام صاحب کے استنباطات کو صحیح جاننا اُن کے مقابلے مین غیرون کے طرف التفات نکرنا — | ۷۸ | جواب اعتراض |
| " | عدم رفعدینی کا ثبوت — | ۷۹ | عوام غیر مجتہد پر احد الائمہ کے تقلید واجب ہونیکا ثبوت — |
| ۵۶ | جواب اعتراض — | ۸۱ | تنبیہ قابل حفظ |
| ۵۷ | دفع دخل - اور اعتراض — | ۸۲ | دقیقہ قابل دید |
| ۵۸ | جواب — پھر جواب اعتراض — | " | ظہر کا وقت دو مثل تک باقی رہنیکا ثبوت |
| ۵۹ | آثار عدم رفعدینی کا — | ۸۴ | تنبیہ — |
| ۶۲ | تاریخ حیات وموت طحاوی وزیلعی کی + | ۸۵ | جواب اعتراض قابل دید |
| ۶۳ | امام محمد رح اور ابن تیمیہ کی موت کی تاریخ | ۸۷ | مسلمانون اور پیغمبر جبریل عم کا نفس ایمان مساوی ہونا — |
| ۶۴ | متعصبین کا امام صاحب کے جھوٹے موٹے عیب کو بہانا بنا کر دکھلانا - اور اپنے گانیکے عیب کو چھپانا — | ۹۱ | ایمان کے دو معنے ہونا — |
| ۶۵ | نماز مین خفیہ آمین کہنے کا ثبوت — | ۹۴ | قضا کا ظاہر وباطن نافذ ہونیکا ثبوت — |
| ۶۹ | طرفہ غریب لطیفہ عجیب — | ۹۵ | حدود کا بالشبہہ منہدم ہونا — |
| ۷۰ | نماز مین زیر ناف ہاتھہ باندھنیکا ثبوت | ۹۷ | نکاح محرم کے وطی مین حد نہ لگانا ماموتہ ہونا — |
| ۷۱ | دفع دخل اور انوکھی ہوئی روایت ابن خزیمہ کی — | " | مختصر قصہ ناحضرت ماعز رضہ کا — |
| ۷۱ | خلف الامام مقتدیونکو قرأت نہ پڑھنیکا ثبوت — | ۱۰۰ | تنبیہ ہود آو یا نہ — |
| ۷۶ | جواب اعتراض — | ۱۰۱ | دو درہ کا ثبوت — |
| | | ۱۰۴ | ایقاظ |
| | | ۱۰۵ | شرع مین تخمین کا بھی دخل ہونا — |
| | | ۱۱۰ | مختصر نقل پادری صاحب کی — |
| | | ۱۱۳ | حدیث قلتین کا مناظرہ — |

| صفحہ | مضمون |
|---|---|
| | تشریح جدید ہونا - |
| ۲۶ | فی زماننا حدیث صحیح تحقیقی کا مثل عنقا کے مفقود ہونا - |
| ر | ابن حجر عسقلانی کا سب قسم کے حدیثونکی نسبت مردود و مقبول کہنا سوا حدیث متواتر کے اور حدیث متواتر کا وجود ثابت نہونا - اور محدثین کا صحیح وعدم صحیح کہنے کا قول امر اضافی ہونا + |
| ۲۹ | تیسری گذارش مین امام صاحب کے مسند لہ حدیث کو صحاح کے حدیثون سے معتبر تر جاننے کی علت - |
| ۳۲ | چوتھی گذارش مین امام صاحب کے مسند لہ حدیث صحاح مین نپا پا جانیکے سبب سے باطل سمجھنا - جہالت و بلادت ہے اور صاحبان صحاح کا غیر عرب ہونا + |
| ۳۳ | پانچوین گذارش مین ہر کسی کو اپنے بول بالا رہنے کا خیال ہونا - |
| ۳۵ | امام بخاری رح کا کچھ حال جس سے امام صاحب سے عداوت رکھنا ثابت ہے - |
| ۳۸ | اکثر محدثین اور مورخین کا شافعی مذہب ہونا مع تاریخ حیات اور موت انکی + |
| ۳۹ | قاعدہ جہان کہین امر حق کو چھپا نہین سکتا وہان اسکا اقرار کرنا ضرور پڑتا + |
| ۴۰ | افراط تفریط مورخین کا -- اور معاندین کا قول بھی حدیثون مین شامل ہوجانا + |
| ۴۲ | چھٹوین گذارش مین ایک سو ساٹھ برس تک مبشر بالخیر کا زمانہ رہنا بعد دو سو برس کے زمان مبشر بالشر شروع ہونا + |
| ۴۴ | امام صاحب کی پیدایش ۶۱ یا ۷۰ یا ۸۰ مین ہونا |
| ر | امام بخاری رح کی پیدایش ۱۹۴ مین اور باقی محدثون کے بعد دو سو کے ہونا + |
| ر | امام صاحب کی تدوینات خیر القرون مین واقع ہونا |
| ۴۵ | صحاح کی تدوینات شر القرون مین ہونا + |
| ر | دفع دخل |
| ۴۵ | ساتوین گذارش مین - اخبار احاد پر صحاح وغیرہ کے عمل کرنا بالیقین درست نہونا بدلایل شتیٰ |
| ۴۹ | لا مذہبون نے جو جو کتابین حنفیون کے رد مین صحاح کی خبر احاد کے تکیہ پر لکھی ہین خصوصاً فتح المبین و ظفر المبین کا مردود ہونا |
| ۵۰ | جواب اعتراض + |
| ۵۱ | جواب اعتراض قابل دید + |
| ۵۲ | بخاری اور دیلمی کے درمیان پھوٹ پڑہنا |
| ر | بخاری کا قبل ۱۱ برس کے صحیح بخاری کی تالیف کرنا + |
| ر | مسلم کا ایک برس کے سن مین حدیث سماعت کرنا + |

| صفحہ | مضمون |
|---|---|
| ۱۵۶ | ف قرأت خلف الامام کا ممنوع ہونا |
| ۱۵۷ | دفع دخل بوجوہات شتیٰ قابل دید بلکہ قابل حفظ۔ |
| ۱۵۹ | تنبیہ قابل دید۔ |
| ۱۶۰ | اعتراض قوی۔ |
| ۱۶۱ | جواب شافی بدلائل قوی۔ یعنے معیار کا تخطیہ کس خوبی سے کیا گیا دیکھو |
| ۱۶۲ | ابن طاہر کی عبارت کا تخطیہ۔ |
| ۱۶۳ | امام صاحب کی تابعیت کی شہادت مقبول نہونیسے کل صحاح کی حدیث بطریق اول مقبول نہونا۔ لازم آنا۔ |
| " | باوجود ثبوت اصحابیہ بقولون کے لم یثبت لکہنا حق کو ناحق جاننا۔ |
| ۱۶۴ | قولہ ولم یلق احدا کا بطلان۔ |
| ۱۶۶ | جواب سوال۔ |
| " | قولہ وکان فی ایام ابی حنیفہ اربعہ من الصحابہ کا بطلان۔ |
| ۱۶۷ | تنبیہ قابل دید۔ |
| " | ابن خلکان نووی و یافعی و ابن طاہر و علی القاری کی موت کی تاریخ۔ |
| ۱۶۸ | اکثر حنفیونکا بلا تدارک عبارت غیر مذہب کا نقل کرنا۔ |
| " | جواب شافی اعتراض قوی کا۔ |

| صفحہ | مضمون |
|---|---|
| ۱۶۹ | میانصاحب کی دلیل سے میان صاحب کو الزام دینا۔ |
| ۱۷۰ | احد الاقوال کے صدق سے دوسرے اقوال کا کذب لازم آنا۔ |
| ۱۷۰ | وہم کہنا ابن شاہین کا خود وہم ہونا۔ |
| ۱۷۱ | حضرت جابر رض کا ہم نام سیکڑون صحابہ ہونا۔ |
| " | مسند خوارزمی کا معتبر نہونی سے صحاح کا ہے |
| ۱۷۲ | مسند خوارزمی کا وجود و اعتبار معاندین کے کلام سے بھی ثابت ہونا |
| ۱۷۳ | جواب اعتراض مع وجوہات شتیٰ یعنے میان صاحب نے جن جن بزرگون کو ائمہ اربعہ کے ساتھہ برابر ٹھراکر بطلان حصر مذاہب اربعہ کا ثابت کیا تھا اُن لوگونکا خود مقلد ہونا اُن کے کلام سے ثابت ہونا۔ |
| ۱۷۴ | امام اعظم رح و امام شافعی رح کا مذہب قبل امام ابو ثور کے مدون ہونا۔ |
| " | ابو ثور کا زمانہ قبل صاحبان صحاح کے ہونا۔ |
| ۱۷۵ | مساوات بعضیہ سے مساوات کلیہ حقیقۃ ثابت نہین ہوسکتی ہے |

| صفحہ | مضمون |
|---|---|
| ۱۱۴ | حدیث قلتین کی تضعیف |
| ۱۱۵ | چالیس قلہ اور دہ دردہ کا پانی مساوی ہونا مع مناظرہ و دیگر خوبیہا — |
| ۱۲۰ | حدیث بیر البضاعہ کی گفت وگو — |
| ۱۲۱ | قاضی اقدی رح کے نسبت ابن حجر عسقلانی بیہقی و نسائی کا بدظن ہونا اور جواب دندان شکن پانا — |
| | **فصل سوم** |
| ۱۲۴ | گوہر علی علی گڈہی صاحب کے جواب مین |
| ۱۲۵ | حنفیون کو سنت ادا کرنے والون سے عداوت نہونا بلکہ ہوا پرستون سے حسب شرع عداوت کرنا — |
| ۱۲۷ | سوای ان چار آئمہ اربعہ کے اور ونکی تحریر و تقریر سے مذہب کا مٹ جانا وغیر ذلک قابل دید — |
| ۱۲۹ | ہر چار ائمہ اربعہ کے مقبول ہونیسے بہی باعتبار افضلیت کے امام الائمہ کی تقلید کرنیکی دلیل — |
| ۱۳۱ | امام اعظم رح کے اعظم ہونے کی علت |
| ۱۳۲ | سائل کے سوال سے سائل کو دم دار کتا ہونا لازم آنا — |
| ۱۳۴ | **فصل چہارم** |
| | جواب سوالات متفرقہ غیر مقلدین کے بیان مین |

| صفحہ | مضمون |
|---|---|
| ۱۳۴ | امام صاحب کی تابعیت کی دلیل علے وجہ الکمال ثابت ہونا — |
| ۱۳۵ | کتاب اصابہ سے تابعیت کا ثبوت — |
| ۱۳۶ | پہلے طبقہ کے صحابیون کا ذکر |
| ۱۳۸ | ایقاظ — |
| 〃 | دوسرے طبقے کے صحابیون کا ذکر |
| ۱۴۰ | ایقاظ — |
| 〃 | تیسرے طبقے کے صحابیونکا ذکر — |
| ۱۴۱ | ایقاظ قابل دید — |
| ۱۴۲ | چوتھے طبقے کے صحابیونکا ذکر — |
| ۱۴۴ | ایقاظ قابل دید — |
| ۱۴۵ | تقریب التہذیب سے تابعیت کا ثبوت |
| 〃 | طبقہ اول کے صحابیونکا ذکر — |
| ۱۴۶ | ایقاظ — |
| 〃 | طبقہ ثانیہ کے صحابیونکا ذکر — |
| ۱۴۸ | ایقاظ — |
| 〃 | طبقہ ثالثہ کے صحابیونکا ذکر — |
| ۱۵۰ | ایقاظ قابل دید — |
| ۱۵۱ | طبقہ رابعہ کے صحابیونکا ذکر |
| ۱۵۲ | ایقاظ قابل دید — |
| ۱۵۳ | شرح مشکوۃ سے تابعیت کا ثبوت |
| ۱۵۴ | ایقاظ — |
| 〃 | دفع دخل قابل دید — |

| صفحہ | مضمون |
| --- | --- |
| ۲۰۶ | سوال دوم کا جواب قابل دید |
| ۲۰۸ | سوال سوم کا جواب |
| " | سوال چہارم کا جواب مع دفع دخل |
| ۲۰۹ | احادیث متخالفہ صحیح بخاری سے |
| ۲۱۲ | روایات متخالفہ صحیح مسلم سے |
| ۲۱۵ | روایات متخالفہ ابن ماجہ سے |
| ۲۱۸ | روایات متخالفہ تیسیر الاصول |
| ۲۲۲ | روایات متخالفہ مشکوٰۃ |
| ۲۲۴ | ایقاظ قابل دید |
| ۲۲۵ | مقلدین کی بشارت |
| ۲۲۶ | کل صحاح غیر حنفی کی کتابین ہین |
| ۲۲۸ | بوجوہات شتی عمدہ دندان شکن جواب اس قول کا جو شوکانی نے چار سے زیادہ نکاح کرنا حلال لکھا |
| ۲۴۵ | تنبیہ |
| ۲۴۶ | بلا عذر دو وقت کی نماز کو جمع کرنا درست نہین |
| ۲۵۲ | عیدین کی چہ تکبیر کا ثبوت سائل ہی کے تقریر سے ثابت ہے |
| ۲۵۶ | وتر کی نماز تین رکعت ہونیکا ثبوت |
| ۲۵۶ | مفقود الخبر کی بی بی کو بعد چار برس کے |

| صفحہ | مضمون |
| --- | --- |
| | نکاح ندینیکا ثبوت |
| ۲۶۲ | اس خاتمہ مین مولوی نذیر حسین صاحب کی توبہ نامہ کا بیان |
| ۲۶۶ | مولوی محمد حسین لاہوری کے خط کا جواب نور الانوار کے طرف سے |
| ۲۶۹ | اوس خط پر فقیر کا تخطئہ کرنا |
| ۲۷۲ | نقل توبہ نامہ |
| ۲۷۴ | اعتراض کرنا غیر مقلد کا اسپر اور جواب بالصواب پانا |
| ۲۸۰ | فتوا عمدہ قابل دید |
| ۲۸۴ | تحریر واعظانہ مستخرجی کے طرف سے |
| ۲۹۰ | تنبیہ |
| ۲۹۲ | تحریر مستخرج بجواب استفتای رضی اللہ عنہ گفتن |
| ۲۹۶ | فتویٰ ہندی لکہ قابل دید |
| ۳۰۰ | تحریر واعظانہ مستخرج کے طرف سے |
| ۳۱۱ | تقاریظ علمای ہر دیار قابل دید ہے |


تمام شد فہرست مضامین

| صفحہ | مضمون |
|---|---|
| ۱۷۶ | مجتہد مستقل سے مجتہد منتسب مراد ہے نہ مجتہد مطلق — |
| " | امام بخاری کے شان کی گفت گو + |
| ۱۷۹ | ابطال حصر مذاہب اربعہ کے دفعیہ کی گفتگو — |
| ۱۸۰ | معیار کا تخطیہ — |
| ۱۸۱ | معیار کی عبارت سے صاحب معیار کا خود الزام پانا اور بحر العلوم کی شرح کا مطلب نہ سمجھنا - اُلٹا چور کوتوال ڈانٹے کی نقل لازم آنا — |
| ۱۸۲ | حصر مذاہب اربعہ کے ابطال سے کل حصر اعتباری کا بطلان ثابت ہونا |
| ۱۸۹ | بحر العلوم کے اعتقاد کی گفتگو — |
| ۱۹۰ | عاقل و غافل کا تفرقہ - اور بحر العلوم کی رفتار شتر بے مہار کیسے نہین |
| ۱۹۳ | دلیل استقرائی سے حصر مذاہب اربعہ کا ثبوت — |
| ۱۹۴ | دلیل خلف اور اقلیدس کے ساتوین شکل سے بھی حصر مذاہب اربعہ کا ثابت ہونا — |
| " | عربی تقریظ جو بنفسہ ایک عمدہ رسالہ مستقلہ ہے — |
| ۱۹۵ | اقتباس سورہ کوثر وغیرہ کا ہونا تقریظ مین |

| صفحہ | مضمون |
|---|---|
| ۱۹۶ | جو لوگ مذاہب اربعہ سے خارج ہین اُنکا بحسب حدیث مبتدع و ضال ہونا + |
| ۱۹۷ | جسطرح سے ایمان و تصدیق بکل ما جاء به الرسل ہمپر واجب ہی اوسیطرح سے ایمان و تصدیق بکلام الائمہ بھی واجب ہے بدلیل نصوص — |
| ۱۹۷ | جسطرح سے بما جاءت به الانبیاء پر مع اختلاف شرائع - طعن کرنا درست نہین اسیطرح فیما استنبطه الائمہ پر بھی طعنہ درست نہین |
| ۲۰۰ | جسنے امام صاحب کے مسائل مستنبطہ کا انکار کیا وہ کافر بنا — |
| " | امام صاحب کے طاعنین وغیرہ کا کافر و فاسق وغیر ذلک ہونا — |
| ۲۰۱ | امام صاحب کے عدم توقیر سے اسلام سے خارج ہونا — |
| ۲۰۲ | امام صاحب کے مقابلہ مین صاحبان صحابہ کا درجہ طالب العلم سے بھی کم ہونا + |
| " | مسلم بخاری کا شاگرد و بخاری امام احمد کا شاگرد و احمد امام شافعی کا شاگرد و شافعی امام محمد کا شاگرد و محمد امام اعظم رح کا شاگرد ہے اب کسکا کیا درجہ ہے + |
| ۲۰۳ | صحاح کی صحت و اعتبار بہ نسبت مابعد صحاح نہ بہ نسبت ماقبل صحاح — |

قل جاء الحق وزهق الباطل ان الباطل کان زهوقا

الحمد للہ کہ کتاب لاجواب متضمن تقلید شخصی مشتمل بر جواب سوالات الزامی

غیر مقلدین خسر الدنیا والدین الموسوم بہ

# ما حسن الادلة القویه لدفع الجدل الوهابیه

از تصنیفات فاضل اجل عالم باعمل حاجی حرمین شریفین زائر روضہ رسول الثقلین

جناب مولوی محمد عبد القادر صاحب اتانت الشموس افاضاته علی العالمین وحیاته

در مطبع میڈیکل پریس آگرہ باہتمام عاصی امام الدین احمد طبع شد

کرکے اِس جنگ کی آمادگی مین کرہمت باندھکر اور دوات وقلم وکاغذ وغیر ذلک سلحون سے مسلح ہوکر چاہتا تھا کہ مفسدون کے سرون کو نیزۂ قلم پر دھرلون - اور تقریرات کی تلوارون سے انھین تہ تیغ کرکے میدان مارلون - اور تحریرات کے گھوڑون پر تقلید شخصی کو سوار کراکر مطلق العنان کردون - اور باغیون کے فسادکے خیمون کو مضامین کے بارود وگولے سے پھونک دون - اور اس جہاد سے شریعت کے میدان کو لا مذہبون کے خس وخاشاک سے پاک وصاف کرلون - کیونکہ حسب مشاہدہ

تیغ مفسد شجرۂ ایمان برید - ہیچو غذا ملت از عالم پرید -

ملت کی خرابی دیکھتا ہون - لیکن کیا کرون مشیّت الٰہی سے لاچار ہون کہ ناگاہ مجھے بیماری نے آگھیرا - حتّٰی کہ رخصت کا لینا ضرور پڑا - پھر اِس عرصہ مین مضمون

جو بقا اپنی فنا سمجھے وہ دُکھ بھرتے نہین -

ایک لڑکی نے ہماری اپنی فنا کو بقا سمجھ کر اور کل من علیہا فان کے معنی پر غور کرکے قضا کی - پھر دوسری نے بھی بندا ے یاایتہا النفس المطمئنۃ ارجعی الی ربک راضیۃ مرضیہ لبیک کہکر وہی راہ لی چنانچہ جناب مولوی محمد رضا علی صاحب بنارسی ادام مجدہ الواہب نے اُنکی موت مین یہ تاریخ لکھی

بتاریخ دخول باغ فردوس — گُلی مین ثمرتی فرمود رضوان -
۱۳ —

معہذا - مین نے لیٹے لیٹے اُنکے سوالون کے جواب مین یہ رسالہ لکھا - اور اسکا نام - ما احسن الادلۃ القویہ -

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین۔ والصلوٰۃ والسلام علی سید المرسلین وخاتم النبیین وعلیٰ آلہ الطیبین۔ واصحابہ الطاہرین۔ والائمۃ المجتہدین المقبولین اجمعین۔
**اما بعد** واضح ولائح ہوے کہ جب مجھکو تذکرۃ المذاہب کی تصنیف سے فراغت حاصل ہوئی۔ اور بفضلہ تعالیٰ وہ کتاب عرصۂ قلیل مین ہر ہر شہرون وضلعون و دیارون وامصارون مین شائع و ذائع ہوگئی۔ تب جسطرح سے علماے محققین کی طرف سے مبارکبادی آنے لگی۔ اور فضلاے مدققین کی جانب سے مدحیہ چٹھی پہونچنے لگی۔ اوسی طرح سے بعض غیر مقلدون کی طرف سے بھی سوالون کی گولے میری طرف آنے لگے اور اعتراضون کی تلوارون کے وار ہمپر پڑنے لگے۔ مَین بھی خدا پر بھروسا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# فصل اوّل در جواب سوالات غیر مقلد دہلوی کہ نام خودرا ظاہر نہ کردہ

## (۱) سوال

تقلید شخصی کی کیا تعریف ہے اسکو قرآن اور حدیث سے فرمائیے؟

## جواب

سوء ادبی معاف حضرت بڑی حسرت و افسوس کی بات ہے کہ آپ کے سوال سے آپکی جہالت و حماقت پیدا ہے۔ اور غباوت و بلادت ہویدا۔ ؎

بے کمالیہائے نادان از سخن پیدا شود
پستۂ بے مغز چون لب وا کند رسوا شود

سوال کرنے سے نا کرنا اچھا تھا ؎

تا مرد سخن نگفتہ باشد
عیب و ہنرش نہفتہ باشد ؎

نہ گفتی ندارد کسی با تو کار
ولیکن چو گفتی دلیلش بیار ؎

**لدفع الحیل الوھابیہ** رکھا۔ اور اسکو کئی فصلون مین منفصل کیا۔ خالق الانام۔ اپنے فضل وکرم وانعام سے اِس گمنام کو افراط وتفریط وتعصّب مذہبی عوام کالبہائم سے محفوظ ومصئون رکھے۔ اور توفیق جوابدہی باصواب کی عطا فرماوے۔ آمین ثم آمین۔ یارب العالمین

**تنبیہ** مین بنگالی ہون۔ اُردو دانی پہ ناز نہین کرسکتا ہون ؎

نناز ہم بسرمایۂ فضل خویش بدریوزہ آوردہ ام دست پیش

کہ بنگالی کا علماء ہند کے مقابلہ مین اُردو مین جواب لکھ بھیجنا۔ کیسا جیسا گُل کو گلستان کی طرف اور فلفل کو ہندوستان کی طرف تحفہ لیجانا ؎

گُل آورد سعدی سوے بوستان بشوخی وفلفل بہ ہندوستان

اور ہندوستان مین بنگالے کے اُردو کی اتنی بقدر ہی ہے جتنا ختن مین مُشک کی ؎ ہمانا کہ در پارس انشاے مَن چو مُشک است بے قیمت اندر ختن

باوجود اسکے مین نے اِس رسالہ کو اُردو ہی مین لکھا۔ کہ اُسمین عوام کا فائدہ منظور تھا۔ اصلا ہندوستانیون کے عیب چینی کی پروا نہ کی۔ اور فتلی السراج کی نقل صاحب قاموس سے یاد رکھی۔ بلکہ امر شریعت کے اظہار مین اپنے تئین معیوب گرداننے کو بھی بہتر سمجھا۔ کہ حضرت موسیٰ عم باوجود تتلا پن کے کبھی دعوت الی الحق سے باز نہ رہے۔ پھر مین کیونکر بنگالیت کے عیب سے امر حق کے اظہار سے باز رہون کیا بمضمون حدیث الساکت من الحق شیطان اخرس چپ رہکر شیطان اخرس بنون۔ العیاذ باللہ۔

---

شد غلامے کہ آب جو آرد　　　آب جو آمد و غلام بہ برد

ابتو سوال آپ کا آپ پر پلٹا اِسکا جواب آپ پر واجب ہوا۔ ۵ دعوی جو آپکا تھا وہ برعکس ہو گیا۔

## سوال (۲)

تقلید شخصی کس زمانہ سے جاری ہی؟

## جواب

قبل تدوینات صحاح ستہ زمان مبشر بالخیر سے جاری ہی۔ نہین تو بخاری و مسلم و نسائی وغیرہم رح کو امام شافعی رح کا مقلد ہونا کیونکر ثابت ہوتا۔ کیون یہ امر تواریخ و سیر کی کتابون کی سیر سے دریافت نہ کیا کا تھکے آپکو اُنکی تقلید کی آگاہی ہوتی۔ اور جو جو کتابین حنفی مذہب مین قبل تدوینات صحاح کے مثل جامع صغیر و جامع کبیر امام محمد رح کی جو شاگرد رشید امام اعظم رح اور اُستاد امام شافعی رح کے ہین تصنیف ہوئین اُنکی خبر ملتی۔ تو ہرگز آپ کی زبان سے ایسی بات نہ نکلتی اور جو اُنکی تقلید کا حال دریافت کرنے کی قدرت و علم نہین تو آپکے سامنے بیان کرنا اِس مثل کا مصداق ہونا یعنی اندھے کے سامنے رونا اپنی آنکھین کھونا ہی۔

جب آپکو محدثین کی تقلید سے جو اظہر من الشمس اور ابین من الامس ہی اتنی بیخبری ہی پھر آپکو رموز شریعت و غوامض طریقت سے کیا خبر ہو گی ۵

تو خود می نشنوی بانگ دہل را　　　رموز سِر سلطان را چہ دانی

کم گوی و بجز مصلحتِ خویش مگوے ○ چیزے کہ نہ پرسند تو از پیش مگوے

چو مردم سخن گفت باید بہوش ○ وگرنہ شاں چون بہائم خموش

کیا حضرت! آپ کے نزدیک قرآن و حدیث - اصول منطق فلاسفہ وغیرذلک کی کتابین ہین جنسے اشیا کی تعریف کا ثبوت چاہتے ہین مصرع برین عقل و دانش بباید گریست - اجی صاحب! فقط اسمین قصص و احکام الٰہی وارکان شرعی ہین - اسمین تقلید شخصی کی تعریف کیونکر ملیگی - آپ کو اگر اس بات کا دعوی ہی تو پہلے آپ ہی حدیث صحیح یا مرفوع یا مقطوع یا موقوف یا مرسل یا متفق علیہ وغیرذلک کی تعریف جنپر آپ لوگون کا عمل ہی قرآن و حدیث سے بیان فرمائے بلکہ فرائض و واجبات وغیرہا کی تعریف تو قرآن و حدیث سے ثابت کیجیے بعد اسکے تقلید شخصی کی تعریف قرآن و حدیث سے ثابت کرکے ہمکو مجھ سے پوچھیے ○ تم ہمکو ہی کہتے ہو کچھ اپنی بھی خبر ہی - وگرنہ مستورانانہ برقع منھ پر ڈالکر پردہ مین محجوب رہا کیجیے - مردانہ مناظرہ مین منھہ نہ دکھلائیے کہ آخر کو ننگ و ناموس کھوئیگا - اور پھر جو ہی پچتائیگا - حضرت! آپ کا سوال کرنا نہین مگر شیطان کی شادی رچانا اور وہی گلگلے یا خیالی پلاؤ پکانا ہی ○ بہر رنگے کہ می آید شناسم وہ خیالی پلاؤ یہ ہی کہ آپنے اپنے دل مین یہ ٹھہرا رکھا ہی کہ جب مقلد تعریف تقلید شخصی کا قرآن و حدیث سے ثابت نہ کرسکیگا تب آپ یہ کہیگا کہ بے قرآنی و حدیثی بات پر عمل کرنا جائز نہین - لیکن آپ جس ہتھیار سے لڑنے آئے تھے اُسی سے ہی مارے پڑے - خوب ہی منھہ کی کھائی - ○

فی روایۃ خیر الناس قرنی کذا فی تحفۃ الاخیار ۔ و حدیث عن عمر قال قال رسول اللہ صلعم اکرموا اصحابی فانہم خیارکم ثم الذین یلونہم ثم الذین یلونہم ثم یظہر الکذب حتی ان الرجل لیحلف و لا یستحلف و یشہد و لا یستشہد الا من سرہ بحبوحۃ الجنۃ فلیلزم الجماعۃ الخ کذا فی المشکوٰۃ ۔ اور بخاری نے جو باب (لا یاتی زمان الا الذی بعدہ شر منہ) صـ۱۰۴۲ باندھا ہی منعکس ہوگا ۔ اگر آپ کہتے ہین کہ افضل ہی تو آپکو مناسب ہی کہ امام شوکانی و نسائی و دراسی و ابن جوزی و داؤد ظاہری و اصفہانی و بخاری و ترمذی و دارقطنی و دارمی وغیرہم رح کی تقلید نفرمائیے کہ وے مُردے ہین ۔ نہ روافض کو مناسب ہی کہ محمد ابن یعقوب الکلینی و ابن بابویہ و ابن مطہر حلی و شیخ مفید و شریف مرتضیٰ کی تحریرات پر تقلید کرین کہ یہ بھی مُردے ہین ۔ مگر آپکے کل پیشواے دین انھین بزرگوارون کی تقلید کرتے آئے ہین اور کرتے جاتے ہین ۔ باوجود اسکے تقلید عالم حی کو افضل کہتے پھرتے ہین اور لما تقولون ما لا تفعلون کا مصداق بخوبی ہوتے ہین ۔ اگر انصاف کیجیے اور اعتساف نفرمائیے تو اس افضلیت مین بڑی قباحت لازم آتی ہی کیونکہ بس عالم حی کو آپ لوگون نے افضل جانکر تقلید کی انھون نے کسی کی تقلید کی یا نہ کی ۔ اگر نہ کی احکام شرعی کیونکر سیکھے ۔ کیا انکو نبوت ملی ۔ یا وحی اُنپر نازل ہوئی ۔ یا نفس امارہ کی تقلید کی ۔ اول تو بحدیث لا نبی بعدی سے منقطع ہی ثانی آیہ کریمہ ۔ ان النفس لامارۃ بالسوء ۔ سے مذموم و منہی عنہ ہی ۔ اور اگر کی تو کسی مُردہ کی کی یا زندہ کی ۔ مُردہ کی صورت مین

## (۲۳) سوال

تقلید عالم حی کی افضل ہے یا مُردہ کی ؟

## جواب

ہان ! روافض کے نزدیک عالم حی کی تقلید مُردہ کی تقلید سے افضل ہے
کما فے کتبہم قول المیت میت - کیا بدبو چھپانے سے چھپتی ہے
آخر کو نکل ہی پڑتی ہے - کیون حضرت ! آپکے سوال نے آپکے
اعتقاد مافی الضمیر کی کیسی خبر دی - اور بمضمون - کل اناء یترشح بما فیہ
آپکی ظرفیت کھل گئی - کیون خواہ نخواہ تقیہ سے سُنی بنکر تقلید و عدم تقلید
کی بحث کرتے ہین - آپ خود رافضی ہین کہانتک رفض کو چھپائیگا -
آخر کو نکل ہی پڑا - جسطرح سے قے کرنے سے ماکولات مسروقہ مُبطنی نکل
پڑتے ہین اسی طرح آپکی مُبطنی بات نکل پڑی - بخوبی رافضیت ثابت ہوگئی
لیکن آپنے اپنے پندار مین بڑا ہی فسا دبویا - یعنی بسبب موت کے ائمہ
اربعہ کی تقلید سے لوگون کو برگشتہ کرانے کو اچھا ڈھنگ نکالا بلکہ جو ہی
دموے کا رنگ جمایا - لیکن یہان وہ گڑ نہین کہ مکھی بیٹھے - خیر جو ہو سو ہو
اب مین یہ کہتا ہون کہ مُردہ کی تقلید سے عالم حی فی زماننا کی تقلید ہرگز
افضل نہین - بلکہ سراسر ضلالت واتباع ہوائے نفسانیت ہے نہین تو

مضامین حدیث - عن ابی مسعود رض - قال قال رسول اللہ صلعم
خیر الناس قرنی ثم الذین یلونہم ثم الذین یلونہم ثم یجیئ قوم تسبق
شہادۃ احدھم یمینہ ویمینہ شہادتہ اخرجہ البخاری والمسلم

امام اعظم رح کی تقلید اور مدح مین موجود ہی کیون اعتبار نہو۔ فنعم
ما قال اللہ تعالی۔ نُؤْمِنُ بِبَعْضٍ وَنَكْفُرُ بِبَعْضٍ وَيُرِيدُونَ أَنْ
يَتَّخِذُوا بَيْنَ ذَٰلِكَ سَبِيلًا۔ ثانیًا مجرد قول ابن المبارک کو دین مین
داخل کرنا اور اُنکے اُستاد کے اقوال مستنبط نصین کو دین سے خارج سمجھنا
کسقدر نفسانیت اور عداوت کی بات ہی۔ بمضمون استفت عن نفسک
اپنے ہی نفس سے پوچھ لیجے۔ ثالثًا اگر کل سند محدثین معتبر فی الدین ہو۔
تو رحلت رسالت مآب صلعم کو دو دو بار سہ بار ہونی لازم آتی ہی العیاذ باللہ
کیونکہ متفق علیہ حدیث مین ابن عباس رض کی ایک روایت مین رسالت مآب صلعم
کی رحلت کو بسن ترسٹھ ۶۳ لکھا۔ پھر وہی ابن عباس رض کی دوسری روایت
مین پینسٹھ ۶۵ لکھا۔ پھر حضرت انس رض کی ایک روایت مین ساٹھ ۶۰ لکھا۔ پھر انکی
دوسری روایت مین ترسٹھ ۶۳ لکھا۔ اب بتائیے ان چارون حدیثون
مین سے جو دو محدث معتبر نے انکو دو راوی معتبر کی طرف سے بسند مرفوع
متصل بیان کر رکھا ہی۔ کون حدیث بسند صحیح صحیح ہی۔ اگر کل صحیح ہی تو تکرار
رحلت کی سند بھی بیان فرمائے۔ اگر حضرت انس رض کی ساٹھ کی روایت کو
صحیح کہیئے۔ تو باقی ۶۳ و ۶۵ کی روایت کو کیا کہیگا۔ علی ہذا القیاس اگر
حضرت ابن عباس رض کی ۶۵ کی روایت کو صحیح فرماوین تو باقی روایتون مین
کیا ارشاد کیجیگا۔ باطل تو نہین کہہ سکتے ہین کہ آپنے سند کو دین قرار دے
رکھا ہی۔ نہ کل کی حقیت کا اقرار کر سکتے ہین۔ کہ تکرار رحلت کی لازم آتی ہی

تو بقول آپ لوگون کے افضلیت جاتی رہتی ہے۔ اور زندہ کی صورت مین وہی
اوپر کی قباحت مع تسلسل لازم آتی ہے۔ بہر صورت آپکے سوال پر ضلال کا
زوال ہے۔ نہ اسکی افضلیت پر کسی ائمہ وغیرہ کا مقال ہان یہ فقط رافضی النسل
سرگروہ غیر مقلدین کا قیل و قال ہے۔ کیون نہوا انکی سرشت کا یہی خصال ہے۔

درختے کہ تلخ ست او را سرشت | گرش در نشانی بباغ بہشت
ور از جوے خلدش بہنگام آب | بہ بیخ انگبین ریزی و شہد ناب
سر انجام گوہر بکار آورد | ہمان میوہ تلخ بار آورد

## (۴) سوال

تقلید کا واجب ہونا ایک مسئلہ ہے فرمائیے امام صاحب وجوب کے قائل
ہین یا نہین۔ اگر قائل ہین تو کس کتاب مین ہے اسکے سند بیان فرمائیے؟

## جواب

اِس سوال کا جواب ہمارے اِس سوال کے جواب پر موقوف ہے کہ سند
محدثین کی مسند ہونا ایک مسئلہ ہے فرمائیے تو کسی شارع نے اِس سند کو مسند
گردانا ہے یا نہین اگر گردانا ہے تو اسکی سند بیان کیجیے۔ اگر آپ یہ فرماوین کہ
عبد اللہ ابن المبارک نے بقولہ (الاسناد من الدین ولولا الاسناد
لقال من شاء ما شاء۔ کذا فی مقدمۃ المسلم) سند کو دین سے گردانا ہے تو اسکا
جواب کئی وجوہ سے دونگا اولاً ابن مبارک رح جو شاگرد امام اعظم رح کے ہین
شارع نہین کلام میرا شارع کے سند گرداننے مین ہے۔ ثانیاً اگر قول ابن المبارک
کو سند کے سند ہونے مین اسناد اور اعتبار ہو تو پھر انکے قول کو جو اپنے استاد

اور سنیئے آپ لوگ خدا و رسول ہی کے قول پر عمل کرنے کا ادّعا کرتے ہین۔ اور فقہ و اصول پر عمل کرنے کو ضلالت سمجھتے ہین۔ اِسلیے مین آپ لوگون کی خدمتون مین گذارش کرتا ہون۔ کہ متفق علیہ یعنی بخاری و مسلم کی اتّفاق کی ہوئی حدیثون کو عمدہ ترین حدیثون کا ہونا ایک مسلہ ہے فرمائے تو یہ قول خدا کا یا رسولؐ خدا کا ہے یا کسی صحابی کا یا کسی تابعی کا یا کسی تبع تابعی کا یا کسی مجتہد کا یا خود صاحب صحیحین کا ہے۔ اگر خدا و رسول کا ہے تو اُسکی سند بیان فرمائے۔ نہین تو عمل بالحدیث والقرآن کا دعوی چھوڑیے۔ خواہ نخواہ شرک کا الزام اپنے پر التزام نہ کیجیے۔ اور اگر باقی بزرگون سے کسیکا بھی قول ہے۔ تو اُسکی سند بیان کیجیے۔ نہین تو اسپر عمل کرنے کو فقہ و اصول کے عمل کرنے سے بدتر ضلالت سمجھیے

ہم الزام اُنکو دیتے تھے قصور اپنا نکل آیا۔

اے حضرت! تقلید کا واجب ہونا تو امر نصی ہے۔ امام صاحب کے قائل ہونے یا نہونے پر کچھ موقوف نہین۔ یہ امر فقط تذکرۃ المذاہب کے مقصد ثانی کے ملاحظہ سے معلوم ہو جائیگا۔ دوسری کتاب کی حاجت و ضرورت نہین رہیگی۔ ـــ ۵

یک حرف بس ہست گر شعور ست ورنہ چہ چراغ پیش کور ست

## سوال (۵)

تقلید کے وجوب کا آپ لوگون کو عمل ہے یہ تو فرمائیے وہ کسکا قول ہے اور کسکے قول پر عمل ہے؟

مین نے اس بحث کو اچھی طرح سے تذکرۃ المذاہب کے ۶۶۵ صفحہ مین لکھا ہے اگر جی چاہے دیکھ لیجے - خامسًا - ابن المبارک رح کے قول سے کل محدثین کی سند کو دین سے ہونا نہ سمجھنا چاہیئے - اگر سب سندین دین سے ہوتین - تو کل احادیث موضوعات مستندہ کو دین سے ہونا لازم آتا - بلکہ جو سند ابن المبارک کے زمانہ کے ساتھ مختص تھی - البتہ وہ سند سند شرعی تھی - نہ ہر کہ ومہ کی سند سند شرعی ہے - کما زعمتم - کیونکہ سند کی بنا جب ہوئی کہ لوگ حدیثین وضع کرنے لگے - نہین تو ضرورت نہ تھی - چنانچہ ابن سرین کے قول سے جو مقدمہ صحیح مسلم مین ہے یہ بات ظاہر ہے - عن ابن سرین قال لم یکونوا یسئلون عن الاسناد فلما وقعت الفتنۃ قالوا سموا لنا رجالکم فینظر الی اھل السنۃ فیوخذ حدیثھم وینظر الی اھل البدع فلا یؤخذ حدیثھم - پھر جب سندین بھی وضع ہونے لگین تو کلیت (الاسناد من الدین) کی باطل ہوگئی - اور ضلالت آگئی - کیونکہ اسناد پرستی کا نتیجہ اس تین حال سے خالی نہین حدیث کا حدیث ہونا - حدیث کا حدیث نہ ہونا - غیر حدیث کا حدیث ہونا - البتہ صورت اوّل مین تو موجب ہدایت ہے مگر وجود اسکا اشذ الشذوذ ہے اور صورت ثانی و ثالث مین بالکل ضلالت ہی ضلالت ہے - حضرت دور کیون جاتے ہو - اسی روایات مذکورہ مین غور کیجیئگا - تو تاریخ رحلت و ولادت کی ضلالت سے غیر حدیث کو حدیث اور حدیث کو غیر حدیث ہونا لازم آجائیگا - فتدبر -

## جواب

جواب اسکا بھی تذکرہ کے ۴۰۷ صفحہ مین دیکھیے یعنی اجماع امور شرعیہ مین فائدہ یقین وقطعی کا دیتا ہی۔ پر وہ کئی قسمون پر منقسم ہوتا ہی۔ درجہ ہر ایک کا متفاوت ہی۔ انمین سے قوی تر اجماع صحابہ رض کا ہی۔ جیسا حضرت ابو بکر صدیق رض کی خلافت پر صحابہ کا اجماع منعقد ہوا ہی۔ اور ایک اجماع سے اجماع صحابہ ٹوٹ نہین سکتا ہی۔ جیسا روافض کے انکار سے اجماع مذکور نہین ٹوٹا۔ نہ خوارج کے قول سے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی فضیلت کا زوال ہوا۔ لیکن اس تقریر سے آپ اپنے دل مین یہ نہ سمجھیے۔ نہ شیطان کے اس وسوسہ کو دخل دیجیے۔ کہ جب مضمون

اجمع الصحابه على ان من استفتى ابابكر و عمر فله ان يستفتى ابا هريرة و معاذ بن جبل وغيرهما كما قال البعض۔ اجماع صحابہ اسپر منعقد ہو چکا ہی کہ جو کوئی استفتا کرے ابو بکر و عمر رض سے اسکو جائز ہی ابو ہریرہ و معاذ بن جبل سے استفتا کرے۔ تب ہر مستفتی کو جائز ہی کہ جب کسی کو چاہے اُس سے استفتا کرے۔ پھر خصوصیت استفتا مذہب واحد کی کیا ضرورت ہی۔ کیونکہ اوّلا غیر صحابی کو صحابہ کی برابر سمجھنا قیاس مع الفارق پر عمل کرنا ہی۔ ؎ لیس مشتری الاملاک کمشتری الافلاک ؎
چہ نسبت خاک را با عالم پاک ؎ کہان راجہ بھوج کہان گنگا تیلی۔

ثانیا فله ان يستفتى ابا هريرة الخ اس صورت مین کہ جس صورت مین فتوی مین شیخین کی مخالفت نہو اتحاد ہو۔ اس بحث کو تذکرہ کے صفحہ ۲۸۲ مین

## جواب

جواب اسکا بھی ہمارے اِس سوال کے جواب پر موقوف ہی کہ صحاح ستّہ کی صحت پر آپ لوگون کا اعتقاد ہی - یہ تو فرمائے کہ رسول صلعم انکی صحت کے قائل تھے یا نہین ؟ اگر قائل تھے تو کِس کتاب مین ہی ؟ سند اسکی بیان فرمائے - اگر قائل نہین تھے تو وہ کِسکا قول ہی اور کِسکے قول پر عمل ہی ؟ اگر تذکرۃ المذاہب کے ۵۹۰ - اور ۶۶۱ صفحہ پر نظر فرمائے تو بخوبی اِسکی صحت و عدم صحت کا حال دریافت ہوجائیگا -

اور سنئے - عدم وجوب تقلید پر آپ لوگون کو عمل ہی یہ تو فرمائے وہ کِسکا قول ہی اور کِسکے قول پر عمل ہی ؟

## سوال (۶)

اجماع کی کیا تعریف ہی ؟

## جواب

اجماع کی تعریف ہمارے اصول کی کتابون مین موجود ہی - عیان را چہ بیان ؎

گر نہ بیند بروز شپرہ چشم ۔۔۔ چشمۂ آفتاب را چہ گناہ

تاہم اگر اِسکے سمجھنے مین دقت ہو تو تذکرہ کے ۶۰۳ صفحہ پہ نظر کیجیے

## سوال (۷)

صحابہ رضوان اللہ کا اجماع کیا ہی ؟ اور صحابہ کا اجماع آپکے اجماع سے ٹوٹ سکتا ہی یا نہین ؟

آپ نے اپنے دل مین تصور کیا تھا۔ کہ اگر مجیب درست کہیگا تو ہمارا مذہب بھی درست ہوگا۔ اور اگر مردود کہیگا۔ تو مذاہب اربعہ مردود ہوگا ؎

اگر ریا یا اگر تزویج کردند ۔۔۔ از یشان بچہ شد کا شکے نام

حضرت مذاہب اربعہ تو برعایت مضمون الاقرب فالاقرب۔ زمان مبشر بالخیر مین تدوین ہوئے ہین جیسا دوسرے سوال کے جواب مین گزرا۔ تب مردود کے لفظ کا اُنپر اطلاق نہین کیا جاسکتا ہی۔ ہان آپکا مذہب جلد بلا البتہ مردود ہی۔ حضرت آپ کی لاٹھی کی مار آپ پر پڑی۔ کیون نہو آسمان پر تھوکنے سے مُنھ پر پلٹتا ہی ؎

بر بلندان سخن بسوی خودست ۔۔۔ تف بسوی فلک بروی خودست

## (۱۰) سوال

جو منسوب بوہابی ہین وہ لوگ مسلمان ہین یا کافر اگر کافر ہین تو کیون اور اگر مسلمان ہین تو فاسق ہین یا فاجر اگر فاسق یا فاجر ہین تو کیون؟

## جواب

وہابیون کا کافر ہونا یا نہونا بمضمون استفت عن نفسک آپ لوگ اپنے دلون سے پوچھیے۔ وے خود کفر کا فتوی دینگے۔ کیونکہ جب آپ لوگ حنفیون کو ابو حنیفہ رحمہ اللہ کی طرف منسوب ہونے کے سبب سے کافر بولتے ہین تب اسی دلیل سے وہابیون کو عبد الوہاب کی طرف منسوب ہونے مین بطریق اولی کافر کیون نہ کہینگے۔ لیکن ہین انکو بدلیل (فلو اخذ من کل مذھب مباحہ صار فاسقا تاما) کما فی الکشف

نظر کیجیے۔ ثالثاً یہ جواز استفتا بحدیث - اصحابی کالنجوم بایھم اقتدیتم اہتدیتم - صحابہ کے زمانہ تک منحصر تھا کہ باعث قرب زمان رسالت مآب صلعم کے فتنہ و فساد کا دخل شریعت مین نہین پایا جاتا تھا اب بسبب وضع وضاعین و نفاق منافقین و عناد معاندین کے وہ خصوصیت قول صحابہ کی باقی نرہی - اضلال مضلین کی مداخلت ہوگئی اس لیے محققون نے عوام کو صحابہ کی تقلیدکرنے سے بازرکھا اور انپر ائمہ اربعہ کا اتباع واجب کیا - چنانچہ اسکی دلیل بھی تذکرہ مذکور کے ۹۶ و ۱۰۴ و ۲۵ صفحہ مین مندرج ہی -

## سوال (۸)

یہ چار مذہب جو قائم ہین وہ کب قائم ہوئے ہین ؟

## جواب

دوسرے سوال کا جواب عین اسکا جواب ہی -

## سوال (۹)

جو امر دینی کہ بعد از منہ مبشرکے قائم ہوا ہی وہ کیا ہی آیا درست ہی یا مردود؟

## جواب

آپ نے امر مطلق کو جب دین کے ساتھ مقید کیا - اور اپنی زبان سے امر دینی کا اقرار کیا - پھر وہ کیونکر مردود ہوگا - واہ کیا تنکے سی بات سے پہاڑ کا سا مغالطہ اڑگیا - ؎

از محیط فضل زیبا گوہرے آمد پدید - ہر سپہر شرع روشن اخترے آمد پدید

جو مسلمان فاسق ہین انکی امامت درست ہی یا نہین ؟

## جواب

اگرچہ اس عبارت ہدایہ سے - یکرہ تقدیم العبد (تا) والفاسق (تا)
وان تقدموا جاز لقوله صلعم - صلوا خلف کل برٍ و فاجرٍ - فاسق کی
امامت مع الکراہتہ درست ہی حالت مجبوری مین - جیسے حجاج کی امامت
صحابہ کبار کے واسطے حالت مجبوری مین درست ہوئی - اور مورد حدیث
صلوا خلف کل بر و فاجر - کا بہی حالت مجبوری ہی - ورنہ بخاری مین
یہ عبارت قال الزھری لا نری ان یصلی خلف المخنث الا
من ضرورۃٍ لا بد منہا - نہین لکھی جاتی - نہ کشف الغمہ مین یہ عبارت
و کان الصحابۃ رض یصلون خلف الحجاج وکفی بہ جائرًا
(تا) وھذا کلہ اذا خیف الفتنۃ من ترک الصلوۃ خلف
ذلک الامام والا فقد کان رسول اللہ صلعم کثیرًا ما یقول
اجعلوا ائمتکم خیارکم فانھم وافدکم فیما بینکم و
بین ربکم - ترقیم یاتی - لیکن حالت اختیاری مین حدیث من
صلی خلف عالم تقی فکانما صلی خلف نبی کذا فی الھدایہ
اور حدیث کان صلعم کثیرا ما یقول اجعلوا ائمتکم الخ
پر عمل کرنا چاہیے - نہ فاسق یا بدعتی کو رضا و رغبت سے امام بنانا چاہیے
کیونکہ اسکی امامت سے تعظیم اسکی لازم ہوتی ہی - اور تعظیم و تکریم فاسق
کی درست نہین - بلکہ حسب شرع اہانت لازم ہی - اسلئے شرح سفر سعادت

والجامع الرموز والطحطاوی۔ اور بدلیل (حنفے انتقل الی مذہب الشافعے قال فخر الدین محمود بن محمد) اگر این مرد عامی است ساقط القول وشہادۃ شود واگر از اہل علم است مبتدع تو ان گردد کذافے جواہر البیضاوی) فاسق ومبتدع وضال سمجھتا ہون اور بحدیث قال رسول صلعم من وقر صاحب بدعۃ فقد اعان علی ھدم الاسلام رواہ البیہقی کذافے المشکوٰۃ۔ انکی توقیر نہین کرتا ہون۔ لیکن کافر بولتے ہین ڈرتا ہون۔ کیونکہ ہمارے مذہب مین ان حدیثون کے مطابق۔ قال رسول اللہ صلعم لا یرمی رجل رجلا بالفسق والکفر الا ردت علیہ ان لم یکن صاحبہ کذلک اخرجہ البخاری وغیرہ وقال رسول اللہ صلعم لیس المؤمن بطعان ولا لعان ولا فاحش ولا بذی اخرجہ الترمذی بڑی احتیاط سے جھٹ پٹ ہر کسیکو کافر نہین کہا جاتا ہے۔ دیکھیے آنکھ پھاڑ کر عمل بالحدیث ہمکو ہے یا آپکو۔ غیر مقلدون کو عمل بالحدیث کا دعوی کرنا کیسا جیسا خوارج وروافض کو حقیت مذہب کا دعوی بہر نہ نہ بلکہ زن قحبہ کو شدت وعصمت کا دعوی کرنا اور زن مخدرہ عفیفہ پر زنا کا بہتان لگانا۔ یے اپنے گریبان مین تو منھ ڈالکر نہین دیکھتے دوسرون پر طعن کرتے ہین ؎

اپنی فضیحتون پر انہین کچھ نہین نظر اندھے ہین خود پر اورون کو جانتے ہین ہیں

## (۱۱) سوال

ہو جائیگا - اسلیے علماے کرام اور فضلاے عظام نے لکھا ہے کہ بعد قرن ثالث یا رابع کے اجتہاد کا درجہ مسدود ہو گیا اور جن جن بزرگون نے عدم انسداد کا دعویٰ کیا بہتیرا زور مارا - مگر ایک مسئلہ بھی اُنسے استنباط نہوا - بالآخر عاجز ہو کر دنیا سے کوچ کیا - چنانچہ امام شعرانی شافعی اپنے میزان مین لکھتے ہین وقد قال بعض جمہور الناس الان یصلون الی ذلک من طریق الکشف فقط لا من طریق النظر والاستدلال فان ذلک مقام لم یدعہ احد بعد الائمۃ الاربعۃ الا الامام محمد بن جریر ولم یسلموا لہ ذلک کما مر وجمیع من ادعی الاجتہاد المطلق انما ارادہ المطلق المنتسب الذی لا یخرج عن قواعد امامہ کابن القاسم واصبغ مع مالک ومحمد وابی یوسف مع ابی حنیفہ وکالمزنی والربیع مع الشافعی اذ لیس فی قوۃ احد بعد الائمۃ الاربعۃ ان ینشئ الاحکام ویستخرجہا من الکتاب والسنۃ فیما نعلم ابدا ومن ادعی ذلک قلنا لہ فاستخرج لنا شیئا لم یسبق لاحد من الائمۃ استخراجہ فانہ یعجز - فقط

اسی طرح کی بہت سی دلیلین تذکرہ میں مندرج ہین دیکھ لیجیے -

(۱۳) سوال

اگر اس وقت کوئی مجتہد ہووے تو اسکی پیروی درست ہے یا نہین اگر درست

وغیرہ میں حدیث - لا یومّن فاجرًا مومنًا منقول ہی - اور ابراہیم بن میسرہ
سے مشکوٰۃ میں یہ روایت قال قال رسول صلعم من وقر صاحب
بدعۃ فقد اعان علی ھدم الاسلام رواہ البیہقی مشہور ہی -
اور طحطاوی وغیرہ میں یہ عبارت اما الفاسق العالم فلا یقدم لان
فی تقدیمہ تعظیمہ - وقد وجب علیھم اھانتہ شرعًا
ومفادہ کراھۃ التحریم فی تقدیمہ مسطور ہی - اگر آپ نے
بلحاظ رفض کے یہ سوال کیا ہی تو اسکا جواب تحفہ اثنا عشریہ میں پائیگا -

## سوال (۱۲)

اب کوئی مجتہد ہوسکتا ہی یا نہیں اگر نہیں ہوسکتا ہی تو کیون ؟

## جواب

اگرچہ مجتہد ہونا اس زمانہ میں عقلًا و شرعًا ممنوع نہیں مگر تجربۃً وعادۃً
غیر ممکن ہی کیونکہ لامحالہ مدار اجتہاد کا کتب شر القرون پر ہوگا اور ان
کتابون کی خرابی حدیث خیر القرون قرنی ثم الذین یلونہم ثم الذین یلونہم
ثم یجی قوم تستبق شہادۃ احدہم یمینہ ویمینہ شہادتہ وفی روایۃ ثم
یظہر الکذب وفی روایۃ ثم یفشو الکذب وفی روایۃ ثم یحلفون ولا
یستحلفون وفی روایۃ ثم یشہدون ولا یستشہدون کذا فی البخاری
والمسلم والمشکوٰۃ وتحفۃ الاخیار وغیر ذلک سے ظاہر ہی - پھر جو مسائل
ان سے استنباط کیے جائینگے - ضرور کذب و بہتان سے مخلوط و مستنبط ہونگے
تب کذب و بہتان کا نام شریع ٹھہریگا - اور شرع مثل عنقا کے ناپید

سورہ فاتحہ پڑھنے سے منع کرنا۔ **خامساً** آنحضرت یا باریتعالی کا
کسی شخص پر کسی امام کی ائمہ اربعہ سے تقلید کو واجب کرنا۔ **سادساً**
ظہر کا وقت دوسرے مثل کے اخیر تک باقی رہنا **سابعاً** عام مسلمانون کا ایمان
اور پیغمبرون اور جبرائیل کا مساوی ہونا۔ **ثامناً** قضا کا ظاہر و باطن
نافذ ہونا۔ **تشریح** مثلاً کسی شخص نے ناحق کسی کی جورو کا دعوی
کیا ہو کہ یہ میری جورو ہی اور قاضی کے سامنے جھوٹے گواہ پیش کرکے
مقدمہ جیت لے اور وہ عورت اُسکو ملجاوے تو وہ عورت بحسب ظاہر
بھی اوسکی بی بی ہی اور اُس سے صحبت کرنا بھی اُسکو حلال ہی **تاسعاً**
جو شخص محرمات ابدیہ جیسے مان یا بہن سے نکاح کرکے اُس سے صحبت
کرلے تو اُسپر حد شرعی جو قرآن یا حدیث مین وارد ہی نہ لگانا **عاشراً**
نجد بابہ آب کثیر بوقوع نجاست سے پلید نہو وہ دردہ سے کرنا۔
**تنبیہ** ان مسائل کی احادیث کے تلاش کرنے کے واسطے مین
ان صاحبون کو اسقدر مہلت دیتا ہون جسقدر یہ چاہین زیادہ مہلت
مین اُنکو بھی گنجائش ہی کہ یہ اپنے اور مذہبی بھائیون سے مدد لین۔

**المشتہر ابوسعید محمد حسین لاہوری**

# الجواب

جناب مشتہر صاحب آپکے مسئلون کے جواب مین اور یہ کئی گذارشین
پیش کرتا ہون۔ بعد اسکے جواب صاف صاف بھی لکھتا ہون۔ اور

ہے تو کیوں نہیں درست ہے تو کیوں ؟

## جواب

اگر شخص زمانہ کوئی اجتہاد کا دعوی کرے بارھوین سوال کے جواب سے پیروی اسکی درست نہین - فقط فقط تذجا

## فصل دوم بجواب سوالات این اشتہار مولوی محمد حسین لاہوری

## (نقل اشتہار بجنسہ)

مین مولوی عبدالعزیز صاحب و مولوی محمد صاحب و مولوی اسمعیل صاحب ساکنان بلیہ وال اور جو اُنکے ساتھ طالب علم ہین جیسے میان غلام محمد صاحب ہوشیارپوری و میان نظام الدین صاحب و میان عبدالرحمن صاحب وغیرہ یعنی جملہ حنفیان پنجاب و ہندوستان کو بطور اشتہار وعدہ دیتا ہون کہ اگر ان لوگون سے کوئی صاحب مسائل ذیل مین کوئی آیت یا حدیث صحیح جسکی صحت مین کسیکو کلام نہو اور وہ اس مسئلہ مین جسکے لیے پیش کیجاوے نص صریح قطعی الدلالۃ ہو پیش کرین تو فی آیت او رفی حدیث یعنی ہر آیت اور حدیث کے بدلے دس روپیہ بطور انعام کے دونگا -

**اوّلا** رفع یدین نکرنا آنحضرت کا بوقت رکوع جانے اور رکوع سے سر اٹھانے - **ثانیا** آنحضرت کا نماز مین خفیہ امین کہنا - **ثالثا** آنحضرت کا نماز مین زیرناف ہاتھ باندھنا - **رابعا** آنحضرت کا مقتدیون کو

ممنوع ہونا۔ **تنبیہ** ان مسائل کی آیات واحادیث کی تلاش کرنے کے واسطے مین بھی آپ صاحبون کو اِسقدر مُہلت دیتا ہون جس قدر آپ چاہین زیادہ مہلت مین بھی آپ لوگون کو گنجائش ہے کہ جس مین آپ لوگ اپنے ہم مذہبی بھائیون سے مدد لین۔ مگر ہم نہین سمجھتے ہین کہ آپ لوگ حشر تک جواب اِسکا دے سکین۔ اور انعام کے مستحق ہو وین کیونکہ جس مسئلہ مین جس حدیث کو آپ دلیل لاوینگے۔ ہم اُسکا معارض ایسا لاوینگے جس سے آپکے مسائل کا جواب باصواب بھی بخوبی ہوسکے اور بیک کرشمہ دو کار نکل آوے۔ انشاء اللہ تعالیٰ عنقریب اپنے معارض حدیثون پر مطلع ہووینگے۔ اگرچہ آپ اُسوقت اپنے ایفاے وعدہ سے مُکر جاوینگے۔ اور الکریم اذا وعد وفا سے مُنھ موڑینگے۔ لیکن مقلدین دین متین اِس اظہار وتبیین سے فائدہ اُٹھاوینگے۔ اور آپکی دھوکا دہی کو تاڑ جاوینگے۔ اور بمضمون حتّی یمیز الخبیث من الطیّب حق و باطل کو خوب طرح سے دریافت کرلینگے۔

**دوسری** یہ ہے کہ آپنے جو حدیث صحیح کی قید لگائی۔ گویا یہ فقط دھوکے کی ٹٹی حمقا کی ہدایت پر دھر دی ہے۔ نہین تو وہ التزام یعنی مقلدین کے واسطے مفید نہین۔ کہ اعتبار اِس صحت کا جو علماے متاخرین غیر خیر القرونی نے بمقابلہ آئمہ اربعہ خیر القرونی کےکیا ہے محض تشریع جدید ہے۔ نہ وہ رشید ہے۔ نہ سدید۔ نہ بعض کے لیے مفید۔ نہ معارض اسکا ناپدید۔ کیونکہ حدیث صحیح سے کیا مراد

اور توقع الضاف کا رکھتا ہون - تم ہمکو ہی کہتے ہو کچھ اپنی بھی خبر ہے - خیر لو صاحب مین بھی آپکو بلکہ کل لا مذہبون اور جمیع غیر مقلدون کو بطور اشتہار معدہ دیتا ہون کہ اگر آپ لوگون سے کوئی صاحب مسائل مصرحہ الذیل کو (جو بعینہ نقیض مسائل اشتہار آپکے ہین یعنی جنکی صحت پر آپ نازان ہین) کوئی آیت غیر معارضہ سے یا اُس حدیث سے جنکی صحت تحقیقی ہو ظنی نہو اور اُسکی مخالفت پر دوسری حدیث وارد نہو نہ کوئی آیت اُسکی معارض ہو - یعنی نص صریحہ قطعی الدلالۃ سے ثابت کرین - تو ہر مسئلہ کے عوض بیس بیس روپیہ بطور انعام دونگا **اولاً** موت تک رفع یدین کرنا آنحضرت صلعم کا بوقت رکوع جانے اور رکوع سے سر اٹھانے کے - **ثانیاً** آنحضرت صلعم کا نماز مین خفیہ آمین نہ کہنا - **ثالثاً** آنحضرت صلعم کا نماز مین زیر ناف ہاتھ نہ باندھنا - **رابعاً** آنحضرت صلعم کا مقتدیون کو سورہ فاتحہ پڑھنے سے منع نکرنا **خامساً** آنحضرت صلعم یا اصحاب کا کسی شخص پر کسی امام کی آئمہ اربعہ سے تقلید کو منع کرنا **سادساً** ظہر کا وقت دوسرے مثل کے آخر تک باقی نرہنا - **سابعاً** نفس ایمان عام مسلمانون اور پیغمبرون اور جبرئیل علیہ السلام کا مساوی نہونا - **ثامناً** قضا کا ظاہر و باطن نافذ نہونا - **تاسعاً** جو شخص محرمات ابدیہ جیسے مان یا بہن سے نکاح کر کے اُس سے صحبت کرلے ایسے واقع خاص مین اسکو قتل نہ کر کے اُسپر حد شرعی جو قرآن یا حدیث مین وارد ہے لگانا - **عاشراً** تحدید آب کثیر جو وقوع نجاست سے پلید نہو وہ دردہ سے

وغیر ذالک لکھ گئے - اور بقولہ تعالیٰ اِن ھی الا اسماء سمیتموھا انتم وآباؤکم اپنے اپنے تسمیہ پر جھگڑتے ہوئے مر مٹے - اور بقولہ تعالیٰ ان یتبعون الا الظن وما تھوی الانفس اپنی اپنی خواہش نفس اور گمان سے بہت کچھ تحریر فرما گئے -
کیا حضرت آپ ایسی صحت ادعائیہ اضافیہ پر نازان ہین - وہ تو خانہ ساز بات ہے - امر شرعی نہین - نہ حکم شارع اثیر ناطق ہے -
حضرت جب آپ فقہ واصول کو جو زمان مبشر بالخیر مین قبل تدوینات صحاح کے تدوین ہوئین امر بدعی کہتے ہین - امر شرعی مین نہین گنتے ہین - تو ہم کب اس خانہ ساز بات کو امر شرعی مین شمار کرنے سے مجبور ہو سکتے ہین
خیر بالفرض مین کہتا ہون کہ اگر وہ امر شرعی بھی ہو تب بھی مفید مطلب نہین - کیونکہ مین پوچھتا ہون کہ کل محدثین کی سند متصل کے اعتبار کے تام کو حدیث صحیح کہتے ہین - یا بعض کی - یا آپ کی یا آپ کے مقتدا کی خواہش نفس کے تام کو - صورت اول مین تو ہے اتفاق محال - کہ ہمیشہ سے محدثین کی مخالفت ہے لازوال - صورت ثانیہ مین صحت وعدم صحت کا ہے احتمال اور اذا جاء الاحتمال بطل الاستدلال سے بطلان استدلال مین ہے اسکے قیل وقال - پھر اسکی صحت یقین مین کونسا ہے مقال - صورت ثالثہ کا مآل ہی تو ہے نکال - اسکے اتباع مین عذاب کا ہے احتمال - کہ ان النفس لامارۃ بالسوء ہے امر دال
حضرت صورت اول وثالث کو تو بالائے طاق رکھ چھوڑیے - صورت

ہی۔ خالص حدیث رسول صلعم کا مراد ہی۔ یا حدیث مصححہ محدثین غیر
خیر القرونی۔ اوّل تو فی زماننا مثل عنقا کے مفقود ہی۔ مصداق
اسکا بالیقین پردہ زمین مین غیر موجود ہی۔ اگر بالیقین ثبوت ہوتا
ہرگز ہر آئنہ بین المحدثین اختلاف نہوتا۔ نہ محدثین کو حدیث کی نسبت
صحیح وسقیم ورطب ویابس وغیر ذالک کہنے کی طاقت ہوتی۔ نہ اسکی
نوبت پہونچتی۔ نہ کسی کو عطـ انکار کی صورت ملتی۔ نہ ابن حجر عسقلانی شافعی رح
کی طرف سے نخبۃ الفکر مین یہ عبارت ترقیم پاتی۔ الخبر اما یکون
له طرق بلا عدد معین او مع حصر بما فوق الاثنین
او بهما او بواحد فالاول وهو المتواتر وهو المفید للعلم
الیقینی لشروطه والثانی هو المشهور والثالث العزیز
ولیس شرطا للصحیح خلافا لمن زعمه والرابع الغریب
وکلها سوی الاوّل احاد وفیها المقبول والمردود لتوقف
الاستدلال علی البحث عن احوال رواتها دون الاول الخ
نہ ابن صلاح کا یقول (کہ حدیث مین کوئی اس کی مثال یعنی حدیث
متواتر کی مثال ڈھونڈے تو تھک جاوے۔ اور کوئی مثال نباوے)
شہرت پاتی۔ بلکہ عطـ من رغب عن سنّتی فلیس منّی سے امت
سے خارج ہوتے۔ اور عطـ ما اتاکم الرسول فخذوه وما نهاکم
عنه فانتهوا کے انکار سے کافر بنتے۔ ثانی تو امر اضافی ہی
کہ ہر محدث ہر حدیث کو رجماً للغیب اپنی اپنی پندار مین صحیح و غیر صحیح

برین عقل و دانش بباید گریست - اور جو مشائخ صحاح امام صاحب
کے درجہ و رتبہ و زمانہ سے ادون و اسفل ہین انکا حال امام صاحب کے
مقابلہ مین کہ می پرسد کا حال ہے - کیون نہو جب بقول حافظ ذہبی و
ابن حجر عسقلانی ان قول القرآن لبعضہم فی بعض غیر
مقبول کذا فی القلائد ہم اقران کا قول ہم اقران کے ضرر پر مقبول
نہین پھر اسفلین کو کہ می پرسد - پس مقتضای علم و عقل و دینداری
و فضل کا یہ ہے کہ جو روایت صحاح وغیرہ امام صاحب کے مستدلہ حدیث
کے ساتھ منطبق ہو اسی حدیث کو ہر کوئی صحیح تر جانے - بلکہ اگر کوئی محدث
کی حدیث امام صاحب کی حدیث مستدلہ سے منطبق ہو تو وہ اس انطباق
کو فخر سمجھے - اور شکر کرے کہ اپنی راستی کا ثواب پاوے - نہین تو اعمش
وغیرہ تک کی سند متصل کی خبر احاد برباد جاوے - کہ جب مثل اعمش وغیرہ
کے نوشتہ کا اعتبار نہووے - تو انکی خبر احاد کا کیا اعتبار رہووے - خذ ہذا -
اور اقوال محدثین متاخرین کی طرف (جیسا صححہ ابن تیمیہ وضعفہ ابن
جوزی وحسنہ شوکانی وغیرہ ٹک) التفات نکرے - تاکہ اس مثل کا
مصداق نہ بنے - مثل لنگڑے نے چور پکڑا دوڑیو میان اندھے -
کیونکہ انکی تحریرات کا سیکڑون توسطات پر دار و مدار ہے - اور ہر
متوسط کے قول پر صحت کا حکم لبکہ دشوار ہے - ہان بمضمون لولم
تکن الاعتبارات لبطلت الحکمۃ اعتبار کا اعتبار ہے اس سے
اگر تلقی است کا اعتبار کیجیے تو صحت صحاح کی تلقی پر صحت مذاہب اربعہ

کام لیتے۔ اور تعصب اور اعتصاب کو دخل ندیتے۔ تو ضرور اُن حدیثون
کو جنسے ائمہ اربعہ خصوصًا امام الائمہ امام اعظم رح نے مسائل استنباط
کئے صحیح و معتبر تر جانتے۔ نہ اِنکے مقابلہ مین صحاح کی حدیث کو پیش کرتے
کیونکہ انکے مقابلہ مین صاحبان صحاح کیا معنی انکے مشایخون کا بھی رتبہ نہین
کہ اکثر انکے شاگرد و ہم معصر ہین۔ شاگرد تو شاگرد ہی ہین۔ اور ہم معصرون
کی کچھ ایسی تدوین موجود نہین جسمین عمل کا اعتماد ہو۔ اگر تدوین
بھی ہوتی۔ تب بھی امام صاحب کی مخالفت پر دلیل نہوسکتی۔ ہان
درجہ مساوات کا ہوسکتا۔ کہ مساوی کا مساوی مساوی ہی ہوتا ہے۔
نہ گھٹتا نہ بڑھتا ہے۔ پھر کیونکر صاحبان صحاح وغیرہم نے جو کچھ روایتون کو
بعد دو تین سو برس گزرنے کے انکی طرف منسوب کر رکھا ہے وہ امام صاحب کی مخالفت
پر حجت ہوسکے۔ اور امام صاحب کی روایت مستنبطہ انکی روایت سے
ضعیف ٹھہرے۔ اگر امام صاحب کی احادیث مستدلہ انکے احادیث سے
ضعیف ٹھہری۔ تو کل صحاح کی احادیث مستندہ بطریق اَولٰی ضعیف ٹھہری
کیونکہ صاحبان صحاح کے نوشتہ و گفتہ کا نام تو حدیث نہین۔ بلکہ روایات منقولہ
تابعین عن الصحابہ عن النبی صلعم مثل اعمش و مکحول و عطا وغیرہم کا نام
حدیث ہے۔ جب مثل اعمش و مکحول وغیرہما کا نوشتہ جیسا امام اعظم رح کا نوشتہ
و گفتہ (کہ گویا انشا ہے کہ بعد تحقیق مسئلہ کے آپنے امام محمد رح وغیرہ کو املکھوا
فرمایا تھا) ضعیف ٹھہری۔ تو خبر احاد منسوبہ الی الاعمش وغیرہ کہ باعث
بعد زمان کے بسکہ احتمال کذب کا رکھتی ہے۔ کیونکر ضعیف نہ ٹھہرے سو

سے بیشی حدیث ملنے پر مغرور نہونا چاہیے۔ کہ متاخرین کی حدیث بالکل
رطب و یابس سے بھری ہوئی ہین۔ اِس سے وہ کم سچا۔ بہت اچھا۔
اِسکی باقی تقریر کو تذکرۃ المذاہب کے ۵۵ صفحہ مین پاوینگے۔ اگر نظر
کرینگے۔ **ثانیًا** خود ہر محدث نے یون اقرار کرلیا ہے۔ کہ مین نے
کروڑہا حدیثین جمع کی تھین۔ اُنھین سے اتنی احادیث مثلًا اپنی کتاب
مین داخل کین۔ اور باقی کو جسمین بہت سی حدیثین صحیح صحیح بھی تھین
متروک کیا۔ تو ہو سکتا ہے۔ کہ امام صاحب کی مستدلہ حدیثین
جنکو متاخرین نے صحاح کے تکیہ پر لا اصل لہا کہا ہے۔ اُنھین حدیث
متروکوں مین ہون۔ یا اُن حدیثون مین جو صاحبان صحاح تک پہونچین
اُسمین رہ گئے ہون۔ یا جن جن حدیثون کو صاحبان صحاح وغیرہم رح
نے امام صاحب کی مخالفت پر بسند متصل مرفوع ثابت کیا۔ وے حدیثین
امام صاحب کے وقت مین غیر صحیح و موضوع ٹھہری ہون۔ یا انکے بعد
موضوع ہوئی ہون۔ چنانچہ اسی خلف سو کے خوف سے امام صاحب
نے فقہ و اصول کو ندوین کیا اگر اِس بحث کی تحقیقات کو اچھی طرح سے
جاننا چاہتے ہین تو تذکرۃ المذاہب کے تبصرہ دہم مین اور الیقاظ مین اور
ضمیمہ کے مناظرہ مین نظر فرماوین۔ **پانچوان** یہ ہے کہ ناظاہر نہین کہ اکثرون
کو اپنی بولی میٹھی۔ غیر کی بولی کھٹی معلوم ہوتی ہے۔ ع میٹھا میٹھا ہپ ہپ
کڑوا کڑوا تھو تھو۔ بلکہ ہر کسی کو اپنے ابوال بالا ؎ کا خیال ہوتا
ہے۔ اور ہر کوئی اپنی دوکان کی نمائش دکھایا کرتا ہے۔ الّا ماشاء اللّٰہ

کیا انکی متقدم سمجھیے۔ اور بدلیل حدوث خیر القرون قرنی الخ یہ
امر مسلم الثبوت ہے کہ نوشتہ وگفتۂ متقدمین خیر القرونی۔ نوشتہ وگفتہ متاخرین
شر القرونی سے اقوی و معتبر تر ہے۔ تب لامحالہ امام صاحب یا انکے
شاگردوان کی تدوینات صاحبان صحاح کی تدوینات سے معتبر تر ہین
اب مین جو جو مستدلہ حدیث امام صاحب کی پیش کرونگا۔ وہ صحیح ہوگی
نہین تو اعتبار کا کچھ اعتبار نرہیگا۔ جسکا جی جو چاہے سو اختیار کر لیگا۔ اور
مضمون حدیث خیر القرون قرنی الخ برباد جائیگا۔ **چوتھی** یہ ہے کہ صحاح
وغیرہ کے اندر اگر کوئی حدیث مستدلہ امام اعظم رح کی بنائے جانے کے
سبب سے انکے استدلال کو باطل سمجھنا گویا عین اپنی جہالت وغباوت
پر اقرار کرنا ہے۔ کیونکہ اوّلاً تو بخاری رح ترکستانی و مسلم رح نیشاپوری
و ترمذی رح سمرقندی وابو داؤد رح سجستانی و نسائی رح خراسانی و ابن
ماجہ رح عجمی یہ ہم چند محدث غیر عربی و غیر خیر القرونی نے کل احادیث
نبوی صلعم جمع کرنیوالا سمجھنا۔ اور انہیں پر کل احکام شریعت کا دار و مدار
رکھنا۔ اور امام ابو حنیفہ رح کو بجز سترہ حدیث کے نہ پہونچنیکا اعتقاد
کرنا۔ بالکل خلاف عقل و نقل کی بات ہے۔ کہ سبحان اللہ کیا خوب آئمہ
اربعہ خصوصًا امام الائمہ باوجود قرب زمان الی الرسول صلعم اور عرب
ہونے کے بھی کل احادیث نبوی صلعم پر حاوی نہوسکے۔ پھر یہ چند
غیر عرب البعد زمان عن الرسول ع کل احادیث پر کیونکر حاوی ہوسکے
**۵** یہ بین عقل و دانش بباید گریست **دفع دخل** متاخرین کو متقدمین

سے پھیر دیا۔ اسلیے ان تینون برادرون اور دارقطنی کے کچھ حال کو مین نے
اکیسوین تذکرہ کے چوتھی دفعہ مین اور انتیسوین[۲۹] تبصرہ مین مندرج کیا
اور امام بخاری رحمہ کا حال انکی اِس روایت سے جو اپنی تاریخ صغیر مین
لکھا یعنی قال حدثنا نعیم بن حماد حدثنا الفزاری قال
کنتُ عند سفیان فنعے النعمان فقال الحمد للہ کان ینقض
الاسلام عروۃ عروۃ ما ولد فے الاسلام اشأم منه انتھی
ما رواہ البخاری عن محمد فے تاریخہ الصغیر کذا فے العوائق علی وجہ الکمال
ثابت ہے۔ کیونکہ اُنھون نے امام صاحب کو عدوی اسلام اور مشئوم
قرار دے رکھا ہے۔ العیاذ باللہ ؎
نہین ہے معتقد انکا اگر حاسد تو کیا غم ہے۔ ہوا بے سجدۂ ابلیس کیا نقصان آدم کا
بڑے افسوس کی بات ہے۔ کہ اُنھون نے باوجود اتنی بزرگی اپنی کے
بھی تعصب کو دخل دیا۔ اور بسبب اتباع معاندین امام صاحب
کے اس خبر احاد رافضیہ پر تکیہ کرکے اسکو انشا کیا۔ خواہ نخواہ اُس
قول سعدی رحمہ کا مصداق ہوا ؎

کسے قول دشمن نیارد بدوست ۔۔۔ جز آنکس کہ در دشمنی یار اوست
کسانیکہ پیغام دشمن برند ۔۔۔ ز دشمن ہمانا کہ دشمن ترند

اور اپنی مرویہ اِس حدیث پر بھی عمل نہ کیا۔ عن ابی ھریرۃ قال
قال رسول صلعم ایاکم والظن فان الظن اکذب الحدیث
ولا تجسسوا ولا تحسسوا ولا تناجشوا ولا تحاسدوا

- جیسا آپ ہیں اپنی تقریر کے ثبوت مین گرفتار ۔ اور مجھے بھی اپنے
مذہب کی دلیل پر ہے رفتار ۔ حتی کہ اساتذۂ اخیار ۔ اور اولیا و انبیا ابرار
بھی ایسی کردار مین ستے گرفتار ۔ نہین تو حضرت موسیٰ عم قتل مین قبطی
کے کیون ہو گئے تھے طرفدار ۔ اسلئے محدثین بھی اپنے اپنے مذہب کے
ثبوت مین ہو گئے ہین طرفدار ۔ اور جن جن حدیثون سے انکے مذاہب
کی تقویت ہوتی تھی اونکو کیا اختیار ۔ اور اور مذہبون کی حدیثون
مین ضعف وغیرہ کی کر گئے ہین گفتار ۔ پھر کیونکر ان محدثین مخالفین
مذہب حنفی کی گفتار ۔ امام الائمہ کی مخالفت پر ہو اعتبار ۔ علی ہذا القیاس
مورخون کی بھی یہی ہے کردار ۔ پھر معاندین تو ہین لبکہ دشمن و اغیار
انکے جرح و قدح کا ہے کیا اعتبار ۔ جب مین نے اس بات کو آپ لوگون
کے گوش گذار کر دیا ۔ تو بطور نمونہ کے کچھ حال عناد محدثین بلکہ انکے
بعض مشائخون کا بھی ذکر کر دینا ہمپر لازم ہو گیا ۔ وہ یہ ہے کہ بعض مشائخون
مین سے صاحبان صحاح کے اسمعیل بن علیہ ہین جسنے مخلوقیت قرآن
پر اعتقاد کرانے کے واسطے سیکڑون علماے نامدار ۔ و فضلاے ہصار
و دیار ۔ کو بتوسط مامون خلیفہ کے تہ تیغ کروایا ۔ چنانچہ مین نے اس بات
کو چھبیسوین تبصرہ مین لکھا ۔ اور عمدہ ترین مشائخون مین سے
ابوبکر بن شیبہ ہین جسنے امام صاحب کے رد پر کتاب لکھا ۔ اور عثمان
بن شیبہ اور محمد بن شیبہ یہ تینون برادر تو گویا اصل الاصول صحاح
کے ہین ۔ یہانتک ابن ماجہ و مسلم نے اپنے ثلث کتاب کو انکی روایتون

ہی نہین - چنانچہ انھون نے خود بھی عدم مشومیت کی روایت کو اپنے صحیح
مین لایا - اور اِس عبارت برہان شرح مواہب الرحمٰن سے بھی انکا حال
ظاہر ہے - وعن حدیث لغیم المجمر انہ معلول فان ذکر البسملۃ
فیہ بما تفرد لنعیم من اصحاب ابی ھریرۃ رض وانہ حدث عن
ابی ھریرۃ رض انہ صلعم فکان یجھر بالبسملۃ فے الصلوٰۃ
وقد اعرض عن ذکرہ فے حدیث ابیھریرۃ رض صاحبا
الصحیح ولم یذکرھا واحد منھما مع شدۃ حرص البخاری
علی معارضۃ الامام ابیحنیفہ بالاحادیث مھما امکنہ
بدلیل ما اشحن بہ صحیحہ فقط کہ اِس سے شدّت حرص بخاری رح
کے اوپر مقابلہ کرنے امام ابوحنیفہ رح کے ساتھ احادیث کے جسقدر اُنکے
امکان مین ہے اُس دلیل سے کہ جس سے اپنے صحیح کو انہونے بھرا ہے - تجوبی معلوم
ہوگیا - جب امام بخاری رح کا یہ حال ہے تو پھر ترمذی و ابو داؤد و مسلم
ونسائی وغیرہم رح کا جو انکے شاگرد یا شاگرد کے شاگرد ہین - اور اپنی
اپنی کتابون مین امام صاحب کے معاندین کی روایتون کو بھر دیے
ہین کیا پوچھنا ہے
جو کفر از کعبہ برخیزد کجا ماند مسلمانی - اِس لیے یعنی اسی تعصب و
تعسب کے سبب سے اکثر محدثین کا امام صاحب کے شاگردون اور
معاندون اور ہمعصرون اور معصرون اور اسفلون فے الدرجہ کے
اقوال کو حدیث کی سند مین اعتبار کرنا - اور امام صاحب کے قول کو

ولا تباغضو ولا تدابروا وکونوا عباد اللہ اخوانا وفی روایۃ ولا تنافسوا متفق علیہ کذا فی المشکوٰۃ ص۴۱۱ - اور الخبر یحتمل الصدق والکذب سے اور حدیث لیس الخبر کالمعاینۃ سے منھ موڑا - اور حدیث لاتسبوا الاموات الخ اور حدیث سباب المسلم فسوق الخ اور حدیث لیس المؤمن بطعان ولا لعان ولا فاحش ولا بذی کے معنیون سے اعراض کیا - اور فقط نعیم کی خبر پر اعتماد کرکے اتنی قبائح کو امام سفیان رح کی طرف منسوب کر رکھا - حالانکہ حسب روایت فخر الواصلین امام سفیان رح قبل موت امام صاحب کے انتقال کر چکا تھا - چنانچہ - سال ترحیل او ہمارے جہان - لکھا عیاذا باللہ آیت ولا تلمزوا انفسکم ولا تنابزوا بالالقاب بئس الاسم الفسوق بعد الایمان ومن لم یتب فاولئک ہم الظالمون - یاایہا الذین اٰمنوا اجتنبوا کثیرا من الظن ان بعض الظن اثم ولا تجسسوا ولا یغتب بعضکم بعضا ا یحب احدکم ان یاکل لحم اخیہ میتا فکرہتموہ و اتقوا اللہ ان اللہ تواب الرحیم۝ وآیت والذین جاؤا من بعدہم یقولون ربنا اغفرلنا ولاخواننا الذین سبقونا بالایمان ولا تجعل فی قلوبنا غلا للذین اٰمنوا ربنا انک رؤف الرحیم۝ کو بھی فراموش کیا - طرفہ ماجرا یہ ہی کہ امام صاحب کی شان میں اشام منہ لکھا - حالیکہ شوم شریعت بیضا بین موجود

سرخروئی اور سلمیت دکھاتے ہین - اور بڑی بڑی کتابون کے نام لیکر
عوام کالہائم کا اعتقاد اپنے پر جماتے ہین - حالانکہ صاحب کتابون کے
عمل ومآل ومذہب وقال سے واقفیت نہین رکھتے ہین - وہ محض
پوچ وبحیر بات ہے - ہان اگر انکا نوشتہ حنفی کی موافقت کرے - تو البتہ حنفی
کے لیے دلیل ہوسے - کیونکہ معاند کا نوشتہ مخالف کے ضرر پر معتبر نہین الا
موافقت پہ معتبر ہے - اس سے یہ ثابت ہوا کہ احادیث صحاح وغیرہ امام صاحب
کی مخالفت پر حجت نہوسے - بلکہ موافقت پر حنفی کی حجت ہوسے - کہ با وجود
شیوع تعصب وعناد کے حنفی کی حدیثین غیر حنفی کی کتابون مین پائی جاتی
ہین - لقہ الدلیل ھذا الحنفی قاعدہ ہے کہ جہان کہین کسی امر کو
چھپا نہین سکتا ہے - وہان اسکا مخالف بھی اسکو اقرار کر لیا کرتا ہے - بعد
اسکے اسکے دفعیہ کی تدبیر کیا کرتا ہے - چنانچہ یہ روایت تحت السرہ کی عن علقمہ
بن وائل بن حجر عن ابیہ قال رایت النبی صلعم وضع یمینہ
علی شمالہ تحت السرہ اخرجہ ابی شیبہ فی مصنفہ - جو زمانہ مین ابوبکر
ابن ابی شیبہ کے بہت ہی مشہور واظہر من الشمس تھی چھپانے سے چھپتی نتھی
تب انھون نے باوجود معاند ہونے امام صاحب کے بھی اسکو اپنی مصنفہ مین
درج کیا - لیکن انکے متبعون نے پیچھے چلکر اسکا تدارک کر لیا جیسا کہ ابن حزم یہ رح
نے بعد مدت مدید کے اسی روایت مذکورہ کو تضعیف بلکہ تحریف کرکے تحت
السرہ کی جگہہ مین علی صدرہ یعنی عن وائل بن حجر قال صلیت مع
النبی صلعم فوضع یدہ الیمنی علی یدہ الیسری علی صدرہ لکھا

اصلا اعتبار نکرنا - اور مسند احادیث مین انکو داخل نرکھنا - ثابت ہے یہ کیا کم تعصب و تعسف کی بات ہے سوا اسکے امام مسلم رح و نسائی رح و بیہقی و سخاوی و نووی و بغوی و غزالی و سیوطی و تقی الدین السبکی و تاج الدین السبکی و بہاء الدین السبکی و امام فخر الدین رازی و ابو بکر القفال و ابن خزیمہ و الضبعی و ابن احمد القفال المروزی و مؤلف کتاب الانساب و صاحب تاریخ ابن خلکان و صاحب میزان الاعتدال فی اسماء الرجال محمد الذہبی و ابن یوسف الجوینی و مؤلف تہذیب الکمال فی اسماء الرجال یوسف ابو الحجاج المزی و قطب الدین محمود السرازی و ابن حجر مکی و علی بن الاثیر صاحب تاریخ الکامل و ابن حجر عسقلانی و مؤلف مسالک الابصار احمد بن العمری و مؤلف مرآۃ الجنان امام یافعی و مؤلف جامع الاصول مبارک بن الاثیر الجزری و صاحب اصول الحدیث زین الدین عراقی و غیر ذلک کلہم شافعی المذہب ہین اور ابن تیمیہ حنبلی ہین اور انکا شاگرد ابن القیم بھی حنبلی ہین اور ابن عبد البر مالکی ہین - کیا یے بزرگ لوگ اپنے اپنے مذاہب کے دلائل نہ ثابت کرکے حنفی مذہب کی دلیل کو ثابت کرینگے ہرگز نہین - بلکہ مثل بخاری رح کے امام صاحب کے معارضہ پر حدیث لانے مین مضطر ہوکر کوشش کرینگے - تا اپنے امام کی تقلید کی وجہ ترجیح ثابت کرین - سو خوب کر چکے ہین - الا ما شاء اللہ - اہل علم اس بات کو خوب جانتے ہین - تب انکے نوشتہ سے غیر مقلدین جو حنفیون کو الزام دیتے ہین اور عوام کو بہکاتے ہین - اور احمد کی ٹوپی محمود کے سر پر اور محمد کی ٹوپی محمود کے سر پر رکھکر اپنی

پر کی گفتار ہے۔ اور بعضوں کی حسد پر رفتار۔ چنانچہ ابن عبد البر نے
اس باب میں یہ عبارت لکھی ان السلف قد سبق بعضهم من بعض
کلام کثیر فی حال الغضب ومنه ما حمل علی الحسد ومنه
ما حمل علی التاویل مما لا یلزم المقول فیه شیٔ منه وذکر
من کلام الصحابة والتابعین وتابعیهم من النظراء بعضهم
فی بعض شیئاً کثیرا لم یلتفت الیه احد من العلماء ولا عولوا
علیه لانهم بشر یغضبون ویرضون والقول فی الرضی غیر
القول فی الغضب فمن اراد ان یقبل قول العلماء بعضهم فی
بعض فلیقبل قول من ذکرنا من الصحابة بعضهم فی
بعض وقول من ذکر من التابعین وائمة المسلمین بعضهم فی
بعض فمن فعل ذلك فقد ضل ضلالا بعیدا وخسر خسرانا
مبینا وان لم یفعل ولن یفعل ان هداه الله والهمه رشده
فلیقف کذا فی الصواعق۔ اور اسلئے تاج الدین السبکی شافعی
نے اپنی طبقات الشافعیہ میں لکھا ہے۔ فلا یلتفت بکلام الثوری
وغیره فی ابیحنیفة رح وابن ابی ذئب وغیره فی مالك
وابن معین فی الشافعی والنسائی فی احمد بن صالح ونحو
ذلك فقط۔ الخ انتہیٰ ولو اطلقنا تقدیم الجرح لما سلم لنا
احد من الائمة اذ ما من امام الا وقد طعن فیه
طاعنون وهلك فیه هالکون فقط پھر کیوں امام صاحب

اور بخاری رح و مسلم رح نے تو تحریف نہ کیا۔ البتہ سکوت اختیار کیا۔ اسوجہ
سے کہ پیچھے والے اسکا تدارک بخوبی کر سکے۔ غرض اسطرح کی بہت سی روایتین
مشہور جو امام صاحب کے موافقت پر نہین عناد مذہبیہ کے سبب سے
نسیًا منسیًا ہو گیین۔ اور مورخین مذکورین کلہم و غیرہم اکثر غیر حنفی تہا
انکے تعصبات کا حال کیا پوچھنا الامان ہے یہ مصرعہ ۵ ولیکن قلم در کف دشمن
است۔ انکی شان پر صادق ہے۔ کہ انھون نے امام صاحب کی تابعیت کو اڑا دینے
کے واسطے انتقال مین صحابہ رض کے بہت کچھ افراط تفریط کر رکھا۔ اور یون
بھی بین المورخین کے اختلاف کا حال تو خارج عن البیان ہے۔ اِس
امر کو تاریخ دان جانے نادان کیا جانے۔ حضرت جب صاحبان صحاح نے
جناب رسالت آب صلعم کی تاریخ رحلت مین (کہ متفق علیہ کسی روایت مین ساٹھ
برس اور کسی روایت مین باسٹھ و غیر ذلک ہے) وثوق کلّی کی سند نہین لاسکا
نہ مکث فی المکہ کی مدت کو (کسی روایت مین دس برس کسی مین پندرہ ہے) ٹھیک
بیان کر سکا۔ و بغیر ذلک اکثر حدیثون مین اسی طرح کی ہی گفتار۔ کہ محدثین باعث
بعد زمان سید الانبیاء والابرار کے بالاضطرار۔ اقوال اغیار مین ہوئے گرفتار۔
پھر دوسرونکا کیا اعتبار۔ خیر اگر اعتبار ہے تو علم شی بہتر از جہل شی کا اعتبار ہے
ہان اکثر اوقات عبرت باالزام خصم کے واسطے یا دریافت حال رتبہ متقدمین کے
لیے درکار ہے۔ لیکن نہ اس درکار کے درکار سے۔ نہ اُس اعتبار کے اعتبار سے
یعنی انکے نوشتہ کے تکیہ پر اعتماد و اصرار کرکے ائمہ اربعہ ابرار کی شان مین ناملائم
گفتار و نابکار کردار کرنا روا و اختیار ہے۔ کیونکہ اکثرون کی حالت غضب

بن مالک فشکونا الیہ ما یلقون من الحجاج فقال اصبروا فانہ
لا یاتی علیکم زمان الا الذی بعدہ شر منہ حتی
تلقوا ربکم سمعتہ من نبیکم صلعم اخرجہ البخاری والترمذی
کذا فی التیسیر ص ۳۹۰ عن عمر رض قال قال رسول صلعم اکرموا
اصحابی فانہم خیارکم ثم الذین یلونہم ثم الذین یلونہم
ثم یظہر الکذب حتی ان الرجل لیحلف و لا یستحلف و
یشہدون ولا یستشہدون الا من سرہ بحبوبۃ
الجنۃ فلیلزم الجماعۃ کذا فی المشکوٰۃ ص ۵۵۴ - عن عمران
بن حسین رض قال قال رسول صلعم خیر الناس قرنی
ثم الذین یلونہم ثم الذین یلونہم (قال عمران رض
فلا ادری اذکر بعد قرنہ مرتین او ثلثۃ) ثم ان بعدہم
قوما یشہدون ولا یستشہدون (تا) زاد فی روایۃ و
یحلفون ولا یستحلفون اخرجہ الخمسۃ وزاد فی روایۃ للشیخین
والترمذی عن ابن مسعود لتسبق شہادۃ احدہم یمینہ و
یمینہ شہادۃ القرن العصر وہی الامۃ فی کل عصر
من الاعصار کلما انقضی عصر سمی اہلہ قرنا سواء طال
او قصر و اراد بقولہ قرنی اصحابہ صلعم الخ کذا فی
التیسیر ص ۳۴۶ - عن ابی قتادۃ قال قال رسول صلعم الایات
بعد المائتین اخرجہ ابن ماجہ ص ۳۰۲ - ایضا فیہ عن انس بن مالک

کے طاعنون کی طرف کوئی التفات کریگا۔ انشاء اللہ خود انکو ہلاک کریگا۔
چھٹوان یہ ہے کہ پہلا آپ زبان مبشر بالخیر اور زبان مبشر بالشر کے
درمیان امتیاز و بصارت پیدا کریجیے ۔ بے بصیرت را نباشد در حق
و باطل تمیز۔ کور یک داند عصائے سحر و اعجاز کلیم۔ بعد اسکے صحاح وغیرہ
کے تکیہ پر جو کچھ لکھنا لکھا کیجیے۔ وہ امتیاز بصراحۃ الذیل حدیثون کے مضامین
کو سمجھنے سے خواہ نخواہ دل مین پیدا ہو جائیگا۔ بجز زندیق کے کسی مومن
کو شبہ نہ رہیگا۔ عن ابی ھریرۃ رض قال قال رسول صلعم خیر
امتی القرن الذی بعثت فیھم ثم الذین یلونھم ثم الذین
یلونھم (واللہ اعلم اذکر الثالث ام لا قال) ثم یخلف
قوم یحبون السمانۃ یشھدون قبل ان یستشھدوا اخرجہ المسلم
عن عمران بن حصین یحدث ان رسول صلعم قال ان
خیرکم قرنی ثم الذین یلونھم ثم الذین یلونھم
ثم الذین یلونھم (قال عمران بن حصین فلا ادری اقال رسول
صلعم بعد قرنہ مرتین او ثلاثا) ثم یکون بعدھم
قوم یشھدون ولا یستشھدون یخونون ولا یؤتمنون
وینذرون ولا یوفون ویظھر فیھم السمن اخرجہ المسلم
عن عایشۃ رض قالت سئل الرجل النبی صلعم ای النا
خیر قال القرن الذی انا فیہ ثم الثانی ثم الثالث
اخرجہ المسلم عن الزبیر بن عدی قال اتینا انس

یعنی خیر القرونی مین واقع ہونا۔ اور صاحبان صحاح کی پیدائش وتدوینات بعد عبور زمان مبشر بالشر یعنی شر القرونی مین وقوع ہونا۔ ثابت ہوئی تو امام صاحب کی مستدلہ حدیث کو صاحبان صحاح کی حدیث ہرگز معارضہ نہین کرسکتی ہی۔ اگر کرے تو مضامین احادیث مذکورۂ بالا کے منعکس ہونا۔ اور خیر کو شر سے اور شر کو خیر سے متبدل ہونا لازم آوے۔ العیاذًا باللہ اب اِس تقریر سے جتنی کتابین غیر مقلدین کی یا اور اور متعصبون کی جو حنفی مذہب کی مخالفت پر تالیف ہوئین ہین سب کی سب مردود ہوگئین ہین۔

**دفع دخل** اگر کوئی اعتراض کرے کہ تمھاری فلان فلان حدیث کو ابن جوزی وغیرہم نے اپنی موضوعات مین داخل کیا ہی۔ تو جواب اسکا یہ ہی کہ ابن جوزی وغیرہ کے موضوعات کو (جو بدترین زمانہ مین تالیف ہوئین) صحاح کے مقابلہ مین پیش کرنا۔ علیٰ ہذا القیاس صحاح کی حدیث کو امام الائمہ امام ابوحنیفہ رح کی مستدلہ حدیث کے مقابلہ مین پیش کرنا۔ کیسا جیسا خالص زر و جواہر کے مقابلہ مین ملمع اور مصنوعی کو ظاہر کرکے احمقون کو بہکانا۔ بلکہ صحت صحاح پر جو تلقی امت ہو چکنے کا دعویٰ تمھارا ہی اُسکو فی النار والجہنم بھیجنا۔

**ساتوین** یہ ہی کہ اخبار احاد پر صحاح وغیرہ کے عمل کرنا درست نہین کیونکہ محدثین متبحرین اور معلمین متشرعین پر مخفی نہین کہ سواے حدیث من کذب علیا معتمدا الخ کے کل احادیث صحاح وغیرہ کا جز احاد ہی

عن رسول صلعم قال امتی علی خمس طبقات فاربعون سنۃ اهل برّ و تقوی ثم الذین یلونهم الی عشرین ومائۃ سنۃ اهل تراحم و تواصل ثم الذین یلونهم الی ستین وماتہ سنۃ اهلِ تدابر و تقاطع ثم الهرج الهرج اخرجہ ابن ماجہ الضیا فیہ - عن انس بن مالک قال قال رسول اللہ صلعم امتی علی خمس طبقاتٍ کل طبقۃ اربعون عاما فامّا طبقتی وطبقۃ اصحابی فاهل علم و ایمان واما الطبقۃ الثانیۃ ما بین الاربعین الی ثمانین فاهل بر و تقوی ثم نحوہ اخرجہ ابن ماجہ

اب ہو ن کو ان حدیثون سے حال ابتدا و انتہا و مدت معینہ زمان بشیر بالخیر کہ ایکسو ساٹھ برس تک ہی - اور معنی قرن اور ابتدا زمان مبشر بالشر کہ دوسو برس کے بعد سے شروع ہی - بخوبی معلوم ہوگیا - اور حال ولادت امام اعظم ابوحنیفہ رح کا بھی کہ ۶۱ یا ۷۰ یا ۸۰ مین ہی - اور حال پیدائش امام بخاری رح کا بھی کہ ۱۹۴ مین ہی - اور باقی صاحبان صحاح کی پیدائش بعد دوسو برس کے ہی ہی سرکہ وہ ہم کو خوب معلوم ہوگیا ہی - کہ منشیٔ تذکرۃ المذاہب کے ۸۴ ہم صفحہ مین لکھا ہی - اور حال وضع وضاعین معاندین الاسلام کا بھی کہ قبل پیدائش صاحبان صحاح کے شروع ہوگیا تھا - جنہون کو ہمارے تذکرہ مذکور کے الفاظ کے ملاحظہ سے اچھی طرح سے گوش گذار ہوچکا ہی - کہ اکثر دیار کے علماؤن نے ڈاک کے ذریعہ سے منگوا لیا ہی -

**خلاصہ** جب امام صاحب کی پیدائش اور تدوین زمان مبشر بالخیر

فسلمت علی بابک ثلاثا فلم تردوا علیّ فرجعت وقد قال رسول صلعم اذا استاذن احدکم ثلاثا فلم یؤذن له فلیرجع فقال عمر رض اقم علیه البینة والا اوجعتک فقال ابی بن کعب رض لا یقوم معه الا اصغر القوم قال ابو سعید قلت انا اصغر القوم قال فاذهب به (تا) فقمت معه فذهبت الی عمر فشهدت اخرجه المسلم۔ اسکے سواے اور بھی اسطرح کی چہ سات وہینین باب الاستیذان مین مسلم اور بخاری کی موجود ہین۔ اور تیسیر الوصول مین مسلم اور ابو داؤد سے ہی کہ حضرت علی رض راوی کو تین بار حلف دلاتے۔ اور ازالہ مین ہی کہ حضرت عمر رض بلا ضرورت خبر احاد کی طرف التفات نفرماتے۔ اور بخاری اور موطاء و ترمذی و ابو داؤد و ابن ماجہ وغیرہ مین ہی کہ حضرت ابو بکر صدیق رض مغیرہ بن شعبہ کی روایت مین هل معک غیرک (یا) ائیت من یشہد معک علی هذا فرماتے سواے اسکے علماء متدین اور فضلاء متشرعین پر ناظاہر نہین کہ صحابیون نے تالیف قرآن کے وقت مین باعث عدم مقبول ہونے خبر احاد کے لفظ متتابعات کو قرأت حضرت اُبی رض مین سے جو آیت قضاء رمضان مین تھا۔ فعدة من ایام اخر متتابعات۔ اور قرأت حضرت ابن مسعود رض مین سے جو آیت کفارہ یمین مین تھا قرآن سے نکال ڈالا۔ جب خبر احاد صحابہ کی دلیل شرعی نہوئی۔ پھر خبر احاد غیر صحابہ کی۔ (جو صحاح وغیرہ مین

خبر متواتر نہین اسلیے ابن صلاح نے کہا ہی کہ حدیث مین اگر کوئی متواتر کی مثال ڈھونڈے۔ تو تھک جاوے حتیٰ کہ حدیث انما الاعمال بالنیات بھی اِس متواتر کی مثال سے نہین۔ اگرچہ اتنے لوگون نے اُسکو روایت کیا ہی کہ عدد اُنکے حد تواتر کو پہونچتے ہین۔ ولیکن کثرت اُسکی رواۃ کی وسط اسنادمین ہوئی نہ قرن صحابہ مین انتہیٰ۔

اور خبر احاد سے فائدہ علم یقینی شرعی حاصل نہین۔ نہ اُن پر عمل نکرنے سے بلکہ بالفرض انکار کرنے سے بھی خوف عذاب کا متحقق نہین اگر ہوتا تو صحابہ کی خبر احاد کو باوجود مسلمیت عدالت صحابیت کے صحابہ رد نہین کرتے بلکہ رد وانکار کے عذاب سے ڈرتے۔ نہ انکے تصدیق کے لیے شاہد طلب فرماتے نہ حلف دلواتے۔ بلکہ فقط اُنہین خبر احاد پر کفایت کرتے۔ ہمارے اِس دعوے کی دلیل نیچے کی حدیثون سے بخوبی معلوم ہو جائیگی۔ عن فاطمۃ بنت قیس قالت اِنَّ زوجہا طلقہا ثلثا ولم یفرض لہا رسول صلعم سکنی ولا نفقۃ ورده عمر رض قال لا ندع کتاب ربنا وسنت نبینا بقول امراۃ لا ندری اصدقت ام کذبت ام حفظت ام نسیت۔ عن بسر بن سعید قال سمعت ابا سعید الخدری رض یقول کنت جالسًا بالمدینۃ فی مجلس الانصار فاتان ابو موسیٰ فزعًا او مذعورًا فقلنا ماشانک قال ان عمر ارسل الیّ ان اٰتیہٗ فاتیت بابہ فسلمت ثلاثا فلم یرد علی فرجعت فقال ما منعک ان تاتینا فقلت انی اتیتک

رجا الکم الخ کے مضمون سے اعراض کرنا - العیاذ باللہ العیاذ باللہ -
سبحان اللہ کیا خوب آپ لوگوں نے تو عمل بالقرآن والحدیث المتواتر کو
طاقوں پر رکھ چھوڑا - پر اخبار احاد پر بہت کچھ اودھم مچایا - ۵
بہ بین تفاوت رہ از کجاست تا بکجا غبغبہ جب دلیل قوی اور برہان جلی سے
ثابت ہوگیا کہ خبر احاد صحاح وغیرہ قابل حجت شرعی یقینی نہوا - تب
لامذہبوں کے سرگروہوں نے جو جو کتابیں حنفیوں کے رد میں لکھی ہیں
اور انہیں صحاح کی حدیثوں کی حجتیں لائے ہیں وے سب اس نظر سے
کالہباء منشورا ہو گئیں - خصوصًا اُن عبد البطونوں کی کتابیں جسمیں یہ عبارتیں
موجود ہیں - رد کر دیا حنفیہ متعصبہ نے محکمات صریحہ کو جو دال تھے کہ عبادات
میں نیت شرط ہے - رد کر دیا مقلدان بے معنی نے سنت
محکمہ صریحہ صحیحہ کو کہ وہ نہی ہے بیع رطب کے بعوض تمر کے
رد کر دیا حنفیہ متعصبین نے احادیث صحیحہ صریحہ محکمہ
غیر منسوخہ غیر معارض لہا کو جو دلالت بینہ رکھتی تھی کہ
وقت ظہر کا ایک مثل ہے اور ایک مثل کے بعد عصر کا وقت
آجاتا ہے - رد کر دیا حنفیہ متعصبین نے اُن احادیث صحیحہ صریحہ محکمہ کو
جو دلالت کرتے تھے کہ بول غلام پر فقط نضح اور رش مار کافی اور غسل
کی حاجت نہیں جیسا صحیحین میں ہے - رد کر دیا حنفیہ متعصبین نے
احادیث وتر کو جو دلالت کرتے تھے کہ یک رکعت معقول ہے - رد کر دیا
حنفیہ متعصبین نے احادیث صحیحہ محکمہ کو جو قاطبۃً دلالت کرتے تھے جہر آمین پر

بعد عبور زمانہ ملبشر بالخیر حتی کہ بعد مرور زمانہ تبع تابعین کے اور بعد شائع وضائع ہونے وضع وضاعین المعاندین اسلام کے سعی سنائی خبرین تالیف ہوئین) کیونکر ایسی دلیل شرعی ہوگی جسمین کل شریعت کا مدار ان پر کیا جاوے ۔ برین عقل و دانش بباید گریست - اجی صاحب جب خبر احاد کے مادے مین صحابیون کا یہ حال و قال ہے پھر آپ لوگون کا کس برتہ پر اتنا پانی - ہان اگر آپ لوگ بسبب عناد نہ ہی کے ہمارے اِس استنباط کو ناپسند کرین تو کر سکتے ہین - لیکن آپکے پیشوا ابن حجر عسقلانی رح کے اس قول کلها سوا الاول احاد و فیها المقبول والمردود کو تو ضرور پسند کرینگے - اور سند گردانینگے - باوجود اسکے کل اخبار احاد کو صحاح وغیرہ کی حدیث نبوی فرض کر کے ہر ہر بات مین قال النبیؐ قال النبیؐ کہنا بے شک حدیث متواتر مذکور من کذب علیؐ کا مصداق بننا ہے - اور اُن حدیثون کے مضامین کو جو صحاح وغیرہ کے باب التوقی فے الحدیث مین ہین بد سمجھنا - اور بدلیل حدیث قال رسول صلعم کفی بالمرء کذبا ان یحدث بکل ما سمع رواہ مسلم کذا فے المشکوٰۃ کاذب بننا - اور خبر احاد صحاح وغیرہ کو کل شریعت کا مدار سمجھ لینا اور اُنکو آیت ما اتاکم الرسول فخذوہ الخ کا مصداق فرض کرکے لوگون کو عمل پر اُنکے ورغلانا - اور اُنکی مخالفت پر ڈرانا - صحابیون رض پر عیب لگانا اور غیر رسول کو رسول قرار دینا - اور حیات و موت کو رسول صلعم کی دو دو بار فرض کرنا - بلکہ قولہ تعالیٰ - استشھد وا شھیدین من

باطل ہوگیا۔ قطع نظر اِس تقریر کے اَور سنئے جب صحابہ متفرد کے خبر احاد
یقینی واجب العمل ٹھری۔ تب یہ خبر سند متصل مرفوع کی کب دلیل شرعی
یقینی ہوگی۔ اعتراض اگر کوئی کہے کہ حاکم نے کہا ہی کہ بخاری
اور مسلم کی یہ شرط ہی کہ وے کوئی روایت اپنی کتاب مین نہین لاتے
جبتک کہ اُسکو دو صحابی مشہور نے رسول صلعم سے روایت نہ کیا ہو۔
پھر اُن صحابیون سے دو یا زیادہ تابعی نے روایت نکیا ہو۔ پھر تابعین
سے دو یا زیادہ تبع تابعین نے روایت نکیا ہو۔ تب تو صحیحین کی سب
حدیثین مطابق دلیل شرعی کے ہین۔ جواب ہان اگرچہ دعوی حاکم
کا یہ ہی جو اپنے بیان کیا۔ لیکن تکذیب اِسکی عیان ہی حاجت بیان نہین۔
کیونکہ صحیحین مین ایسی روایتین بہت ہین جسکی ایک ہی سند ہی بس
چنانچہ صحیحین دیکھنے والے اور پڑھنے والے پر یہ امر مخفی نہین۔ اگر
ہماری بات کو قبول نکرین۔ تو ضرور امام نووی شافعی کی بات تو قبول
کرینگے۔ وہ خود یہ فرماتے ہین کہ یہ انکی شرط نہین کہ انکی کتابون مین
ایسی روایتین ہین کہ اُسکی ایک ہی سند ہی۔ اُنمین سے حدیث انما
الاعمال بالنیات بھی ہی انتہا۔ اور حاکم کا قول اسطرح کا بہت ہی
اُنمین سے ارشاد اللبیب مین ایک منقول ہی خلاصہ ترجمہ اسکا یہ ہی کہ
جب بخاری رح نے اپنی کتاب صحیح کو تالیف کیا۔ تب امام احمد حنبل و یحیی
بن معین و علی بن المدنی وغیرہم پر پیش کیا۔ اُنھون نے پسند کیا۔
اور صحت کی شہادت دی۔ (تا) اور ۲۵۰ھ مین نیشاپور مین آئے۔

ردکر دیا حنفیہ نے نصوص صحیحہ محکمہ کو جو صراحتہً دال تھے کہ قراءت فاتحہ
نماز مین فرض ہے۔ رد کر دیا اہل بطلان اور ارباب خذلات اور اہل ضلالت
اور ارباب بغاوت نے صدہا نصوص صریحہ صحیحہ محکمہ کو۔ وغیر ذلک جو منح المبین
علی رد مذاہب المقلدین مین ہین۔ اور یہ عبارت ابو حنیفہ نے اس مسئلہ
مین حدیث بخاری کا خلاف کیا۔ اس مسئلہ مین حدیث مسلم کا خلاف کیا
علی ہذا القیاس جیسا ظفر المبین مین ہے انتہی۔ اسی طرح کی تحریر و تقریر قابل
عمل کیا معنی قابل دید بھی نہین بلکہ قابل سوختنی ہے کیونکہ جب احادیث
صحاح کا خبر احاد ہونا ثابت ہوا۔ تب دعوی اُنکا اسکے صحیحہ صریحہ
غیر منسوخہ قطعیہ محکمہ وغیر ذلک محض بے اصل و بیہودہ ٹھہرا۔ کیونکہ جنکو حدیثون
کو یہ لوگ قطعیہ صریحہ صحیحہ محکمہ غیر معارضہ کہتے ہین۔ اور اُنپر شور و شغب کرتے
ہین اُن سب کا معارض صحاح وغیرہ ہین بھی موجود ہے۔ چنانچہ آیندہ اسکا
ذکر آتا ہے۔ پیران نمی پرند مریدان می پرانند کی نقل ہے۔ اعتراض
اگر کوئی کہے کہ خبر احاد مین حدیث متصل مرفوع بھی شامل اور وہ
واجب العمل و مقبول ہے۔ جواب ہان شامل ہے مگر بیشتر القرونی کے
اخبار احاد واجب العمل والقبول ہونے مین گفتگو ہے کیا اعتبار اسکا فی
زماننا محال ہے کہ بہت سی حدیثین متصل مرفوع موضوع بھی ہین
چنانچہ اس باب مین تمھاری کتب موضوعات ہماری شاہد ہین۔ جب
حدیث متصل مرفوع مین وضع کا احتمال آگیا۔ تب بدلیل اذا جاء
الاحتمال بطل الاستدلال۔ یقینی استدلال کرنا اُن سے

دو بزرگ کی صحیحین کا حال یہ ٹھہرا - تب غیر صحیحین کا حال کیا ہوگا اِس سے
دریافت کرلیجئے - کیونکہ نسائی و ابو داؤد وغیرہما اِن دونون کے شاگرد
ہین - اور واقعی ہین سے محدثین مشہورین ہم معصرین نے ایک دوسرے
کی روایت لے لیکر اپنی اپنی کتاب بھرلی - امّا نفسانیت کے سبب سے اِس
بات کو اپنی کتاب میں ذکر نہ کیا - (الا ماشاء اللہ) اب فی زماننا لوگون
نے اسکو متواتر سمجھ لیا - حتاکہ اُنکے تکیہ پر مذاہب آئمہ اربعہ کو نہ و با لا کرنے لگا
حالانکہ علما ئے محققین اور فضلائے مدققین نے لکھا ہی کہ آئمہ محدثین مشہورین
متاخرین کے صحاح کے تکیہ پر آئمہ اربعہ متقدمین کو الزام نہ دینا - نہ انکی روایتون
کو اُنکی روایتون سے تصفیہ کرنا - کہ طریق سند متقدمین اَور تھا - متاخرین
کا اَور ہو گیا تھا - اب ہمکو مناسب ہی کہ بدلیل حدیث خیر القرون
قرنی الخ - اور حدیث اتبعوا سواد الاعظم - الزموا الجماعۃ -
علیکم بالجماعۃ من شذ شذ فی النار کے اقدام الائمۃ تابعی
کا اتباع کرین - جبکہ قبل اِنکے کسی کو صاحب مذہب بنائے - اگر پاتے
بے شک اِنکا اتباع کرتے - اور بدلیل حدیث قال رسول صلعم یکون فی
اخر الزمان دجّالون کذّابون یاتونکم من الاحادیث بما لم
تسمعوا انتم ولا اباءکم فایاکم وایاھم لا یضلونکم
ولا یفتنونکم رواہ المسلم کذا فی المشکوٰۃ [ص ۱۹] - اور حدیث عن
ابی العاص ان رسول صلعم قال ان اللہ لا یقبض العلم
انتزاعا ینتزعہ من الناس ولکن یقبض العلماء فاذا لم

وہان بطفیل محمد یحییٰ الذہلی کی مدت تک حدیث کا درس دیتے رہے - پھر جب درمیان ذہلی اور انکے پھوٹ پڑی ذہلی نے لوگون کو اُنسے انقطاع ہونے کا حکم دیا - تب سب لوگ اُنسے الگ ہو گئے مگر مسلم بن الحجاج باقی رہے - اور دونون کی مجلس مین حاضر ہوتے رہے - ایک دن ذہلی نے کہا کہ جو کوئی مثل قول بخاری کے کہیگا اُسکو میری مجلس مین حاضر ہونا حلال نہین تب مسلم الگ ہوئے اور جو کچھ ذہلی سے نقل کئے تھے واپس دیے انتہیٰ -

تنبیہ اب اِس عبارت مین غور کرنے کی جگہ ہی کہ امام بخاری رح کی پیدائش تو ۱۹۴ سنہ مین ہوئی - ۲۰۵ سنہ مین نیشاپور مین جب آئے اُسوقت سن اُنکا ۱۱ برس کا ٹھہرا - تب وہ کب ملک بملک حدیثون کی تلاش مین محدثین کی خدمت مین تشریف لے گئے تھے - اور کب علم حاصل کرکے چھ لاکھ حدیث جمع کی تھی - اور کیونکر ہر حدیث کی نقل مین زمزم کے پانی سے غسل کرنے اور دو دو رکعت نماز پڑھنے کی فرصت ملی - جو اپنی صحیح بخاری کو قبل ۲۰۵ سنہ کے تالیف کرکے ائمہ مذکورین کے آگے پیش کیا - کیا ان کے پیٹ سے تالیف کرلائے تھے - اگر کہو کہ ہان اگر صغر سِنی ہی مین صحیح بخاری تالیف ہوئی تب تو وہ حجت شرعی ہونے سے بالکل جاتی رہی - کہ نابالغ کی شہادت پر مدار شریعت نہین ہوسکتا ہی - اور مسلم رح کی پیدائش تو ۲۰۴ سنہ مین ہوئی ۲۰۵ سنہ مین بخاری اور ذہلی کے درس مین کیونکر حاضر ہوکر سماعت کی - اگر اِسی سماعت سے صحیح مسلم لکھی تو اِسکا کچھ اعتبار شرع مین نرہا - جب ایسے

کچھ سن لیجیے - رفع یدین نہ کرنا آنحضرت صلعم کا بوقت رکوع جانے اور رکوع سے سر اُٹھانے کے تو بہتیرے آثاروں سے ثابت ہی چنانچہ اُن میں سے بعضوں کو مین مفصل الذیل مین نقل کرتا ہون - بلکہ منع فرمانا آنحضرت صلعم کا رفعیدین کو اور بُری طرح سے اُسکو اُونٹون کی دُم کے ساتھ تشبیہ دینا - خود آپ ہی کی صحیح مسلم کی اس روایت سے اچھی طرح سے ثابت ہی کہ اُنہون نے اِس حدیث کی بنا پر باب باندھا - اور اِس باب کو باب الامر بالسکون فی الصلوٰۃ والنھی عن الاشارۃ [؟] نام رکھا - وہ حدیث یہ ہی - عن جابر بن سمرۃ رضہ قال خرج علینا رسول اللہ صلعم فقال مالی اراکم رافعی ایدیکم کانھا اذناب خیل شمس اسکنوا فی الصلوٰۃ الخ اخرجہ المسلم ص ۱۸۱ اب اس حدیث کے مضمون پر غور کیجیے - کہ رفع یدین کسقدر ممنوع و منھی عنہ ہی - اچھی طرح سے سمجھیے - اور انصاف کیجیے معاذ اللہ کہ کم سمجھنا [؟] یہ حیران کرتا [؟] ہی - کیونکہ قول النبی صلعم مالی اراکم رافعی ایدیکم (جو مثل ما انازع القرآن کے ہی) بہت ہی تعجب سے رفع یدین کی مشروعیت کو وزاحمت کرتا ہی - اور جملہ تشبیہ کانھا اذناب خیل شمس سے کسقدر مذمت رفع یدین کی ثابت ہوتی ہی - بمضمون - استفت عن نفسک اپنے دل سے پوچھیے منصفین کہو تو کہ ہی یہیں کسکی راے صواب - اور امر اسکنوا فی الصلوٰۃ سے اسکون فی الصلوٰۃ واجب ہی - نہ برخلاف اسکنوا حرکات ناشایستہ فی الصلوٰۃ درست ہی - بلکہ منھی عنہ ہی - اسلیے اکثر علماے

یبق عالما اتخذ الناس رؤسا جہالا فسئلوا فافتوا بغیر علم فضلوا واضلوا اخرجہ ابن ماجہ کے متاخرین کے اتباع سے منھ موڑے - تاکہ وادی ضلالت سے نجات پاوین - خذ ہذا فانہ ادق الدقائق - واحق الحقائق -

**اب بالتصریح آپ کے مسئلون کے جواب مین آپ ہی کی صحاح وغیرہ سے صحیح صحیح حدیثین لاتا ہون سننے اُسمین انصاف سے نظر فرمائے - اور اعتساف کو دخل نہ دیجیے** - یعنی امام الائمہ امام اعظم رح نے جس حدیث سے استدلال واستنباط کیا اسیکو صحیح جانئے - انکے مقابلہ مین غیرون کے اقوال وتالیفات کی طرف ہرگز التفات نفرمائے - کیونکہ امام صاحب خیر القرونی تابعی ہین - آنکھ دیکھی باتین لکھتے ہین - اور صاحبان صحاح وغیرہم شر القرونی ہین - بلا آنکھ دیکھی خبرون پر اعتماد کرکے صحاح وغیرہ لکھی ہین - اور شر القرونی کی تالیفات حسب احادیث مذکورۂ بالا شر سے ملو ومخلوط ہین - اگر کوئی کہے کہ اسکے امتیاز کے واسطے اسناد موضوع موجود ہے - کہونگا وہ بھی شر القرونی کی تالیف ہے - اسمین بھی وضع وضاعین معاندین کا بہت کچھ حلول پاچکا ہے - اس باب مین کتب موضوعات تمھاری بیری شاہد ہے -

**آنحضرت صلعم کا موت تک رفع یدین نہ کرنے کا ثبوت**

اسکا جواب تو مین نے تذکرۃ المذاہب کے مناظرہ مین لکھا ہے - خیر یہان بھی

ابن حجر عسقلانی شافعی نے اپنی نصب الرایۃ فی تخریج احادیث الہدایۃ مین۔ واحتج الحنفیۃ بحدیث سمرۃ خرج علینا رسول صلعم فقال مالی اراکم رافعی ایدیکم الخ اخرجہ المسلم لکھا۔ کیا آپکو اسکا علم نہ تھا۔ جو آپنے اعتراض کیا۔ اور اسمین امام بخاری غیر حنفی کی مخالفت سے حنفی کی مضرت حاصل نہین۔ **چہارم** یہ ہی کہ قطع نظر بالاے تقریرون سے اور اِنکے اُنکے تحریرون کی دلائل سے۔ فقط یہ توخیال فرمائے۔ کہ جب معنی لفظ رفع یدین کہ حدیث مین ہی خاص بتین بنفسہ ہی احتمال بیان کا نہین رکھتا ہی۔ تب جس جس کیفیت سے نماز کے اندر رفع یدین پایا جائیگا وہ اس حدیث سے منہی عنہ ہوگا۔ اسمین خصوصیت کا دخل دینا۔ یعنی نص پر مداخلت کرنا۔ **دفع دخل** اس سے تکبیر تحریمہ کے رفع کو بھی منہی عنہ ثابت ہونا۔ نہ سمجھنا کیونکہ مضمون اسکو نفی الصلوٰۃ نماز کے اندر کے رفع مین گفتگو ہی۔ اور قبل تحریمہ وجود صلوٰۃ متحقق نہین۔ بلکہ وہ تحریمہ بدلیل قولہ تعالی وذکر اسم ربہ فصلی شرط صلوٰۃ ہی۔ اور شرط صلوٰۃ رکن صلوٰۃ نہین ہوتا ہی۔ جیسا وضو۔ اور نہ مخصوص منہ البعض کا قاعدہ اسمین منطبق ہوسکتا ہی۔ کیونکہ جب دونون طرف یعنی رفع وعدم رفع یدین مین آثار بن موجود ہین۔ تب فقط رفع کے آثارون کو عدم رفع کے آثارون پر کیونکر ترجیح دیجاسکتی ہی۔ بلکہ اسمین اذا تعارضا تساقطا کا قاعدہ پیش آیا ہی **اعتراض** اگر آپ کہین کہ تمھاری دوسری حدیث کے مستثنی مین بہت کچھ اختلافات ہی پھر وہ حدیث

حنفیون نے رفع یدین کو موجب فساد صلوٰۃ لکھا۔ حتیٰ کہ مکحول نے
امام صاحب سے یہ روایت کی من رفع یدیہ عند الرکوع وعند
الرفع فسدت صلوٰتہ۔ کذا فی کتاب الشتاع۔ اور امیر کاتب الاتقانی
نے فساد الصلوٰۃ برفع الیدین کا حکم دیا۔ اور ایک رسالہ اسمین لکھا۔ اگرچہ
تقی الدین السبکی الشافعی نے تعصب مذہبی سے اُسکو رد کر دیا۔ حتیٰ کہ بعض
حنفیون نے بھی اس غیر مذہبی کے رد پر فریب کہا کر اُس روایت کو ضعیف
ٹھہرایا۔ علیٰ ہذا القیاس بہتون نے غیر مذہبی کتابون کی اسناد پر فریفتہ ہوکر
بہت کچھ لکھا۔ لیکن اُس سے ہوتا کیا۔ جب اس حدیث مسلم سے اور حدیث
لاترفع الایدی الافی سبع مواطن الخ سے (جسکو بزار و بیہقی
وبخاری تعلیق مین وطبرانی وابن ابی شیبہ وغیرہم نے طرق مختلفہ سے
مع اختلاف مواضع سبع کے روایت کیا۔ کذا فی غیر بحر الہدایہ صـ ۸۲) رفع یدین
کا منھی عنہ ہونا ثابت ہوا۔ **اعتراض** اگر آپ کہین کہ اس حدیث مسلم کو
تو کسی شراحون نے عدم رفع یدین کی دلیل نہین گردانا۔ اتنے دن کے بعد
فقط تمھین کو یہ مضمون سوجھا۔ کیا اُنھون کو نہین سوجھا تھا۔ **جواب**
اسکا کئی وجھون پر ہے۔ **اوّل** یہ ہے کہ رفع یدین کے ثبوت کا مضمون باوجود
قرب زمان ہونے کے امام صاحب کو نہ سوجھا تھا۔ جو بعد مدت مدید وعرصہ
بعید کے اوروں کو سوجھا۔ **دوم** یہ ہے کہ جب آپ کو متاخرین کی تقلید سے
امام صاحب کی تقلید ترک کرنا آسان ہوا۔ تب ہمکو اعلیٰ کی تقلید سے ادنیٰ کی
تقلید چھوڑنا۔ کونسا مشکل آن پڑا۔ **سوم** یہ ہے کہ خود آپ کا مقتدا

وعدم رفعیدین لبشرط لا شئ وبلین بلین لا شرط الشئ اگر ثالث کو
ثانی کے ساتھ ملا یا جاوے۔ تو کثرت اس جانب کو معلوم ہوے۔ مگر اسکو
سمجھنے کے واسطے علم درکار ہے۔ محدثین فی زماننا کا فہم (جو ایک سند
مدعی مولوی نذیر حسین صاحب سے حاصل کرکے اپنے کو اُستاد لغمان بلکہ
لقمان سمجھتے ہین۔ اور اس سند کو دکھا دکھا کر عوام کالبھائم کے پاس
عمل بالحدیث کا دعوی کرکے اپنی بزرگی حاصل کرتے ہین۔ روزگار کا
ڈھنگ نکالتے ہین) کچھ بکار آمد ومعتبر نہین۔
تیسرا یہ ہے کہ اکثر محدثین غیر حنفی ہین۔ کما مر ذکرھم
انھون نے اپنی تقویت مذہب کے واسطے تل کو تال بناکر دکھلایا ہے۔
اور روایت نسخ پر اعتماد نہ کیا۔

**اب چند آثار عدم رفع یدین کا حسب وعدہ نقل کرتا ہون اور توقع انصاف کا رکھتا ہون** عن علقمہ قال قال لنا ابن مسعود رض الا اصلی بکم صلوۃ رسول اللہ صلعم فصلے ولم یرفع یدیہ الامرۃ واحدۃ مع تکبیرۃ الافتتاح رواہ ابوداؤد والترمذی والنسائی وقال ابوداؤد لیس ھو بصحیح علی ھذا المعنی کذا فی المشکوۃ [ص ۲۸۴] (جو امام بغوی شافعی کی مصابیح سے منتخب ہے۔) کیا حضرت اپنی اس روایت کو جو نصف صاحبان صحاح (جنکی حدیثون کو آپ لوگ کالوحی من السماء سمجھتے ہین) روایت کیا نہین دیکھا۔ یا دیکھا بھر صورت پھر یہ اشتہار لن ترانی کا دینا کیسا تھا۔ اور دعوی

قابل احتجاج کیونکر ہو سکی - جواب جس طرح سے آپ لوگون کے پاس فعدیثی
کی حدیث باوجود اختلافات رفع فی السجود کے قابل احتجاج کا ہو سکی -
کیا آپ نے صحاح نہین پڑھا - پھر کیونکر محدثیت کا دعوی بھرا خیر نہ پڑھا
نہ پڑھا - فقط تخریج الہدایہ کی اس عبارت کو دیکھ لیا ہوتا - وفی الصحیحین
عن سالم عن ابن عمر رض فی حدیث الرفع کان لا یفعل ذلک
فی السجود ولمسلم وکان یفعله حین یرفع راسه من السجود -
ایضًا فیه عن ابی ہریرہ رض رائت رسول صلعم یرفع یدیه فی
الصلوٰۃ (تا) وحین یسجد اخرجه ابو داؤد وابن ماجه - پھر کیونکر
بین السجدتین کے رفع یدینی کو باطل جانتے ہین ؏
اپنی فضیحتون پر انہین کچھ نہین نظر - اندھے ہین خود پر اوَرون کو جانے ہین بے بصر
اگر کوئی کہے کہ رفع یدین کی حدیثین کثرت سے ہین - اور عدم رفع
کی بہت کم ہین جواب اسکا کئی طرح پر ہے پہلا قوی ترین جواب ان مین
سے یہ ہے کہ جتنی روایتین رفع یدین کی ہین سکی سب آثار ین ہین بس - نہ کوئی
حدیث مین ایسا آیا ہے کہ رسول صلعم نے ارفعوا ایدیکم عند الرکوع
والقیام عنه فرمایا - حالانکہ ان دونون حدیث مذکورین ما ارالکم
رافعی ایدیکم الخ - لا ترفع الایدی الخ فرمایا - فافترق
الفرق فرقًا جلیا - کما افترق النہار من اللیل لوجود الشمس فرقا
معیا -
دوسرا یہ ہے کہ اس باب مین تین طرح کی حدیثین ہین یعنی رفع یدین ثبت طرالشئی

کو دوسرے طریق سے ثابت ہوا۔ فقس علیہ البواقی۔ عن علقمہ قال قال لنا ابن مسعود رض الا اصلی بکم صلوٰۃ رسول اللہ صلعم فصلے ولم یرفع یدیہ الامرۃ واحدۃ مع تکبرۃ الا افتتاح الخ اخرجہ اصحاب السنن کذا فی التیسیر[۲۱۵]۔ عن البراء قال رائت رسول اللہ صلعم اذا فتتح الصلوٰۃ رفع یدیہ الی قریب من اذنیہ ثم لا یعود اخرجہ ابوداؤد وکذا فی التیسیر[۲۱۵]۔ اور اسی طرح سے بیہقی شافعی نے بھی حدیث ابن عمر وعباد بن الزبیر سے روایت کیا۔ عن براء بن عازب قال کان الرسول صلعم اذا صلے رفع یدیہ حتیٰ تکون ابھاماہ حذاء اذنیہ ثم لم یعد اخرجہ الدارقطنی عن براء بن عازب قال کان النبی صلعم اذا کبر لافتتاح الصلوٰۃ رفع یدیہ حتی تکون ابھاماہ من شحمتی اذنیہ ثم لا یعود اخرجہ ابن شیبہ۔ عن علقمہ عن عبداللہ قال صلّیت مع رسول اللہ صلعم والی بکر وعمر فلم یرفعوا ایدیھم الا عند استفتاح الصلوٰۃ اخرجہ الدارقطنی وابن عدی۔ و روی الطحاوی عن مجاھد قال صلیت خلف ابن عمر فلم یکن یرفع یدیہ الا فی التکبیرۃ الاولی من الصلوٰۃ قال الطحاوی فھذا ابن عمر قد رائ النبی صلعم یرفع ثم ترک ھو الرفع بعد النبی صلعم فلا یکون ذلک الا وقد ثبت عندہ نسخ ما قد کان رائ النبی صلعم فعلہ وما ذکر

انا لاغیری کا بھرنا کیا تھا۔ اور لوگون کو راہِ راست سے بھٹکانے کی
تکلیف دینا کیا تھا۔ آفرین باد برین ہمت مردانۂ تو۔ اور اسمین لڑائی
کرنا کیا تھا۔ لڑائی مین کیا لڈو ملتے ہین۔ ہم نے بلکہ بمضمون ولا
تنازعوا فتفشلوا وتذھب ریحکم عزت جاتی۔ ملت مین خرابی آتی ہے
اسلیے یہ مثل۔ لڑائی کا گھر ہانسی۔ بیماری کا گھر کھانسی۔ ساری وجاری
کیون حضرت آپ تو اِس حدیث کو موضوع بھی نہین کہہ سکتے ہین۔ کیونکہ
آپ لوگ صحاح کی صحت پر تلقی امت کا دعوی بھر چکے ہین۔ ہان اگر آپ کہیے
کہ ابو داؤد نے اِس روایت کو اِس طریق سے صحیح نہین کہا ہے۔ تو جواب
اِسکا یہ ہے کہ اِس طریق سے صحیح نہونا ثابت نہین چنانچہ انھون نے خود دوسری
روایت براءمین جو آئی ہے عدم رفع یدین کو تصدیق کرکے روایت کیا۔ یا یہ
جملہ ابو داؤد کی طرف سے نہو۔ کیونکہ ابو داؤد بلکہ ہر محدث کلیہ دعوی ہے کہ ہمنے
اپنے سنن یا کتاب مین بجز حدیث صحیح کے نہین روایت کیا۔ پھر رواہ ابو داؤد
کے بعد یہ جملہ کیسا۔ شاید صاحب مشکوٰۃ شافعی نے تعصب سے بڑھا دیا ہو۔
کیونکہ تیسیر الاصول مین بھی یہی روایت منقول ہے اُسمین یہ عبارت لیس
ھو بصحیح علی ھذا المعنی ابو داؤد سے منقول نہین۔ بلکہ اخرجہ اصحاب السنن
اصحاب السنن مین ابو داؤد بھی داخل ہین۔ سوا اسکے اِس عبارت سے ہمارا
ضرر کیا بلکہ فائدہ ہے کہ اِس سے خوب معلوم ہوتا ہے کہ ثبوت عدم رفع یدین
کا طرق مختلف سے ثابت ہے کسی نے کسی طریق سے کسی نے کسی طریق سے ثابت
کیا۔ چنانچہ اِسی روایت مین ترمذی اور نسائی کو اِسی طریق سے اور ابو داؤد

اقوال کو جو اسناد درستی سے سجاوٹ و بناوٹ کیے ہین صاحب تنویر العین کا پیش کرنا - محض نکمی بات ہی لکیر پر فقیر ہونا شیر کے مقابلہ مین گیدڑ پیش کرنا - تاب آفتاب کو ٹھوک کر کرم شب تاب کی تاب پر مغرور ہونا ہی - کہ کجا امام محمد رح کہ امام شافعی رح کی مان کو نکاح کر کے انکو تعلیم و تربیت دیکے قبل قول صاحبان صحاح کے ۱۸۹ مین انتقال کیا - اور کجا ابن تیمیہ الحنبلی کہ ۶۶۱ مین پیدا ہوکر ۷۲۸ مین انتقال کیا - اور کجا ابن جوزی کہ ۵۱۰ مین پیدا ہوکر ۵۹۷ مین انتقال کیا ٥ لیس مشتری الاملاک کمشتری الافلاک - قال محمد السنۃ ان یکبر الرجل فی فی صلاتہ کلما خفض و کلما رفع و اذا انحط للسجود و اذا انحط للسجود الثانی کبر - فاما رفع الیدین فی الصلوٰۃ فانہ یرفع الیدین جزاء الاذنین فی ابتداء الصلوٰۃ مرۃ واحدۃ ثم لا یرفع فی شیء من الصلوٰۃ بعد ذالک و ھذا کلہ قول ابی حنیفہ رح و فی ذلک اثار کثیرۃ قال محمد (نا) عن عاصم بن کلیب الجرمی عن ابیہ قال رائیت علی ابن ابی طالب رفع یدیہ فی التکبیرۃ الاولی من الصلوٰۃ المکتوبۃ ولم یرفعھما سوی ذلک - عن ابراھیم النخعی قال لا ترفع یدیک فی شیء من الصلوٰۃ بعد التکبیرۃ الاولی - عن ابن حکیم قال رائت ابن عمر یرفع یدیہ حذاء اذنیہ فی اول تکبیرۃ افتتاح الصلوٰۃ

طاؤس انه قد رای ابن عمر یفعل ما یوافق ما روی عنه
عن النبی صلعم لا یقدح ذلك لانه یجوز ان یکون هذا
قبل ان یقوم الحجة عنده بنسخه ثم لما قامت ترکه
وفعل ما ذکره عند مجاهد انتهی کلام الغیبی کذا فی شرح البخاری
عن ابن عباس رض انه قال لم یکن العشرة المبشرة یرفعون
ایدیهما الا عند الافتتاح کذا فی شرح سفر السعادة رواه الطحاوی
عن الحدیث الحسن بن عیاش عن عبد الملك بن الحسن
عن الزبیر بن عدی عن ابراهیم عن الاسود قال رایت
عمر یرفع یدیه فی اول تکبیرة ثم لا یعود ورایت ابراهیم
والشعبی یفعلان ذلك وقال الطحاوی فهذا عمر لم یکن یرفع
یدیه الا فی التکبیرة الاولی والحدیث صحیح لان الحسن
ابن عیاش وان کان هذا الحدیث دار علیه فانه ثقة حجة
ذکر ذلك یحیی بن معین وغیره انتهی اس حدیث کے معارضہ مین
صاحب تخریج الهدایہ زیلعی کے قول کو حاکم کا پیش کرنا بجز سادہ لوحی کے
کیا ہے۔ کہ کجا طحاوی کہ ۲۲۹ یا ۲۳۰ مین پیدا ہوکر ۳۲۱ مین انتقال کیا۔ اور
کجا زیلعی کہ ۷۶۲ مین انتقال کیا ؎ چہ نسبت خاک را با عالم پاک ؎
کہان راجہ بھوج کہان گنگا تیلی۔ علی ہذا القیاس سوطا سے امام محمد رح کے
حدیثون کے مقابلہ مین جو آتے ہین یا اور اور عدم رفع کی حدیثون کے
معارضہ مین ابن حبان اور ابن جوزی اور ابن تیمہ وغیرہم من المتاخرین کے

محدثین نے اُسوقت کی روایتون کو پاپاکر شائع وذائع کیا) آخر چلکر منسوخ ہوگئی جیسا طحاوی نے اپنے معانی الآثار مین اور ابن الہمام نے اپنے فتح القدیر مین اور عینی شرح ہدایہ مین اِس بات کو ثابت کیا۔ اور اگر ایک کو صحیح دوسرے کو غیر صحیح کہیئے۔ تو کسکو صحیح فرض کیجے۔ اگر حدیث رفع کو صحیح کہیئے۔ تو ترجیح بلا مرجح کو تعصب مذہبی سے دخل دیجیے۔ اور اگر وجہ ترجیح کے لیے اور اکو محدثین کی حدیث کو پیش کیجیے۔ تو مین اُن محدثین کے اُستادون کے پیران پیر امام اعظم رح کی اِس حدیث کو (ابوحنیفہ رح) عن حماد عن ابراھیم عن الاسود ان عبد اللہ بن مسعود رضہ کان یرفع یدیہ فی اول التکبیر ثم لا یعود لشئ من ذلک کذا فی عقود الجواھر والخوارزمی کہ اِسکو ابوداؤد اور ترمذی اور نسائی نے بھی روایت کیا۔ اور ترمذی نے حسن کہا۔ اور حدیث مسلم مذکور کو اور حدیث لاترفع الایدی مشہور کو پیش کرونگا۔ اور موطاے امام محمد رح کی احادیث تو سب پر بھاری اور پیش کیا ہوا ہی۔ دکھلاؤنگا۔ پھر وجہ ترجیح کِس جانب کو ہی دیکھیے۔ اور امام صاحب کے رتبہ اور محدثین کے رتبہ مین امتیاز کیجیے۔ اور اس فساد کو مٹا دیجیے۔ یعنی بین الحنفیون کی عداوت کو اُٹھا دیجیے۔ اگرچہ اِس باب مین بہت سے دلائل وآثار ہین لیکن مین نے باعث مطول ہونے کتاب کے طرح دیا۔ العاقل تکفیہ الاشارۃ پر اکتفا کیا ؎

یک حرف بس است اگر شعور است ۔ ورنہ چہ چراغ پیش کور است

## انحضرت صلعم کا نماز مین خفیہ آمین کہنے کا ثبوت

ولم یرفعھما فیما سوی ذلک - وغیر ذلک ہکذا کلہ فی موطاے
امام محمد رح - عن سوار بن مصعب عن عطیہ العوفے ان ابا
سعید الخدری وابن عمر کانا یرفعان ایدیھما اوّل مایکبیران
ثم لایعودان اخرجہ البیہقی الشافعی وعللہ بان عطیہ شئی الحال وسوار
اسوء منہ - اِس تعلیل سے بوے تعصب کی آتی ہی کیونکہ یہ ہی بیہقی نے
رفع یدین کی روایت کی یہ ہی ابن عمر وابو سعید وغیرہما سے لیث بن ابی سلیم
کے طریق سے روایت کیا - حالانکہ لیث بن ابی سلیم مختلف فیہ ومتکلم فیہ ہی اسکا
کچھ ذکر نہ کیا - اور اپنی تقویت مذہب کے واسطے اُس روایت کو معلول کیا
ع اے ہنرہا نہادہ برکف دست - عیبہا برگرفتہ زیر بغل -
**الغرض** یہ حضرات اسناد پرستی کی وجہ سے جہاں کہین امام ابو حنیفہ رح
کے خلاف پر کچھ جھوٹ موٹ کی بو باس بھی پاتے ہین - فوراً اسکو پہاڑ کا سا
بنا کر دکھلاتے ہین - اور اگر انکا اپنا پہاڑ کا سا عیب بھی موجود ہووے - تو
اسکو تل برابر بھی نہ شمار کرے - کیونکہ رفع یدین کے ثبوت مین جتنی آثار ین
ہین اسمین کیا کیا تناقضات اور اختلافات ہین انکو یہ حضرات اصلا
نہین دیکھتے ہین - بلکہ لگا یا منسیا سمجھتے ہین - لیکن محققین خوب جانتے
ہین - اور انسی سے ناسخ ومنسوخ ثابت کرتے ہین - دور کیون جائے
ہین - یہ ہی بیہقی کی دونون روایت پر غور کیجیے - تو معلوم کیجیے - کیونکہ
اگر دونون روایت کو صحیح کہیے تو ضرور حدیث عدم رفع کو حدیث رفع
کا ناسخ سمجھیے - کہ فی الحقیقت ابتداء اسلام مین رفع یدین تھی (چنانچ

تامین کیا۔ کیا غیر مقلدون مے ان لوگون کو بھی باعتبار راویوں کے امام صاحب کا مقلد سمجھا۔ العیاذ باللہ۔ حضرت اگر خیال کیجیے تو اسی حدیث سے تامین بالجہر کو بخوبی منسوخ سمجھیے۔ **سواے اسکے** احادیث مصرحہ ذیل سے بخوبی تامین بالسر کو استنباط کر لیجیے۔ عن ابی موسی رض قال کنا مع النبی صلعم فی سفر فجعل الناس یجھرون بالتکبیر فقال النبی ؐ ایھا الناس اربعوا علی انفسکم انکم لیس تدعون اصم ولا غایبا انکم تدعون سمیعا قریبا وھو معکم الخ والضا۔ عن ابی موسی رض انھم کانوا مع رسول اللہ صلعم وھم یصعدون فی ثنیۃ قال فجعل رجل کلما علا ثنیۃ فاری لا الہ الا اللہ واللہ اکبر قال فقال نبی اللہ صلعم انکم لا تنادون اصم ولا غائبا الخ اخرجھا مسلم والضا ہکذا فی البخاری۔ اور امام محمد رح اپنی موطا مین (جو قبل وجود شیوخ صاحبان صحاح کے تدوین ہوئی) لا یجھرون بذلک یعنی بالتامین لکھا اور وہی امام محمد رح نے اپنی کتاب الآثار مین امام ابو حنیفہ رح سے چار چیز امام کا مخفی کرنا روایت کیا۔ وہ چار چیز۔ تعوذ وبسم اللہ وسبحانک وآمین ہے۔ اسی طرح سے سیوطی شافعی نے بھی اپنی جامع الجوامع مین ابوہریرہ وطحاوی سے روایت کیا۔ اور ابن شاہین نے اپنی سنن مین۔ وغیرہم نے لکھا۔ غور کرنے کی جگہ ہے کہ مطلق آمین کہنا قول النبی صلعم سے خصوصًا اس حدیث سے بخوبی ثابت ہے وہ واجب العمل ہے۔ اسمین کسی طرح سے کسی فریق کا خلاف نہین۔ قال رسول صلعم اذا صلیتم فاقیموا

اسکا جواب بھی مین نے تذکرہ مین لکھا ہے - اور بہت سی آیات قرآنی او احادیث
نبوی سے اسکو ثابت کیا - خیر یہان بھی دو ایک روایت اور سُن لیجے -
عن وائل بن حجر رض قال سمعت رسول صلعم قرأ غیر المغضوب
علیہم ولا الضالین فقال اٰمین ومدّ بہا صوتہ وفی روایۃ
خفض بہا صوتہ اخرجہ ابو داؤد والترمذی کذا فی التیسیر - چونکہ صاحب
تیسیر بھی شافعی المذہب ہین اسلیے روایت مدّ بہا کو صاف و مقدم لکھا
اور خفض بہا صوتہ کو بے غرضی کے ساتھ موخر لکھا - نہین تو اس حدیث کو
احمد و ابو داؤد و الطیالسی و ابو یعلی الموصلی نے اپنے اپنے سنون مین اور
طبرانی نے اپنے معجم مین اور دارقطنی نے اپنے سنن مین اور حاکم نے اپنے مستورک مین
حدیث شعبہ سے یون روایت کیا - عن سلمہ بن کہلی عن حجر ابی العنس
عن علقمہ بن وائل عن ابیہ انہ صلی مع النبی صلعم فلما بلغ
غیر المغضوب علیہم ولا الضالین قال اٰمین واخفے بہا صوتہ
ولفظ الحاکم فی کتاب القراءت وخفض بہا صوتہ ہے اسی طرح سے
عینی اور فتح القدیر [۱۲۱] اور مرقات اور عمدۃ القاری وغیرہم مین ہے عن ابی
ھریرۃ رض قال ترک الناس التامین وکان رسول اللہ صلعم اذا قال
غیر المغضوب علیہم ولا الضالین قال اٰمین حتی یسمعہا اھل
الصف الاوّل فیرتج بہا المسجد - اخرجہ ابن ماجہ [۶۲] اس حدیث سے
صاف ظاہر و باہر ہے کہ تامین بالجہر ابتداء مین تھی - اخیر کو منسوخ ہو گئی - شاید
یہ بات ابو ہریرہ رض کو نہ پہونچی ہون - نہین تو اُنکے ہم اقران صحابہ نے کیون ترک

اُسی حدیث کے فقولوا ربنا لك الحمد سے ربنا لك الحمد کا بھی جہر لازم آتا اور اسی طرح سے ان حدیث زرین کے فلیقل بلٰے انا علیٰ ذلك من الشاھدین - اور فلیقل آمنّا باللّٰہ سے بلیٰ انا علی ذلك من الشاھدین اور آمنّا باللّٰہ کا جہر لازم آتا - قال رسول اللّٰہ صلعم من قراء منکم بالتین والزیتون فانتھی الی الیس اللّٰہ باحکم الحاکمین فلیقل بلیٰ وانا علی ذلك من الشاھدین ومن قراء لا اقسم بیوم القیمۃ فانتھی الی الیس ذلك بقادر علی ان یحیی الموتی فلیقل بلی - ومن قرأ والمرسلات عرفا فبلغ فبای حدیث بعدہ یؤمنون فلیقل اٰمنّا باللّٰہ رواہ ابوداؤد وغیرہ کذا فی المشکوٰۃ ص۱۴۴ اور نا ظاہر نہیں کہ آمین دعاء ہے چنانچہ خود بخاری کی ایک روایت میں عطا نے آمین کو دعا کہا - جب آمین کا دعا ہونا ثابت ہوا - تو خفیہ کہنا بھی ضرور رہا - کہ نصوص قرآنی اُسپر دال ہے - قولہ تعالیٰ ادعوربکم تضرعًا وخیفۃ - وقولہ تعالیٰ واذکر ربك فی نفسك تضرعًا وخیفۃ دون الجھر من القول وقولہ تعالیٰ واسرّوا قولکم او اجھروا بہ انہ علیم بذات الصدور وقولہ تعالیٰ ولقد خلقنا الانسان ونعلم ما یوسوس بہ نفسہ ونحن اقرب الیہ من حبل الورید - وغیر ذلک نہیں تو تنسیخ قرآن کی لازم آویگی - اور وہ تنسیخ حدیث - کلامی لا ینسخ کلام اللّٰہ الخ سے باطل ہے - چہ جائے یہ حدیث کہ جس میں تعارض واقع ہے - ناسخ قرآن ہوئی - **طرفہ غریب لطیفہ عجیب** تو یہ ہے کہ غیر مقلدین جس حدیث کے تکیہ پر

صفوفکم ثم لیؤمکم احدکم فاذا کبر فکبروا واذا قال غیر المغضوب علیھم ولا الضالین فقولوا اٰمین یجبکم اللہ فاذا کبر وارکع فکبروا وارکعوا فان الامام یرکع قبلکم ویرفع قبلکم فقال رسول اللہ صلعم فتلک بتلک قال واذا قال سمع اللہ لمن حمدہ فقولوا ربنا لک الحمد یسمع اللہ لکم رواہ المسلم وفی روایۃ لہ عن ابی ہریرہ وقتادہ واذا قراء فانصتوا کذا فی المشکوٰۃ [ص ۲۹۴] ہان صورت جہریہ وسریہ مین اختلاف ہی وہ دونون صورت قول النبی صلعم سے ثابت نہین یعنی رسول اللہ صلعم نے مدّ والجاصوتکم نفرمایا۔ البتہ محدثین فعل النبی صلعم سے ثابت کرتے ہین۔ اورجب فعل النبی صلعم سے دونون ثابت ہین۔ تو قاعدہ تعارض کا پیش آگیا۔ پھر اسمین غیرمقلدون کا کیا نکلا سواے اسکے فعل النبی صلعم حنیفی کے پاس موجب وجوب نہین اگر ہوتا تو رسول اللہ صلعم صلوا کما رایتمونی اصلی نفرماتا۔ بلکہ مجرد روئت ہیئت صلوٰۃ نبی صلعم کی کفایت کرتی۔ نہ نعلین کھولتے مین اصحابون کو نماز کے اندر جو وے فعل النبی صلعم کو دیکھ کر کھولتے تھے مزاحمت فرماتا۔ نہ یہ حدیث عن ابن عمرو بن العاص (تا) یارسول اللہ صلعم انک قلت صلوٰۃ الرجل قاعدا علی نصف الصلوٰۃ وانت تصلی قاعدا قال اجل ولکنی لست کاحد منکم اخرجہ المسلم ومالک وترمذی والنسائی کذا فی التیسیر [ص ۲۱۶] فرماتا۔ الغرض اس فعل النبی صلعم سے جو تعارض واقع ہوا ہی۔ حنیفی الزام نہین پاسکتا ہے اور حدیث بالاکے فقولوا آمین سے جہر بالتامین مراد نہین ہوسکتا ہی۔ ۴ بن تو

اخرجه زرین کذا فی التیسیر ج۲۱۶ ای حضرت مین نے تو آپ کے سوال کے جواب مین تحت السرہ کی روایت کو آپ کی کتابون سے اسقدر بھی ثابت کیا۔ حالانکہ مین اس بات کا محتاج نہ تھا۔ بھلا آپ تو اپنے علی الصدر کی روایت کو صحیح سے ثابت کیجیے۔ نہین تو کس برتہ پر تتا پانی کا طلب ہے بیان فرمائے۔

**دفع دخل** ابن خزیمہ کی علی الصدر کی روایت کو جو وائل بن حجر کی طرف منسوب ہے ان روایتون کے معارضے مین ہرگز پیش نہین کر سکتے ہین جب شیخ الصحاح ابن ابی شیبہ کی تحت السرہ کی روایت وائل بن حجر سے ثابت ہو چکی۔ پھر بعد مدت مدیدکے ابن خزیمہ کی علی الصدر کی روایت وہی وائل بن حجر سے کیونکر صحیح ہوگی۔ نہ معارضے کی قابلیت رکھیگی۔ حضرت یہ ابن خزیمہ کی روایت عجب انوکھی روایت ہے نہ صحاح مین موجود ہے نہ ائمہ اربعہ مین سے کسی کے مذہب کے ساتھ منطبق ہے حتیٰ کہ جمہور شافعیہ بھی تحت الصدر وفوق السرہ کے قائل ہین نہ علی الصدر کے۔ پھر آپکی دلیل کا پتا کیا ٹھہرا نہ آپکو گھر کا نہ گھاٹ کا پتہ لگا۔ ہان من یضلله فلا ھادی له کا نتیجہ نکلا۔

## آنحضرت صلعم کا مقتدیون کو خلف الامام قرأت کرنے سے منع کرنے کا ثبوت

اسکا جواب بھی مین نے تذکرہ مین لکھا۔ پھر یہان بھی بہ نیّت نفع عوام کے کچھ لکھتا ہون۔ عن ابی ھریرۃ رض ان رسول اللہ صلعم انصرف من صلوٰۃ جھر فیھا بالقراءۃ فقال ھل قرأ معی منکم من احد فقال رجل انا یا رسول اللہ صلعم قال فقال انی اقول مالے

آمین بالجہر کا فساد مچا رہے ہین۔ وہ حدیث وائل بن حجر سے ہی اُسکو تو خود امام بخاری رح کا شیخ و استاذ یحییٰ بن معین نے ضعیف کیا۔ جیسا امام زیلعی نے تبئین الحقائق مین لکھا۔ اور قابل حجت نہین کہا۔ قال الشافعی یجہر بہا عند الجہر بالقرءۃ لحدیث وائل بن حجر قال سمعت النبی صلعم انہ قال اٰمین ومد بہا صوتہ وما رواہ ضعفہ یحیے بن معین فلا یلزم حجۃ۔ پھر اِن نادانون کے شور و شغب سے کیا ہوتا ہی۔ اور حنفیون کا کیا بگڑتا ہی۔

## آنحضرت صلعم کا نماز مین زیر ناف ہاتھ باندھنے کا ثبوت

عن علقمہ بن وائل بن حجر عن ابیہ قال رائیت النبی صلی اللہ علیہ وسلم وضع یمینہ علی شمالہ تحت السرۃ اخرجہ ابن ابی شیبہ فی مصنفہ۔ عن علی رض ان من السنۃ وضع الیمین علی الشمال تحت السرۃ رواہ ابو داؤد۔ اِس حدیث کو صاحب الکافی والمبسوط وغیرہما نے اور امام نووی شافعی نے بھی ذکر کیا۔ اگرچہ امام نووی نے اپنے مذہب کے حسن ظن پر اِسکو ضعیف کہا۔ وہ حنفیون کو مضر نہین لما ذکرنا۔ عن علی رض ان السنۃ وضع الکف علی الکف تحت السرۃ کذا فی الشعرانی الشافعی ۹۳ وعن علی رض قال ان من السنۃ فی الصلوٰۃ وضع الاکف تحت التسرۃ رواہ احمد وابو داؤد وکذا فی المنتقی الاخیار۔ عن ابی جحیفہ رض ان علیا قال السنۃ وضع الکف فی الصلوٰۃ ویضعہما تحت السرۃ

ولا فی الاخرین واذا صلی وحدہ قراء فی الاولین بفاتحہ
الکتاب وسورۃ ولم یقراء فی الاخرین شیئا (ای من القرآن)
ساتوان عبد اللہ بن مسعود سے قال انصت للقراءۃ فان فی
الصلوٰۃ شغلا وسیکفیک الامام۔ آٹھوان بن قیس سے
قال لان اعض علی جمرۃ احب الی من ان اقراء خلف الامام
نوان ابراہیم سے قال ان اول من قراء خلف الامام رجل اتھم
دسوان بن شداد بن الہادی سے قال ام رسول اللہ صلعم
فی العصر قال فقراء رجل خلفہ فغمزہ الذی یلیہ فلما ان
صلی قال لم غمزتنی قال کان رسول صلعم قدامک
فکرھت ان تقراء خلفہ فسمعہ النبی صلعم قال من کان
لہ امام فان قراءتہ لہ قراءۃ۔ اس روایت سے صراحۃً عدم
جواز قراءت کا صورت سریہ مین بھی ظاہر ہی۔ کہ نماز عصر کی تھی۔ گیارھوان
سعد سے قال وددت ان الذی یقراء خلف الامام فی فیہ جمرۃ
بارھوان عمر بن الخطاب رض سے قال لیت فی فم الذی یقراء
خلف الامام حجرا۔ تیرھوان موسیٰ سے انہ قال من قراء خلف
الامام فلا صلوٰۃ لہ۔ کل ان روایتون کو امام محمد رح کی موطا سے
نقل کیا ہی۔ اور اسی طرح سے امام محمد رح بہت سی حدیثین اپنی کتاب الآثار
مین بھی لایا ہی۔ ہمنے طوالت کی وجہ سے انکو ذکر نکیا۔ اور اسیپر کفایت
کیا۔ اگر کوئی کہے کہ صحاح کی کوئی روایت آپ نہین لائے۔ تو خیر

انازع القرآن فانتهى الناس عن القراءة مع رسول صلعم
فیما جهر به من الصلوٰة حین سمعوا ذلك اخرجه محمد فی موطایه -
ایضاً فیه - عن ابن عمر انه کان اذا سئل هل یقرء احد مع
الامام قال اذا صلی احدکم مع الامام فحسبه قراءة الامام
وکان ابن عمر لا یقراء مع الامام - ایضاً فیه - اخبرنا مالك
حدثنا وهب بن کیسان انه سمع جابر بن عبدالله یقول من
صلی رکعة لم یقراء فیها بام القرآن فلم یصل الا وراء الامام
امام محمد رح نے اپنے موطا میں اِن حدیثوں کو امام مالک رح سے نقل کرکے
فرمایا کہ بقول امام ابوحنیفہ رح کے قراءت خلف الامام نہ صورت جہریہ میں ہے
نہ صورت سریہ میں - کیونکہ اِسمیں بہت سی آثارین ہیں - ایک تو ابن
عمر رض سے قال من صلی خلف الامام کفته قراءته - دوسرا بھی
ابن عمر رض سے انه سئل عن القراءة خلف الامام قال
تکفیك قراءة الامام - تیسرا - جابر بن عبدالله عن النبی صلعم سے انه
قال من صلی خلف الامام فان قراءة الامام له قراءة - چوتھا
قال من صلی خلف الامام فان قراءة الامام له قراءة - پانچواں
ابی وائل سے - قال سئل عبدالله بن مسعود عن القراءة خلف
الامام قال انصت فان فی الصلوٰة شغلا سیکفیك ذالك
الامام - چھٹواں علقمه بن قیس سے ان عبدالله بن مسعود
کان لا یقراء خلف الامام فیما یجهر فیه وفیما یخافت فیه فی الاولیین

فحسبه قراءۃ الامام وکان ابن عمر لا یقرا مع الامام۔ انیسوان
اسی موطاے مالک مین جابر سے روایت ہے انہ قال من صلی رکعۃ لم
یقرا فیھا بام القرآن فلم یصل الا وراء الامام۔ اس روایت کو
ترمذی نے بھی لیا اور اپنی جامعہ مین اسکو صحیح کہا۔ بیسوان ابن ماجہ مین جابر
سے روایت ہے قال قال رسول اللہ صلعم من کان لہ امام فقراءۃ الامام
لہ قراءۃ۔ اکیسوان وہی ابن ماجہ مین ابوہریرہ رض سے اور ابی موسی الاشعری
سے قال قال رسول صلعم اذا قرا فانصتوا الخ۔ بائیسوان وہی ابن ماجہ
مین ابن اکیمہ سے قال سمعت اباھریرہ رض یقول صلی النبی صلعم
باصحابہ صلوۃ نظن انھا الصبح فقال ھل قرا منکم من احد
قال رجل انا قال انی اقول مالی انازع القرآن۔ تیئسوان ابن
ابی شیبہ نے اس حدیث کو علی کرم اللہ وجہ سے روایت کیا عن علی
قال من قرا خلف الامام فقد اخطاء۔ چوبیسوان وہی ابن ابی
شیبہ نے حضرت زید بن ثابت سے قال لا قراءۃ خلف الامام
کو روایت کیا۔ پچیسوان پھر انھون نے ابراہیم سے قال اول ما
حدثوا القراءۃ خلف وکانوا لا یقرؤن۔ کو روایت کیا۔
چھبیسوان وہی ابن ابی شیبہ اور طبرانی اور ابن مردویہ اور بیہقی نے
ابن مسعود سے انہ قال فی القراءۃ خلف الامام انصت
للقرآن کما امرت فان للصلوۃ شغلا وسیکفیک ذالک کو
روایت کیا۔ کذا فی الدر المنثور للسیوطی الشافعی۔ ستائیسوان

اسکی بھی چند روایت لاتا ہون۔ اگرچہ بقاعدۂ ماسبق کے یون کسیطرح
کی ضرورت اسکی نہین سمجھتا ہون۔ چودھوان[14] صحیح مسلم مین عمران بن حصین
سے یہ روایت ہی قال صلی بنا رسول اللہ صلعم صلوٰۃ الظہر
او العصر فقال ایکم قراء خلفی سبح اسم ربك الاعلی فقال رجل
انا ولم ارد بہا الا الخیر قال قد علمت ان بعضکم خالجنیہا
(ای نازعنیہا معناہ الانکار علیہ) اخرجہ المسلم[۴۲] والضیا فیہ پندرھوان[15]
اسی عمران سے یہ روایت ہی ان رسول اللہ صلعم صلی الظہر فجعل
رجل یقراء خلفہ سبح اسم ربك الاعلی فلما انصرف قال ایکم
قراء او ایکم القارئ قال رجل انا فقال قد ظننت ان بعضکم
خالجنیہا۔ ایضًا فیہ سولھوان[16] قتادہ سے یہ روایت ہی ان رسول
صلعم صلی الظہر وقال قد علمت ان بعضکم خالجنیہا۔ اور طرفہ
عجیب اور لطیفہ غریب تو یہ ہی کہ صحیح مسلم مین بخیال تین روایت کی اور کوئی
روایت باب القراءۃ خلف الامام مین نہین۔ اور ان تینون روایتون سے
صاف ظاہر ہی کہ نماز ستریہ مین بھی قراءۃ خلف الامام درست نہین کیونکہ نماز عصر
یا ظہر کی تھی سترھوان[17] وہی صحیح مسلم کے باب فی سجود القرآن مین یہ روایت عطا بن
یسار سے مذکور ہی انہ اخبرہ انہ سال زید بن ثابت عن القراءۃ
مع الامام فقال لا قراءۃ مع الامام فی شئی الخ اخرجہ المسلم[۲۱۵]۔
اٹھارھوان[18] موطاے مالک مین ابن عمر رض سے روایت ہی انہ کان اذا
سئل ھل یقراء احد مع الامام قال اذا صلی احدکم مع الامام۔

تمھاری روایتین باوجود موجود ہونے معارضون کے کیونکر قابل احتجاج کے ٹھہرین۔ ے

ہم الزام انکو دیتے تھے قصور اپنا نکل آیا۔ حضرت اب تو آپ ہی کے قول سے قاعدۂ اذا تعارضا تساقطا۔ کا نکل پڑا۔ پھر تو احتجاج باحادیث صحاح کا برباد ہوگیا۔ کیون نہو حسب نوشتہ احادیث ماسبق کے میرے۔ یہ تالیفات شر القرونی ہین۔ اسمین بہت کچھ رطب ویابس مخلوط ہین۔ نہین تو اسطرح کے تناقضات بزرگون سے ہرگز وہرآئنہ ثابت نہو نہین۔ کیا یہ عقل تجویز کرتی ہے کہ حضرت عمرؓ وغیرہ رض کسی وقت مین کچھ اور کسی وقت مین کچھ فرماوین۔ لاحول ولاقوۃ الا باللہ۔ یہ نتیجہ فقط اسناد پرستی اور تعصب مذہبی کا ہے۔ نی بلکہ یہ معجزہ قول حضرت رسالت آبؐ صلعم ثم یظہر الکذب وغیرہ کا ہے۔ تنبیہ مین کچھ امام صاحب کے قول کے ثبوت کے واسطے صحاح کی طرف محتاج نہین ہون۔ بلکہ اصل کی اصالت کو نقل سے ثابت کرنے کو جہالت سمجھتا ہون۔ لیکن فقط الزام خصم کے لئے پیش کیا کرتا ہون۔ نہین تو انکے قول کو قرآن سے ثابت کرنے مین عاری وعاجز نہین ہون۔ وہ عدم جواز قرأت خلف الامام اسی آیت اذا قرء القرآن فاستمعوا له وانصتوا سے بخوبی ثابت ہے۔ کیونکہ جب اس آیت سے تلاوت قرآن کو ایسا استماع و انصات لازم ہے جیساکہ طلوع شمس کو وجود نہار لازم ہے۔ تب قرأت فاتحہ خلف الامام کو بھی استماع وانصات لازم ہے کہ وہ بھی قرآن بل ام القرآن ہے۔ اعتراض خیر لفظ فاستمعوا سے البتہ صورت جہریہ مین استماع متحقق ہوسکتا ہے

دارقطنی نے حضرت علی رضؓ سے انه قال من قرء خلف الامام فقد اخطاء الفطرة کو روایت کیا۔ اٹھائیسوان[۲۸] ابن ابی شیبہ نے حضرت جابر سے قال لا یقرء خلف الامام لا ان جهر ولا ان سر ذکره الزیلعی فی نصیب الرایه کو روایت کیا۔ انتیسوان[۲۹] امام مالک نے بیاضی سے ان النبی صلعم خرج علی الناس وهم یصلون وقد علت اصواتهم بالقراءة فقال ان المصلی یناجی ربه فلینظر بما یناجیه ولا یجهر بعضکم علی بعض بالقرآن کذا فی التیسیر[۲۱۹] کو روایت کیا تیسوان[۳۰] پھر وہی امام مالک اور احمد اور ترمذی او مسلم اور ابو داؤد اور نسائی اور ابن ماجہ نے (ما لی انازع القرآن) اور (اذا قرأ فانصتوا) کو روایت کیا کذا فی المشکوٰة[۳۱] ۔

**تنبیہ** جب ہمنے اصل اصل کتابون سے عدم قراءت کو ثابت کیا۔ باقی روایتون کو جو طحاوی اور ابن ہمام اور عینی وغیرہم لائے۔ طوالت کی وجہ سے چھوڑا۔ **اعتراض** اگر آپ فرمائین کہ تمھاری سب روایتون کا معارض موجود ہی بلکہ تمنے جس راوی سے عدم جواز کو ثابت کیا۔ اسی راوی سے جواز کی بھی روایت ثابت ہی جیسا ابن عمر رضؓ و عمر رضؓ وغیرہما سے دونون طرف کی روایتین موجود ہین۔ پھر تمھاری روایتین کسطرح سے قابل احتجاج کے ٹھہرین۔ **جواب** جسطرح سے آپ لوگون کے پاس جواز کی روایتین باوجود موجود ہونے روایتین عدم جواز کے قابل احتجاج کے ٹھہرین۔ اگر بقول آپکے ہماری روایتین قابل احتجاج کے نہ ٹھہرین۔ تو پھر

والنسائی کذا فی المشکوٰۃ ص ۳۰۲ - دوم حدیث یہ ہی - وفی روایۃ الترمذی قال اذا قمت الی الصلوٰۃ فتوضاء کما امرک اللہ بہ ثم تشہد فاقم فان کان معک قرآن فاقراء والا فاحمد اللہ وکبرہ وھللہ ثم ارکع کذا فی المشکوٰۃ ص ۲۸۵ -

## خدا ورسول کا عوام غیر مجتہد پر کسی امام کی ایمہ اربعہ سے تقلید کو واجب کرنے کا ثبوت

ہر چند اسکا جواب بھی مین نے تذکرہ مین ادلہ قطعیہ سے ثابت کیا - لیکن یہانپر بھی دوسری طرز سے کچھ لکھنے کو مناسب سمجھا - وہ یہ ہی کہ اللہ تعالی نے اطیعوا اللہ واطیعوا الرسول واولی الامر منکم فرمایا - اِس سے اتباع اولی الامر کا واجب ہی - اِسمین کسی طرح کا شک و شبہ نہین - لیکن گفتگو اِسمین ہی کہ مطلق اولی الامر کا اتباع واجب ہی یا مقید بفرد کامل کا - اگر ثانی ہی تو فتنہ فرو نشست ونزاع برخاست کا نقشہ پیش ہی کہ امام صاحب ائمہ مین فرد کامل ہین - تب انکا اتباع واجب ہی - اگر اوّل ہی تو مین قولہ تعالی اتبع احسن ما انزل الیکم - و قولہ تعالی ولا تنسوا الفضل بینکم - وقولہ تعالی اوحینا الیک ان یتبع ابراھیم کو امر مطلق کا بیان ڈالتا ہون - اور اِس سے فرد کامل مراد لیتا ہون - کیونکہ جب اوّل آیت سے باوجود حقیت کل ماانزل اتباع ما احسن کا مامور بہ ہونا ثابت ہوا - اور ثانی آیت سے فاضل کے فضل کو بھولنا منہی عنہ ٹھہرا - اور ثالث آیت سے باوجود حقیت نبوت

اما صورت سریہ مین کیونکر استماع ثابت ہوسکتا ہی - تب اُس صورت سریہ
مین قرات خلف الامام کون آیت سے ممنوع ہوتی ہی - جواب
اِس آیت کے لفظ انصتوا سے ممنوع ہوتی ہی کیونکہ انصات مین سماعت
لازم نہین - اگر ہوتا تو اللہ جل شانہ بعد فاستمعوا کے پھر انصتوا کو تکرارًا
نہ فرماتا - کہ حشو قرآن مین لازم آتا - البتہ یہ تخصیص بعد تعمیم اُس صورت کے
لیے ہی کہ جس صورت مین قرآن سُنا نجاوے - اور جہان سماعت متحقق
نہونے پاوے - وہان بھی اِسی انصتوا سے خاموشی اختیار کرے - اور
استماع مین سماعت وانصات دونون لازم ہین یعنی چُپ رہکر سُننے کی
کوشش کرے - نہین تو فائدہ خاصیت باب افتعال کہ اللہ تعالی نے
سمع کو باب افتعال مین لیجاکر فاستمعوا فرمایا باطل ہوئے - کیون حضرت
جب شاہی دربار مین دور کے بیٹھنے والون کو جو کلام شاہی سُننے نہین پاتے
ہین انصات لازم ہوتا ہی تو کیا اللہ جل شانہ کا دربار اِس سے بھی گیا گذرا ہوگا
کہ اسمین جسکا جو جی چاہے سو ہڑبڑ کرکے جاے - سواے اِسکے جب یہ
ثابت ہوا کہ ان دونون حدیثون مین قرات فاتحہ کی مطلقًا متحقق نہین پھر مضمون
حدیث لاصلوۃ الا بفاتحۃ الکتاب کو یہانپر کیا کہیے - باوجود عدم
قرات فاتحہ کے نماز کیونکر صحیح ہوتی ہی - اوّل - حدیث یہ ہی عن عبد اللہ
بن ابی اوفے قال جاء رجل الی النبی صلعم فقال انی لا استطیع
ان اخذ من شیئًا فعلمنی ما یجزئنی قال قل سبحان اللہ الحمد للہ
ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر ولا حول ولا قوۃ الا باللہ الخ اخرجہ ابو داؤد

قال اتت النبی صلعم امراۃ فکلمتہ فی شئ فامرھا ان ترجع الیہ قالت یا رسول اللہ ص ارایت ان جئت ولم اجدک کانہا ترید الموت قال فان لم تجدینی فأتی ابا بکر متفق علیہ کذا فی المشکوٰۃ چوتھی روایت محمد بن حنیفہ سے قال قلت لابی ای الناس خیر بعد النبی صلعم قال ابوبکر قال قلت ثم من قال عمر وخشیت ان یقول عثمان قلت ثم انت قال ما انا الا رجل من المسلمین رواہ البخاری کذا فی المشکوٰۃ ۔ پانچوین روایت ابن عمر سے قال کنا فی زمن النبی صلی اللہ علیہ وسلم لا نعدل بابی بکر احدا ثم عمر ثم عثمان ثم نترک اصحاب النبی صلعم لا نفاضل بینہم رواہ البخاری وفی روایۃ ابی داؤد قال کنا نقول ورسول صلعم حی افضل امۃ النبی صلعم بعدہ ابوبکر ثم عمر ثم عثمان کذا فی المشکوٰۃ ۔ تنبیہ جب پہلی روایت سے حضرت ابوبکر رض اللہ کے رہتے ہوئے امامت غیر کی سزاوار نہین ہونا ۔ اور دوسری روایت سے اللہ و مؤمنون کا سوائے ابوبکر کے انکار کرنا ۔ اور تیسری روایت سے بعد رحلت آنحضرت صلعم کے عورت سائلہ کو ابوبکر کے پاس آنا ۔ اور چوتھی روایت سے خیر الامہ بعد النبی صلعم ابوبکر ثم عمر ثم عثمان کا ہونا ۔ اور پانچوین روایت سے ابوبکر کی برابر اور کسی کو نہ ٹھہرانا ۔ ثابت ہوا ۔ یعنی باوجود حدیث اصحابی کالنجوم بایہم اقتدیتم اہتدیتم صحابیون مین سے صحابیون نے حضرت ابوبکر صدیق کو افضل جانکر ترجیح دیکر اقتدا کیا ۔ تب اسی طرح سے سنیون مین حنفیون نے ائمہ کے درمیان سے امام الائمہ

ہر نبی کے اتباع حضرت ابراہیم کا کرنا ثابت ہوا - تب علی وجہ الکمال -
وبصورت جمال امر مطلق کو مقید بفرد کامل ہونا ثابت ہوگیا - اور امام
ابی حنیفہ رح استاذ الایمہ امام الایمہ واعظم الایمہ وافضل الایمہ واعلم الایمہ
واورع الایمہ وازہد الایمہ واقدم الایمہ واقرب الایمہ الی الرسول صلعم
ہین پھر انکا اتباع کیون واجب نہو - اگر آپ اسپر بھی اکتفا نہ کرین تو مین
آپ کے صحاح سے (جسکو آپ لوگ کالوحی من السماء سمجھتے ہین - حتی کہ
اسکے مقابلہ مین حدیث السنة قاضی سے قرآن کو بھی ضعیف ٹھہرائے
ہین العیاذ باللہ) چند حدیثین جنکو صاحب مشکوۃ نے جمع کیا - اس
تقریر کی تائید مین پیش کرتا ہون - اور اسمین تامل وتفکر سے نظر کرنے کو
امید رکھتا ہون - منجملہ انکے پہلی روایت حضرت عائشہ رض سے یہ ہے عن
عایشة رض قالت قال رسول اللہ صلعم لا ینبغی لقوم فیھم
ابوبکر ان یؤمھم غیرہ رواہ الترمذی وقال ہذا حدیث غریب
کذا فی المشکوۃ - اگرچہ ترمذی رح نے باعتبار اسناد کے اسکو غریب
کہا - لیکن اسکی تائید مین نیچے کی حدیثین موجود ہین - دوسری روایت
انسے یہ ہے عن عایشة رض قالت قال رسول اللہ صلعم
فی مرضہ ادعی لی ابابکر اباک واخاک حتی اکتب کتابا
فانی اخاف ان یتمنی متمن ویقول قائل انا اولی ویابی
اللہ والمؤمنون الا ابابکر رواہ المسلم وفی کتاب الحمیدی انا اولی
بدل انا ولا کذا فی المشکوۃ - تیسری روایت جبیر بن مطعم سے

النبی صلعم الظہر فقال ابردوا ابردوا وقال انتظروا انتظروا
وقال شدۃ الحر من فیح جہنم فاذا اشتد الحر فابردوا
عن الصلوٰۃ حتیٰ رائینا فی التلول اخرجہ البخاری[۷۶] - ایضًا اخرجہ المسلم[۲۲۴]
چوتھی روایت پھر ابوہریرہ رض سے عن النبی صلعم انہ قال اذا
اشتد الحر فابردوا (تا) واشتکت النار الخ اخرجہ البخاری[۷۶]
ایضًا اخرجہ المسلم[۲۲۴] - پانچویں روایت ابوسعید سے قال قال رسول صلعم
ابردو بالظہر فان شدت الحر من فیح جہنم تابعہ سفین
ویحییٰ وابوعوانہ عن الاعمش اخرجہ البخاری[۷۶] - چھٹویں پھر ابوسعید
سے قال قال رسول اللہ صلعم اذا اشتد الحر فابردوا بالظہر
فان شدۃ الحر من فیح جہنم اخرجہ ابن ماجہ[۴۹] - ایضًا فیہ عن ابی
ہریرہ مثلہ - ایضًا فیہ عن مغیرہ بن شعبہ مثلہ - ایضًا فیہ عن ابن عمر مثلہ -
دسویں پھر ابوہریرہ رض سے ان النبی صلعم قال اذا اشتد الحر
فابردوا بالصلوٰۃ فان شدۃ الحر من فیح جہنم اخرجہ الستہ
بہذا اللفظ کذا فی التیسیر[۲۰۶] - گیارھویں - ابوذر رض سے قال کنا
مع النبی صلعم فی سفر فاراد المؤذن ان یوذن للظہر فقال
لہ رسول اللہ صلعم ابرد ثم اراد ان یوذن فقال لہ
ابرد حتیٰ رائینا فی التلول فقال النبی صلعم ان شدۃ الحر
من فیح جہنم فاذا اشتد الحر فابردوا بالصلوٰۃ اخرجہ الخمسہ
الا النسائی کذا فی التیسیر[۲۰۶] - بارھویں قاسم بن محمد سے قال ما

کو اسی اشارۃ النص سے ترجیح دیکر اقتدا کیا تو کیا قصور کیا۔ **دقیقہ** دیکھیے غور کیجیے کہ بعد النبی صلعم کے اقتدا کی تین صورتین ہین۔ اوّل۔ اقتدا صحابہ کا صحابہ کے ساتھ۔ دوم۔ اقتدا غیر صحابہ کا صحابہ کے ساتھ۔ سوم۔ اقتدا غیر صحابہ کا غیر صحابہ کے ساتھ۔ جب صورت اول مین اُن حدیثون سے بسبب عموم اولی الامر کا آیت اولی الامر منکم سے بالکل مفقود ہے کہ کُل صحابہ کا اقتدا ساتھ حضرت ابو بکر رضی کی افضلیت مین فرد کامل ہونے کے سبب سے موجود۔ اور صورت ثانیہ مین بھی وہی افضلیت کے سبب سے (کہ حدیث اصحابی کالنجوم الخ سے ثابت ہے) اقتدا غیر صحابہ کا صحابہ کے ساتھ ثابت۔ تب صورت ثالثہ مین کیون وہی افضلیت کا اعتبار نہو۔ اور کیون حدیث اجعلوا آئمتکم خیارکم الخ سے خیار ائمہ پر اقتدا واجب نہو خذ ہذا۔

## ظہر کا وقت دوسری مثل تک باقی رہنے کا ثبوت

چند روایتون سے ثابت ہے کہ۔ انمین سے ایک روایت ابو ہریرہ رضی سے یہ ہے ان رسول صلعم قال اذا اشتد الحرّ فابردوا بالصلوٰۃ فان شدۃ الحرّ من فیح جھنم قال ابو محمد (یعنی دارمی) ھذا عندی من التاخیر اذا تاذوا بالحرّ اخرجہ الدارمی[۱۲۲۵]۔

دوسری روایت نافع مولی ابن عمر رضی و ابو ہریرہ رضی سے۔ حدثاہ عن الرّسول انہ قال اذا اشتد الحرّ فابردو بالصلوٰۃ فان شدۃ الحرّ من فیح جھنم اخرجہ البخاری[۷۶]۔ اور اسی طرح سے یہ روایت صحیح مسلم مین بھی ہے[۲۲۱]۔ تیسری روایت ابی ذر رضی سے قال اذّن موذّن

غربت الشمس الخ اخرجہ محمدؒ فی موطا؂۴۲ - اِس حدیث سے ابتداء وقت عصر کا دو مثل کے بعد سے ہونا ثابت ہے - پندرھوین؂۱۵ روایت جابر رضی اللہ سے قال صلی بنا رسول اللہ صلعم حین صار ظل کل شئی مثلیہ رواہ ابن ابی شیبہ کذا فی العینی - اِس سے بھی دو مثل کے بعد ابتداء عصر کا شروع ہونا ثابت ہے - **اعتراض** اِن حدیثون کے معارضون کی نسبت مین تم کیا کہتے ہو **جواب** اِن حدیثون کی نسبت مین تمھارا جو جواب ہے وہی جواب میرا اُن حدیثون کی نسبت مین ہے - **دوسرا جواب** ہماری روایتون مین تناقض نہین اور تمھاری روایتون مین بہت سے تناقضات ہین - انھین سے ایک ابن عباس سے یہ ہے قال قال رسول اللہ صلعم امنی جبرائیل عند البیت مرتین فصلی بالظہر حین زالت الشمس وکانت قدر الشراک وصلی بی العصر حین صار ظل کل شئ مثلہ (تا) فلما کان الغد صلی بی الظہر حین کان ظلہ مثلہ وصلی بی العصر حین کان ظلہ مثلیہ الخ رواہ ابوداود والترمذی کذا فی المشکوٰۃ؂۲۲ - اِس حدیث سے صاف ظاہر ہے کہ ظہر کا آخر وقت اور عصر کا اوّل وقت مشترک ہے کیونکہ آخر وقت مین ظہر کے اور اوّل وقت مین عصر کے لفظ کان ظلہ مثلہ مشترک ہے - حالانکہ کوئی وقت صلوٰۃ خمسہ سے مشترک نہین چنانچہ ابن عمر کی روایت مین وقت الظہر (تا) مالم یحضر العصر الخ کذا فی المشکوٰۃ؂۲۲ - اور ابی ذر کی روایت مین یمیتون الصلوٰۃ او یوخرون عن وقتہا الخ کذا فی المشکوٰۃ؂۲۲ - اور حضرت علی رضی کی

ما ادرکت الناس الا یصلون الظہر بعشی اخرجہ مالک کذا فی التیسیر[۲۰۵]
معنی عشی آخر روز ہی۔ تیرھوین[۱۳] ابو موسی سے قال کان رسول اللہ صلعم
اذا کان الحر ابرد بالصلوٰۃ واذا کان البرد عجل اخرجہ النسائی کذا
فی التیسیر[۲۰۵]۔ تنبیہ ان روایتون سے ابراد بالظہر حالت گرمی مین علی
وجہ الکمال ثابت ہی۔ اور معنی ابراد کے یہ ہین کہ ظہر کی نماز کو ٹھنڈے وقت مین
پڑھے۔ اور ٹھنڈا پن تو قبل ایک یا ڈیڑھ مثل کے اس دیار مین بھی متحقق نہین
ہوسکتا ہی۔ پھر اُس دیار ریگستان مین کیونکر متحقق ہو۔ ہان کسیقدر قبیل کا
مثل سے لیکر دو مثل تک متحقق ہی۔ اس لیے امام صاحب نے ان حدیثون
سے مسئلہ مثلین کا استنباط کیا۔ سوا اسکے تیسری روایت مین
بخاری او رمسلم کی اور گیارھوین روایت مذکور مین تیسیر کے لفظ حتی رأینا
فی التلول مذکور ہی۔ اور تلول کے معنی لغت مین تودہ اور عینی مین التلول
جمع تل و ہو کورۃ من الرمل۔ اور قسطلانی مین التل بالفتح والتشدید
کل ما اجتمع علی الارض من تراب او رمل او غیرہما و یکون سطحاً غیر شاخص غالباً
والا لیظہر لہ ظل لانبساطہ الا اذا ذہب اکثر وقت الظہر لکھا۔ اب غور کی جگہ
کہ تودہ ریگ وغیرہ کا سایہ جب تک آفتاب خوب ڈھل نہ جاوے تب تلک
متحقق نہین ہوتا ہی۔ اُسی وقت شئی مستقیم کا سایہ دو مثل تک ہوتا ہی۔
چودھوین[۱۴] روایت عبد اللہ بن رافع سے عن ابی ہریرہ رض انہ سالہ
عن وقت الصلوٰۃ فقال ابو ہریرہ انا اخبرک صل الظہر اذا کان
ظلک مثلک۔ والعصر اذا کان ظلک مثلیک والمغرب اذا

امام صاحب کے دقائق کو دریافت نہ کرسکے انھون نے بھی امام صاحب کا خلاف کیا۔ کل حزب بما لدیھم فرحون سے للناس فیما یعشقون مذاہب سے ہرکس مناسب گوہر خود گرفت یار۔ بلبل بباغ رفت و زغن سوے خارزار۔

## عام مسلمانون کا نفس ایمان اور پیغمبرون اور جبرائیل کا مساوی ہونے کا ثبوت

مساوی ہونا نفس ایمان رسول صلعم اور مؤمنون کا اس آیت سے بخوبی ثابت ہی قولہ تعالیٰ آمن الرسول بما انزل الیہ من ربہ والمؤمنون ط کل آمن باللہ وملائکتہ وکتبہ ورسلہ۔ کیونکہ خداوندکریم نے لفظ رسول صلعم پر لفظ المؤمنون کو عطف کیا۔ اور درجہ معطوف ومعطوف علیہ کا حکم عطف مین متحد ہی۔ پس ایمان رسول ؐ ومؤمن کا بھی متحد ہونا ثابت ہوا۔ نہین تو۔ جاء زید وعمرو مین عدم مساوی ہونا۔ مجیئت مین ہر دونون کے لازم آتا ہی۔ حالانکہ یہ خلاف عقل ونقل ومحاورۂ عجم وعرب کے ہی۔ اور سواے اسکے لفظ کل کی تنوین عوض مضاف الیہ کا ہی کذا فے الجلالین۔ تب کل کلھم کے معنی مین مستعمل ہی۔ اور کلھم تاکید حکم مین مستعمل ہوتا ہی تب کیونکر ایمان مین جو فرمان خدا کا ہی باوجود تاکید کے دونون مساوی نہون۔

سواے اسکے کمال دین کمال ایمان پر دلالت کرتا ہی۔ اور جب کمال ایمان ہر مؤمن کا ثابت ہو تب معنی قولہ تعالیٰ الیوم اکملت لکم دینکم

روایت مین یا علی ثلث لا تؤخرها الصلوٰۃ اذا اتت الخ کذا فی المشکوٰۃ صـ۵۴ ـ ان روایتون سے بخوبی عدم اشتراک ثابت ہے ـ پھر جس حدیث مین وقت کا تناقض ہے وہ حدیث کسقدر صحیح ہوسکتی ہے دریافت کیجیے اور روایت جناب بن الارث کی جسمین شکونا الی رسول اللہ صلعم حر الرمضاء فلم یشکنا الخ کذا فی التیسیر صـ۲۰۵ ہے وہ تو بالکل خلاف مضمون انا ارسلناک رحمۃ للعالمین کا ـ اور قولہ تعالیٰ یرید اللہ بکم الیسر ولا یرید بکم العسر کا ـ اور قولہ تعالیٰ لا یکلف اللہ نفسا الا وسعھا کا ـ اور حدیث انما بعثتم میسرین ولم تبعثوا معسرین رواہ البخاری کذا فی المشکوٰۃ صـ۳۱ کا ـ اور حدیث قال رسول صلعم یسروا ولا تعسروا وفی روایۃ وسکنوا ولا تنفروا اخرجہ الشیخان کذا فی التیسیر صـ۱۵ ـ اور حدیث ولولا یثقل علی امتی لصلیت بہم ھذہ الساعۃ الخ کذا فی المشکوٰۃ صـ۶۲ کا ـ اور حدیث لولا ان اشق علی امتی لامرتھم ان یؤخروا العشاء الی ثلث اللیل او نصفہ رواہ احمد والترمذی وابن ماجہ کذا فی المشکوٰۃ صـ۶۲ کا ـ اور حدیث خذوا من الاعمال ما تطیقون فان اللہ لا یمل حتی تملوا متفق علیہ کذا فی المشکوٰۃ صـ۱۰۹ کا ـ اور کل روایات ما تقدم ابردوا بالظھر کا ہے ـ حضرت ہر ہر بات مین خبر احاد پر تکیہ کرکے انکے پیچھے پیچھے دوڑنا ـ کیسا جیسا کوا کان لے گیا کہنے پر کوے کے پیچھے دوڑنا ـ اور کان مین ہاتھ دیکر نہ دیکھنا ـ مگر کیا کیجیئگا ـ آپ لوگون کو ان باتون کے بھٹکارنے راہ راست نے بھٹکا رکھا ہے ـ ہان جو جو علماء

من عند اللہ الخ نازل ہوئی - پس اس سے صاف ظاہر ہی کہ نصرت فعل الٰہی ہی - اور اللہ اسکا وعدہ کر چکا ہی - اسکے وجود مین کسی طرح کا شک نہین - اور رسول صلعم کو اس بات پر کلی اعتماد تھا - باوجود اسکے مضطر ہوکر دعا مانگی - اور اللہ جل شانہ نے بھی فقط اُنکے اطمینان قلب کے لیے فوج بھیجی - اِس سے کچھ ازدیاد ایمان کا نہین لازم آتا ہی - ورنہ یہ نہونے سے کمی ایمان کی لازم آتی ہی - اگر کمی ایمان کی لازم آتی - تو نقصان ایمان نبی صلعم اور حضرت ابراہیم عم کی قبل اِس اطمینان کے لازم آتی - العیاذ باللہ - سوا اسکے اگر نفس ایمان کی زیادتی و کمی ہونا ثابت ہوتا - تو خداوند کریم خود اس آیت مین ویقولون نؤمن ببعض ونکفر ببعض ویریدون ان یتخذوا بین ذلک سبیلا اولئک ھم الکافرون حقا - اُن لوگون کی شان مین جو بعض چیزون پر ایمان لاتے اور بعض کو انکار کرتے اولئک ھم الکافرون حقا - ہرگز نہ فرماتا بلکہ بمضمون آیہ وما کان اللہ لیضیع ایمانکم - وان اللہ لا یضیع اجر المؤمنین - اور وان تک حسنۃ یضعفھا ویؤت من لدنہ اجرا عظیما - اور فمن یعمل مثقال ذرۃ خیرا یرہ - بعض ایمان کا اجر دینیکا وعدہ کرتا - اجر مومن کی کیسا ہی کم ہو کیون ہرگز ضائع نہ کرتا - نہین تو بر خلاف وان اللہ لیس بظلام للعبید - اللہ کا ظالم ہونا لازم آتا - العیاذ باللہ - صاحب تفسیر بیضاوی شافعی اس آیت کے تحت مین یہ عبارت لکھتا - یریدون ان یتخذوا (تا) سبیلا - طریقا وسطا بین الایمان والکفر ولا واسطۃ اذ الحق

کیونکر مصدق ہوسکتا ہی سوا اسکے ایمان کی کمی وبیشی جو بظاہر آیت
اذا تلیت علیھم ایاتہ زادتھم ایمانا وغیرہا سے معلوم ہوتی ہی
وہ کیفیت ایمان کی زیادتی ونقصانی ہی۔ نہ نفس ایمان کی اگر نفس ایمان
کی زیادتی ہوتی۔ تو حضرت ابراہیم عم اِس آیت مین واذ قال ابراھیم رب
ارنی کیف تحی الموتی قال اولم تؤمن قال بلی ولکن لیطمئن قلبی
کیفیت احیاء موتیٰ سے سوال نکرتے۔ اور اولم تؤمن سوال استفہام
انکاری کی جگہ مین بلی ولکن لیطمئن قلبی نہ کہکر۔ لیزیدنّ ایمانی فرماتے۔
اس سے صاف ظاہر ہی کہ درمیان ایمان اور اطمینان کے تفرقہ ہی یعنی ایمان اور
شئی ہی اطمینان اور شئی ہی نہین تو لفظ بلی ولکن کے معنی منطبق حال اِس قیل و
قال کے نہوتے۔ نہ اِس آیت مین الذین اٰمنوا وتطمئن قلوبھم بذکر اللہ
الا بذکر اللہ تطمئن القلوب عطف وتطمئن قلوبھم کا اوپر الذین آمنو
کے صحیح ہوتا۔ سوا اسکے جناب رسالت مآب صلعم جب حسب وعدہٗ خداوند
تعالی تین سو صحابہ کو ہمراہ لیکر مشرکین کے مقابلہ مین لڑنے تشریف لے گئے۔ اور
نظر آپکی مشرکین پر پڑی۔ اور اُنکو عدد و شمار مین ہزار پائے۔ تب مضطر ہوکر
ہاتھ اُٹھاکر یہ دعا اللھم انجزنی ما وعدتنی الخ پڑھنے لگے۔ یہانتک
کہ ردائے مبارک آپ کی گرپڑی۔ اور حضرت ابوبکر صدیق رض یا نبی اللہ
کفاك مناشدتك ربك فانہ سینجز لك ما وعدك فرمایا۔ تب یہ
آیت فاستجاب لکم انّی ممدکم بالف من الملائکۃ مردفین وما
جعلہ اللہ الا بشریٰ لکم ولتطمئن بہ قلوبکم وما النصر الا

لما قال الامام الرازی لا یقبل الزیادۃ والنقصان من حیثیۃ اصل التصدیق لا من جھۃ الیقین فان مراتب اھلھا مختلفۃ فی کمال الدین فقط ہذا ہو المراد ۔ فندفع منا الفساد سواے اسکے ایمان کے دو معنی ہیں ایک حقیقی ۔ جو مجرد تصدیق قلب بما جاء بہ النبی صلعم پر دلالت کرے ۔ چنانچہ قولہ تعالیٰ الا من اکرہ علی الافتراء او کلمۃ الکفر وقلبہ مطمئن بالایمان لم یتغیر عقیدتہ وفیہ دلیل علی ان الایمان ہو التصدیق بالقلب کذا فی البیضاوی اور حدیث من شھد ان لا الہ الا اللہ وان محمدا رسولہ حرم اللہ تعالیٰ علیہ النار رواہ مسلم کذا فی التیسیر ۔ اور حدیث ثلثۃ من اصل الایمان الکف عمن قال لا الہ الا اللہ لا نکفرہ بذنب ولا نخرجہ عن الاسلام بعمل الخ اخرجہ ابو داؤد کذا فی التیسیر ۔ اسپر شہادت دیتے ہیں ۔ ہرگز اس ایمان کی کمی بیشی ثابت نہیں ۔ دوسرا مجازی جو کیفیت تصدیق قلبی پر دلالت کرے ۔ یعنی جوں جوں احکام شرعی صادر ہونے لگے ۔ تیوں تیوں انشراح صدر اور انفلاح قلب مؤمنوں کے بڑھنے لگے ۔ یہ فقط اثر وثمرہ اُس تصدیق قلبی حقیقی کا ہے ۔ چنانچہ اسی بات پر یہ روایت ابن عباس کی دلالت کرتی ہے ۔ عن ابن عباس رض ان اول ما اتاھم النبی صلعم التوحید فلما امنوا باللہ وحدہ انزل الصلوۃ والزکوۃ ثم الحج ثم الجہاد فازدادوا ایمانا الی ایمانھم کذا فی الکشاف ۔ کہ انزل الصلوۃ وغیرہ بعد امنوا کے وارد ہے ۔ تب وہ صلوۃ وغیرہا داخل ایمان نہوئے ہاں وہ

لا یختلف فاذا الایمان با للہ تعالیٰ انما یتم بالایمان برسلہ وتصدیقہم فیما بلغوا عنہ تفصیلا او اجمالا فالکافر ببعض ذلک کا الکافر بالکل کما قال اللہ تعالیٰ فماذا بعد الحق الا الضلال - اولئک ھم الکافرون - ہم الکاملون فی الکفر لاعبرة بایمانہم ہذا سوا اسکے اس آیت مین اذا تلیت علیہم آیاتہ زادتہم ایمانا - ایمانا کے معنی اطمینانا للنفس بارسوخا للیقین بتظاہر الادلة او بالعمل بموجبہا کما فی البیضاوی ہے - اور تفسیر عباسی مین فزادتہم ایمانا - کے تحت مین جراةً بالخروج الیہم لکھا - اور جلالین مین تصدیقا باللہ ویقینا لکھا ہے - پس وہ زیادتی کثرت ہمت اور انشراح صدر و نفلاح قلب پر دلالت کرتی ہے - نہ نفس ایمان کی زیادتی پر دلالت کرتی ہے کما زعمتم - سوا اسکے لغت مین آمن کے معنی اعتماد کبھی آیا ہے - امنتہ علی کذا اعتماد کردم او را برین - وایمنتہ کذلک وقریٔ قولہ تعالیٰ مالک لا تامنا بین الادغام والاظہار کذا فی الصراح - اب معنی فزادتہم ایمانا کے زادتہم اعتمادا ٹھہرے - سوا اسکے ہر زبان مین یہ محاورہ شائع وذائع ہے کہ زید مثلاً آج کل روپیہ پاکر بہت بڑا آدمی ہوگیا - یہانتک بکر سے بھی بڑھ گیا اور عمرو بہت ہی گھٹ گیا - یہانتک بکر سے بھی گھٹ گیا - اس سے یہ مراد نہین کہ نفس زید وعمرو کا قد وقامت بکر کے قد وقامت سے بڑھ گیا یا گھٹ گیا نہین ہرگز نہین - ہان کیفیت سابقہ سے بڑھ گیا یا گھٹ گیا - اسی طرح سے نفس ایمان کی زیادتی وکمی نہین ہوتی - ہان کیفیت ایمان کی زیادتی وکمی ہوتی ہے - اسلیے شرح فقہ اکبر ملا علی قاری مین لکھا ہے - فالتحقیق ان الایمان

عاشق کو بہت کچھ رنگ دکھلاتا ہی۔ اُسی طرح سے ایمان قلبی بھی بہت کچھ ثمرہ طاعات دکھلاتا ہی۔ ہان اُس رنگ و ثمرات کی کمی وبیشی سے عشق و ایمان مین کمال و جمال متنزر وقصور کہتے ہین سو معنی مجازی ہی اسمین نزاع کیا۔ یا ایمان مثل ایک درخت کے ہی تنہ اسکا تصدیق قلبی ہی۔ اور اعمال وطاعات (کہ ثمرات اور نتائج اُس تصدیق کے ہین) بمنزلہ شاخ و برگ وگل ومیوہ وغیر ذلک کے ہین۔ اور ثمرات وغیرہ جیسا متفرعہ تنہ کے ہین۔ اُسی طرح سے طاعات بھی متفرعہ تصدیق قلبی کا ہی چنانچہ اسی بات پر آیہ قولہ تعالیٰ ان الذین امنوا واعملو الصالحات شہادت دیتی ہی۔ کیونکہ اللہ جل شانہ نے لفظ امنوا سے مؤمنون کے ایمان کی خبردی۔ بعد اسکے اُسپر لفظ واعملوا کو عطف کیا۔ اِس سے صاف معلوم ہوگیا۔ کہ ایمان اَور چیز ہی اور عمل اَور چیز ہی۔ کیونکہ درمیان معطوف اور معطوف علیہ کے مغائرت فی الذات ظاہر ہی۔ پھر عمل بالارکان داخل ایمان کیونکر ہوا۔ جب یہ داخل ایمان نہ ہوسکا۔ تب اِسکے گھٹنے بڑھنے سے ایمان کی گھٹتی بڑھتی نہین لازم آتی ہی۔ کیونکہ اثبات ایمان مع ترک بعض اعمال کے بھی ان آیتون سے بخوبی ثابت ہی۔ قولہ تعالیٰ وقلبہ مطمئن بالایمان اگرچہ بالاکراہ کلمہ کفر وغیرہ کے زبان پر جاری کرے۔ اور قولہ تعالیٰ وان طائفتان من المؤمنین اقتتلوا الخ کہ اس سے ہر دو طائفہ کا بیان باوجود باہم مقاتلہ کرنے کے بھی من المؤمنین ثابت ہوا۔ اور مقاتلہ بین المسلمین منہی عنہ وکفر ہی۔ اِن آیتون اور حدیثون سے قولہ تعالیٰ ومن یقتل مؤمنا متعمدًا فجزاءہ جہنم خالدا فیہا۔ قولہ تعالیٰ

انشراح صدر و انقلاح قلب وغیرذلک پر دال ہی۔ وہ سب کیفیتین ہین اور
اسی کیفیت پر ایمان کا اطلاق ہونا مجازاً درست ہی۔ اور معنی مجازی کا استعمال
قرآن مین بہت ہی۔ جیسا قولہ تعالیٰ یذبح ابناء ھم۔ مین تذبیح کی نسبت
فرعون کی طرف کرنا مجازی ہی کیونکہ یہ فعل جیش فرعون کا ہی نہ فرعون کا ہی
چونکہ امر فرعون سے یہ فعل وقوع مین آیا۔ اسلیے اسکی طرف منسوب ہوا۔
اسی طرح سے ایمان کی کیفیت کی کمی بیشی سے ایمان کی کمی بیش مراد لینا مجازاً
درست ہی۔ کہ معنی مجازی اثر معنی حقیقی کا ہی۔ اسواسطے قرآن مین زادتھم
ایماناً آیا ہی۔ اور جیسا قولہ تعالیٰ وسخر لکم اللیل والنھار والشمس و
القمر۔ مین تسخیر کے معنی مجازی مراد ہی کہ نفع اُنسے حاصل ہی۔ نہین تو رات دن
شمس و قمر خلائق کے قبضہ اختیار مین رہنا ثابت ہوتا۔ تب جسکا جب جی چاہتا
رات کو دن دن کو رات کرسکتا۔ کہ معنی حقیقی تسخیر کے یہی ہین۔ حالانکہ کچھ اختیار
خلائق کا اسمین متصور نہین ہاں چونکہ خلائق کو اُن سب سے نفع حاصل ہوتا ہی۔ اسلیے
اللہ جل شانہٗ نے سخر لکم الخ فرمایا۔ اسی طرح سے انشراح صدر و انقلاح قلب کے
معنی اللہ جل شانہٗ نے زادتھم ایماناً فرمائے۔ خذ ہذا لانہ ادق الدقائق۔
تنبیہ جو لوگ امام صاحب کے دقائق کو نہین سمجھتے ہین۔ خواہ نخواہ اپنی جہالت سے
امام صاحب پر لعن وطعن کرتے ہین۔ سواے اسکے نفس ایمان حقیقی فقط
نام تصدیق قلبی کا ہی۔ وہ ایک چیز ہی اسمین تعدد کی بو باس بھی نہین۔
پھر زیادتی و نقصانی اسمین کیونکر متحقق ہوئے سواے اسکے تصدیق قلبی
مؤمن کے دل مین کیسا جیسا عشق عاشق کے دل مین۔ پس جس طرح سے عشق

وہابیون کی قلعی خوب طرح سے کھل گئی۔ اِسلیے یہان طوالت کے خوف سے ثانیاً
نہ لکھکر اُسپر برات دیگئی۔ کہ اگر زیادہ لکھون تو یہ کتاب بڑھجائگی۔ اور اُجرت
طبع مین ثقالت ہوگی اور اگر کم لکھون تو اس مسئلہ کی تقریر کی خوبی جاتی رہیگی
یعنی لوگ فقط اِسی قدر قلیل پر اکتفا کرینگے۔ اُسکی طرف نظر نہ کرینگے۔ اسلیے
مین ناظرین سے اس کتاب کی امید رکھتا ہون۔ اور تمنا التماس کرتا ہون۔
کہ اس بحث کو اس کتاب مین دیکھین۔ اور وہابیون کی ڈھکوسلے کی باتون پر
خوب واقف ہوجاوین۔ اور حق و باطل کے درمیان امتیاز کرین۔ اور امام
صاحب کی دقائق نویسی پر اعتماد کلی و وثوق دلی رکھین۔ اِنکے بھٹکانے سے
بھٹک نجاوین۔ اپنی تقلید پر ثابت قدمی اختیار کرین۔ اور اسکے ساتھ
امام ابو یوسف رح کے طعن کے دفعیہ کو بھی جو تذکرہ کے ۲۹۹ صفحہ مین ہی دیکھین

## جو شخص محرمات سے نکاح کرکے اُس سے صحبت کرلے اُسپر حد شرعی بالشبہہ مندرہ ہونے کا ثبوت۔

معلوم کرنے کی بات ہی کہ وطی دو صورت سے حاصل ہوتی ہی۔ نکاح
سے یا سفاح سے صورت اوّل مین حلّت اور صورت ثانی مین حرمت ثابت ہی
حالانکہ نفس وطی دونون صورتون مین متحقق ہی۔ لیکن شارع نے یہ تفرقہ
کر رکھا ہی۔ یعنی بمضمون آیت فانکحوا ما تاب لکم من النساء۔ و
آیت ان تبتغوا باموالکم محصنین غیر مسافحین۔ نکاح مین شارع
نے قوت حلت کی دیرکھی ہی۔ اسلیے اگر کوئی محرمات سے نکاح کرکے صحبت
کرلے تو بھی اُس نکاح کی وجہ سے حد شرعی اُسپر جاری نہین ہوتی ہی۔

ولا تقتلوا النفس التی حرم اللہ الا بالحق اذا تواجہ المسلمان بسیفھما فالقاتل والمقتول فی النار الخ اخرجہ الخمسہ الا الترمذی کذا فی التیسیر ۳۹۹ - سباب المسلم فسوق وقتالہ کفر اخرجہ الخمسہ الا ابا داؤد وکذا فی التیسیر ۳۹۹ - تب اس سے یہ واضح ہوا کہ معنی آیت وان طایفتان الخ کا ایمان حقیقی کے ساتھ متعلق ہے - اور معنی ان آیت اور حدیثون کے ایمان مجازی کے ساتھ متعلق ہین - پس اس معنی مجازی کے اعتبار سے قول محدثین الایمان یزید وینقص کا ثابت ہونا ثابت ہے - اور اس معنی حقیقی کے اعتبار سے قول محققین خصوصًا امام صاحب کا جو الایمان لا یزید ولا ینقص ہے بخوبی ثابت ہوگیا - فافترق الفرق فرقا جلیا - واندفع الفساد منا اندفاعًا قویًا - اور جب اس بحث معنی اعتباری کا دخل ہوا - تب یہ امر امر اضافی ٹھہرا - اور امر اضافی مین نزاع کرنا نزاع لفظی ہے - اسلیے شیخ الاسلام علامہ عینی شارح بخاری لکھتے ہین - قال الامام ھذا البحث لفظی لان المراد بالایمان ان کان ھو التصدیق فلا یقبلھما وان کانت الطاعات فیقبلھما فکل ما قام من الدلیل علی ان الایمان لا یقبلھما فھو مصروف الی اصل الایمان وکل ما دل علی ان الایمان یقبلھما فھو مصروف الی الکامل وھو مقرون بالعمل فقط علی ھذا القیاس تفسیر کبیر مین اور کشاف اصطلاحات فنون مین بھی یہی لکھا ہے -

## قضا کا ظاہر و باطن نافذ ہونے کا ثبوت

چونکہ اسکے ثبوت کے دلیل تذکرہ مین ایسی اچھی طرح سے لکھی گئی - جس سے

وجود صورت مخرج ہین جہان کہین یہ شرط پائی جائیگی وہان اثبات یا موجب یعنی اسقاط حدود واجب ہوگا۔ کہ موجب امر کا وجوب ہی۔ پس نکاح محارم مین وجود شبہ موجود ہی کہ نفس نکاح مین حکم شرعی ناطق ہی اور حکم شرعی مین خطا کرنے سے حد نہین لازم آتی ہی۔ بر خلاف زنا کے کہ یہان حکم شرع کا ناطق نہین **اب تو نکاح محارم** مین امام صاحب کا حد نہ لگانا مامور بہ ثابت ہوگیا۔ اور لگانا منہی عنہ ٹھہر گیا۔ ع
دعوی جو آپکا تھا وہ برعکس ہوگیا۔ سبحان اللہ کیا خوب اُلٹے چور کو توالے ڈانٹے۔ خود تو کرتے ہین چوری۔ پھر اُسپر کر رہے ہین سینہ زوری۔ ع چہ دلاورست دزدے کہ بکف چراغ دارد۔
**سوا اسکے** آنحضرت صلعم نے حدود کے جاری کرنے مین کسقدر احتیاط فرمائی۔ فقط حضرت ماعزرض پر حد جاری کرنیکا قصہ جو صحیحین وغیرہما مین مکتوب ہی کفایت ہی۔ کیونکہ جب حضرت ماعزرض آکر زنا کا اقرار کرتے تھے تب تب رسول صلعم انکو حیلہ و حوالہ سے بار بار ویحک ارجع فاستغفر اللہ وتب الیہ کہکر ہٹکا دیتے تھے۔ اور کبھی لعلک مسستہا او قبلتہا فرماتے تھے۔ اور کبھی لوگون سے پوچھتے تھے کہ کیا اسکو جنون ہی یا اسنے شراب پی۔ اور کبھی ڈرا کر ان اعترفت الرابعۃ رجمتک فرماتے تھے۔ جب چوتھے مرتبہ بھی اقرار کیا۔ تب بہ تجسس کرکے کیفیت زنا سے سوال کیا۔ بعد اسکے آنحضرت صلعم نے حد جاری کی۔ اب محل غور و تفکر ہی کہ باوجود اقرار

کہ محل شبہ کا ہی۔ اور شبہ سے حدود مندفع ہوتے ہین بقول النبی ص ادرءوا الحدود بالشبہات کذا فی عقود الجواہر[۱۹۲]۔ وبقول النبی صلعم ادفعوا الحدود ما وجدتم لہ مدفعا۔ اخرجہ ابن ماجہ[۱۹۶]۔ وبقول رسول اللہ صلعم ادرءوا الحدود عن المسلمین ما استطعتم فان کان لہ مخرج فخلوا سبیلہ فان الامام ان یخطئ فی العفو خیر من ان یخطئ فی العقوبۃ اخرجہ الترمذی کذا فی التیسیر[۱۹۵] وکذا فی عقود الجواہر[۱۹۶]۔ اور اسکو حاکم اور دارقطنی وبیہقی نے بھی اخراج کیا۔ پس یہی حدیث ہمارے امام کی حجت کے لیے بہت ہی کفایت ہی۔ اور بڑی دلیل وبرہان ساطع ہی۔ سوائے اسکے حضرت علی رض سے بھی یہ روایت ہی۔ عن علی رض ادرءوا الحدود اخرجہ الدارقطنی۔ سوائے اسکے ابوہریرہ رض سے بھی یہ روایت ہی عن ابی ھریرۃ رض ادرءوا الحدود ما استطعتم اخرجہ ابویعلی سوائے اسکے حضرت عمر رض سے بھی یہ روایت ہی عن عمر قال لان اخطئ فی الحدود بالعفو احب الی من ان اقیمتہا بالشبہات کذا فی العقود الجواہر[۱۹۶]۔ ان حدیثون سے صاف معلوم ہوگیا کہ حتی الوسع حد جاری نہ کیجائیگی۔ یعنی کسی طرح کے شبہ ہونے سے یا اسکے دفعیہ کی صورت ملنے سے حد ساقط ہوگی۔ تب نکاح محارم مین خود نفس نکاح دفعیہ حد کے واسطے کفایت ہی کہ محل شبہ ہی۔ پھر اس مطلب کو دوسری تقریر سے ثابت کرتا ہون غور کیجیے اور سنئے کہ ادفعوا اور ادرءوا جو ان حدیثون مین وارد ہین صیغہ امر کے ہین اور آیتان مامور بہ متعلق بالشرائط ہین۔ شرائط انکے وجود شبہ وجود صورت مدفع

ان آیتہ براسہ کی جگہ مین ان اضرب عنقہ واصفی مالہ ہی۔ اِس سے آپکا کیا نکلا۔ اِسمین بھی تو حد شرعی جو رجم ہی جاری نہ ہوئی۔ بلکہ قتل اور اخذ مال جو خلاف حد شرعی کے ہین موجود مین۔ تب کیا یہ تعزیر ہی۔ یا از تداد کے سبب سے قتل واخذ مال کا حکم ہی۔ اگر تعزیر ہی تو اِس حدیث نے امام صاحب کے قول کی خوبھی موافقت کی۔ اِسلیے ہدایہ مین لکھا ہی ومن تزوج امراۃ لا یحل لہ نکاحہا فوطیہا لا یجب علیہ الحد عند ابی حنیفہ رح لکنہ یوجع عقوبۃ اذا کان علم بذلک۔ اور اگر ارتداد ہی۔ تو وہ قتل واخذ مال منطبق حال ہی۔ محل نزاع کا ہی کیا اِسمین قیل وقال۔ اور فی الحقیقت یہ صحیح ہی کہ حدیث مین وطی کا ذکر بھی نہین۔ اِسلیے لمعات مین آیا ہی۔ کان الرجل اعتقد حلہ وانکر حکم الشریعہ فکان مرتدا فلذلک امر بقتلہ واخذ مالہ۔ اور امام صاحب کے عموم کے قول کو (جو ومن تزوج امراۃ لا یحل لہ نکاحہا سے ثابت ہی) ماہین کے ساتھ مختص کر کے امام صاحب پر طعن کرنا۔ اور ایسے واقعہ خاص کو کسی معتبر کتاب سے ثابت نہ کر کے اِسکو شہرت دینا۔ اور اِس سے لوگون کو نفرت دلانا اور باوجود اِس مسئلہ مختلف فیہا ہونے کے بھی حنفیون پر عیب لگانا۔ شقاوت جبلی ہی یا عداوت خلقی۔ یا جہالت کلی۔ وجہ شقاوت کی یہ ہی کہ باوجود متفق ہونے حدیث اُنکے قول کے اُنپر طعنہ مارنا۔ گویا رسول صلعم پر طعن کرنا۔ اور رسول صلعم پر طعن کرنا شقاوت نہین تو کیا۔

صحابی کے بھی رسول صلعم صورت مدفع ومخرج ڈھونڈھتے تھے۔ پھر نکاح محارم مین باوجود شبہ نکاح کے کیونکر حد جاری کی جاتگی۔ کاش کے وہابی حدیثون کے معنی سمجھتے۔ اور فقط میانجی صاحب کی سند سے محدث نہ کہلاتے۔ تو یہ فسادات نہوتے۔ فلا تفسدوا فی الارض واصلحوا بیننا وبینکم فیکون خیرا لنا ولکم۔ ہان نکاح محارم مین تعزیر ہوگی۔ سیاست کی جاتگی۔ اور تعزیر کا حکم امام کی رائے پر محوّل اور مفوّض ہے۔ جہان جیسا مناسب سمجھیگا وہان ویسا ہی حکم دیگا۔ یہانتک قتل بھی تعزیر مین شامل و داخل ہے۔ اسلیے نصاب الاحتساب[۱۲] مین لکھا ہے۔ ان الحد مقدر شرعا والتعزیر مفوّض الی رای الامام۔ وایضا فیہ ان الحد یندرئ بالشبہات و التعزیر یجب مع الشبہۃ۔ اور دُرّ المختار مین لکھا ہے۔ و یکون التعزیر بالقتل۔ چنانچہ یہ اِس حدیث سے بھی ثابت ہے۔ من وقع علی ذات محرم فاقتلوہ الخ اخرجہ ابن ماجہ[۱۸۷]۔ یہ قتل تعزیر کی وجہ سے ہے حد کی جہت سے نہین کذا فی انجاح الحاجہ[۱۸]۔ **حضرت منتقم صاحب**۔ آپنے جس حدیث کے تکیہ پر یہ سوال کیے وہ حدیث یہ ہے۔ عن البراء قال مربی خالی ابو بردہ بن نیار ومعہ لواء فقلت این ترید فقال امرنی رسول اللہ صلعم الی رجل تزوج امراۃ ابیہ ان اٰتیہ براسہ اخرجہ اصحاب السنن کذا فی التیسیر[۱۳۶]۔ اور ابن ماجہ[۱۹۰] کی ایک روایت مین

ہوکر یہ تجربہ حاصل کرکے یہ تفسیر کیے ہون ۔ تعجب نہین ۔ العیاذ باللہ ۔
**سوا اسکے** وہابی لوگ سوتیلی خالہ وغیرہ کو محرمات ابدیہ نہین
سمجھتے ہین ۔ یعنی بڑے ذوق وشوق سے اپنی مان کی سوتیلی بہن سے
نکاح کرکے صحبت کی لذت اٹھاتے ہین اور اصلا اس آیت کے خلتکم
کو نہین دیکھتے ۔ قولہ تعالیٰ حرمت علیکم امھتکم وبنتکم
واخواتکم وعمتکم وخلتکم الخ یا بمضمون علی ابصارھم
غشاوۃ شقاوت کی پٹی آنکھون پر دھر لیتے ہین ۔ حتی کہ علانیہ اسکی
درستگی کا فتوی دیتے ہین چنانچہ مولوی نذیر حسین اور انکے شاگرد مولوی
عبدالقادر پیش امام کالی مسجد دہلی کے ہین ۔ اسکی درستگی کا فتوی دیا ہے
چنانچہ اس بات کو صاحب جامع الشواہد نے بھی شہرت دی ہے
زیادہ کیا کہون سوا دلی سے معافی چاہتا ہون ۔ رنجش کے ڈر سے
خاموشی اختیار کرتا ہون ۔ ؎

قادر چرا چرا نہ نہد مہر خاموشی ۔ سنگین دل اند مردم وگفتار نازک است
؎ نخواہم درین نوع گفتن بسے ۔ کہ حرفے بس ار کار بندد کسے

## تحدید آب کثیر جو وقوع نجاست سے پلید نہو وہ دردہ سے کرنے کا ثبوت

دہ دردہ کا ثبوت تو تینے کی حدیثون کی تطبیق سے بخوبی اچھی طرح سے
ثابت ومستنبط ہے ۔ لیکن اس استنباط کے مضامین کو سمجھنا اور استنباط
کرنا ہر کہ ومہ کا کام نہین ۔ ہان یہ حصہ روز ازل ہی سے امام اعظم رحمۃ

وجہ ثبوت عداوت کی یہ ہے کہ وہابیوں کا امام صاحب کی خوبیوں کو چھپا کر
اِنکے عیوب افترائیہ کو ظاہر کرنا عداوت نہین تو کیا۔ ۵

گر از شت خوئی بود دیہ رشت ؎ نہ بیند مرطاؤس جز پائے زشت

وجہ ثبوت جہالت کی یہ ہے کہ محارم ابدیہ کی تفسیر فقط ماں یا بہن پر کرنا۔
اور اُنکو مستثناے عقلیہ مین شامل رہنا نہ سمجھنا۔ جہالت نہین تو کیا۔
کیونکہ محارم سے وہ محارم مُراد ہین کہ جنہین مجہ قرابت یا جہات قرابت
کے سبب سے مظنہ حلت نکاح کا ہوسکے جیسا نواسی و پوتی و پرپوتی و بھانجی
و بھتیجی کی اولاد یا علاتی بہن اخیافی بہن رضاعی بہن کی اولاد یا باپ کی
منکوحہ بیٹے کی منکوحہ یا سوتیلی خالہ یا سوتیلی پھوپی وغیر ذلک ہین۔ حقیقی
بہن و بیٹی مراد ہین کما زعم الوہابیون کیونکہ یہ سب تو حسب تعامل الناس
مستثناے عقلی ہین۔ کیونکہ آجتک تو کسی مؤمن نے انکی حلت کا گمان
نہین کیا۔ اور لفظ محارم للاکثر حکم الکل کے قاعدہ پر وارد ہے اور اسی
طرح کا کلام ہر زبان مین شائع و ذائع ہے۔ نہ اسکے لیے حاجت ہے برہان
کی۔ نہ ضرورت ہے بیان کی۔

**تنبیہ** : وہابیوں نے جو محارم کی تفسیر ما بہن کر کے مشہور کر دیا۔
اِسکی ایک وجہ یہ معلوم ہوتی ہے کہ یہ وہابی سب قبل اسکے حنفی تھے اور انکے باپ
بلاشبہ حنفی تھے شاید وے لوگ لفظ محارم سے ما بہن بیٹی ہی سمجھ گئے ہوں
اور اُنسے نکاح کر کے صحبت کرنے سے حد شرعی نہ جاری ہونے کی جہت سے
اُنکیسے نکاح کر کے صحبت کر لیے ہون۔ اور یہ وہابی اُس قسم کے نطفہ سے متولد

**حدیث** اذا استیقظ احدکم من نومه فلیغسل یده قبل ان یدخلها فی وضوءه فان احدکم لا یدری این باتت یده اخرجه المالک[ص۸] وایضا امام محمد[ص۶] **حدیث** انه نهی ان یبال فی الماء الراکد اخرجه المسلم[ص۱۹۰] وایضا اخرجه ابن ماجه[ص۲۹] **حدیث** لا یبولن احدکم فی الماء الراکد الدائم ثم یغتسل منه اخرجه المسلم[ص۱۹۰]

**حدیث** لا تبل فی الماء الدائم الذی لا یجری ثم تغتسل منه اخرجه المسلم[ص۱۹۰] **حدیث** یقول (ابوھریرہ رض) قال رسول صلعم لا یغتسل احدکم فی الماء الدائم وھو جنب فقال کیف یفعل یا اباھریرہ فقال تناوله تناولا اخرجه المسلم[ص۱۹۰] **حدیث** لا یبولن احدکم فی الماء الراکد (وفی روایته) فی الماء الناقع اخرجه ابن ماجه[ص۲۹] **حدیث** لا یبولن احدکم فی الماء الدائم الذی لا یجری ثم یغتسل فیه اخرجه الخمسه وھذا لفظ الشیخین کذا فی التیسیر[ص۲۷۷] **حدیث** لا یبولن احدکم فی مستحمه ثم یغتسل فیه او یتوضاء فیه فان عامة الوسواس منه رواہ ابوداؤد والترمذی والنسائی کذا فی المشکوٰۃ[ص۱۶] -

**حدیث**[۱۳] اذا شرب الکلب فی اناء احدکم فلیغتسل سبع مرات متفق علیه کذا فی المشکوٰۃ[ص۱۳] **حدیث** ان رسول صلعم قال طھور اناء احدکم اذا ولغ فیه الکلب ان یغسله سبع مرات اولاھن بالتراب اخرجه الستة واللفظ لمسلم کذا فی التیسیر[ص۲۷۹]

کے نام مین ارقام ہے - کیونکہ اکثر راوی ایسے ہین کہ حدیثون کی روایت کرتے ہین سبھی لیکن اسکے مضامین کے کُنہ کو نہین پہونچتے ہین - چنانچہ یہ حدیث فرب حامل فقہ غیر فقیہ ورب حامل فقہ الی من ہو افقہ منہ کذا فی المشکوٰۃ [صفحہ] - اِس بات پر شہادت دیتی ہے -

**سواے اِسکے** اِس باب مین حدیثون کی اقسامین ہین - ہر ہر قسم کے معنیون اور موردون کو سمجھکر تطبیق دینا اور اسکے مابہ الامتیاز کو فرق کرکے مسائل استنباط کرنا - یہ کچھ مودی اور نقال کا کام نہین - نہ بیہودہ گو و نقال کا - البتہ اعلم الامیہ و افضل الرجال کا کام ہے - **حدیثون کی** اقسام انھین سے ایک قسم تو یہ ہے - **حدیث** ان النبی صلعم قال اذا استیقظ احدکم من نومہ فلا یغمس یدہ فی الاناء حتی یغسلھا ثلاثا فانہ لا یدری این باتت یدہ اخرجہ المسلم [۱۸۸] وایضا فی المشکوٰۃ متفق علیہ - **حدیث** [۲] ان النبی صلعم قال اذا استیقظ احدکم فلیفرغ علی یدہ ثلاث مرات قبل ان یدخل یدہ فی الاناء فانہ لا یدری فیھم باتت یدہ - اخرجہ المسلم [۱۸۸] - **حدیث** [۳] اذا استیقظ احدکم من نومہ فلیغسل یدہ قبل ان یدخلھا فی وضوءہ فان احدکم لا یدری این باتت یدہ اخرجہ البخاری [۲۸] **حدیث** [۴] اذا استیقظ احدکم من اللیل فلا یدخل یدہ فی الاناء حتی یفرغ علیھا مرتین او ثلثا فان احدکم لا یدری فیم باتت یدہ اخرجہ ابن ماجہ [۳۲] -

پڑتا ہے۔ اور کوئے میں آدمی گر کر مرنے سے کوئے کا سب پانی حتی المقدور نکالنا پڑتا ہے۔ اور چوہا گر کر مرنے سے بیس ڈول اور مرغی گر کر مرنے سے چالیس ڈول پانی نکالا جاتا ہے ۔ پھر ائمین سے دوسری قسم یہ ہے۔

حدیث[۲۰] ان النبی صلعم سئل عن الحیاض التی بین مکۃ و المدینۃ تردھا السباع والکلاب والحمر عن الطھارۃ منھا فقال لھا ما حملت فی بطونھا ولنا ما غبر طھور اخرجہ ابن ماجہ ایضا فی المشکوٰۃ[۱۹۵]

حدیث[۲۱] عن جابر بن عبداللہ قال انتھینا الی غدیر فاذا فیہ جیفۃ حمار قال فکففنا عنہ حتی انتھی الینا رسول صلعم فقال ان الماء لا یجسہ شیء فاستقینا واروینا وحملنا اخرجہ ابن ماجہ

حدیث[۲۲] عن اکرمہ انہ قال رسول اللہ صلعم بغدیر فقالوا یا رسول اللہ صلعم ان الکلاب تلغ فیہ والسباع فقال رسول اللہ صلعم للسبع ما اخذ فی بطنہ وللکلب ما اخذ فی بطنہ فاشربوا و توضؤا ۔ قال ابو حنیفہ لا باس بہ اذا کان عشرا فی عشر مالم یتغیر طعمہ وریحہ ولونہ ویتوضأ بہ کذا فی مصنف ابی بکر ابن ابی شیبۃ

حدیث[۲۳] ان عمر خرج فی رکب فیھم عمرو بن العاص حتی وردوا حوضا قال عمرو بن العاص یا صاحب الحوض ھل ترد حوضک السباع فقال عمر بن الخطاب یا صاحب الحوض لا تخبرنا فانا نرد علی السباع وترد علینا وانی سمعت رسول اللہ صلعم

حدیث[۱۵] ان حبشیا وقع فی زمزم فمات قال فامر به ابن الزبیر ان ینزف ماء زمزم الخ رواہ ابن ابی شیبہ حدیث[۱۶] ان زنجیا وقع فی بیر زمزم فمات فیھا فامر ابن الزبیر ان اخرج و امر ان ینزح قال غلبتھم عین جاءت من الرکن فامر بھا فدست بالقباطی والمطارف حتی نزحوھا والصحابہ متوافرون من غیر نکیر و لم ینکر منھم احد وکان ذلک الافتاء بمحضر الصحابہ ولم ینکر منھم احد رض رواہ الطحاوی سوائے اسکے ابن ابی شیبہ دارقطنی اور بیہقی نے بھی طرق مختلفہ سے روایت کیا ۔ کذا فی تخریج الہدایہ[۲۹] والفتح القدیر[۴۲] ۔ اگرچہ بیہقی نے اسکے ضعف پر ابن عتبہ سے ایک روایت نقل کی لیکن ابن ہمام نے اپنی فتح القدیر مین اسکا دفعیہ کر کے اس حدیث کی صحت ثابت کر لی ۔ حدیث[۱۷] ان علیا رض سئل عمن بال فی بیر قال ینزح رواہ ابوبکر بن ابی شیبہ حدیث[۱۸] عن ابی سعید الخدری رض انه قال فی الدجاجة اذا ماتت فی البئر ینزح منھا اربعون دلوا کذا فی تخریج الہدایہ[۲۹] ۔ وغیر ذلک الغرض اسطرح کی بہت سی حدیثین صحاح وغیرہ مین بھری ہوئی ہین تنبیہ ان حدیثون سے صاف معلوم ہو گیا کہ انار کا پانی (خواہ چھوٹے ہون یا بڑے ہون) ہاتھ کی نجاست ہلانے سے بھی ناپاک ہو جاتا ہے ۔ اور جو پانی ایک جگہ مین بند ہے جاری نہین اسمین پیشاب کر کے پھر اُسی پانی سے غسل کرنا منع ہے ۔ کہ وہ بھی ناپاک ہو جاتا ہے ۔ اور کُتے کا کسی ظرف کے پانی پینے سے اُس ظرف کو سات بار دھونا

بیہقی نے بھی لیا ہے کذا فی تخریج الہدایہ [۲۵] **تنبیہ** اس حدیث سے یہ معلوم ہوا
کہ پانی کو کوئی چیز نجس نہین کرتی ہے مگر بو اور مزہ اور رنگ جبکہ تبدیل
ہو جاوے **پھر** اُنہین سے پانچوین قسم یہ ہے **حدیث** [۲۸] عن ابی سعید
الخدری قال قیل یا رسول اللہ صلعم انتوضاء من بئر بضاعۃ
وھی بئر یلقی فیہا الحیض ولحوم الکلاب والنتن فقال رسول
اللہ صلعم ان الماء طہور لا ینجسہ شئ کذا فی المشکوٰۃ [۱۹۴]۔
**حدیث** [۲۹] عن ابی سعید الخدری رض قال قیل یا رسول اللہ
صلعم انا تستقی لک الماء من بئر بضاعۃ وتلقی فیہا لحوم
الکلاب وحزق المحایض وعذر الناس فقال ان الماء
طہور لا ینجسہ شئ اخرجہ اصحاب السنن وہذا لفظ ابی داؤد قال
سمعت قتیبۃ بن سعید قال سالت قیم بئر بضاعۃ عن عمقہا فقلت اکثر
ما یکون الماء فیہا قال الی العانۃ قلت واذا نقص قال دون العورۃ
قال ابو داؤد قدرت بئر بضاعۃ بردائی مددتہ علیہا ثم ذرعتہ فاذا
عرضہا ستۃ اذرع وسالت الذی فتح لی باب البستان ہل غیر بناؤہا
عما کانت علیہ قال لا ورائیت فیہا ماء متغیر اللون کذا فی التیسیر [۲۷]
**تنبیہ** ان حدیثون سے بئر بضاعۃ کا پانی جسمین حیض کے لتے اور کتے کا گوشت
پلیدگی وغیرہ گرایا جاوے اور پانی اُسکا زیر ناف تک اور چوڑائی اسکی
چھ ہاتھ کی ہے پاک ہونا ثابت ہے **پھر** اُن مین سے چھٹوین قسم یہ ہے
**حدیث** [۳۰] قال رسول صلعم لا تقبل الصلوٰۃ بغیر طہور کذا فی

یقول لها ما احدث فی بطونها وما بقی فھو لنا طھور وشراب اخرجہ مالک الی قولہ وترد علینا واخرجہ باقی رزین کذا فی التیسیر[۲۷۶] وکذا فی موطاے محمد[۲۶] وکذا فی المشکوۃ[۱۹۹] تنبیہ ان حدیثون سے واضح ہوگیا کہ کتے اور گدھے اور درندیکے غدیر مین پانی پینے سے یا اسمین مردہ گرنے سے ایس حوض اور غدیر کے حوض کا پانی ناپاک نہین ہوتا ہی۔ اور اس پانی سے وضو کرنا اور پینا درست ہی پھر انمین سے تیسری قسم یہ ہی حدیث[۲۴] اذا بلغ الماء اربعین قلۃ لم یحمل الخبث رواہ ابن عدی عن جابر مرفوعًا وقال لایصح غلط فیہ القاسم بن عبداللہ العمری واستدرکہ السیوطی فقال لہ طریق اخری عن جابر اخرجہا الدارقطنی فی سننہ کذا فی الفوائد المجموعہ اور اس حدیث کو دارقطنی اور ابن عدی اور عقیلی وغیرہم نے طرق مختلفہ سے جابر وابن عمر وابن منکدر وغیرہم سے روایت کیا حدیث[۲۵] سئل رسول اللہ صلعم عن الماء فی الفلاۃ من الارض وماینوبہ من الدواب والسباع فقال اذا کان الماء قلتین لم یحمل الخبث کذا فی المشکوۃ[۵۱] حدیث قال رسول اللہ صلعم اذا کان الماء قلتین اوثلثا لم ینجسہ شئ اخرجہ ابن ماجہ[۴۰] تنبیہ ان حدیثون سے یہ معلوم ہوا کہ یہ حدیثین آپسمین معارض ہین اور حال ناسخ ومنسوخ معلوم نہین۔ پھر انمین چوتھی قسم یہ ہی۔ حدیث[۲۶] قال رسول اللہ صلعم ان الماء لا ینجسہ شئ الا ما غلب علی ریحہ وطعمہ ولونہ اخرجہ ابن ماجہ[منہ] اس حدیث کو دارقطنی اور طبرانی اور

حقیقت مین وہ دردہ ہی کا تھا - اِسلیے وہ دردہ کا مسئلہ اُس سے استنباط کیا
۵ برگ درختان سبز در نظر ہوشیار - ہر ورقے دفتر لیست معرفت کردگار -
**اعتراض** شرح مین تخمین کا دخل نہین **جواب** بہت ہی دخل ہی
نہین تو تمھاری حدیث قلتین کی باطل ہی کیونکہ جنگل کے پانی کو قلہ سے
تخمین کیا گیا ہی اور قبلہ جب معلوم نہو تو نماز مین تحری یعنی تخمین کرنا
درست ہی - بقول النبی صلعم عن عامر بن ربیعہ قال کنا
مع رسول اللہ صلعم فی سفر فی لیلۃ مظلمۃ فلم تدر این
القبلۃ فصلی کل رجل منا علی حیالہ فلما اصبحنا ذکرنا ذلک
لرسول اللہ صلعم فنزلت فاینما تولوا فثم وجہ اللہ اخرجہ
الترمذی والمراد بحیالہ تلقاء وجہ کذا فی التیسیر **سوائے اِسکے**
**حدیث** من حفر بئرا فلہ اربعون ذراعا عطنا لماشیۃ اخرجہ
ابن ماجہ اور **حدیث** حریم البئر مد رشائہا اخرجہ ابن ماجہ اِس
تخمین کی تائید کرتی ہی - اور خداوند کریم نے اِسطرح کے استنباط کی
بشارت قرآن مین دے رکھی ہی - قولہ تعالی ولو ردوہ الی الرسول
والی اولی الامر منہم لعلمہ الذین یستنبطونہ منہم اور یہ
استنباط امام صاحب کا اللہ جلشانہ کے پاس بھی حسن و مقبول ہی - کیونکہ
جب اُنھون نے حدیث لا تقبل صلوٰۃ بغیر طہور - و حدیث مفتاح
الصلوٰۃ الطہور وغیر ذلک کو دیکھا - اور اُس سے عدم قبول نماز کا بغیر
صحت طہارت کے معلوم ہوا - تب احتیاطاً اِس مسئلہ کو حسن جانکر استنباط

المشکوٰۃ ۱۵۳ **حدیث** ۱۳۱ قال رسول اللہ صلعم مفتاح الصلوٰۃ الطہور
الخ کذا فی المشکوٰۃ ۱۵۴ **تنبیہ** ان حدیثون سے یہ واضح ہوا کہ نماز بغیر طہارت
کے مقبول نہین ہے۔ **بحر** ثمین سے ساتوین قسم یہ ہے **حدیث** ۱۳۲ عن ابن
عباس رضا فعۃ الماء لا ینجسہ شئ اخرجہ الاربعۃ وصححہ ابن خزیمہ
وابن حبان وغیرہما کذا فی تخریج الہدایہ ۱۵۵ **تنبیہ** ہر چند ظاہر اس حدیث سے معلوم
ہوتا ہے کہ پانی کو کوئی چیز نجس نہین کرتی ہے لیکن الف و لام معہودی اسمین
موجود ہے۔ **ایقاظ** اب اسمین انصاف کی نظر سے تفکر و غور کرکے اور تعصب کو
دخل نہ دیکے دیکھیے تو کہ طہارت کے باب مین کس جانب کو احتیاط ہے۔ لامحالہ
جو شخص عالم متبحر اور محتاط و منصف ہوگا۔ وہ امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے قول کو ترجیح
دیگا۔ کیونکہ امام صاحب نے دیکھا کہ رسول اللہ صلعم نے اُس غدیر
کے پانی سے وضو کرنے کا اور پینے کا حکم صادر فرمایا۔ جس سے کتے اور
گدھے اور درندے بھی پانی پیتے ہین اور ایک طرف گدھا مرا پڑا ہے۔
پھر انا کے پانی مین مستیقظ کے ہاتھ ڈبانے سے یا اُس مین کتے کے پانی
پینے سے یا پیشاب کرنے سے یا غیر جاری بند جگہ کے پانی مین پیشاب کر کے
وضو کرنے سے منع فرمایا۔ تب امام صاحب نے منع اور اجازت کی وجہ کو حدیثون
کے موردون کی کیفیت سے دریافت کرکے اُنکے ذہنون مین پہونچگئے کہ رسول اللہ
صلعم نے کثرت و قلت پانی کے لحاظ سے اس طرح کا حکم صادر فرمایا۔ اور
عدم نجاست کی غایت کو غدیر ٹھہرایا۔ جب ہی امام صاحب کو اس بات کی
بصارت ہوئی۔ تب ہی اُس غدیر کے تخمین دہ در دہ کرلے۔ کہ وہ غدیرہ

کہا اگر یہ قول خدا کا ہوتا تو ضرور ارم کا وجود دنیا مین ملتا۔ مین تو تیس
برس سے ساری دنیا کو خصوصًا مکہ و مدینہ شام روم یمن و مصر بغداد
کوفہ بصرہ ہندوستان و ترکستان و فارستان وغیر ذالک کو خوب چھانا
کہین اسکا پتہ نہ ملا۔ تم اگر اسکا ثبوت دے سکو تو دو۔ نہین تو قرآن
کے خدا کا کلام نہونے پر اقرار کرو۔ کہ خدا جھوٹا نہین۔ مین نے کہا ہان
صاحب یہ بہت بڑا سوال ہے اسکا جواب مجھ سے نہوسکا۔ خیر مین آپکو
[illegible] کی تدبیر کرتا ہون۔ اور جواب شافی و کافی پانے کا ٹھکانا
لگاتا ہون۔ آپ کلکتہ مین کتنے دنون سے ہین کہا قریب برس روز سے
ہون۔ تب مین نے کہا کہ بیتر رام ماڑ کی گلی مین اور امرتلا کی گلی مین دو
بزرگ عالم رہتے ہین انسے بھی آپنے یہ سوال کیا۔ کہا کہ مین نے تو اب تلک
بیترام ماڑا اور امرتلا کی گلی کا نام بھی نہین سنا۔ حالانکہ مین نے کلکتہ
کے سب عالمون کا حال دریافت کر لیا۔ یہ کون بزرگ ہین نہین معلوم
ہوا۔ تب مین نے کہا کہ حضرت سوء ادبی معاف کہ آپکی تقریر سے آپکی
جہالت ساری اور ضلالت طاری ہے۔ کیونکہ آپنے تو ابھی فرمایا کہ مین قریب
برس روز سے کلکتہ مین ہون۔ اور سب عالمون کا حال دریافت کر چکا
ہون۔ پھر یہ کہنا کیسا کہ مین نے تو اب تک بیتر رام ماڑا اور امرتلا کی
گلی کا نام بھی نہین سنا اور یہ دو بزرگ کون ہین نہین معلوم ہوا۔
حالانکہ آپ نے سب عالمون کا حال دریافت کر لینے کا دعوی کر لیا۔
جب دو بڑے حصہ کلکتہ اسوقت موجود ہونے کے ساتھ بھی

کیا۔ اور اِس حدیث سے ما راٰہ المؤمنون حسنا فھو عند اللہ حسن
مؤمن جس چیز کو حسن جانیگا وہ اللہ کے پاس حسن ہوگا۔ پس استنباط امام
صاحب کا بھی اللہ کے پاس حسن ہونا ثابت ہوا ؎

زشت باشد بچشم موشک کور
نور گیتی فروز چشمہ ہور

؎ قاصری گر کند این قافلہ را طعن قصور۔ حاش للہ کہ برآرم بزبان این گلہ را
ہمہ شیران جہان بستۂ این سلسلہ اند۔ روبہ از حیلہ چسان بگسلد این سلسلہ را۔

**سوائے اِسکے** شاید امام صاحب کو حدیث دہ دردہ کی یعنی عشرا
فی عشر ملی ہو۔ اور اسپر تکیہ کرکے عکرمہ کی روایت کے تحت مین (جسکو
ابو بکر ابن شیبہ نے بطور طنز اور ظن کے لکھا ہی) لا باس بہ اذا کان عشرا فی
عشرا الخ فرمایا ہو۔ اور صحاح وغیرہ مین جب نوشتہ حجہ تھی گذارش کے
وہ حدیث مندرج نہوئی ہو۔ **اب** دہ دردہ کے مادہ مین لا اصل لہ کہنا کیسا
جیسا پادری صاحب کا ارم کے مادہ مین لا اصل لہ کہکر بطلان قرآن کا
ثابت کرنا العیاذ باللہ **مختصر نقل** اسکی یہ ہی کہ ایک دن ناگاہ ایک لندنی
پادری نے اگر کہا کہ یہان پر کوئی ایسا بڑا عالم ہی جس سے مین سوال کرون
جواب پاؤن۔ مین نے کہا اگرچہ یہان بڑا عالم کوئی نہین لیکن آپکا سوال
تو سنون۔ اگر جواب دے سکون بہتر نہین تو بڑے عالم کا پتہ بتاؤن۔ کہا خواہ مخواہ
کیون دردسر پیدا کرون۔ الغرض بعد اصرار شدید اور تکرار مزید کے کہا کہ
الم تر کیف فعل ربک بعاد ارم ذات العماد التی لم یخلق مثلھا
فی البلاد۔ یہ آیت تمھارے قرآن کی ہی یا نہین مین نے کہا ہان۔

تھا مجھ سے پوچھیے۔ اور سنیئے گویا ارم کی نسبت طرف کل دنیا کے کیسنی جیسا
پشم کی انسبت طرف کل بدن آپکے ہی کیا آپ کل بدن کی پشمون کو بخوبی
شمار کر سکتے ہین۔ جو سارے جہان کی معدنیات وغیرہ چیزون کو شمار کر سکینگے

درآبے کہ پیدا نذارد کنار  غرور شنا ور نیاید بکار

بلکہ آپ اپنی ہتھیلی مین کتنی لکیرین ہین اسکو بھی تو شمار نہین کر سکتے ہین
پھر دنیا جہان کی سب چیزون کو کیونکر شمار کرنے کا دعوی کرتے ہین۔
کیا آپ کے باپ دادے کا وجود ہماری نظر مین نہ موجود ہونے کے سبب سے
آپکی نسل آنسے ثابت نہو گی۔ جو ارم کا وجود آپکی نظر مین نہ موجود ہونے کے
سبب سے قرآن کا بطلان ثابت ہوگا۔ تب پادری صاحب نے مخجل اور
منفعل ہوکر کہا بس کہ مین آپکے اس جواب لاجواب سے اپنے سوال کا جواب
باصواب پایا۔ اور بمضمون اس مصرعہ کے حق تلخ بین تا چہ شیرین بگفت
تمہاری اس تقریر پر آفرین کی۔ انتہی۔ **فائدہ** اس مناظرہ سے
بڑی خوبی یہ نکلی کہ اب امام صاحب کے مستدلہ مسائل کی شان مین لا اصل لہ
کہنے کی بات برباد ہو گئی۔ کیونکہ بسبب عبور دہور و مرور شہور کے اسکی اصل
متاخرین کی نظر مین نہ موجود ہونے کے سبب سے اسکی اصالت نہین جا سکتی
نہ متاخرین کے اسناد سے اسمین خرابی آسکتی۔ کیونکہ وہ اسناد مثل ناک
موم کے ساختہ ہی جدھر پھیرے پھر جاے۔ پھر کیونکر اس سے عقلاً اور
شرعاً متقدمین الزام پائے۔ **اعتراض** حدیث قلتین کا کیا جواب
دیتے ہو۔ **جواب** حدیث اذا بلغ الماء اربعین قلۃ الخ کا جو جواب

برس روز کے عرصہ تلک آپ کی نظر و تدارک سے مخفی رہ گئے - تو پھر اگر بعد گذر جانے ہزاروں برس کے ارم کا پتہ و نشان جو بہ نسبت دنیا کے تل برابر بلکہ جزو لا تیجزی کی مثل ہے آپکی نظر سے مخفی رہنے سے قرآن کا بطلان ثابت ہوے - بطریق اوّل آپکی انجیل اور توریت اور زبور کا بھی بطلان ثابت ہوے - کیونکہ انمین قصص بنو اسرائیل و حضرت آدمؑ و نوحؑ و موسیٰؑ و عیسیٰ علیہم السلام و فرعون و شداد و نمرود وغیرہم کا ذکر ہے - حالانکہ انکی قبرون اور مکانون اور ہیئت ملکون وغیر ذالک کا کچھ پتہ و نشان نہین اگر ہے تو کہان بتا سکو تو بتاؤ - نہین تو انجیل کے خدا کا کلام نہونے پر اقرار کرو - کہ خدا جھوٹا نہین العیاذ باللہ ۹ ہم الزام انکو دیتے تھے قصور اپنا نکل آیا - ای حضرت آپ نے شاید وسعت کل دنیا کو تیئس کلکتہ کی مقدار سے کم تصور کیا ہوگا - جب ہی تو آپنے تیئس برس کے عرصہ مین جہان کو چھان مارا کہا - نہین تو جب آپنے ایک برس تلک فقط ایک کلکتہ کو چھان نہ مار سکے - پھر تیئس برس مین کیونکر کل دنیا کو چھان مارنا ثابت ہوگا کیا حضرت آپنے تعصب مذہبی کے سبب سے اپنے علم جغرافیہ کو بھی بھولا - کاشکے آپ دنیا کے دائرہ کی مقدار مساحت کو یاد رکھتے - اور کتنے ہزار دائرے اسمین متحقق ہو سکے جانتے - اور ہر ہر دائرہ کے خطوط کے مفاصل کو دریافت کرتے تو ایسی بیہودہ بات کا سوال نہ کرتے - نہ اوقات عزیز اس بیہودگی مین صرف کرتے - دور کیون جایئے - فقط اسی کلکتہ کی زمین مین قبل سو برس کے کس جگہ مین کیا تھا بتایئے - تب ارم کا حال جو قبل ہزارون برس کے

کے اِس قول (الاسناد من الدین ولولا الاسناد لقال من شاء ماشاء) سے اسناد پرستی پر جو محض تشریع جدید ہی ہرگز عمل نہ کرونگا جب حدیث اربعین اسکی معارض ٹھہری۔ پھر کہا خیر امام صاحب اگر حدیث اربعین قلہ پر بھی عمل کرتے تب بھی عمل بالحدیث ثابت ہوتا۔ اُنھون نے دہ در دہ کی تشریع قیاسی کو کیون شرع مین دخل دیا۔ **جواب** اسکا کئی طرح سے دیتا ہون سُنئے۔ اور تامل و غور کیجیے۔ **پہلا جواب** یہ ہی کہ حدیث مین لفظ قلہ کا وارد ہی اور معنی اسکے مشترک ہین چند معنیون مین اور معنی مُرادی بالیقین معلوم نہین باسواے اسکے وہ اِسم جنس ہی چھوٹے بڑے پر اطلاق ہوتا ہی۔ اور پانی کی مقدار قلّے کے چھوٹے بڑے ہونے کے سبب سے متفاوت ہوتی ہی۔ جیسا ہمارے دیار کے جالے اور مٹکے آپسمین متفاوت ہین۔ اور جن جن قلون کے ملاحظہ سے رسول صلعم نے اربعین قلہ وغیرہ فرمایا وہ قلے سب کا وجود امام صاحب کے قرن تک موجود نہ رہا۔ ہان غدیرے اور حوضون کا وجود البتہ موجود رہا تب امام صاحب نے ان غدیرون کو معائنہ کرکے اِنکے پانیون کو تخمین کرکے یہ مسئلہ دہ در دہ کا استنباط کیا۔ جیسا امام شافعی رح نے ایک قلہ کے پانی کو اڑھائی مشک تخمین کیا۔ **دوسرا جواب** یہ ہی کہ چالیس قلہ اور دہ در دہ کا پانی تخمینًا مساوی ہونا ثابت ہی کیونکہ قلہ کے پانی کو اکثرون نے دو مشک کے پانی کی برابر قرار دیا ہی۔ اور امام شافعی رح نے دو کی جگہ مین احتیاطًا اڑھائی مشک تخمین کیا ہی۔ تب اِس حساب سے چالیس قلے مین سَو مشک

تم دیتے ہو وہی جواب تمہارا عین جواب میرا سمجھ لو۔ پھر کہا حدیث اربعین کو تو دارقطنی وغیرہ نے لا یصح کہا جیسا قاضی شوکانی کے فوائد مجموعہ مین ہی
جواب حدیث قلتین کو بھی بہتون نے ضعیف و متروک کہا چنانچہ زیلعی نے شرح کنز الدقائق مین یہ عبارت لکھی ان حدیث قلتین ضعیف ضعفہ جماعۃ المحدثین حتی قال البیہقی من شافعیہ انہ غیر قوی وترکہ الغزالی والروانی مع شدۃ اتباعہما الشافعی لضعفہ۔ اور ابن الہمام نے فتح القدیر مین لکھا۔ وممن ضعفہ الحافظ ابن عبد البر والقاضی اسماعیل بن اسحق وابوبکر العربی المالکیون ایضاً فیہ قد وقع الاضطراب فی ذلک الحدیث ففی بعض الروایات لفظ قلتین وفی بعضہا ثلث قلال و فی بعضہا اربعین قلۃ وفی بعضہا اربعین غربا۔ اور تمہید مین یہ عبارت لکھی ہوئی ہی۔ ما ذہب الیہ الشافعی من حدیث قلتین مذہب ضعیف۔ اور دبوسی کے اسرار مین وھو حدیث ضعیف۔ مرقوم ہی۔ اور آپنے جو کہا کہ دارقطنی نے حدیث اربعین کو لا یصح کہا مراد اسکی یہ ہی کہ جس اسناد مین قاسم بن العمری ہی اس اسناد کے طریق سے یہ حدیث صحیح نہین لیکن دوسرے طریق سے صحیح ہی چنانچہ اسکا ذکر چوبیسوین حدیث مین گذر چکا۔ فقط لا تقربوا الصلوۃ پر عمل نہ کیجیے کل عبارت کو دیکھیے۔ پھر کہا تم جو یہی کہو ابو حنیفہ صاحب کی تشریع جدید پر عمل نہ کرونگا جب قلتین کی حدیث اسناد صحیح سے ثابت ہو چکی ہی۔ جواب تم جو یہی کہو امام صاحب کے شاگرد ابن المبارک

کسو جہ سے خلاف شرع اور اسکو کسو جہ سے موافق شرع سمجھتے ہو۔ ۵
اپنی فضیحتی پہ انہین کچھ نہین نظر۔ اندھے ہین خود پر اَوروں کو جانتے ہین
بے بصر۔ ۵ چو بد نا پسند آیدت خود مکن۔ پس انگہ بہ ہمسایہ گو بد مکن۔
**چوتھا جواب** یہ ہی کہ آپ لوگ طہارت کے مادے مین بڑے محتاط کہلاتے
ہین۔ حتی کہ مس ذکر سے بھی وضو کا واجب ہونا کہتے ہین۔ پھر یہان قلتین
مین وہ احتیاط کہان گئی۔ حضرت غور تو کیجیے کہ مس ذکر سے وضو کا واجب
کرنا۔ اور قلتین بھر پانی مین حیض کے لتے اور غلیظ چیزین دھو کر کے بھی وضو کرنا
اور اسکو مطہر سمجھنا کتنی افراط و تفریط کی بات ہی اپنے دلون سے پوچھیے نہ غیر سے
استفت عن نفسك ولا تستفت عن غيرك کیونکر خشک ذکر و فرج
کے چھونے سے وضو کا ٹوٹنا سمجھنا پھر اُنکے اندر کی تر چیزون کو یعنی اُس
پیشاب اور خون حیض وغیرہما کو جو قلتین مین گرتے ہین مطہر سمجھنا گویا پیشاب
سے آبدست کرنے کو طہارت سمجھنا اور شئے طاہر کو نجس کہنا۔ پھر کہا حدیث مین
آیا ہی اور حدیث کے باب مین اسطرح کا کلام کرنا جہنم کا رستہ لینا ہی۔
**جواب** تب تو تمکو بھی اربعین کی حدیث کو موضوع کہنے کے سبب سے
جہنم کا رستہ لینا ہی **ثانیا** اس سے مجکو جہنم کا رستہ لینا ثابت نہین کیونکہ
جب حدیث مین آنا بالیقین ثابت نہین۔ کہ یہ فقط اسناد پرستون کی اسناد
پرستی کا نتیجہ ہی کہ وے اسناد کو کالوحی من السماء سمجھتے ہین۔ یہانتک
حدیث صحیح کو بھی عدم موجود ہونے اسناد کے موضوع کہتے ہین۔ اور غیر
حدیث کو اسناد کی وجہ سے حدیث کہہ لیتے ہین۔ جیسا رحلت رسالت مآب

مشک پانی ہوئے اگر اس سو مشک پانی کو کسی جائے مسطح پر ده در ده
کا حوض بناکر ڈالا جاوے تو ضرور وہ حوض بھر کر ایک ہاتھ پانی اسمان سے جمے
کیونکہ جب ایک مشک پانی سے اُس ظرف کا جو ایک ہاتھ مربع کا مقدار
ہو لبریز ہونا ثابت ہی تب سو مشک سے سو ہاتھ کا لبریز ہونا ثابت ہی کیونکہ
دش کو دش میں ضرب کرنے سے سو حاصل ہوتا ہی اسی کو ده در ده کہتے ہیں
لیکن اِس بصارت کو صاحب بصارت سمجھے ۔ نہ صاحب عداوت و لجاجت
سمجھے ۞ نیست آسان این سخن را فہم کردن مشکل است ۔ ۞
معانی ہست در زیر حرف سیاہ ۔ چو در پردہ معشوق در مینع ماہ ۔
محقق ہمان بیند اندر ابل ۔ کہ در خوبرویان چین و چگل ۔
تیسرا جواب یہ ہی کہ اگر آئمہ اربعہ خصوصًا امام صاحب اسی طرح سے
مسائل کو قیاس سے استنباط کرکے لوگون کو ہدایت نہ کرتے ۔ تو شرق و
غرب و عجم و عرب کے لوگ جنہون نے قلہ وغیرہ کو نہین دیکھا ہے کیونکر عمل بالحدیث
کرکے طہارت کرتے ۔ کیا قلوان اور غدیرون کو دیکھنے پھرتے حالانکہ
نہ وہ قلے موجود ہین نہ وہ امر ممکن الوجود ہی لامحالہ اس قلوان اور غدیرون
کے پانی کی مقدار پر دوسرے پانی کو قیاس کرنا پڑا جس طرح سے تمھارے
پیرون نے قلے کے پانی کو دو یا ڈھائی مشک تخمین کیا ۔ اُسی طرح ہمارے
امام صاحب نے بھی غدیرے کے پانی کو ده در ده تخمین کیا ۔ تب تو تم اور
تمھارے پیران پیر کا دا دا پیر بھی اسی تخمین و قیاس مین گرفتار ہین ۔ پھر تم
فقط امام صاحب ہی کے قیاس و تخمین سے کیون نفرت کرتے ہو ۔ اور سا کو

حدیثین پہلے قسم کی اِس حدیث مضطرب کا معارض ٹھہرین - پھر کہا بقول علماء کے اِن سب حدیثون کے اناء سے اناء صغیر مُراد ہی - **جواب** جب تم امام صاحب کے معنی مُرادی کو سند نہین گردانتے ہو - پھر متاخرین کے مراد لینے کو کیونکر سند گردانتے ہو - کیا خوبی عقل کی ہی کہ جواب جو سوجھے اندھے سو جھے کیونکہ یہ متاخرین امام صاحب کے مقابلہ مین طفل مکتب سے بھی ادون ہین - پھر انکے اقوال کو امام صاحب کے معارضہ مین پیش کرنا کیسا جیسا کاغذ کی ڈھال تلوار لیے ہوئے سپاہی کو مسلح سپاہی کے مقابلہ مین پیش کرنا

۵ قبول ناقصان زشناہدے بے جوہر باید - کہ جز طفلان خریداری نہ بینی تیغ چوبین را - اور اناء سے اناء صغیر مراد لینا کیسا جیسا سرکی چوبین سراہی مین رکھدینا - کیونکہ جو عموم اناء مین ہی وہ عموم اناء صغیر مین بھی ہی - کہ صغر امر اضافی ہی کہ بہ نسبت کبیر صغیر صغیر ہی اور صورت عکسی مین بھی یہی حال ہی - جیسا کوئی ظرف چار قلے کا ہو تو دو قلے کا ظرف مثلاً بہ نسبت چار قلے کے صغیر کہلاویگا علی ہذالقیاس نصف یا ربع قلہ بہ نسبت ایک قلے کے صغیر کہلاویگا قس البواقی علی ہذا پس قلہ سرکی چوبینت قلہ سراہی مین رہ گیا - اِس مُراد لینے سے آپکا کیا نکلا - پھر کہا یہ امر تعارف و تعامل الناس پر موقوف ہی اور اناء کبیر کے پاس اناء صغیر کا بھی رہنا متعارف و معروف ہی -

**جواب** الحمد للہ ہان یہ امر تعارف الناس پر موقوف ہی - اِسلیے امام صاحب نے (جو اعرف الناس بالتعارف فی العرب ہین) عرف کو ٹٹول کر یعنی جب عرف جس چیز مین تین چار قلے پانی سماوے اِسکو بھی انائیت مین شامل

صلعم کو ایک روایت سے ۶۰ اور ایک سے ۶۵ ثابت کرکے دولون کو حدیث
صیح جانتے ہین - کیا حضرت ایسی حدیث کو حدیث مین آیا ہی کرکے کہتے ہین -
اور ڈراتے ہین - اور غیر حدیث کو قرار دینے سے بمضمون حدیث من کذب
علی متعمدا فلیتبوأ مقعدہ من النار اخرجہ ابن ماجہ وغیرہ جہنم کی راہ
لیتی پڑتی ہی نہین سمجھتے ہین - نہین ڈرتے ہین - ثالثاً اگر یہ حدیث صحیح
بھی ہو تو اسکے معنی تم نہین سمجھتے ہو - کہ گویا لاتقربوا الصلوٰۃ پر عمل کرتے ہو -
وانتم سکارا کو طرح دیتے ہو - کیونکہ اس حدیث کے قلتین کو فقط دیکھتے ہو
اور الخبث کے الف ولام معہودی کی طرف جو مثل الف لام ان الماء طہور
لاینجسہ شئی کے ہی نہین تاکتے ہو - بلکہ اُس الف لام کو استغراقی یا جنسی
سمجھتے ہو - اسلیے نجاست غلیظہ اور مُردے گرنے سے بھی اسکے پانی کو مطہر
سمجھکر طہارت کرتے ہو اور کراتے ہو - کچھ بھی مقتضاے مورد ومقال اور
اقتضاے حال کا خیال نہین کرتے ہو - کیا حدیث لاوضوء الا من صوت
اوریح کذا فی المشکوٰۃ ص ۱۷ سے فقط ان دولون ہی کو ناقض وضوء مین حصر سمجھتے
ہو - ہرگز نہین - بلکہ تم مس ذکر سے اور مماست النار سے اور بوسہ لینے
سے وغیر ذلک سے بھی ناقض وضو سمجھتے ہو - جب اس حدیث کے مضمون کو
اپنے مورد مین خاص سمجھتے ہو - تب اُس حدیث کے مضمون کو کیون اپنے
مورد مین خاص نہین سمجھتے ہو - پھر کہا یہ روایت ابوداؤد کی اذا کان
الماء قلتین لم ینجسہ شئی اِسکی تائید کرتی ہی :-

جواب ہرگز یہ تائید قابل سماعت کی نہین ہوسکتی ہی جب اُنیس ۱۹ صحیح صحیح

تب وہ بے شک حکم دہ درہ کا رکھیگا - دوسری وجہ یہ ہے کہ اکثر اوقات اسکے پانی سے باغون کی سیرابی کی جاتی تھی اسلیے نجاست اسکی اٹھ جاتی اور خالص پانی زمین سے نکل آتا تھا پھر وہ طاہر نہو گا کیا - اسکو قلتین سمجھے ہو یعنی جسمین پانی نہ ٹہرنے پاتا اور وہانکا غلیظ وہان رہتا تیسری وجہ یہ ہے کہ جسوقت رسول اللہ صلعم اسکے پانی کا سوال کیا گیا تھا اسوقت اسکا پانی باغ کی طرف جاری تھا - اسیلیے ان الماء لا ینجسہ شئ فرمایا - کہ الف ولام الماء کا اسکی طرف اشارہ کرتا ہے - اسواسطے امام مالک رح نے ما دھا (یعنی ماء بضاعہ) کان جاریا بین البساطین کہا - اور طحاوی نے معانی الاثار مین کانت بئر بضاعۃ طریقا للماء جاریا الی البساتین لکھا - جب اس سے صاف ظاہر ہوگیا کہ دوسرا پانی بیر بضاعۃ سے ہوکر باغون مین جاتا - تب وہ حکم مین ماء جاری کے ٹھہرا - پھر کہا طحاوی کی اس روایت کو جو واقدی سے ہے ابن حجر عسقلانی نے تخریج الہدایہ مین فھو مردود علی من قال کہا - پھر تقریب مین واقدی کی نسبت یون لکھا کہ محمد بن عمر و واقد الاسلمی الواقدی المدنی القاضی نزیل بغداد متروک مع سعۃ علمہ من الناسعۃ - اور بیہقی نے انکی نسبت الواقدی لا یحتج بحدیثہ لکھا - اور نور الدین علی نے تنزیہ الشریعۃ مین انکی نسبت یون لکھا کہ محمد بن عمر واقد ابو واقد قال النسائی یضع الحدیث -

**جواب** کہان قاضی واقدی مدنی - کہان عسقلانی و بیہقی و نسائی

پاک اور حدیث لایبولن وغیر ذلک کا مورد ان اناؤن کو جانا کر دہ دردہ کی تخمین کی۔ اور اناء کبیر کے پاس اناء صغیر کے رہنے سے آپکا کیا نکلا۔ بلکہ اُس سے میرا دعوی ثابت ہوا کہ اگر اناء کبیر مین پیشاب کرنا و ستنقیظ کا ہاتھ ڈالنا اور حیض کے لتّے گرانا درست ہوتا تو اناء صغیر کی حاجت کیا تھی۔ اگر کہیے کہ مورد حدیث لایبولن وغیر ذلک کا وہ اناء صغیر جو مثل کلبیا وغیرہ کے ہی وہی مُراد ہی کہونگا کہ اسمین معنی حدیث لا یغمس یدہ و لا یدخل یدہ فے الاناء منطبق نہین ہوتا ہی پھر کہا اگر اناء سے اناء تام مُراد ہو دہ دردہ کا سا اناء کے پانی بھی جو غیر ممکن الوجہ نہین حدیث لایبولن سے ناپاک ہونا ثابت ہی پھر خصوصیت دہ دردہ کی کہان رہی ۔

**جواب** تم خود ہی اقرار کر چکے ہو کہ یہ امر تعارف الناس پر موقوف ہی پھر یہ دہ دردہ کا سا اناء عرب مین ہوتا کہان متعارف و معروف تھا جو تم تیرہ سو برس کے بعد کہتے ہو۔ اگر ایسا ہوتا تو رسول اللہ صلعم کا مختلف موردون مین مختلف حکم فرمانا عبث تھا العیاذ باللہ پھر کہا حدیث بیر بضاعۃ کی جو انتیسوین حدیث تمھاری ہی وہ ہماری تائید کرتی ہی ۔

**جواب** کبھی نہین بلکہ ہماری تائید کرتی ہی کئی وجوہات سے پہلی وجہ یہ ہی کہ بیر بضاعۃ کا پانی بھی قریب دہ دردہ کے برابر تھا کیونکہ اُس روایت سے عمق اسکا قریب تین ہاتھ کے ہونا اور عرض اسکا چھ ہاتھ کا ہونا اور طول کا ذکر نہ کرنا ثابت ہی اور طول کو عرض سے زیادہ ہونا بھی ثابت ہی جب تین عمق کو بلالحاظ طول کے فقط چھ عرض مین ضرب کروگے اٹھارہ ہونگے

اُسکے مضامین کا اتباع کرتا - اور انکی ثقہ میت اور مدنیت اور قضائیت اور
وسعت علمیت اور اور وصفون اور خوبیون پر جو بزرگون نے خصوصاً
داودی و ابو بکر بن العربی و ابن جوزی وغیرہم نے لکھی ہی لحاظ نہ کرنا کیسا
جیسا کوا کان لیگیا کہنے پر کوے کے پیچھے دوڑنا - اور کان مین ہاتھ دیکر نہ دیکھنا
مولانا روم مرغ بر بالا پران و سایہ اش - میدود بر خاک پران سایہ
اش - ابلہے صیاد آن سایہ بود - می دود چندانکہ بے مایہ شود - بے خبر کان
عکس آن مرغ ہواست - بے خبر کہ اصل آن سایہ کجاست - تیر اندازد بسوے
سایہ او - ترکشش خالی شود در جستجو - اِسی طرح سے تُم لوگ بزرگون کے
بے اصل عیب جوئی کی جستجو مین اپنے ایمان کا ترکش خالی کرتے ہو - کیونکہ احادیث
مفصل الذیل پر عمل نہین کرتے ہو - کیا خوب باوجود اسکے اپنے کو عامل بالحدیث
کہلاتے ہو - قال رسول اللہ صلعم لیس المؤمن بطعان ولا لعان
ولا فاحش ولا بذی اخرجہ الترمذی کذا فی التیسیر[۱۴۲] - وقال رسول
صلعم لا تسبوا الاموات الخ کذا فی التیسیر[۱۴۳] - قال رسول اللہ صلعم
لا یؤمن احدکم حتی یحب لاخیہ ما یحب لنفسہ اخرجہ الخمسہ
کذا فی التیسیر[ص۹] - قال رسول اللہ صلعم المسلم من سلم المسلمون من
یدہ ولسانہ کذا فی التیسیر[ص۹] وقال رسول صلعم سباب المسلم فسوق الخ
اور اگر واقدی بعض معاندون کے جھوٹا کہنے سے جھوٹا ہو جاے - تو حضرت
شیخین رح بھی روافض کے منافق بولنے سے منافق ہو جاوینگے العیاذ باللہ -

تمت

کہان راجہ بھوج کہان گنگا تیلی - حضرت اسطرح فرخرفات دلائل کے دفعیہ کے واسطے سات گذارشین مینے لکھین خصوصًا پانچوین گذارش مین نظر کیجیے - اُس سے سنجوبی ابن حجر و بیہقی و نسائی کا شافعی المذہب ہونا اور اقوال متاخرین کی طرف علمار کا التفات نہ کرنا سمجھ لیجیے - پھر انکے الزام سے حنفی کو ملزم نہ سمجھیے بلکہ بمضمون قول ابن حجر فہو مردود علی من قال انکے اقوال کو بھی اُنپر مردود ہونا سمجھیے - کیونکہ ابن حجر شافعی نے بیہقی شافعی کی تقلید کی اور بیہقی شافعی نے نسائی شافعی کی تقلید کی اور نسائی نے تعصب وغیرہ سے واقدی کی نسبت یضع الحدیث کی شہادت دی - پھر یہ شہادت انفرادی غیر شرعی ہم مذہبی خانہ سازی الزام خصم کے لیے کب دلیل ہوگی - جب حضرت حسن رض اللہ کی شہادت حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے لیے دلیل نہوسکی - اور جن جن حنفیون نے ان بزرگون کے نوشتہ کے تکیہ پر اسطرح کی شہادت دی - وہ بھی مقبول نہین ہوگی ہان بئیر بضاعۃ کا پانی جاری ہونے کی جو شہادت ہے البتہ وہ شہادت شہادت شرعی ہے کہ جب امام مالک رح خود اور وہ واقدی جو امام شافعی رح کے ہم عصر اور مدینہ طیبہ کے رہنے والا اور آخر زمان مبشر بالخیر مین بغداد کا قاضی تھا ایسے دو بزرگ نے بئیر بضاعۃ کی کیفیت کو آنکھون سے دیکھکے اسکا پانی جاری وغیرہ ہونے کی شہادت دی - تب یہ شہادت شہادت شرعی ٹھہر چکی - پھر اتنی مدت کے بعد متاخرین کے ہوائی و سماعی شور و شغب سے کیونکر وہ شہادت شرعی باطل ہوگئی ؎ چو آن راہ کج پیش شان راست بود - رہ راست در چشم شان کج نمود - ای حضرت واقدی رح کی شان مین جو جو کلام متعصبون کا ہے

## جواب

ہرگز دھرانیہ حنفیون کو سنّت ادا کرنے والون سے بغض نہین تھا نہ ہوا نہ ہوگا
یہ فقط آپکا دھوکا دینا اور حمقا و جُہلا کو بگاڑنا - اور لطائف الحیل سے
انکو دام تزویر مین پھسانا ہے - ہان چند اُن ہوا پرستون اور شیخ نجدی
کے متبعون سے {جو آئمہ اربعہ کرام اور مقلّدین عظام کو بدلائل چند اقوال
متعصبان لیام کے اور مشرک فی الرسالہ کے دعویٰ سے مشرک کہتے ہین خصوصًا
امام اعظم رح کی شان مین نا ملائم کلام کرتے ہین اور خدعًا سنّت کے نام سے
غیر سنت پر عمل کرتے اور کرانے کی ترغیب دیتے ہین اور جیسا اکثرون نے
شراب کو شربت اتار کہکر نوشجان فرمایا ہے اور لطائف الحیل سے مثل عبداللہ
ابن سبا یہودی کی ملت محمّدی صلعم کو خاک مین ملایا چاہتے ہین گو یا انہین
لوگون کی شان مین یہ ابیات سعدی رح کی منطبق حال ہین ابیات

زہے جو فروشانِ گندم نما | جہان گرد شب کوک خرمن گرا
سوے مسجد آورد دکان شید | کہ در خانہ کمتر توان یافت صید
نہ پرہیزگار و نہ دانشور اند | ہمین بسکہ دنیا بدین می خرند
عبائے بلالانہ در تن کنند | بدخل حبش جامۂ زن کنند
زسنّت نہ بینی در ایشان اثر | مگر خواب پیشین و نانِ سحر }

البتہ بغض و عناد رکھتے ہین - حتیٰ کہ اس حدیث کے موافق عین ایمان
سمجھتے ہین - حدیث - من رای منکم منکرا فلیغیرہ بیدہ فان لم یستطع
فبلسانہ فان لم یستطع فبقلبہ و ذلک اضعف الایمان اخرجہ الخمسہ الا البخاری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

## فصل سوم در جواب سوالات گوہر علی علی گڑھی صاحب کہ بارے باخبار مشتہر شدہ بود بنابرنیت نفع عام نوشتہ می شود

جناب حضرت گوہر علی صاحب علی گڑھی ! آپکی اگست مہینے کی نوین تاریخ کی تحریر جو دارالسلطنۃ مین لکھی ہوئی ہی کسی محب نے ہمارے لاکر مجھے دکھائی اور مجکو جواب دینے مین اُسکے مجبور کیا ۔ جسمین مین نے آپکی عقل کا بٹوا عجب ونخوت سے بھرا پایا ۔ کیونکہ آپنے اُسکے آخر مین یہ جملہ {جواب دیجیے یا کسی سے دلوایے ورنہ حنفی پھر کسی طرح کا دعویٰ نہ کرین} لکھا ہی ۔ اور آپنے اپنے سوال کے جواب دینے کا نام دینداری رکھا ۔ اسلیے ماشاء اللہ دار السلطنۃ نے دینداری سے جواب باصواب دیا ۔ حضرت دینداری کے لفظ سے ڈرا کر سوال کرنا اور جواب شافی پاکر بھی منحرف ہونا ۔ کہیے یہ کیسی دینداری ہی ۔ دینداری تو نہین بلکہ ریاکاری ہی ۔ خیر آپ عمل کیجے نہ کیجے ۔ مجھ سے بھی کچھ اور سن لیجے ۔ حضرت آپنے اپنی تحریر مین گویا سات سوال کا جواب مانگا ہی ۔ چنانچہ بندہ نے آپکے سوالات مجمل کو مفصل کرکے ہر ہر سوال کا جواب دیا ۔ انکو انصاف کی نظر سے غور کیجے ۔ اعتساف نفرمائے

### پہلا جواب

حنفیون کو سنت اداکرنے والون سے کیون بغض پیدا ہوگیا ۔

کرکے جہنم کی راہ لیتے ہین۔

## دوسرا سوال

سوال کرو تو جواب ندارد۔ کوئی دلیل پیش نہین کرتے ہین۔

## جواب

اگر آپکو حنفی مذہب کی دلیلون کی تفصیل جاننا منظور ہو تو تذکرۃ المذاہب وتبصرۃ الحقائق کی سیر کیجئے کہ جسکی سند پر علماء ہند وسندھ عجم وعرب شرق وغرب۔ ومفتیان حرمین شریفین کا اتفاق ہو چکا ہے کہ اُس سے تمام کیفیت کُھل جائیگی۔ اور حقیقت مذہب حنفی کی اور تابعیت وافضلیت امام صاحب کی اچھی طرح سے ظاہر ہوگی۔ علاوہ اِسکے بہتیرے فوائد تاریخی اور عوائد مذہب شیعہ وسنّی وخارجی کے کل قواعد اصول فقیہ وحدیثیہ سے تم ایسے نادانون وناقہمون کو واقفیت ہوگی اور علماء کبار وفضلاء نامدار کی تحریر کی کیفیت ملیگی۔ اور حرمین شریفین کے وجوب تقلید شخصی اور رد کتاب ظفر المبین فی رد مغالطۃ المقلدین کے فتوی کی سیر ہوگی۔

## تیسرا سوال

بہت سے امام اور عالم گزر چکے ہر ایک کی تقلید ہونی چاہیے۔ چار پر خصوصیت کس وجہ سے رکھی گئی۔

## جواب

ہان بہت سے امام اور عالم تو گذر چکے ہین لیکن باتفاق علماء دین ومتبعان شرع متین کے سوائے ان چار ائمہ اربعہ کے اَورون کی تحریر وکتابت ومذہب

کذا فی التیسیر۔ ای حضرت جب انھون نے اپنے اوپر یہ مادہ بغض کا ٹھہرالیا۔
تب حنفیون کے دلون مین بھی حدیث مذکور کے مطابق بغض پیدا ہوگیا۔
بلکہ نصیبین زیرین سے انپر قتل واجب ہوا۔ **قولہ تعالیٰ** فان بغت احدٰھما
علی الاخری فقاتلوا التی تبغی حتی تفی الی امر اللہ۔ وقال النبی صلعم
من اتاکم وامرکم جمیع علی رجل واحد یرید ان یشق عصاکم
او یفرق جماعتکم فاقتلوہ۔ اخرجہ مسلم کذا فی التیسیر۔ ابتو
یہ امر امر شرعی ٹھہرا پھر امر شرعی مین مذمت کی وجہ کیا۔ کیا خوب اُلٹے چور
کتوال کو ڈانٹے۔ ای حضرت پھر ایسے لوگون کا سنت اور عمل بالحدیث کا ادعا
کرنا کیسا جیسا نادان کے پاس ملمع کو سونا اور سونے کو پیتل ظاہر کرنا۔ سعدی گ
بدین ای فرومایہ دنیا مخر جو خر بانجیل عیسی مخر۔
خواہ نخواہ سنت کا نام لیتے ہین اور حقیقت مین کسکی سنت ادا کر رہے ہاین
اصلا غور نہین کرتے ہین۔ ای حضرت یہ سنت ادا کرنے کی بات نہین بلکہ
سنت کی بربادی کی پہلی جھلکی ہی کہ یہ نرالی ادا آپ نے شیخ نجدی سے
سیکھی نہین تو آپ جس مؤلفات غیر خیر القرونی سے یعنی صحاح وغیرہ کے
تکیہ پر یہ شور و شغب و دھمک کر رہے ہین۔ اور دھوکے سے ملمع کی چمک
دکھا رہے ہین اسمین بھی تو یہ حدیثین۔ اتبعوا السواد الاعظم۔
علیکم بالسواد الاعظم۔ علیکم بالجماعۃ۔ الزموا الجماعۃ
لا یجتمع امتی علی الضلالۃ وغیر ذلک لکھی ہوئی ہین۔ پھر کیون اِس
سنت کی پیروی نہین کرتے۔ بلکہ حدیث من شذ شذ فی النار۔ سے چشم پوشی

مین دونون کی برابری ثابت ہوئی - فخذوا ھذا ولو موا انفسکم
ولا تلوموا غیرکم فارجعوا الینا فتنجوا والا فتھلکوا -

## چوتھا سوال

جب چارون کو اللہ نے مقبول جہان کیا تو چاہیے - کبھی امام ابو حنیفہ کے مسائل پر عمل کرو کبھی امام شافعی کے کبھی امام احمد کے کبھی امام مالک کے یہ کیا ضرور ہے آپ لوگون نے امام اعظم ہی صاحب کو بزرگ جان رکھا ہے اسکا کیا سبب ہے -

## جواب

اگر چارون ائمہ مقبول خدا ہونے کے سبب سے چارون کے مسائل پر ہر شخص کو عمل کرنا لازم ہوتا - تو ہر امت کو ہر چار کتاب توراۃ - زبور - انجیل - فرقان - یا ہر انبیاء کے احکام پر عمل کرنا واجب ہوتا - اور اگر ایک کو افضل جانکر تقلید کرنے سے دوسرون کا بطلان لازم ہوتا - تو ہرگز - وہ آئینہ رسول خدا صلعم حضرت عمر رض کو امامت سے باز رکھکر حضرت ابو بکر صدیق رض کو افضل جانکر امامت کا حکم صادر نفرماتے - جیسا اس خصوصیت امامت سے باقی صحابہ کی صحابیت باقی رہی - ویسا ایک امام کی تقلید کی خصوصیت سے باقی امامون کی امامت قایم رہی - جب رسول خدا صلعم نے عشرہ مبشرہ مین سے ایک کو تفضیل دیا - تب ہم نے بھی اگر ائمہ اربعہ مین سے ایک کو اسی فعل رسول صلعم سے اور قولہ تعالی اتبعوا احسن ما انزل الیکم سے تفضیل دیا - تو کیا قصور کیا - کہ آپ نے ملامت کا جھنڈا اُڑایا - اور اگر

مٹ گئے۔ اور اگر ہین بھی کہین تو معاندین کی طرف سے انمین تحریف و الحاق حلول پا چکے۔ اور رحمت الٰہی انہین چار ہی مین پائی گئی (چنانچہ انکی دلیل و حجت تذکرۂ مذکور مین اچھی طرح سے تحریر کی گئی) اسلیے انہین چار ہی مین خصوصیت آچکی۔ حضرت جب آپ خود زبان مبارک سے فرماتے ہین۔ کہ بہت سے امام و عالم گذر چکے ہین ہر ایک کی تقلید ہونی چاہیے۔ تب آپ پر سب آئمہ جہان کی تقلید کرنی واجب ہونی چاہیے۔ حالانکہ یہ عقلاً و شرعاً و عادۃً محال ہے کہ آپ سب کی تقلید نہین کر سکتے ہین بلکہ اکثرون کے نام بھی نہین جانتے ہین۔ پھر انکی کتاب و مذہب سے کیا واقف ہونگے۔ لامحالہ بعض کی کرنی پڑی اور بعض کی گئی گذری۔ اور جس بعض معدود کی تقلید آپنے کی۔ یعنی جسکو کسی مسئلہ مین اپنی خواہش نفس کے مطابق امام بنایا۔ اُس بعض کی نسبت طرف کل ائمہ کے کیسی جیسی ایک کی نسبت طرف چار کے بلکہ یہ نسبت بھی اِس بعض مین نہین پائی جاتی ہے کیونکہ ایک کی نسبت طرف چار کے کیسی جیسی چار کی نسبت طرف سولہ[16] کے اور سولہ[16] کی نسبت طرف چونسٹھ[64] کے کیسی جیسی چونسٹھ[64] کی نسبت طرف دو سو چھپن[256] کے۔ اب آپ غور فرمائیے کہ جتنی ائمہ کی تقلید آپ کرتے ہین۔ عدد و شمار مین چونسٹھ[64] بھی نہونگے۔ اور عدد و شمار کل ائمہ کے دو سو چھپن[256] سے زائد ہونگے۔ تب ایک اور چار کی نسبت بھی اِسمین باقی نرہی۔ پھر آپ کی یہ لفظ ہے کہ ہر ایک کی تقلید ہونی چاہیے۔ گرد و غبار کیسے اُڑ گئے۔ برباد ہوگئے۔ خاک مین مل گئے۔ اب آپ جس بات سے مقلدون کی مذمت کرتے ہین وہی بات آپ مین آگئی کہ بغضیت

کا ایک ہی حال - پھر دیکھیے تو نتیجہ ملامت کا کیا مآل - اور کسی مین کسی کی
تقلید کرنی شیطانون اور منافقون کا خصال - زیادہ اسمین کیا قیل وقال
بس یہی ہی حرمت عدم تقلید شخصی پر دال - اور کل ائمہ کو خاطی و بے ادب سمجھ کر کسی
کسی مسئلہ مین تقلید کرنا گویا آپکو لقمان حکیم سمجھنا کہ اسنے خاطی و بے ادبون کے
افعال و اقوال مین یہی عمل کیا اسلیے یہ کلام - لقمان را پرسیدند - ادب از کہ
آموختی گفت از بے ادبان مشہور ہوا - اسی طرح سے آپنے بعض قول ائمہ کو
موافق خواہش نفس کے پسند کیا اور بعض کو مہمل جانکر ناپسند کر کے طرح دیا
اور اسی کا نام آپنے ہدایت اور مذہب محمدی ٹھہرایا - یہ ہدایت آپکی عین
ضلالت ہی کیونکہ آپنے تقلید آئمہ کی نہ کی بلکہ نفس کی کی - اور نفس واحد
ہی - تب ہم اور آپ تقلید شخصی مین مساوی ٹھہرے لیکن فرق یہ ہی کہ ہمنے
امام الائمہ تابعی خیر القرونی کی تقلید کی - اور آپ نے نفس شیطان کی -
العیاذ باللہ -

اور امام اعظم صاحب ہی کو اعظم و بزرگ جان رکھنے کی وجہ یہ ہی - کہ انکی
بزرگی اور افضلیت پر ائمہ ثلثہ وغیرہم متفق ہین اسوجہ سے کہ انکی پیدایش
سنہ ۸۰ یا سنہ ۷۰ ہجری مین ہوئی - اسلیے بحدیث - خیر القرون
قرنی ثم الذین یلونھم ثم الذین یلونھم الخ - زمان مبشر بالخیر یعنی زمان ثم
ثانی مین انکی پرورش ہوئی - اور اسوقت کے دین خالص کی تعلیم انکو ملی
کہ صدہا صحابہ کبار و دیگر تابعین ابرار کی صحبت انحضرات نے اٹھائی - بناءً علیہ
تابعیت انکی ثابت ہوئی اور اسی تابعیت سے انکی افضلیت متحقق ہوئی

تقلید شخصی واجب نہوتی - تو قرآن مین یہ آیت ثم اوحینا الیک ان اتبع ملت ابراھیم حنیفا نازل نہوتی - کیونکہ کُل انبیا اپنی اپنی نبوّت مین محق وصادق تھے - مع ہذا حضرت ابراہیم عم کی ملّت کو اتباع کرنے کو فرمایا - نہ یہ حدیث حضرت عائشہ رض سے مروی ہوتی - عن عائشہ قالت قال رسول صلعم لا ینبغی لقوم فیھم ابوبکر ان یومھم غیرہ رواہ الترمذی کذا فے المشکوٰۃ - نہ یہ حدیث ابن عمر سے شہرت پاتی - عن ابن عمر رض قال کنا فے زمن النبی صلعم لا نعدل بابی بکر ثم عمر ثم عثمان ثم نترک اصحاب النبی صلعم لا نفاضل بینھم رواہ البخاری وفی روایۃ لابی داؤد قال کنا نقول ورسول صلعم حتی افضل امۃ النبی صلعم بعدہ ابوبکر ثم عمر ثم عثمان کذا فے المشکوٰۃ اور آپ جو فرماتے ہین کہ کبھی اِسکی تقلید کرنی چاہیئے اور کبھی اُسکی تقلید کرنی چاہیے یہ بات بہت ہی بُری ہے - کیونکہ اِسمین تلہی لازم ہوتی ہے - اور خواہش نفس کی تقلید کرنی پڑتی ہے - اور تلہی تو باتفاق علماء حرام ہے - اور تقلید نفس کی تو ان النفس لامارۃ بالسوء سے منہی عنہ ہے - یا حضرت آخر آپ کسی نہ کسی کی تقلید تو کیجیگا تامل وغور سے دیکھیے کسکی تقلید کیجیگا - اپنے نفس کی یا غیر کی - صورت اوّل مین خاصہ شیطان یعنی - الخناس الذی یوسوس فی صدور الناس - بنیگا - صورت ثانی مین ایک کی یا سارے کی - ایک کی تو ہمارا مقال - سارے کی تو محال - اور بعضیت مین دونون

## جواب

ایک مرتبہ آپ نے اپنے سوال کا جواب بذریعہ دارالسلطنت پایا۔ اب
مجھسے بھی یہ جواب لیجیے۔

## ساتوان سوال

یہ معاملہ دین و مذہب کا ہی جواب اسکا ثواب سے خالی نہوگا۔

## جواب

ہان معاملہ دین کا ہی اگر دینداری سے حق طلبی کا مناظرہ کرے۔ ملاسنہ
مجادلہ کا نام معاملہ دین نہین بلکہ انکے مرتکبون کو حسب نصیبین عذاب ہی۔
دلیل ہر ایک کی تذکرہ مذکور مین دیکھنا۔ زیادہ والسلام۔

تمت

چونکہ اُور کسی امام کی ایسی پیدائش نہوئی یہ فضیلت اُنکو ملی۔ اِسوجہ سے اعظمیت کی خصوصیت اِنہین مین آگئی پھر بعض معاندین کے طعن و تشنیع سے اُنکے اور اُنکے مقلدین کا کیا بال بینکا ہوگا۔ بلکہ وہ خود بحدیث۔ ملعون من ضار مؤمنا او مکر بہ۔ اور بحدیث من ضار مؤمنا ضار اللہ تعالی بہ الخ۔ اخرجہا الترمذی جہنم کے جنجال مین پڑیگا۔ ۵

گر نہ بیند بروز شپرہ چشم
چشمۂ آفتاب را چہ گناہ

## پانچوان سوال

ای حضرت یہ سوال کرنا تھا دم بخود ہوکے رہ گئے بلکہ یہانتک کہ دُم دباکے بھاگے۔

## جواب

حضرت گستاخی معاف۔ کیا آپکی طرف کے لوگون کے دُم بھی ہوتی ہی ورنہ آپکے خصم نے دُم کہان سے پائی کہ دُم دباکر بھاگا۔ یہ صفت اُس کُتّے کی ہی جو دوسرے کُتّے بلند دُمدار سے مغلوب ہوکر دُم دباکر بھاگتا ہی۔ پھر کہیے کہ دُمدار کُتّا کون ہوا۔ لاحول ولا قوۃ الا باللہ۔ حضرت مسلمانون کو کُتّا بنانا کیا دینداری کی بات ہی یا بربادی ملت یا عداوت کی گھات ہی اور ہمارا جو کچھ لکھنا البادی اظلم اور ستم برستم پیشۂ عدل است وداد۔ پر عمل کرنا۔ ۶

## چھٹا سوال

میرے سوال کا جواب خود دیجیے یا کسی سے دلوایئے۔

اپنی تدوبیر کے دام مین پھنسا سکین۔ خیر یہان پر اور طرح سے
اور کچھ بیان کرتا ہون۔ اگر کل اُن دلائل مذکورہ سے درگذر بھی
کرون۔ اور اُنکو بالاے طاق رکھ چھوڑون۔ تاہم امام صاحب کی
تابعیت کے ثبوت مین کسیطرح سے عاجز و قاصر نہین ہون۔ بلکہ انواع
اقسام سے ثابت کرنے کی قدرت رکھتا ہون۔ کہ وہ اظہر من الشمس و ابین
من الامس ہے۔ ہر وسعت نظر کی نظر اُس نور سے منور ہے۔ شپرہ اگر اسکو
نہ دیکھے اسکے عدم پر دلیل نہین ہوسکتی ہے ؎

گر نہ بیند بروز شپرہ چشم — چشمۂ آفتاب را چہ گناہ

یعنی اگر متعصبین کی آنکھون مین بمضمون وعلی ابصارھم غشاوہ تعصب
یا جہالت یا ضلالت کی پٹی لگی رہے۔ تو کیونکر وے اُس نور سے منور ہونگے
بلکہ انکار ہی کرتے رہینگے۔ ہان اگر وے نظارت ظاہری اور بصارت
باطنی سے مالا مال ہوتے۔ اور کتب سیر اور تواریخون کے ملاحظے کا اشتغال
رکھتے۔ تو انکی زبانون سے ایسی بیہودہ قیل وقال نہ نکلتے بلکہ فقط ایک
ہی کتاب اصابہ ابن حجر عسقلانی شافعی کی بھی (جسمین اکثر صحابیون کی
موت کا ذکر ہے) کفایت کرتی۔ اگرچہ اسمین بھی تعصب کی باتین ہین۔
خیر تاہم اُس کتاب کے دیکھنے سے بخوبی معلوم ہوجاویگا کہ کون کون صحابی
کس کس سن وسال تک ذی حیات باقی تھے۔ اور کون کسوقت قالب
عنصری سے پرواز کر گئے۔ چنانچہ مین مثل مشت نمونہ خروارے کے چند صحابیون
کی موت کی تاریخ کو جس سے امام صاحب کی تابعیت بلکہ امام ابو یوسف رح

## فصل چہارم درجواب بعض سوالات متفرقۂ غیر مقلدین کہ مقلدین را ازانہا در بیض و بیض انداز ند۔

**سوال اوّل** - حنفی بلا حجت ولبغیر علت امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کو تابعی کہتے ہین - اور اسی سے انکی فوقیت بتاتے ہین - حالانکہ انکی عدم تابعیت مین علماء نے دلیل شافی وبرہان کافی لکھی -

**جواب** امام صاحب کی تابعیت کی دلیل ایسی غیر محصور ہے - کہ قلم کی زبان اسکے بیان سے قاصر ومعذور - کیا آپنے میری کتاب تذکرۃ المذاہب کو بھی نہین دیکھا - مین نے تو اسمین امام صاحب کی تابعیت کو علماء مختلف المذاہب کے اقوال سے اور دلائل عقلیہ وبراہین نقلیہ سے ایسا ثابت کیا - کہ ناظرین کو آئینہ کردکھایا - یہانتک کہ سماے شریعت پر ھو سراج امتی الخ کی برکت سے امام اعظم رحہ کی افضلیت وتابعیت کا آفتاب ایسا طلوع ہوگیا کہ باقی آئمہ کی فضیلت اسکی کرن سے مثل نجوم کے چھپ گئی - پھر امام ابو یوسف رحہ نے اسپر مستنیرا داد فضائل کی دی - اور امام محمد رحہ نے تو خدمت عطاردی ادا کی - الیوم اکملت لکم دینکم الخ کے سبب سے اس طلوع کا نہ زوال ہے نہ غروب - نہ حفیض مین اسکا مرور - نہ اسفل مین اسکا عبور - بل سدا اوج ہی مین اوج مصرح کررہا ہے - انشاء اللہ تعالی تا روز قیامت اسی طرح پرتابان ودرخشان رہیگا - تب رات کہان ہوگی - جسمین حشرات الارض جگنو کی طرح غیر مقلدین نکلنے پاوین - اور غول بیابانی کی مانند ضلالت کی روشنی سے علماے کرام فضلاے عظام کو

ص ۳۹۲/۸۸۹ - ثابت بن الضحاک بن خلیفہ (تا) الانصاری نے جو اہل مسلم و بخاری وغیرہما کے بیعت الرضوان اور بدر اور حدیبیہ وغیرہا مین حاضر تھے بقول ابن سعد وغیرہ کے ۶۳ سنہ ترسیٹھ مین انتقال فرمایا۔

ص ۴۵۰/۱۰۵۹ - جبیر بن عبداللہ القبطی مولی بنی غفار بقول ہاے بن المنذر نے ۶۳ سنہ ترسیٹھ مین انتقال فرمایا۔

ص ۲۳۷/۲۹۵ - جنادہ بن ابی امیہ الدوسی وہو صاحب عبادۃ بن الصامت جنھنے ایام جاہلیت اور اسلام کو پایا ۶۷ سنہ سرسٹھ مین انتقال فرمایا۔

ص ۶۴۳/۱۹۲۷ - حارثہ بن بدر بن حصین بن قصی (تا) بن تیم التیمی نے ۶۴ سنہ چونسٹھ مین انتقال فرمایا۔

ص ۳۸/۲۸۵۸ - زید بن ارقم بن زید بن قیس نے آنحضرت جو نبی صلعم کے ساتھ سترہ ۱۷ لڑائی مین شریک تھے اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے ساتھ جنگ صفین مین بھی شریک تھے کوفے مین ۶۶ سنہ چھیاسٹھ یا ۶۸ سنہ ارسٹھ مین انتقال فرمایا۔

ص ۱۶۶/۸۸ - سعد بن مالک بن سنان (تا) ابو سعید الخدری رض مشہور تھے جنسے بہت روایتین صحاح مین موجود ہین بقول واقدی ۶۳ سنہ ترسیٹھ یا ۶۵ پینسٹھ مین انتقال فرمایا۔

ص ۳۵۳/۶۴۷ - سلیمان بن صرد بن ابی الجون (تا) الخزاعی نے جسکے نام کو (جو سار تھا) رسول صلعم نے تغیر دیا۔ اور حضرت علی رض اللہ کے ساتھ صفین مین شریک رہا۔ پھر حضرت حسین رض کا کاتب ہوا اور عمر انکی ۹۳ ہوئی تھی ۶۵ سنہ پینسٹھ مین انتقال فرمایا۔

اور امام محمد رح کی بھی تابعیت نکلتی ہی - چار طبقے مین لکھتا ہون - اور اس
کتاب کے ناظرین سے توقع انصاف کی رکھتا ہون - اور مقلدین حنیفی سے
دعاے خیر چاہتا ہون - کہ مین نے ایک ایسی راہ نکالی ہی کہ جس سے مورخین
متعصبین کی تحریرات کی ناکامیابی ثابت ہو گئی - اور اُس دروغ کے
فروغ مین خیرگی آگئی - پہلے طبقے مین اُن صحابیون کا ذکر ہی - جو اکسٹھ ۶۱
سے ۷۰ ستر تک زندہ تھے - دوسرے طبقے مین اُن صحابیون کا ذکر ہی جو
ستر سے ۷۹ اُناسی تک لباس حیات سے ملبوس تھے - تیسرے طبقے مین اُن صحابیون
کا ذکر ہی - جو اسّی سے ۸۹ نواسی تک رزق حیات سے مرزوق تھے - چوتھے
طبقے مین اُن صحابیون کا ذکر ہی جو ۹۰ نوّے سے سو تک
بلکہ مافوق ۱۰۰ سو تک زندگی رہے -

## پہلے طبقہ کے صحابیون کا ذکر

ص ۵ / ۴۲ / ۱۳۵ - اسماء بن حارثہ بن سعید بن عبداللہ (تا) بن اقصی الاسلمی
خادم رسول صلعم کے تھے بقول واقدی سنہ ۶۶ چھیاسٹھ ہجری مین انتقال فرمایا -

ص ۲۰۹ / ۲۴۶ - اسماء بن حارثہ بن حصین خدیفہ بن بدر الفرازی ابو حسان
الکوفی نے بقول ابو حسان زیادی سنہ ۶۰ ساٹھ ہجری و بقول ابن حبان سنہ ۶۵
پینسٹھ مین انتقال فرمایا -

ص ۲۹۶ / ۶۲۸ - بریدہ بن الحصیب بن عبداللہ بن الحرث بن الاعرج (تا)
افقی الاسلمی جس سے صحیحین مین روایت ہی - اور اُنھون نے جنگ رسول
صلعم کے ساتھ کی بقول ابن سعد سنہ ۶۳ تریسٹھ مین انتقال فرمایا -

ص ۱۱۵/۳۰۵۹ السائب بن الخلاد بن سوید بن ثعلبہ (تا) ابن مالک الانصاری نے جنکی روایتین سنن وغیرہ مین موجود ہین اور بدر مین حاضر تھے بقول ابونعیم ۷۱ھ اکھتر مین انتقال فرمایا۔

ص ۳۳۴/۶۰۷۸ سلمہ بن عمرو بن الاکوع نے جنکی روایت بخاری وغیرہ مین ہے اور بڑے شجاع تھے ۷۴ھ چوہتر مین انتقال فرمایا۔

ص ۳۳۷/۸۱۷۵ سعید بن عمران الھمدانی نے جو یرموک مین حاضر تھے ۷۰ھ ستر مین انتقال فرمایا۔

ص ۳۳۸/۸۱۸۸ سلیم بن عتر بن سلمہ بن مالک النجیبی ابو سلمہ انہ ادرک نے ۷۵ھ پچھتر مین انتقال فرمایا۔

ص ۱۲۸/۳۱۰ عبداللہ بن مطیع بن الاسود (تا) بن لوی بن غالب القرشی نے جنکی روایتین صحیحین وغیرہا مین مذکور ہین ۷۴ھ چوہتر مین انتقال فرمایا۔

ص ۱۵۸/۳۶۶ عثمان بن عبدالرحمن بن عثمان التیمی نے ۷۴ھ چوہتر مین انتقال فرمایا۔

ص ۲۱۸/۵۷۴ القمہ بن قیس بن عبداللہ بن مالک بن علقمہ بن سلامان النخعی ابوشبل الکوفی نے جنہنے ایام جاہلیت اور اسلام کو دیکھا ۷۲ھ بہتر مین انتقال فرمایا۔

ص ۲۳۲/۶۳۴ عمرو بن میمون الازدی نے بقول ابونعیم ۷۴ھ چوہتر یا ۷۵ھ پچھتر مین انتقال فرمایا۔

ص ۴۴۲/۱۱۷۸ قبیصہ بن وائل التغلبی نے بقول طبری ۷۷ھ ستہتر مین انتقال فرمایا۔

ص ۴۵۰/۸۴۶۴ شریح بن ہانی بن یزید ابو المقدام ادرک النبی صلعم ۱۲۰ سال کی بقول القاسم ۷۸ھ اٹھتر مین شہید ہوا۔

ص ۱۳۲/۳۱۹ - عبدالرحمن بن حاطب بن ابی بلبعہ اللخی بقول خلیفہ وغیرہ ۶۸ سنہ
ارسٹھ مین انتقال فرمایا۔

ص ۱۶۰/۳۷۴ - عقبہ بن نافع بن عبدالقیس بن لقیط ۶۳ سنہ تریسٹھ مین مقتول ہوا

**ایقاظ اوّل** ان بزرگون کی موت کو دیکھو۔ اور امام صاحب کی ۶۱ اکسٹھ
کی پیدائش کو یاد کرو۔ پھر بعد اسکے اور تین طبقے کا خیال کرو۔

## دوسرے طبقے کے صحابیون کا ذکر

ص ۲۱۲/۴۵۴ - الاسود بن یزید بن قیس النخعی ابو عمرو نے ۷۴ سنہ یا ۷۵ سنہ چہتر
مین انتقال فرمایا۔

ص ۲۸۸/۶۱۴ - البراء بن عازب بن الحارث (تا) بن الاوس الانصاری نے
جنکی روایت صحاح مین بہت ہے اور جو رسول صلعم کے ساتھ ۱۵ دس پندرہ
لڑائی مین شریک تھے اور حضرت علی رض کے ساتھ جنگ جمل وصفین و
قتال الخوارج مین شریک تھے اور جسنے کوفہ مین گھر بنایا تھا بقول ابن حبان
۷۲ سنہ بہتر مین انتقال فرمایا۔

ص ۸۷/۲۲۳ - خرشہ بن الحر الفرازی نے بقول خلیفہ ۷۴ سنہ چوہتر مین انتقال کیا۔
اگرچہ انکو ابن حبان اور العجلی نے تابعی کہا۔ لیکن اجری نے ابوداود سے
انکی صحابیت کو ثابت کیا۔

ص ۴۹/۲۸۸ - زید بن خالد الجہنی نے جو حدیبیہ مین حاضر تھے اور صحیحین وغیرہما مین
انکی بہت سی روایتین ہین بقول ابن الرقی وغیرہ ۷۸ سنہ اٹھہتر مین انتقال
فرمایا۔

۸۴؁ چراسی مین انتقال فرمایا۔

ص ۱۲۲/۲۹۹ عبداللہ بن عبداللہ بن عامر بن ربیعہ العنبتری نے بقول الہیثم بن عدی ۸۰؁ یا ۸۵؁ یا ۷۹؁ مین انتقال فرمایا۔

ص ۱۴۲/۳۴۴ ۔ عبدالرحمٰن بن القاری نے بقول ابن سعد ۸۰؁ مین و بقول ابن حبان ۸۸؁ اٹھاسی مین انتقال فرمایا۔

ص ۱۴۵/۸۴۱ ۔ سوید بن غفلہ بن عوسجہ بن عامر آلخ نے بقول ابو نعیم ۸۰؁ اسی مین و بقول ابو عبیدہ ۸۱؁ اکیاسی مین اور بقول عمر بن علی ۸۲؁ بیاسی مین انتقال فرمایا۔

**ایقاظ سوم** سبحان اللہ کیسی کچھ بشارت ہے اُن مقلدین کو جنہون نے امام صاحب کی تابعیت کو ثابت کیا۔ اور بڑے اعتقاد سے اُنکی تقلید کو اختیار کیا۔ نعوذ باللہ کیسی کچھ خجالت و ندامت ہے اُن غیر مقلدین کاذبین کو جنہون نے تابعیت کو انکار کیا۔ اے مقلد و خوش رہوا ور دیکھو کہ انمین سے کیسی کیسی بزرگون کا ذکر ہے اور غور کرو۔ کہ جب حضرت بسر بن عقوبہ رض جنکی رسول صلعم نے آشکلت آلخ فرمایا۔ اور حضرت عبداللہ بن شداد جنکی مان حضرت سلمی رض کو حضرت جعفر رض اور حضرت ابوبکر رض اور حضرت علی رض یکے بعد دیگرے نے نکاح کیا۔ اور حضرت عبداللہ بن ابی طلحہ جو حضرت انس رض کا اخیافی بھائی تھا وغیر ذالک کہ۔ اُس اسّی کے بعد تلک جس اسّی مین منکرین تابعیت نے امام صاحب کی پیدائش کو عناد سے کالوحی من السماء سمجھکر ۶۱ و ۷۰ روز کی پیدایش کو باطل ٹھہرایا۔ زندہ رہنا ثابت ہوا۔ بلکہ

**ایقاظ دوم** - ان بزرگون کی ت کی طرف اور امام صاحب کی ستر کی پیدایش کی طرف پھر اسکے پیچھے کے دو طبقے کی طرف خیال کرو۔

## تیسرے طبقے کے صحابیون کا ذکر

ص ۲۱۲/۴۴ - الاسود بن ہلال المحاربی ابوسلام الکوفی نے جو بقول باوردی و العثمانی وابن فتحون و بخاری رح صحابی ہین - بقول ابن علی ۸۴ھ چوراسی مین انتقال فرمایا۔

ص ۲۹۹/۴۳۸ - یسر بن ارطاہ نے بقول المسعودی ۸۶ھ چھیاسی مین انتقال کیا۔

ص ۳۱۳/۴۴۷ - بشر بن عقوبۃ الجہنی ابوالیمان یہ وہ صحابی ہین جنکو رسول صلعم نے اُسکت اما ترضی ان اکون اناابوک وعایشہ امک فرمایا تھا جب وہ روتے تھے - بقول عبدالبر اُنھون نے ۵۰ھ پچاسی مین انتقال فرمایا۔

ص ۱۰۷۲/۱۶۹۲ - روح بن زنباع بن روح بن سلامہ الجذامی ابوزرعہ نے اگرچہ بعضون نے انکو تابعی کہا - لیکن بقول اکثر خصوصًا مسلم و حاکم اور غیرہما کے صحابی ہین - بقول ابوسلیمان ۸۴ھ چوراسی مین انتقال کیا۔

ص ۱۲۱/۳۰۷ - السائب بن یزید بن سعید بن ثمامہ نے جنکی روایت صحیحین مین موجود ہے - بقول ابونعیم ۸۲ھ بیاسی یا ۹۱ھ نوے یا ۹۴ھ چورانوے مین انتقال فرمایا۔

ص ۱۱۸/۲۹۵ - عبداللہ بن شداد بن الہاد اللیثی جنکی مان سلمی بنت عمیش جنکو جعفر نے نکاح کیا پھر حضرت ابوبکر رض نے پھر حضرت علی رض نے نکاح کیا تھا - اور ہر ایک سے اولاد ہوئی بقول العجلی ۸۲ھ بیاسی مین نہر وجبل مین مغرق ہوگئے۔

ص ۱۱۹/۲۹۷ - عبداللہ بن ابی طلحہ بن زید سہل الانصاری اخو انس بن مالک رض نے

تو لاکھون صحابی کا وجود امام صاحب کے وقت تک موجود رہنا عقلاً و نقلاً ثابت
ہوا۔ اب غیر مقلدین کے ڈھکوسلے باتون کی طرف جو چند اوراق اخباریہ سے
نقل کرتے ہین ہرگز التفات نہ کرو۔ بلکہ اسکو کذب و بہتان جانو۔ جس سے
خسر الدنیا والاخرۃ سے نجات پاؤ۔

## اقتباس تقریب التہذیب سے بھی چند صحابیون کی موت کی تاریخ لکھتا ہون۔

## طبقہ اولی کے صحابیون کا ذکر

ص ۳۴ ۔ بریدہ بن الحصیب ابو سہل الاسلمی صحابی نے ۶۳ ؁ تریسٹھ مین انتقال
فرمایا۔

ص ۳۹ ۔ ثابت بن الضحاک الاشہلی صحابی نے بقول افلاس ۴۵ ؁ مین بقول
صحیح ۶۴ ؁ چونسٹھ مین انتقال فرمایا۔

ص ۴۴ ۔ جندب بن عبد اللہ بن صفیان البجلی صحابی نے بعد ۶۰ ؁ ساٹھ کے
انتقال فرمایا۔

ص ۴۶ ۔ الحارث بن حاطب بن الحارث صحابی صغیر نے اگرچہ ابن حبان نے
انکو تابعی کہا ۶۶ ؁ مین انتقال فرمایا۔

ص ۱۱۶ ۔ الضحاک بن قیس بن خالد صحابی صغیر ۶۴ ؁ چونسٹھ مین مقتول ہوا
ص ۱۳۰ ۔ عبد اللہ بن زید عاصم بن کعب الانصاری صحابی مشہور ۶۳ ؁
تریسٹھ مین شہید ہوا۔

ص ۱۳۳ ۔ عبد اللہ بن عباس رض نے ۶۸ ؁ مین انتقال فرمایا طائف مین۔

ص ۲۹۳/۸۰۳ - عبدالرحمن بن سابط نے جنکو ابو موسیٰ نے صحابی کہا ۱۱۸ھ ایک
سو اٹھارہ مین انتقال کیا -

ص ۳۰۴/۸۲۰ - عبدالرحمن بن عمرو السلمی نے جنکو طبری اور ابن شاہین نے صحابی کہا
۱۱۰ھ ایک سو دس مین انتقال کیا -

ص ۳۲۷/۸۸۱ - عدی ابن عدی بن عمیرہ بن عروۃ الکندی نے بقول طبری صحابی ہین
۱۲۰ھ ایک سو بیس مین انتقال کیا -

ص ۳۶۱/۱۰۰۵ - عمیہ مولیٰ ام الفضل نے جنکو ابن ابی داؤد نے صحابی کہا ۱۰۴ھ
ایک سو چار مین انتقال کیا -

ص ۴۳۲/۱۱۵۹ - الفضل بن عبدالرحمن الہاشمی نے جنکی اصحابیت کو ابو موسیٰ نے
ابو سعود الاصبہانی کی روایت سے ثابت کیا ۱۲۹ھ ایک انتیس مین انتقال کیا -

**ایقاظ چہارم** - ای مومنو جب یہ کتاب آپ لوگون کو میسر ہو - تب
بڑی خوشی اور خرمی سے ایک مجلس کرو - اور اسمین مقلدین اور غیر مقلدین کی
دعوت کرکے - بنظر ایمان کے ان بزرگون کی طرف نظر کرو - اور دیکھو اور دکھلاؤ
پھر امام صاحب کی تابعیت کی کیا بات ہی - بلکہ صاحبین وغیرہما کی تابعیت کو
بھی ثابت کرنیکی حجت بخوبی حاصل کرلو - پھر اُن صحابیون مین نظر کرو اور
اچھی طرح سے پہچانو کہ یہ کون کون بزرگ ہین - پھر غور کرو کہ جب ایسے ایسے
بزرگ مثل حضرت انس رض خادم رسول صلعم اور مثل حضرت عبداللہ پرپوتا
حضرت عبدالمطلب رض اور مثل حضرت عبدالرحمن خالہ زاد بھائی حضرت ابراہیم
بن رسول صلعم کا امام صاحب کے زمانہ تک باحیات موجود رہنا ثابت ہوا -

ص ۴۰ - جابر بن سمرہ بن جنادہ صحابی مشہور کورہ کے رہنے والے نے بعد سنہ ستر کے انتقال فرمایا۔

ص ۴۰ - جابر بن عبد اللہ بن عمرو بن حرام الانصاری صحابی مشہور جس نے ستره دفعہ جنگ کی بعد ستر کے انتقال فرمایا۔

ص ۷۶ - رافع بن خدیج بن عدی الانصاری صحابی جلیل القدر نے سنہ ۷۳ یا سنہ ۷۴ چوہتر مین انتقال فرمایا۔

ص ۹۸ - سلمہ بن عمرو بن الاکوع الاسلمی ابو مسلم نے سنہ ۷۴ مین انتقال فرمایا۔

ص ۱۱۹ - عاصم بن عمر بن الخطاب رض نے جو حالت حیات مین جناب رسالت مآب صلعم کے پیدا ہوئے تھے ستر کے بعد انتقال فرمایا۔

ص ۱۲۹ - خلیفہ حضرت عبد اللہ بن الزبیر بن العوام رض سنہ ۷۳ تہتر مین حجاج کے حکم سے مقتول ہوا۔

ص ۱۳۲ - عبد اللہ بن صفوان بن امیہ جو رسول خدا صلعم کے عہد مین متولد ہوا سنہ ۷۳ تہتر مین مع خلیفہ ابن الزبیر مقتول ہوا۔

ص ۱۳۷ - عبد اللہ بن عمر رض نے سنہ ۷۳ مین انتقال فرمایا۔

ص ۱۵۵ - عبد الرحمن بن عثمان بن عبد اللہ التیمی اخی طلحہ صحابی مع خلیفہ ابن الزبیر مذکور مقتول ہوا۔

ص ۱۵۷ - عبد اللہ بن غنم الاشعری نے اگرچہ صحابیت مین انکے اختلاف ہے سنہ ۷۸ اٹھتر مین انتقال کیا۔

ص ۱۷۵ - عرباض بن ساریہ السلمی صحابی نے بعد ستر کے انتقال فرمایا۔

ص ۱۶۴ - عبد المطلب بن ربیعہ الہاشمی صحابی نے ۶۲ سنہ باسٹھ مین انتقال فرمایا۔

ص ۱۷۷ - عدی بن حاتم مشہور صحابی نے ایک سو ۱۲۰ برس کی عمر مین ۶۸ سنہ اڑسٹھ مین انتقال فرمایا۔

ص ۲۰۹ - قرۃ بن ایاس بن ہلال المزنی صحابی نے ۶۴ سنہ مین انتقال فرمایا۔

ص ۲۴۸ - معاذ بن الحارث الانصاری صحابی صغیر ۶۳ سنہ ترسیٹھ مین جنگ حرّہ مین شہید ہوئے۔

ص ۲۵۰ معقل بن سنان بن مظہر الاشجعی صحابی ساکن الکوفہ ۶۳ سنہ ترسیٹھ مین جنگ حرہ مین شہید ہوا۔

ص ۲۶۲ - فضلہ بن عبید ابو برزہ الاسلمی صحابی مشہور نے بقول صحیح ۶۵ سنہ پینسٹھ مین انتقال فرمایا۔

ص ۳۰۱ - ابو شریح الخزاعی صحابی نے ۶۸ سنہ اڑسٹھ مین انتقال فرمایا۔

ص ۳۱۷ - ابو واقد اللیثی صحابی نے ۶۸ سنہ اڑسٹھ مین انتقال فرمایا۔

ص ۳۴۳ - ہند بنت ابی امیہ ام سلمہ ام المؤمنین نے بقول صحیح ۶۲ سنہ باسٹھ مین انتقال فرمایا۔

**ایقاظ پنجم** - ان بزرگون مین حضرت عبد اللہ بن عباس رضا اور حضرت ام المؤمنین ام سلمہ رض بھی ہین دیکھو۔

## طبقۂ ثانیہ کے صحابیون کا ذکر

ص ۳۴ - البراء بن عازب الانصاری صحابی مشہور کوفہ کے رہنے والے نے ۷۲ سنہ بہتر مین انتقال فرمایا۔

سنہ انتی مین ۱۴۰ سالگی مین انتقال کیا۔

ص۱۳۳ - بسر بن ارطاۃ القرشی العامری من صغار الصحابۃ نے ۸۶ سنہ چھیاسی مین انتقال فرمایا۔

ص۱۱۶ - طارق بن شہاب بن عبد الشمس البجلی نے جسنے رسول صلعم کو دیکھا سنہ ۸۲ یا ۸۳ سنہ تراسی مین انتقال فرمایا۔

ص۱۲۱ - عابد اللہ بن عبد اللہ الخولانی نے رسول خدا صلعم کے وقت مین پیدا ہوکر ۸۰ سنہ اسی مین انتقال فرمایا۔

ص۱۳۵ - عبد اللہ بن ابی اوفی ابن علقمہ بن خالد صحابی تھے جو شہر کوفی کے آخر صحابیون مین سے ہین ۸۶ سنہ ستاسی مین انتقال فرمایا۔

ص۱۲۶ - عبد اللہ بن جعفر بن ابی طالب الہاشمی صحابی نے ۸۰ سنہ مین انتقال فرمایا

ص۱۲۶ - عبد اللہ بن الحارث الزبیدی صحابی نے ۸۵ سنہ یا ۸۶ سنہ یا ۸۸ سنہ یا ۸۸ سنہ اٹھاسی مین انتقال فرمایا۔

ص۱۲۸ - عبد اللہ بن حوالہ ابو الحوالہ صحابی نے ایک قول مین ۸۰ سنہ اسی مین انتقال فرمایا۔

ص۱۳۳ - عبد اللہ بن ابی طلحہ الانصاری نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مین پیدا ہوکر ۸۴ سنہ چوراسی مین انتقال فرمایا یہ بزرگ حضرت انس رضہ کا اخیافی بھائی تھا۔

ص۱۳۲ - عبد اللہ بن البادی اللیثی جو رسول خدا صلعم کے عہد مین پیدا ہوکر کوفہ مین ۸۱ سنہ اکیاسی مین یا بعد اسکے مقتول ہوا۔

ص۱۸۵ - عمارہ بن رویبہ ابو زہیر صحابی نے جو کوفے مین رہتے تھے بعد ستر کے انتقال فرمایا۔

ص۲۱۷ - محمد بن حاطب بن الحارث الکوفی صحابی صغیر نے ۷۴ھ مین انتقال فرمایا۔

ص۲۷۲ - وہب بن عبد اللہ السوائی صحابی نے ۷۴ھ چوہتر مین انتقال فرمایا۔

ص۱۹۹ - عوف بن مالک الاشجعی ابو حماد صحابی مشہور نے ۷۳ھ تہتر مین انتقال فرمایا۔

ص۲۹۸ - ابو سعید المعلی الانصاری صحابی نے ۷۳ھ تہتر مین انتقال فرمایا۔

ص۳۴۳ - زینب بنت ابی سلمہ بن عبد الاسدیہ المخزومیہ نے جو رسول خدا صلعم کے پروردہ تھی ۷۳ھ تہتر مین انتقال فرمایا۔ اور حضرت عبد اللہ بن عمر رض انکے جنازہ مین حاضر تھے۔

ص۳۳۸ - اسماء بنت ابو بکر صدیق رض زوجہ حضرت زبیر بن العوام رض مادر خلیفہ حضرت عبد اللہ بن الزبیر نے ایک سو برس کی عمر مین ۷۳ھ یا ۷۴ھ چوہتر مین انتقال فرمایا۔

**ایقاظ ششم** - ان بزرگون مین حضرت عاصم بن حضرت عمر رض - اور حضرت عبد اللہ بن حضرت عمر رض - اور حضرت عبد اللہ بن زبیر خلیفہ رض - اور حضرت اسماء بنت حضرت ابو بکر رض بھی موجود ہین - دیکھو -

## طبقہ ثالثہ کے صحابیون کا ذکر

ص۲۳ - اسلم العدوی مولی عمر رض جنہنے زمانہ جاہلیت و زمانہ رسول صلعم کو پایا

رفع کر سکو۔

## طبقہ رابعہ کے صحابیون کا ذکر

ص ۲۲ ۔ اسعد بن سہل ابو الامامہ الانصاری صحابی نے ترانوے ۹۳ برس کی عمر مین سنہ ۱۰۰ ایک سو ہجری مین انتقال فرمایا۔

ص ۲۹ ۔ انس بن مالک النضر الانصاری خادم رسول صلعم نے جو صحابی مشہور ہین ایک سو برس کی عمر مین سنہ ۹۲ یا سنہ ۹۳ ترانوے مین انتقال فرمایا۔

ص ۴۶ ۔ الحارث بن رافع بن مکیث الجہنی نے بعد سنہ ۱۰۰ سو کے انتقال فرمایا۔

ص ۱۲۵ ۔ عبد اللہ بن ابسر المازنی صحابی صغیر نے جو آخر صحابیون مین سے شام مین مرا علی الاختلاف ایک سو کے عمر مین سنہ ۸۸ اٹھاسی یا سنہ ۹۶ چھیانوے مین انتقال فرمایا۔

ص ۱۲۶ ۔ عبد اللہ بن الحارث بن نوفل بن الحارث بن عبد المطلب نے علی الاختلاف سنہ ۸۴ یا سنہ ۹۹ ننانوے مین انتقال فرمایا۔

ص ۱۵۹ ۔ عبد الرحمن بن یزید بن حارثہ الانصاری نے جو نبی صلعم کے وقت مین پیدا ہوئے سنہ ۹۳ ترانوے مین انتقال فرمایا۔

ص ۱۶۸ ۔ عبید اللہ بن رافع المدنی مولی النبی صلعم نے جو کاتب حضرت علی رضہ کا تھا بعد سنہ ۱۰۰ سو کے انتقال فرمایا۔

ص ۱۷۴ ۔ عتبہ بن عبد السلمی ابو الولید صحابی مشہور نے جو قریب سو کے سن رکھتا تھا علی الاختلاف سنہ ۸۷ مین یا سنہ ۹۰ مین انتقال فرمایا۔

ص ۱۷۷ ۔ العداء بن خالد العامری صحابی جنکی وفات بعد سنہ ۱۰۰ کے ہوئی۔

ص ۱۶۹ - عبیداللہ بن العباس بن عبدالمطلب الہاشمی ابن عم رسول صلعم صحابی نے ۸۷ھ ستاسی مین انتقال فرمایا۔

ص ۱۷۴ - عتبہ بن البدر السلمی صحابی نے ۸۴ھ چوراسی مین انتقال فرمایا۔

ص ۱۹۰ - عمر بن ابی سلمہ بن عبداللہ الاسد المخزومی صحابی صغیر نے جنکو رسول صلعم نے پرورش کیا کیونکہ انکی مان حضرت ام سلمہ سے حضرت نے نکاح کیا تھا ۸۳ھ تراسی مین انتقال فرمایا۔

ص ۱۹۷ - عمران بن عصام الضبعی بقول بعض کے صحابی ہی ۸۳ھ تراسی مین مقتول ہوا۔

ص ۱۹۳ - عمرو بن حریث بن عمرو بن عثمان المخزومی صحابی صغیر نے ۸۵ھ مین انتقال فرمایا۔

ص ۲۵۳ - المقدام بن معدیکرب بن عمرو الکندب صحابی مشہور نے ۸۷ھ ستاسی مین انتقال فرمایا۔

ص ۲۶۹ - واثلہ بن الاسقع صحابی مشہور نے ۸۵ھ پچاسی مین انتقال فرمایا۔

ص ۳۰۳ - ابوعامر الاشعری صحابی عبدالملک بن مروان کی خلافت تک زندہ رہا۔

**ایقاظ ہفتم** - اِن بزرگون مین حضرت اسلم العدوی مولی حضرت عمر رضہ - اور حضرت عبداللہ بن جعفر الطیار رضہ بن ابی طالب - اور حضرت عبیداللہ بن عباس رضہ اور حضرت عمر بن ابی سلمہ جنکی مان حضرت ام سلمہ ام المؤمنین کو رسول صلعم نے اپنے نکاح مین لاکر انکی پرورش کی یعنی ربیب النبی صلعم موجود ہین دیکھو - اور اس ایقاظ کو تیسرے اور چوتھے ایقاظ کے ساتھ ملاکر خیال کرو - پھر آٹھوین ایقاظ کے بزرگون کا بھی خیال کرو - جس سے عدم تابعیت کے شبہ کو دل سے بخوبی

ورثے ۔ بفضلہ تعالیٰ اگر مین اس اصابہ اور تقریب کے کل دلائل کو
بھی طرح دون تب بھی اسی طرح کے دلائل اور اور کتابون سے استنباط
سکتا ہون ۔ چنانچہ مولانا عبد الحق دہلوی کی شرح مشکوٰۃ سے بھی ایسا
چند صحابیون کا نام استخراج کرکے تحفۂ احبا کرتا ہون ۔ جس سے اچھی طرح
سے امام صاحب کی بلکہ صاحبین کی بھی تابعیت ثابت ہوتی ہے ۔ اور معاندین
کی عداوت کی بات ظہور مین آتی ہے ۔ ص ۲۰ ۔ حضرت انس بن مالک رض
خادم رسول صلعم نے ۹۱ سنہ اکانوے مین ایک سو برس کی عمر مین انتقال
فرمایا ۔

ص ۴۲ ۔ حضرت عبد اللہ بن عباس رض نے طائف مین ۶۸ سنہ ارسٹھ ہجری مین
انتقال فرمایا ۔

ص ۵۲ ۔ حضرت ابو امامہ رض نے علی الاختلاف ۸۶ سنہ یا ۸۱ سنہ یا ۹۱ سنہ
اکیانوے مین انتقال فرمایا ۔

ص ۱۰۶ ۔ حضرت رافع بن خدیج رض نے ۷۳ سنہ تہتر مین انتقال فرمایا ۔

ص ۱۱۲ ۔ المقدام بن معدیکرب رض نے ۸۷ سنہ ستاسی مین انتقال فرمایا اور
اسوقت عمر انکی نوّے ۹۱ کی تھی ۔

ص ۱۱۳ حضرت العرباض بن خالد رض نے ۷۵ سنہ پچہتر مین انتقال فرمایا ۔

ص ۱۳۵ ۔ حضرت عوف بن مالک الاشجعی رض نے ۷۳ سنہ تہتر مین انتقال فرمایا ۔

ص ۱۳۸ ۔ حضرت عکرمہ مولی ابن عباس رض کے اگرچہ بعضے نے انکو تابعی کہا
۱۰۷ سنہ ایک سو سات مین انتقال فرمایا ۔

ص۱۸۱ - عکرمہ بن عبد اللہ مولیٰ ابن عباس رضؓ نے علی الاختلاف سنہ ۱۰۱ ایک سو ایک میں یا بعد اسکے انتقال فرمایا۔

ص۲۳۹ - مالک بن الحویرث ابو سلمان اللیثی صحابی نے سنہ ۹۴ چورانوے مین انتقال فرمایا

ص۲۴۱ - محمود بن لبید بن عقبۃ بن رافع الاوسی صحابی صغیر نے سنہ ۹۶ یا ۹۷ ستانوے مین انتقال فرمایا۔

ص۲۶۶ - الہرماس بن زیاد بن مالک الباہلی الوجدیر صحابی نے بعد سنہ ۱۰۰ سو کے انتقال فرمایا۔

ص۳۱۶ - ابو نصر الہلالی نے بقول بعض کے صحابی ہین بعد سنہ ۱۰۰ سو برس کے انتقال فرمایا۔

ص۳۴۰ - زینب بنت کعب بن عجرہ زوجہ حضرت سعید الخدری رضؓ نے جنکو بعض نے صحابیہ کہا بعد سنہ ۱۰۰ کے انتقال فرمایا۔

ص۲۵۷ - موسیٰ بن طلحہ المدنی نزیل الکوفہ نے جو رسول خدا صلعم کے وقت مین پیدا ہو کر سنہ ۱۰۳ ایک سو تین مین انتقال فرمایا۔

ص۲۶۹ - والصہ بن معبد بن عتبہ الاسدی صحابی نزل الجزیرہ وعمر الی ستہ تسعین یعنی سنہ ۹۰ نوے تک زندہ رہے۔

**ایقاظ ہشتم** - ان بزرگون مین سوائے حضرت انس رضؓ وغیرہ کے حضرت عبید اللہ بن رافع مولیٰ النبی صلعم - اور حضرت عکرمہ بن عبد اللہ مولیٰ ابن عباس موجود ہین دیکھو - اور اس ایقاظ کو چوتھے ایقاظ اور نہم ایقاظ کے ساتھ ملاحظہ کر کے امام صاحب کی تابعیت کیا معنی صاحبین وغیرہما کی تابعیت بھی بخوبی ثابت کیجئے

امام صاحب سے ملاقات و روایت ثابت ہوتا کونسی ضرورت ہے۔ کھو لگا۔ باوجود موجود ہونے ہر دونوں کی ملاقات و روایت ثابت نہوتا کون سی ضرورت ہے۔ اگر سچ پوچھو تو لقی کا ثابت ہونا بہت ہی ضرورت ہے کہ صاحب مذہب کو مذہب بنانے کے واسطے حتی المقدور حقیقت کو ثابت کرنا بہت ہی ضرورت ہے تب باوجود موجود ہونے صحابی کے ملاقات و روایت نہ کرنا امام صاحب کا مؤمنوں کے اعتقاد کے خلاف ہے۔ ہان زندیقوں کے اعتقاد کے موافق ہے۔ العیاذ باللہ۔

خیر اسکا دفعیہ اور طریقہ سے بھی کر دیتا ہوں۔ یعنی بفضلہ تعالی صراحتہً روایت کرنا بھی امام صاحب کا صحابیوں سے ثابت کر دکھلاتا ہوں۔ ہر چند اس بات کو بہت کتابوں سے ثابت کر سکتا ہوں۔ لیکن خوف طوالت سے فقط عقود الجواہر پر اکتفا کرتا ہوں۔

ص۷۶۔ روی محمد بن الفضل وسلیم بن مسلم قالا حدثنا ابوحنیفہ بہ عن جابر قراء رجل خلف رسول صلعم فنہاہ رسول صلعم عن ذلک

ص۷۷۔ روی مکی بن ابراہیم عن ابی حنیفہ بہ عن جابر قال انصرف النبی صلعم من صلوۃ الظہر او العصر فقال من قرأ منکم سبح اسم ربک الاعلی فسکت القوم حتی سال عن ذلک مرارا فقال رجل من القوم انا یا رسول اللہ فقال رایتک تنازعنی او تخالجنی القرآن۔

ص۷۷۔ روی یونس بن بکیر وعلی بن مزید الصدائی ومروان بن شجاع

۱۳۹ھ - حضرت واثلہ بن الاشفع نے ایک سو برس کی عمر مین انتقال فرمایا۔
۱۷۱ھ - حضرت جابر بن سمرہ رض نے علی الاختلاف ۶۶ھ یا ۷۴ھ یا ۷۶ھ چہتر مین کوفے مین انتقال فرمایا۔
۱۷۹ھ - عبد مزادرک النبی صلعم نے ایک سو بیس برس مین انتقال فرمایا۔
۲۳۳ھ - قتادہ رض نے اگرچہ بعض نے انکو تابعی سمجھی کہا ۱۱۷ھ ایک سو سترے مین انتقال فرمایا۔
۲۳۵ھ - النعمان بن بشیر رض جو بوقت رحلت رسول صلعم آٹھ برس کا تھا ۶۴ھ چونسٹھ مین مروان کے حکم سے مقتول ہوا۔
۳۶۵ھ - حکیم بن حزام رض کے ایک سو بیس ۱۲۰ برس کی عمر مین انتقال فرمایا۔
۲۷ھ - حضرت عمرو بن ابی سلمہ رض نے کہ آنحضرت صلعم کے وقت مین نو برس کا تھا ۸۳ھ تراسی مین انتقال فرمایا۔
۳۰۶ھ - حضرت عبداللہ بن ابی اوفی رض نے ۸۶ھ یا ۸۸ھ ستاسی مین کوفے مین انتقال فرمایا۔
۱۰۱ھ - عبداللہ بن السحر الصحابی رض نے ۸۸ھ مین انتقال فرمایا۔

**ایقاظ فہم** - ان کل بزرگون مین نظر کرکے - ہمارے تذکرۃ المذاہب کے ۲۷۸ صفحہ سے ۲۸۱ تک دیکھو - جسمین اکثر ان بزرگون کا نام پاؤ - پھر ۳۲۱ صفحہ کو بھی ملاحظہ کرو - پھر ۵۸۰ مین نظر کرکے کمالیت پیدا کرلو - تاکہ ہمیشہ مناظرہ مین دندان شکن جواب دیکر غالب رہو -

**دفع دخل** - اگر کوئی کہے کہ امام صاحب کے زمانہ تک صحابی کے رہنے سے

ولم علیھا سویقا وتمرا وقال ان سبعت لك سبعت لصواحبك

۱۲۱ - ابوحنیفہ عن الھیثم عن انس قال خرج النبی صلعم للیلتاین خلتا من شھر رمضان الخ۔

۶۸ - ابوحنیفہ عن عکرمہ عن ابن عباس قال قال رسول صلعم امرت ان اسجد علی سبعۃ اعظم ولا اکف شعرا ولا ثوبا۔

۱۰۷ - ابوحنیفہ سمع عائشہ عجرد تقول قال رسول صلعم اکثر جند اللہ تعالی فے الارض الجراد لا آکلہ ولا احرمہ۔

۱۲۴ - ابوحنیفہ عن ابی الھذیل غالب بن الھذیل ان لنساء کن مع جنازۃ فاراد عمر ان یطردھن فقال رسول اللہ صلعم دعھن فان العھد قریب۔

**دفع دخل** اگر کوئی کہے کہ حضرت جابر بن عبد اللہ کی موت تو قبل اسّی کے ہوئی اور امام صاحب کی پیدائش اسّی مین ہوئی - پھر کیونکر روایت کرنا اُنکا اُنسے ثابت ہوسکتا ہے - **جواب** اِسکا کئی طرح پر ہے -

**اوّلاً** - امام صاحب کی پیدائش کو اسّی ہی مین ہوتا فرض کرکے اُسکو کالوحی من السماء سمجھ لینا - کون سی وحی من السماء سے ثابت ہے - اجی صاحب اِس تاریخ کو تو یہ مضمون ہے ۵ ولیکن قلم در کفِ دشمن است - کے چند معاندون نے امام صاحب کی تابعیت کو باطل کرنے کے واسطے اِنکے اصحابون کی طرف منسوب کرکے شہرت دیا - اور غیر معاندون نے بھی نقل کیا

عن ابی حنیفه عن جابر قال صلی رسول صلعم باصحابه الظهر
او العصر فلما انصرف قال من قرء خلفی سبح اسم ربک
الاعلیٰ فلم یتکلم احد فرد ذلک ثلاثا فقال رجل انا
یا رسول اللہ فقال قد رأیتک تخالجنی او تنازعنی القرآن من صلی
منکم خلف امام فقراءته له قراءة ف سبحان اللہ چہ خوب
ان تین حدیثون سے قرات خلف الامام کی منہی عنہ ہونا بخوبی ثابت
ہوگئی تب ہی امام الائمہ امام ابوحنیفہ رح نے قرات خلف الامام کو نادرست
فرمایا - اب ہم سبکو اس روایت کے غیر کی طرف ہرگز التفات نکرنا چاہیے
کہ وہ اسکے مقابلہ مین قابل اعتماد کے نہین ہوسکتی ہے - کہ اسمین باعث توسطات
بعید دکے رطب ویابس کی گنجایش ہے - خذہذا -

ص۱۲۴ - ابوحنیفہ عن علی بن الاقمر ان النبی صلعم کان یظل
صائما ویبیت طاویا ثم ینصرف الخ -

ص۱۲۴ - ابوحنیفہ عن علی الاقمر عن ابن عمر ان رسول صلعم
قال ان بلالا یوذن بلیل فکلوا واشربوا حتی ینادی ابن مکتوم
ف اس حدیث سے سحر گاہی کا اخیر رات کو کھانا حسب مذہب امام صاحب کے
ثابت ہوا -

ص۱۴۱ ابوحنیفہ عن ابراہیم ان النبی صلعم حج واعتمر اربع
عمر فقرن احدی عمرہ الا اربع حجہ -

ص۱۶۵ ابوحنیفہ عن الہیثم ان النبی صلعم لما تزوج ام سلمہ

کیونکہ اس قصے مین یہ چار بات ہین ایک اٹھہ دوسرا ستر تیسرا اسّی چوتھا
روایت کرنا۔ انمین سے فقط اسّی ایک طرف۔ اور باقی تین ایک طرف
فانظروا لمن الغلبۃ یا ایھا الاخوان فانظروا۔ ھذا احق الحقائق۔
استنبطتہ بتائید خالق الخلائق۔ خذہ یا ایھا الشائق۔ فانہ
ادق الدقائق۔

تنبیہ۔ اب ان تحریرات مذکورہ اور تقریرات مذکورہ سے امام صاحب
کی تابعیت کالشمس فی نصف النہار کیسی ثابت ہو گئی۔ نہ ابر و بادل
کیسی مزاحمت بھی باقی رہی۔ کیونکہ امام صاحب کی پیدائش علی الاختلاف اٹھہ[۶۱]
یا ستر یا اسّی۔ ہجری مین ہوئی کما مرّ ذکرہ۔ اگر اٹھہ[۶۱] کا اعتبار کیا جاوے
تو ہر چار طبقے کے صحابیون کی ملاقات سواے اسکے اور اور لاکھون اُن صحابیون
کی ملاقات (جنکی شمار مورخین کو معلوم نہین)۔ نصیب ہوئی۔ اور اگر ستر
کا اعتبار کیا جاوے۔ تو باقی تین طبقے کے صحابیون کی ملاقات اور سواے اسکے
اور اور ہزارون اُن صحابیون (جنکی گنتی مورخین کی کتابون مین آئی نہین)
نصیب ہوئی۔ اور اگر اسّی کا بھی اعتبار کیا جاوے تو بھی باقی دو طبقے کے صحابیون کی ملاقات ما سوا
اسکے اور اور سیکڑون اُن اصحابون کی ملاقات (جنکی تعداد مورخین کو معلوم نہین) بخوبی نصیب ہوئی
یہانتک امام صاحب نے بہتیری روایتین بھی صحابیون سے کین۔ چنانچہ بطور نمونہ کے چند روایتین مذکور ہو
پھر امام صاحب کی تابعیت مین کونسی بات باقی رہی سوا اسکے بڑے بڑے شاعرون نے بھی امام صاحب کی
روایت کرنے کو اپنے شعرون مین مندرج کیا چنانچہ بعض اُنمین سے ایک یہ ہے کفی النعمان فخرا مارواہ۔
من الاخبار من عدد الصحابۃ۔ کذا فی شرح الحصکفی حضرت تابعیت کی تعریف تو وہ ہے جسکو صحابی کی ملاقات

خیر بالفرض اگر یہ تاریخ صحیح بھی ہو تو بھی امام صاحب کی ان روایتون کو
اُس جابر کی طرف جو قبل پیدائش امام صاحب کے انتقال فرمایا منسوب کرنا
اور اُس سے تکذیب روایتون کو ثابت کرنا علماے غیر متبحرین بلکہ نادانون کا
کام ہی کیونکہ مورخین نے فقط ایک جابر کی تاریخ لکھی حالیکہ جابر فقط
ایک صحابی کا نام نہین ہزارون صحابہ کا نام ہی۔ چنانچہ فقیر نے جو پہلے طبقے
مین بارہ صحابیون کا نام ذکر کیا۔ اسمین بھی اسما ربن حارثہ دو صحابی کا نام
مشترک آگیا۔ جب بارہ صحابی مین دو صحابی کا نام مشترک ہوسکا۔ تو بارہ سو
صحابی مین کتنے صحابہ کا نام مشترک ہوسکتا ہی۔ جواب اِس اربعہ متناسبہ سے
۱۲ : ۲ :: ۱۲۰۰ : م = ۲× ۱۲۰۰ ÷ ۱۲ = ۱۲۰۰×۲ / ۱۲ = ۲۰۰
صحابہ کا نام مشترک ہوسکتا ہی۔ پھر لاکھون کروڑون صحابیون مین جابر کے نام
کا مشترک نہ سمجھنا محض بے وقوفون کا کام نہین تو کیا۔ بلکہ اِس آیت کا منکر
ہونا۔ قولہ تعالیٰ وکم اھلکنا قبلھم من قرنٍ ھل تحس منھم
من احد او تسمع لھم رکزا۔

ثانیًا۔ جب بہت سی کتابون سے روایت کرنا امام صاحب کا ثابت ہوچکا
پھر چند منکرین کے انکار سے کیا ہوسکتا ہی بلکہ قاعدہ المثبت مقدم علی
النافی کا دخل اسمین آجاتا ہی۔

ثالثًا۔ جب امام صاحب کی پیدائش علی الاختلاف ۶۱ اکسٹھ۔ ستتر۔ اسّی
مین ہونا اور روایت کرنا اُنکا حضرت جابر سے مسلّم و ثابت ہی۔ تو بخوبی
اُس جابر سے جو قبل اسّی کے انتقال فرمایا ملاقات اور روایت کرنا بھی ثابت

انه لقی جماعة من الصحابة وروی عنهم ولم یثبت ذلک عند اهل النقل انتهی کلامه۔ سواے اِسکے ابن خلکان اور امام نواوی اور امام یافعی و علی القاری حنفی اور محمد اکرام حنفی کا بھی یہ قول ہی جیسا معیار مین ہی۔ تم اِسکا کیا جواب دیتے ہو۔

**جواب** ہر چند کہ بعد اثبات دلائل تابعیت اور ایراد سند اِسکے کے مجھے حاجت رد کرنے اِن اقوال متعصبین کی تو نہ تھی۔ لیکن چونکہ نا فہم اِسکی دلیل لائے۔ اِسلیے اِسکی قلعی کھولنے کی ضرورت پڑی۔ بفضلہ تعالی اِس عبارت کا جواب اِسی عبارت سے کئی طرح پر نکالتا ہون۔ اور آسے پیش نظر ناظرین کے کرتا ہون۔ جس سے وے مارے خوشی کے باغ باغ ہو جاوین اور میرے لیے دعاے خیر مناوین۔

**اوّلاً**۔ یہ عبارت تو میرے ہی دعوی کی دلیل ہی نہ میان صاحب کی۔ بلکہ میان صاحب کا اِس عبارت سے امام صاحب کی عدم تابعیت کا استدلال کرنا۔ گویا اپنی خوش فہمی کا اقرار کرنا ہی۔ نے نے بلکہ معرکہ مناظرہ مین بے علمی کا علم اُٹھانا۔ کیونکہ اُسی عبارت مین اصحابہ یقولون انہ لقی جماعة من الصحابة وروی عنہم کی جو عبارت ہی وہ عبارت بڑے زور سے اِثبات پر دلالت کرتی ہی۔ کہ امام صاحب کے جم غفیر اصحابون نے امام صاحب کی لقی اور روایت کی شہادت دی۔ جب ایسے جم غفیر کی شہادت سے اُنکی تابعیت ثابت ہو چکی۔ پھر کیا سیکڑون برس کے بعد ابن طاہر یا اَور کسی کے انکار سے وہ شہادت شرعی باطل ہو جائیگی۔ لاحول ولا قوة

حاصل ہوئی۔ اِسکی تابعیت ثابت ہوئی۔ جب امام صاحب کو اتنے صحابیوں سے ملاقات حاصل ہوئی۔ پھر کیونکر تابعیت اِنکی ثابت نہوئی۔ باوجود اِسکے اِنکی تابعیت کا منکر ہونا۔ بعض متعصبین کے قول سے اُسکا انکار کرنا۔ گویا کل سیَر اور تواریخ کی کتابون کو یعنی ابوعبداللہ البخاری۔ خلیفہ بن خیاط۔ محمد بن سعد۔ یعقوب بن سفیان۔ ابوبکر بن ابی خیثمہ۔ ابوالقاسم البغوی۔ ابوبکر بن ابی داؤد۔ عبدان مطین۔ ابوعلی بن السکن۔ ابو حفص بن شاہین۔ ابوالمنصور الباوردی۔ ابوعبداللہ بن مندہ۔ ابونعیم ابوعمرو بن عبدالبر۔ ابوبکر بن فتحون۔ ابوموسی المدنی۔ عزالدین بن الاثیر ابوعبداللہ الذہبی۔ وغیرہم۔ کی تحریر اور تقریر اور کتابون کو خاک مین ملانا۔ بلکہ جلاکر راکھ کرنا۔ **اعتراض** اگرچہ تمنے بہت سے دلایل قویّہ۔ اور براہین جلیہ سے اپنے دعوی کو ثابت کیا۔ لیکن اکثر علماے محققین وفضلاے مدققین نے امام صاحب کی تابعیت کو انکار بھی کیا۔ حتّٰی کہ تمہارے حنفیون مین سے بھی شیخ ابن طاہر حنفی صاحب مجمع البحار نے انکار کیا۔ چنانچہ اِنکے تذکرۃ موضوعات کی اِس عبارت کو مولوی نذیر حسین میان صاحب نے اپنی معیار مین امام صاحب کی عدم تابعیت کی دلیل گردانا ہے۔ وکان فے ایام ابی حنیفۃ اربعۃ من الصحابۃ انس بن مالک بالبصرۃ وعبداللہ بن ابی اوفے بالکوفۃ وسہل بن سعد الساعدی بالمدینۃ وابوالطفیل عامر بن واثلہ بمکہ ولم یلق احد منہم ولا اخذ عنہ واصحابہ یقولون

بینہ کے مقابلہ مین بیکار ہے۔ صورت ثانی اور صورت ثالث کی شہادت تو شرع
مین بے اعتبار ہے۔ الغرض جس چیز کا وجود بینہ سے ثابت ہوگیا۔ پھر کسی کے
انکار سے اُسکا بطلان لازم نہین آویگا۔ چنانچہ اسکی دلیل تذکرۃ المذاہب
کے ۵۶۵ صفحہ مین حضرت علی رض کے قول سے ثابت ہوئی۔ جب امام
صاحب کی تابعیت جو بیّنہ قویہ یعنی اُنکے اصحابون کے قول سے ثابت
ہوچکی حتّٰی کہ معاندین بھی بقولہم اصحابہ یقولون کے اسباب کو اقرار کرتے
ہین۔ تب بعض منکرین کے انکار سے کیونکر باطل ہوگی۔ فنعم ما قال اللہ
تعالٰی۔ لیہلک من ہلک عن بینۃ یحیی من حیّ عن بینۃ۔
ثالثًا۔ اگر یہ شہادت جم غفیر اصحاب امام صاحب کی جو انکی روایت اور لقبیا
پر دی گئی جس سے تابعیت ثابت ہوتی ہے۔ مقبول شرع نہ ہوگی۔ تو شہادت
منفردی رواۃ صحاح کی جو چند متوسطین پر دار و مدار ہے کیونکر مقبول شرعی
ہوگی۔ ہرگز نہوگی ہرگز نہوگی۔ جب یہ شہادت رواۃ کی مقبول شرعی نہ ٹھہری
تو کُل حجّت آپکی پایۂ اعتبار سے گزر گئی۔ پھر آپکے علمون کا پتہ کہان۔ اور
انکے ثمرون کا ٹھکانا کہان۔ تب تو دھوبی کے گدھے کیسی سی نقل ہوئی۔ نہ گھر
کا نہ گھاٹ کا۔
رابعًا۔ باوجود ثبوت بلکہ اب غیر مقلدون کی شان مین یہ کہاوت صادق آئی
گھر مین رہے نہ تیرتھ گئے۔ مونڈ منڈا کر فضیحت بھئے۔ اصدق قولہ تعالٰی فی
کُل وادٍ یہیمون و اصحابہ یقولون الخ کے پھر لم یثبت لکھنا۔ اور اُسپر اعتقاد
کرنا۔ سراسر امام صاحب کے اصحابون کو جھوٹا سمجھنا۔ بلکہ حق کو ناحق اور ناحق

؎ برین عقل و دانش بباید گریست - ابھی صاحب امام صاحب کے اصحابون کی مجلس مین ایسے ایسے مورخین متاخرین کی گزر و گنجایش کہان جو اس شمع خلوت کا پروانہ بھی ہو سکے - پھر ایسے لوگو نکے انکار پر اعتماد کون کرے - ؎

باشمع خلوت ما پروانہ در نہ گنجد   در بزم آشنایان بیگانہ در نہ گنجد

کاش انکے میان صاحب صرف و نحو سے بھی کچھ موانست رکھتے - تو ضرور لفظ اصحابہ یقولون سے جو اس عبارت مین موجود ہی معنی جمعیت کے دریافت کر کے شہادت شرعی کو معلوم کر لے سکتے - تب تو لم یلق احدًا منھم ولا اخذ عنہ - اور لم یثبت ذلک عند اھل النقل کو جو محض خبر احاد بعض متعصبین متاخرین کی ہی - مقابلے مین شہادت جم غفیر اُن اصحابون کی جو ہمعصر امام صاحب کے تھے پیش نہین کرتے - اس سے میان صاحب کی حیثیت و لیاقت کی وسعت جسقدر ہی کھل گئی - اور امام صاحب سے اِنکی عداوت کسقدر ہی معلوم ہو گئی - ثانیاً جب ابن طاہر کو یہ بات ثابت ہو چکی کہ امام صاحب کے وقت مین چار صحابہ موجود تھے اور امام صاحب کے اصحابون نے انکی لقا اور روایت کی شہادت بھی دی - پھر کونسی وحی اِسکے نسخ پر نازل ہوئی - جسکے تکیہ پر یہ انکار کرتے ہین بھلا انکا یہ اِنکار کب قابل سماعت ہو گا - کیونکہ یہ قول تین حال سے خالی نہین - یا تو انکار ہی انکار ہی - یا شہادت علی الغیب ہی - یا شہادت علی النفی ہی - صورت اول مین تو بمضمون البینۃ علی المدعی والیمین علی من انکر - حلف درکار ہی - نہین تو مجرد بولنا یا لکھنا انکا محض بیکار ہی - بلکہ حلف منکر بھی

یحتمل الصدق والکذب کے۔ اور مضمون سے اذا جاء الاحتمال بطل الاستدلال کے علماے محققین اور فضلاے مدققین پر مخفی نہین۔ سواے اسکے مخبر اوّل نے اس قول کو دیانت وامانت کی جہت سے کہا۔ یا تعصّب وعداوت سے۔ اگر ثانی ہی تو یا یہ اعتبار سے خارج ہی جیسا ابن خلطان وامام نواوی وغیرہما کا قول جسکو آپکے میان صاحب دلیل لائے۔ اگر اوّل ہی تو بھی قابل وثوق کلّی کے نہین۔ کیونکہ وہ مخبر اوّل اگر امام صاحب کا ہمعصر بھی ہوتا تو بھی امام صاحب کے ساتھ رات دن ہر آن وزمان مثل ہمزات ونسایہ انکے کے رہنے سے رہا۔ پھر اُسکے عدم لقی وعدم روایت کی شہادت کیونکر مقبول شرعی ہو سکے۔ اور کون احمق اُسکو اعتبار کرے۔ کیونکر ہو سکتا ہی کہ اسکے غیبوبت مین کسی صحابی کی ملاقات ہوئی ہو۔ یا اسکے روبرو مین بھی ملاقات ہوئی ہو۔ لیکن وہ اُس صحابی کی صحابیت سے مطلع نہو۔ جیسا چند آدمی ملکر کسی تماشگاہ یا بازار مین سیر کو جاتے ہین اسمین بعض کو بعض کے ساتھ ایسی ملاقات ہو جاتی ہی۔ دوسرے کو خبر تک بھی نہین ہوتی ہی۔ اگر ہو بھی پر اسکے عدم معرفت اور عدم شناخت کی وجہ سے اس بعض کی لقی کا انکار کرتے ہین۔ اسی طرح سے مخبر اوّل نے بھی عدم لقی کی خبر ظاہر کی ہو۔ اور اہل نقل اسکو نقل کرتے رہین۔ ہون۔ کچھ بعید نہین۔ کیونکہ جب ہمکو روایت کرنے کی شہادت ملی۔ تب منکرین کے قول کو رد کرنے کی ضرورت پڑی۔ اگر کہو جانب آخر کے ناقلون مین بھی یہ احتمالات موجود ہین۔ تب اذا تعارضا

اور ناحق کو حق یقین کرنا - العیاذ باللہ - سواے اسکے یہ قول لم یثبت تخلی بحکم ہی اسپر نازان ہونا احمقون کا کام ہی کیونکہ اس لم یثبت کا بطلان اسی عبارت سے بہت ہی عیان ہی حاجت بیان نہین - کیونکہ جملہ اصحابہ یقولون الخ صاف اس بات پر گواہی دے رہی ہی کہ اکثر اہل نقل نے امام صاحب کی لقی اور روایت کو ثابت کیا - اسلیے یہ جملہ اصحابہ یقولون الخ کی کتابون مین شائع و ذائع ہوئی پھر اہل نقل کے دوسرے فریق نے اسکا انکار بھی کیا - جب ایک فریق نے ثابت کیا - اور دوسرے فریق نے رد کیا - تب لم یثبت کا لکھنا تحکم نہین تو کیا - بلکہ تکذیبین کی خبر احاد کو کالوحی من السما سمجھنا - اور شہادت شرعی مثبتین کو لاشئی تصور کرنا - ع ببین تفاوت رہ از کجاست تا بہ کجا - اگر سچ پوچھیے تو عدل و انصاف و عقل و فہم کی کارگزاری تو یہ ہی کہ جہان کہین اہل اثبات اور اہل نفی کے درمیان مخالفت واقع ہو تو بمضمون المثبت مقدم علی النافی اہل اثبات کی ترجیح ہو -

**خامسًا** علی ہذا القیاس قولہ و لم یلق احد منہم کا بطلان بھی ماسواے دلائل بالا تقدم کے فقط عقل سے بھی ایسا ثابت ہی جسمین نقل کی گنجایش باقی نہین رہ سکتی ہی پھر اسمین اہل نقل کی نقل کا کیا اعتبار - کہ اہل بصارت کرے اسکو اختیار - وہ بطلان عقلی یہ ہی کہ کوئی اہل نقل ان منکرین مین سے امام صاحب کے ہمعصر تھے ہی نہین بلکہ سواے اسکے نہین ہی کسی مخبر کی خبر کو نقل در نقل کیئے گیے - اور اس مخبر اول کی خبر کسقدر قابل تصدیق ہی مضمون سے حدیث لیس الخبر کالمعاینة کے - اور قول سے الخبر

تنبیہ جب مین ابن طاہر کی عبارت کو تخطیہ کامل کر چکا۔ تب اُس سے
ابن خلکان اور امام نواوی وغیرہما کی عبارت کا تخطیہ بھی باجمال حاصل ہوا
کہ عبارت کُل کی ایک ہی ہی۔ اب باقی رہ گئی یہ بات کہ ابن طاہر نے
باوجود حنفیت کے کیون ایسا لکھا۔ جواب اسکا یہ ہی کہ یہ ناقل ہی اور
نقل کفر کفر نباشد سے انپر چندان الزام نہین ہوسکتا ہی۔ کیونکہ ہوسکتا ہی
کہ اُنکی نظر اور اُنکی ہم نسلن کی نظر فقط معاندین منکرین کی کتابون پر پڑی
ہوگی۔ اسلیے ایسی خطا اِنسے سرزد ہوئی۔ س ہ
خطا کردن بقولِ دشمنان گوش کہ عہدِ دوستان کردی فراموش
کیونکہ ابن طاہر کی یہ عبارت بعینہ ابن خلکان شافعی جنہنے ۶۸۱ھ مین انتقال
فرمایا انکی وفیات الاعیان مین ہی۔ اور امام نواوی شافعی جنہنے ۶۷۶ھ
مین انتقال فرمایا انکی تہذیب الاسماء مین۔ اور امام یافعی شافعی جنہنے
۷۶۸ھ مین انتقال فرمایا انکی مرأت الجنان مین ملی۔ جسکو آپکے میاں صاحب
نے جدی جدی دلیل جانکر اپنی معیار مین نقل کیا۔ حالانکہ یہ ایک ہی دلیل ہی
کہ ہر متاخر نے اپنے تقویت مذہب کے لیے ہم مذہب متقدم سے نقل کی۔
اسی طرح سے ابن طاہر نے بھی جنہنے ۹۸۶ھ مین انتقال فرمایا۔ بلا تحقیق و
تدارک کے انکی کتابون سے وہی عبارت کو نقل کیا۔ علی ہذا القیاس اکثر
حنفیون کا یہ ہی حال۔ اور بہتون کی ایسی ہی قیل و قال۔ چنانچہ علی
القاری حنفی نے جنہنے ۱۰۱۴ھ مین انتقال فرمایا۔ اپنی شرح شرح النخبۃ
مین اور محمد اکرام حنفی نے امعان النظر و توضیح نخبۃ الفکر مین امام سخاوی

لتساقطا کے اعتبار سے دونون فریقون کا قول ساقط الاعتبار ہی۔
**جواب** مین الحمد للہ کہونگا کہ جب تمہارے اعتراض سے جانب آخر کے اہل نقل کی نقل کا ثبوت پا یا گیا۔ تب تمہاری دلیل ولم یثبت عند اہل النقل۔ وغیرذالکسکی تکذیب اور اِس قول کے بطلان مین جو ہماری استدلال ہی اِسکی تصدیق بخوبی ثابت ہوگئی۔ جب قول منکرین ولم یلق ولم یثبت۔ باطل ٹھہرا۔ تب وہ معارض شئی موجود بالبیّنہ کا نہوسکا۔ ہان قاعدہ تعارض اِس محل مین جاری ہوتا ہی جہان کہین دونون طرف دلیل مساوی موجود ہوئے۔ یہان منکرین کو سوائے اِنکار بلا حلف کے بیّنہ کہان جو تعارض کا قاعدہ پیش آوے۔ اگر مجرد انکار بیّنہ کا معارض ٹھہرے۔ تو کل بیّنہ مدعی کا دار العدالت مین ساقط الاعتبار ٹھہرے۔ تب تو ہر منکر فقط انکار سے مقدمہ جیت لیوے۔ یہ خلاف عقل ونقل کے بات ہی۔ ہان نادانون کے خیالات ہین۔ ؎

خیالات نادانِ خلوت نشین　　　بہم بر کند عاقبت کفر و دین

**سادسًا** علی ہذا القیاس قولہ وکان فی ایام ابی حنیفۃ اربعۃ من الصحابۃ کا بطلان یعنی امام صاحب کے وقت مین فقط چار ہی صحابہ تھے اِسکے حصر کا بطلان بھی ظاہر و باہر ہی کیونکہ سوائے اِن چار کے اور اکو سیکڑون ہزارون لاکھون صحابہ امام صاحب کے زمانہ تک ذی حیات موجود تھے چنانچہ اُنمین سے بعض کا ذکر ہمنے ابھی پہرے اور جو تھے طبقے ہین کر دیا ہی۔ پھر اِسکے حصر کا ادّعا ہوا کی طرح اُڑ گیا۔

معاندین کی سرکوبی کے لیے خدا کے فضل وکرم سے اسکا جواب بھی اسی عبارت سے نکالتا ہون - اور دوستون کے لیے تحفہ بھیجتا ہون - حضرت آپکے میان صاحب نے محال کیا ثابت کیا - بلکہ اپنی ہی کوتاہی عقل اور نافہمی نقل کو ثابت کیا - کاش کہ میان صاحب محال کے معنی سے واقفیت رکھتے - اور تواریخون کی عبارتون کو سمجھتے - (کہ محض خبر احاد احتمالی و باہم متضاد ہی) تو ایسی خفت عقل کی بات نہ فرماتے - نہ لفظ محال کا ایسے محل مین اطلاق کرتے - اجی حضرت محال تو اُسوقت مین ثابت ہوتا - جس وقت حضرت جابر رض کی موت ایسی کوئی تاریخ متعین مین جو قبل تاریخ پیدائش امام صاحب کے ہی - بالیقین ثابت ہوتی - یہان تو جانبین کی موت وحیات مین اختلاف ہی اختلاف ہی - اور اختلافات مین احتمالات ہی اور بمضمون اذا جاء الاحتمال بطل الاستدلال احتمالات مین امر تیقن کہان - جو محال ثابت ہوے - بلکہ نقلی اور روایت بہت ہی ممکن وغیر محال ہی - فقط تعصب نہبی سے اسطرح کی قیل وقال ہی - کیونکہ جب علی الاختلاف امام صاحب کی پیدائش اکسٹھ یا ستر یا اسّی مین ہوئی - اور دلیل تمہارے میانصاحب کی بھی حضرت جابر رض کی موت علی الاختلاف اُرسٹھ یا ستر یا اٹھتر یا کچھ اوپر ستتر یا اُناسی مین ہوئی - تب تو نقلی بخوبی ثابت ہوگئی پھر محال کیونکر ثابت ہوا - اگر کوئی امام صاحب کے اکسٹھ اور ستر مین پیدا ہونے کو انکار کرے - تو خصم کو بھی گنجائش ہی کہ مورخین کی اُن کل تاریخون کو (جو خود ہی آپسمین متخالف ومتضاد ہین) لاشی سمجھکر انکار کرے - اور اُنکی غیر تاریخ کو صحیح جانے - فی الواقعہ یہ ہی صحیح ہی کہ یہ تواریخین خود ہی

شافعی المذہب سے جو ۳۳۶ھ مین انتقال فرمایا ۔ اس عبارت کو بلا تدارک نقل کیا
جسکو میانصاحب نے دلیل گردانا جب اس نقل کی اصل کی بنا تعصب
مذہبی سے ہوئی ۔ تب اس سے حنفیون کو الزام دینا محض پوچ ولچر بات ہی ۔
چونکہ اس تعصب کی بات کو ایک مرتبہ مینے فصل سوم کی پانچوین گذارش مین لکھا
اسلیے وہانپر مراجعت کرنے کی برارت دیا ۔ **سابعًا** امام یافعی شافعی نے تو اعتماد
کلی اور اعتقاد جلی سے امام صاحب کی تابعیت کی شہادت مین یہ عبارت مراۃ الجنا
(ن) وکان قد ادرک اربعۃ من الصحابۃ الخ لکھی حتی کہ جس قول سے عدم تابعیت
ثابت ہوتی ہی اسکو غیرون کی طرف منسوب کرکے قال بعض اصحاب التاریخ ولم یر احدا منهم
ولا اخذ عنه کہا ۔ تاکہ لوگ اسکی سند نہ پاوین بلکہ اسکو ضعیف سمجھین ۔ مع ہذا انکے قول کو عدم
تابعیت مین سند گردانتا ۔ نافہمی عبارت کا اقرار کرنا ہی سچ ہی مطلب فہمی کچھ اور ہی نقل نویسی کچھ اور
مورکی تواند کہ سلیمان شود ۔ **اعتراض** اجی صاحب حنفیون نے جن جن صحابیون سے
امام صاحب کی لقا وروایت ثابت ہی کہا ۔ میانصاحب نے اپنے معیار مین تاریخون سے
اسکا محال ثابت کیا ۔ حتی کہ شامی نے اس قول کو واعترض بانہ مات
قبل ولادۃ الامام لسنۃ انتہی اور ابن شاہین کے اس قول کو ہذا
وهم صریح فان جابر بن عبد الله باتفاق الروایات مات فی
بضع وسبعین الخ ۔ اور امام نوادی کے اس قول کو توفی جابر بن عبد اللہ
بالمدینۃ سنۃ ثلاث وسبعین وقیل ثمان وسبعین وقیل
ثمان وستین الخ ۔ اپنے دعوی کی دلیل گردانا ہی ۔ پھر اسکا جواب تم کیا دیتے ہو
**جواب** ہرچند بعد ثبوت تابعیت کے اسکا جواب دینا عبث سمجھتا ہون ۔ لیکن

دقایقون وغوامضون کو سمجھنے کے لیے مدّت مدید وعلم مزید چاہیے ؎
سالہا باید کہ تا یک سنگ اصلی ز آفتاب لعل گردد در بدخشان یا عقیق اندر یمن۔
سوائے اسکے جابر بن عبداللہ رض کے ہم نام سیکڑون صحابہ ایسے تھے
(کہ مورخون کو انکے حالات سے اصلا اطلاع نہین) شاید امام صاحب نے
اُن مین سے کسی سے روایت کیا ہو۔ اسلیے خوارزمی و عقود الجواہر وغیرہما
مین امام صاحب کا روایت کرنا صحابی سے ثابت ہے اور ناظاہر نہین کہ مثبتین
کا قول منکرین کے قول سے معتبر تر ہے۔ کہ اسمین المثبت مقدم علے
النافی شاہد ہے۔ کما مرّ ذکرہ۔

**اعتراض** خوارزمی جو امام صاحب کی مسانید مشہور ہے وہ تو ابو حنیفہ کی بذات
خود جمع کی ہوئی نہین بلکہ خوارزمی نے امام کے اُن مسانید کو جو کئی شخصون نے
علیحدہ علیحدہ جمع کر رکھا تھا ۶۷۴؁ھ مین جمع کیا اسکا کیا اعتبار ہے۔

**جواب** اجی صاحب اگر اسکا اعتبار نہو تو صحاح کا بھی اعتبار نہوگا۔ کیونکہ
صحاح کی حدیثین جو قال النبی صلعم مشہور ہین وہ تو رسول خدا صلعم کی بذات
خود یا صحابی کی بذات خود جمع کی ہوئی نہین۔ بلکہ صاحبان صحاح نے بعد دو
ڈھائی سو ۲۰۰ ۲۵۰ برس کے جمع کیا۔ پھر اسکا کیا اعتبار ہے العیاذ باللہ۔ علی ہذا القیاس
اگر خوارزمی کا ۶۷۴؁ھ مین تالیف ہونے کے سبب سے معتبر نہونا ثابت ہو۔ تو
ابن خلکان و ذہبی و یافعی وغیر ذلک کی تاریخ جو صدی ۶۷۴؁ھ کے آگے پیچھے
تالیف ہوئین بطریق اولی معتبر نہونا ثابت ہو۔ پھر انکی دلیل لانا کیا حضرت
جابر رض نے اپنی موت کی تاریخ کو بذات خود لکھا تھا ؎ برین عقل و دانش بباید گریست

اپنی غلطی کو اگا رہی ہین کہ جب حیات و موت کی تکرار عقلاً ونقلاً وشرعاً و عرفاً متصور نہین۔ تب شخص واحد کی موت و حیات مختلف تاریخون مین کیونکر متحقق ہوسکتی ہین۔ تو ظاہر نہین کہ اسطرح کے موضع اختلاف مین احد الاقوال کے صدق سے دوسرے اقوال کا کذب علی سبیل البدلیت لازم آتا ہے اور کل تاریخون کا صادق ہونا محال ہے کہ موت و حیات دو تین بار نہین ہوتی ہین۔ اما کل کا کذب ہونا محال نہین بلکہ ممکن ہے کہ انکا غیر کوئی تاریخ صحیح ہو اور وہ تاریخ امام صاحب کی تابعیت کی خبر دیتی ہو۔ اگرچہ اِس قسم کی خبر کو امام صاحب کی تابعیت کو اڑانے کے واسطے ابن شاہین وغیرہ نے ھذا وھم صریح اور وھم من قال سنة سمانین وغیر ذلک کہکر مشہور کرتے ہین

بے ہنران صد حیل آرند پیش تا زود کار ہنرمند پیش

لیکن اس سے ہوتا کیا۔ اور بگڑتا کیا۔ جب ان مورخین کا جنازے مین حضرت جابر رض کے شریک ہونا محال ثابت ہے پھر انکے قول سے اُن متقدمین کے قول کو (جس سے امام صاحب کی تابعیت ثابت ہے) وہم سمجھ لینا۔ اور انکے قول کو وہم نہ سمجھنا یہ خود بڑا وہم ہے۔ بلکہ کل متاخرین کا متقدمین کے قول کو وہم صریح کہنا بھی وہم ہے۔ اور اسطرح کی دہمی بات سے محال ثابت کرنا وہمیون کا کام ہے۔ اور کیون جانتے ہو خود تمھارے ابن شاہین نے بھی وہم سے اتفاق روایات کا دعویٰ کیا۔ حالانکہ تمھارے ہی تینون مورخون کے کلام سے بھی اختلاف روایات کا ظاہر ہے۔ پھر اتفاق روایات کا دعویٰ کرنا وہم نہین تو کیا۔ قولہ تعالیٰ اتأمرون الناس بالبر وتنسون انفسکم خذ هذا کیونکہ ان

بھی امتحان کر لو۔

**اعتراض** اجی صاحب کیا ٹنٹر آتے ہو۔ اگر سچ کہو تو۔ ائمہ اربعہ پر اجتہاد کا ختم سمجھنا۔ اور کسی کو انکی برابر نہ جاننا۔ ان چار کے سوا اور کسی کی تقلید نہ کرنا۔ یہ تمہارے کُل حنفیوں کی جہالت و بدگمانی ہی نہین تو سیکڑون مجتہد انکی برابر موجود تھے چنانچہ معیار کی اس عبارت سے ثابت ہی دیکھو۔ ایک انمین سے امام عالی مقام ابو ثور ہین کہ تھے وہ ابتدا مین حنفی المذہب پھر شافعی مذہب کو ترجیح دے کر اختیار کیا۔ بعد اسکے بذات خود تبحر حاصل کر کے مجتہد مستقل متبوع المذہب ہوئے الخ۔ اور ایک انمین امام المحدثین حامل رایت رسول صلعم محمد بن اسمٰعیل بخاری ہین اجتہاد مستقل کا انکا ناظر صحیح اُسکے پر مخفی نہین ہی (تا) کہا ابو مصعف نے کہ محمد بخاری ہماری دانست مین زیادہ تر ہین علم فقہ و حدیث مین امام احمد بن حنبل سے۔ اور کہا کہ اگر پاتا مین امام مالک کو اور دیکھتا طرف اُسکے اور طرف محمد بخاری کے تو بیشک کہتا کہ دونون برابر ہین فقہ اور حدیث مین (تا) قتادہ نے کہا کہ بخاری کو امام احمد سمجھ لے۔ اور اسحٰق بن راہویہ سمجھ لے۔ الخ۔ ایک انمین سے داؤد ظاہری ہی کہا امام یافعی وغیرہ نے کہ داؤد ظاہری مجتہد مستقل ہے۔ اور علم حاصل کیا تھا اسحٰق بن راہویہ اور امام ابو ثور سے اور امام شافعی کی طرف بہت میلان رکھتے تھے۔ وغیر ذلک (تا)۔ ابطال حصر مذاہب اربعہ بنظر اوّل اسی قدر مین حاصل ہو گئی ہی انتہٰی کلامہ مختصراً۔

**جواب** بفضلہ تعالیٰ اسکا جواب بھی اسی عبارت سے کئی طرح پر نکالتا ہون۔

اجی صاحب اور سنو جب تمنے اِس بات کا اقرار کیا۔ کہ خوارزمی نے امام کے اُن مسانید کو جو کئی شخصون نے جمع کر رکھا تھا۔ جمع کیا۔ تب اس سے صاف ظاہر ہی کہ قبل خوارزمی کے امام صاحب کا مسانید مدون تھا تب ہی تو خوارزمی نے جمع کیا۔ پھر اُسکو خوارزمی کی طرف منسوب ہونے سے ضعیف ٹھہرانا تمھاری کوتاہی عقل یا التعصّب نہیں کا نتیجہ ہی۔ کیونکہ جب تمنے اور تمہارے میان صاحب نے خوارزمی کے ہمعصر ابن خلکان ولنوادی ویافعی کے قول سے اپنے زعم مین امام صاحب کی لقی کو محال ثابت کرکے ہمکو الزام دیا۔ پھر کیونکر تم لوگون نے خوارزمی کے قبل جو مسانید مدون تھی اسکو بے اعتبار سمجھا ؎ برین عقل و دانش بباید گریست۔ سبحان اللہ کیا خوب ابتو معاندین کے کلام سے بھی مسانید مذکور کا معتبر ہونا سمجھا گیا ؎ عدو شود سبب خیر گر خدا خواہد۔ سوا اسکے امام شعرانی نے اپنی میزان مین

کل حدیث وجدناہ فے مسانید الائمۃ الثلاثۃ فھو صحیح الخ

لکھا جسکو مین اپنے تذکرۃ المذاہب کے ۱۰۴ + ۲۰۴ صفحہ مین دلیل لایا۔

الغرض مسانید امام کا وجود موجود ہونا اور اسمین روایت کرنا امام صاحب کا صحابہ سے ثابت ہی۔ پھر چند منکرین موّرخین کے انکار سے امام صاحب کا عدم روایت کرنا صحابہ سے ثابت نہین ہوسکتا ہی۔ ھذا ھو المراد فندفع منا الفساد۔ اجی صاحب تم جس جس کلام و دلیل سے ائمہ اربعہ خصوصًا امام الائمہ امام ابوحنیفہ رح کی افضلیت کو گھٹاؤگے یا غیر کے ساتھ انکی مساوات ثابت کروگے بفضلہ تعالیٰ مین اسی دلیل و کلام سے امام صاحب کی کرامت و افضلیت ثابت کرونگا۔ ہاتھ دیکھن کو آرسی کیا۔ میری تحریرات مین دیکھتے تو ہو۔ جی ہا ہے اور

**اقول** اگر اس سے امام ابو ثور کا برابر ہونا ساتھ امام اعظم صاحب کے ثابت ہووے۔ تب تو تم اور تمھارے میانصاحب بلکہ کل غیر مقلدین متھوون کو جو تقلید کو چھوڑ کر ٹین ٹین کر رہے ہین۔ اور حاطب اللیل کا سا نشر القرونی کتابون مسائل استخراج کر کے اپنے کو مجتہد مستقل سمجھتے ہین۔ امام اعظم صاحب کا برابر ہونا لازم آوے۔ کہ تم سب بھی ابتدا مین حنفی تھے پھر بزعم خود مجتہد بنے۔ بلکہ اگر اسی طرح کی مساوات بعضیہ سے مساوات کلیہ خفیفہ ثابت ہووے۔ تو معاذ اللہ ہر کوئی مثل کفار کے حسب آیت مَا هٰذَا اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يَاْكُلُ مِمَّا تَاْكُلُوْنَ مِنْهُ وَيَشْرَبُ مِمَّا تَشْرَبُوْنَ۔ اپنے کو پیغمبر کا مساوی ثابت کر سکے کیونکہ ناک و کان و ہاتھ و پائون وتن و بدن و کھانا پینا وغیر ذالک دونون مین مساوی موجود ہین العیاذ باللہ۔ عجب نہین کہ تمہارے میانصاحب نے اس عبارت سے اپنے دل مین یہ مضمون ٹھانا ہوگا کہ جب وہ مرینگے لوگ انکو بھی مثل ابو ثور کے امام صاحب کی برابر سمجھینگے۔ کیونکہ انکے شاگردون نے بھی انکی شان مین بہت کچھ کاغذات سیاہ کیے۔ حضرت ایسی مساوات کو تو گھر مین رکھ چھوڑو۔ اور کچھ دلیل ہے تو لاؤ۔ اجی صاحب ابو ثور وغیرہ کو مجتہد مستقل کہنا کیا جیسا امام فخر الدین رازی وغیرہ کو امام مستقل کہنا اس سے ائمہ اربعہ کی مساوات ثابت نہین ہوسکتی ہے۔ بالفرض اگر چند ائمہ مثل ابو ثور وغیرہ کے ہو بھی گئے ہون۔ لیکن جب انکا مذہب مدون باقی نہ رہا۔ بلکہ منقرض ہوگیا۔ پھر ائمہ اربعہ کے مدون مذہب کے ساتھ مساوات کا دعوی کرنا قیاس مع الفارق کو دخل دینا ہے۔ اب غور کرکے دیکھیے تو حنفیون کی جہالت

اور بتحت قولہ قولہ لکھ لکھ کر دوستون کو اسکی خوبی دکھلاتا ہون - **قولہ** ایک زمانہ سے امام عالی مقام ابو ثور ہین الخ (تا) اختیار کیا - **اقول** اسکے جواب مین الحمد للہ کہکر یہ مصرعہ پڑھتا ہون ؎ عدو شود سبب خیر گر خدا خواہد - کہ اس عبارت سے تم ہمکو کیا الزام دینے آئے ہو - بلکہ تم بھی خود اپنے الزام پانے کا اقرار کرتے ہو - لیکن بمضمون وعلیٰ ابصارھم غشاوۃ اسکو نہین دیکھنے پاتے ہو - کیونکہ تمھارے میانصاحب نے جب اس بات کا اقرار کر لیا - کہ امام ابو ثور حنفی المذہب تھا - تب تو ابو ثور کا مقلد ہونا ثابت ہو چکا مجتہد مستقل مطلق کا دعویٰ باطل ہو گیا - پھر تمنے ابو ثور کو امام صاحب کی برابر کیونکر سمجھا - کیا تمنے مقلِّد اسم فاعل اور مقلَّد اسم مفعول کو ایک برابر سمجھا - اگر ایسا تھا - پھر کیون مردانہ مناظرہ مین منھ دکھلایا - شرم سے برقعون مین کیون منھ نہ چھپایا - بھلا کچھ صرف و نحو بھی تو پڑھ کر آئے ہوتے - جس سے فاعل و مفعول کا تفرقہ حاصل کر سکتے - کاشکے تمکو علم ہوتا تو اس تقریر سے یہ بات بخوبی ثابت کر سکتے - کہ امام اعظم اور امام شافعی کا مذہب قبل امام ابو ثور کے مدون تھا تب ہی تو ابو ثور نے اسطرح کی تقلید کی تھی - سوا اسکے اس تقریر سے اُن لوگون کے قول کا بھی بطلان (جن لوگون نے بعد تین چار سو برس کے یعنی بعد از صحاح یہ چار مذاہب قرار پائے کہا) ثابت کر سکتا - کہ ابو ثور کا زمانہ قبل صاحبانِ صحاح کے تھا - اسلیے مین نے فصل اوّل کے دوسرے سوال کے جواب مین* قبل تدوین صحاح یہ چار مذاہب قرار پائے لکھا - **قولہ** بعد اسکے بذاتِ خود تبحّر حاصل کر کے مجتہد مستقل متبوع* المذہب ہوئے -

سوائے اِسکے امام بخاری رح تو خود امام شافعی رح کے مقلد ہین۔ کیا آپنے اِس عبارت کو مع سند تا حرص البخاری علی معارضۃ الامام ابیحنیفۃ بالاحادیث مہما امکنہ بدلیل ما اشتجن بہ صحیحہ فقط۔ جو اِس کتاب کے ۷۳ صفحہ مین۔ برہان شرح مواہب الرحمن سے نقل ہوئی ہی نہین دیکھا۔ اِس سے صاف ظاہر ہی کہ بخاری رح شافعی المذاہب تھے نہین تو امام مستقل کو اتنی شدت اتباع کی ضرورت کیسی سوائے اِسکے مولانا شاہ ولی اللہ صاحب نے اپنی کتاب انصاف مین یہ عبارت لکھی۔ ومن ہذا القبیل محمد بن اسمٰعیل البخاری فانہ معدود فے طبقات الشافعیۃ ومن ذکرہ فے طبقات الشافعیہ الشیخ تاج الدین السبکی الخ پھر کیونکر بخاری رح کو امام مستقل بتاتے ہین۔ کیا جو جی مین آتا ہی سو کہا کرتے ہین بھلا کچھ سمجھ کو تو فرمانا چاہیے۔ انتہی بے شرمی اچھی نہین الحیاء شعبۃ من الایمان۔ کو نہ بھولیے۔ جب یہ بات ثابت ہوئی تب بے دھڑک مقلدین کو کافر و مشرک نفرمائے۔ کہ بخاری رح کو بھی کافر بنانا لازم آویگا۔ پھر آپکی شریعت کا حال کیا ہوگا۔ خذ ذا۔

**قولہ** اور کہا کہ اگر پاتا مین امام مالک کو (تا) تو بے شک کہتا کہ دونون برابر ہین الخ۔

**اقول** یہ قول بھی مثل قول مذکور کے مبالغہ ہی نہین تو مہمل ہی کہ قائل کا بن دیکھے امام مالک کو یہ بات کہنا کیسا جیسا کسی کا کلکتہ کی مدح مین یہ بات کہنا کہ اگر پاتا مین بہشت کو اور دیکھتا مین اِسکے اور طرف کلکتہ کے تو بے شک کہتا کہ دونون برابر ہین خوبی مین۔

آپ حضرت اِسطرح کے اقوال پر نازان ہو کر اِن بزرگون کو آئمہ اربعہ

و بدگمانی ہے یا آپکی اور آپکے میانصاحب کی۔ حضرت جن لوگون نے امام ابو ثور کو مجتہد مستقل لکھا۔ اُس سے مجتہد مطلق مُراد نہین بلکہ مجتہد منتسب مُراد ہے۔ اِسکی باقی بحث کو بارھوین سوال کے جواب مین لکھا ہے نظر فرمائیے۔

**قولہ** - ایک ائمین امام المحدثین حامل رایت صلعم محمد بن اسمعیل بخاری ہین (تا) امام احمد سے۔ **اقول** ابو مصعف کا یہ قول کیسا جیسا کوئی اپنے معشوق کے چہرہ کو آفتاب ماہتاب سے بہتر کہتا ہے اُس سے کوئی عاقل یہ نہین سمجھتا ہے کہ اِسکے معشوق کا چہرہ آفتاب و ماہتاب سے حقیقت مین بہتر و بڑھکر ہے۔ یہ ناہواتون کی سمجھ ہے کیا اسطرح کی بولی آپکے محاورے مین نہین ہے۔ حالانکہ بہت ہے۔ چنانچہ اگر آپ کوئی ذہین و فطین لڑکے کو دیکھتے ہین تو یہ کہتے ہین کہ یہ لڑکا شیخ بو علی سینا سے بھی بڑھکر ہے۔ لیکن اِس حقیقت مین بو علی سینا سے بڑھنا ثابت نہین ہوسکتا ہے۔ اگر ہوسکتا تو مبالغہ کیا ہوتا۔ کہ افضل کو افضل کہنے مین مبالغہ کیا۔ اور اگر مشبہ اور مشبہ بہ کے درمیان فرق نہو تو تشبیہ سے فائدہ کیا۔ اگر یہ مُراد نہ لیجاے۔ تو قتادہ کے اس قول کو کہ بخاری کو امام احمد سمجھے کہا۔ کیا کرو گے۔ کہ یہان سے تو افضلیت جاتی رہی مساوات آگئی۔ پھر دونون مین تطبیق کیسی ہوگی۔ اگر تم یہ معنی مرادی مُراد نہ لو۔ بلکہ معنی حقیقی یعنی افضلیت مُراد لو۔ تو ابو مصعف کو بے ادب سمجھو نعوذ باللہ کہ امام احمد رح اُستاد امام بخاری رح ہین اور شاگرد کو اُستاد پر ترجیح دینا گویا رق کو آقا پر ترجیح دینا ہے۔ اور اِس قول سے التلمیذ رق اہدیٰ لا یعتق الا بالموت رقیت شاگرد کی ثابت

آئمہ اربعہ خصوصًا امام الآئمہ سے مساوات حاصل کر سکے۔ فلا یتحقق المساواۃ بینھما فان بینھما بعد المشرقین لا لا بل المساواۃ بینھما کبین الارض والسماء۔ کیون نہو کہ اِس آیت سے وما ارسلنا من رسول الا بلسان قومہ لیبین لھم۔ آیمہ کو بھی اہل عرب سے ہونا چاہیے تا کہ عربی بولی کی ماہیت وحقیقت کو اچھی طرح سے بیان کر سکے پھر یہ کیفیت عجم کے آیمون مین کہان کہ برابری کرے آئمہ عرب کے ساتھ۔ **قولہ** ابطال حصر مذاہب اربعہ الخ **اقول** یہ ابطال تب ہی ثابت ہوتا۔ جب یہ ابو ثور و بخاری وغیرہما آئمہ اربعہ کے ساتھ برابر ہو سکتے۔ جب برابر ہونا ثابت نہو سکا۔ تب ابطال حصر مذاہب اربعہ کا کیا ثابت ہوگا بلکہ ابطال کے ابطال سے اثبات کا اثبات ثابت ہوگیا اور آپکے میان صاحب کا اِن آئمہ مذکورین کو عمومیت مین حدیث خیر القرونی قرنی کی داخل کر کے امام صاحب کی مساوات ثابت کرنا حمقا اولٰی کو دھوکا دینا ہے۔ کیونکہ زمانہ خیر القرونی قبل زمانہ اِن آئمہ کے منقرض ہوگیا کما مر ذکرہ [۱۳۳]۔ اور عمومیت کتاب اللہ مین فرد کامل مُراد ہے چنانچہ اِس امر کو مین نے ایک مرتبہ تبصرہ دوم مین تذکرۃ المذاہب کے ذکر کیا۔ اور امام الآئمہ کے افضل صحابہ رض کی تقلید نہ کرنے کی وجہ یہ ہے کہ انکا کوئی مذہب مدوّن نہین جسمین لوگ عمل کر سکے۔ چنانچہ مین نے اِس امر کو بھی تذکرۃ المذاہب کے تذکرہ ہشتم مین ذکر کیا۔ جب عدم تدوین کی وجہ سے صحابہ کی تقلید درست نہوئی پھر غیر مدوّن مذہبون کی تقلید کو کہ می پرسد اعتراض اچھے صاحب کیا تم بکتے ہو۔ تم کچھ تمھارے حنفی مولانا عبد العلی بحر العلوم کی طرح

کے برابر ٹھہرانا - جہالت آپکی یا حنفیون کی دیکھیے - اگر ساتوین گذارش مذکور کو نظر فرمائینگے تو کچھ لذت پائینگے ۔ **قولہ** ایک اُنمین سے داؤد ظاہری ہی الخ - **اقول** جب امام ابوثور کا امام صاحب کے ساتھ برابر ہونا ثابت نہوا - پھر اِنکے شاگرد داؤد ظاہری امام صاحب کی کیونکر برابری کرینگا **فائدہ جلیلہ** کاشکے آپ لوگ فہم کامل اور عقل شامل رکھتے - جس کی کہ اپنی بولی کے مضمون کو بھی بخوبی سمجھتے - تو ضرور اپنی اِس بولی اور دلیل سے بھی امام صاحب کی افضلیت بخوبی ثابت کرتے - کیونکہ جب ابوضعف وقتادہ ونافع وابن خلکان وخطیب بغدادی وغیرہم کی مدح سے امام ابوثور وامام بخاری وداؤد ظاہری وغیرہم کی اتنی فضیلت ثابت ہوئی - تو امام بخاری کے استاذ امام احمد بن حنبل اور امام احمد کے استاذ امام شافعی اور امام شافعی کے استاذ امام محمد اور امام محمد کے استاذ امام مالک رحمہم اللہ تعالی کی مدح سے امام الائمہ امام ابوحنیفہ رح کی افضلیت کسقدر ثابت ہی - استفت عن نفسك ولا تستفت علی غیرك سے دریافت کریجیے - **۵** معاند کو حکم ٹھہرانا یہ جرأت ہماری ہی - اور اِن آیتون کی تلاوت کیجیے اور اِنکے معنیون کو سمجھیے - قولہ تعالی رفع بعضکم فوق بعض درجات اور فضلنا بعضکم علی بعض اور فوق کل ذی علم علیم وغیر ذلک - سوا اسکے امام اعظم رح کی افضلیت کو مین نے نص قطعی خیر القرون قرنی ثم الذین یلونہم الخ - وغیر ذلک سے ثابت کیا - کما مر ذکرہ فی الفصل الثالث - پھر کیونکر آپکے ائمہ مذکورین میرے

اِس سے مین اپنا مدعا ثابت کر لیتا ہون۔ اور آپکو اُسی سے الزام دیتا ہون
اور آپ کے میانصاحب کا بحر العلوم کی شرح کو نہ سمجھنے کی کیفیت دکھلاتا ہون
**قولہ** مولانا عبد العلی (تا) شرح تحریر ابن الہمام مین فرماتے ہین واما
المجتہدون الذین اتبعوھم باحسان فکلھم سواء فے
صلوح التقلید بھم فان وصل فتوی سفیان ابن عیینہ او مالک
بن دینار یجوز الاخذ بہ کما یجوز الاخذ بفتوی الائمۃ الاربعۃ
الا انہ لم یبق عن الائمۃ الاخرین نقل صحیح الا اقل
القلیل ولذا منع من منع من التقلید ایاھم فان وجد
نقل صحیح منھم فی مسئلۃ فالعمل بہ والعمل لفتوی الائمۃ
الاربعۃ سواء انتہی۔ اور شرح مسلّم مین فرماتے ہین ثم فے
کلامہ یعنی ابن الصلاح خلل آخر اذ المجتہدون الاخرون
ایضا بذلوا جہدھم مثل الائمۃ الاربعۃ وانکار ھذا
مکابرۃ وسوادب بل الحق انہ انما منع من تقلید غیرھم
لانہ لم یبق روایۃ مذھبھم محفوظۃ حتّٰی لو وجد روایۃ
صحیحۃ من مجتہد آخر یجوز العمل بہا الخ **اقول** سبحان اللہ
کیا خوب اُلٹا چور کوتوال کو ڈانٹے ان عبارتون کے اندر الا انہ لم یبق الخ
اور بل الحق انہ الخ کی جو عبارت ہے وہ عبارت تو ہمارے ہی دعوی کی دلیل
ہے۔ نہ آپکی۔ پھر اِس سے آپکا کیا نکلا اگر فرمائے کہ سواء۔ فان
وصل الخ۔ اور حتّٰی لو وجد الخ سے میرا مدعا ثابت ہے۔

علم نہین رکھتے ہو۔ اُنہون نے خود ابطال حصر مذاہب اربعہ کا کیا۔ جسکو ہمارے
میاںصاحب اپنی معیار کے ۴۲ صفحہ مین دلیل لائے دیکھو۔ **جواب** ہان صاحب
بیشک ہمارے متقدم مولانا عبد العلی مرحوم کا علم ہمسے اور آپکے میاںصاحب
سے بہت بیشی ہے جیسا انکے متقدم کا علم اُن سے بیشی ہے۔ اسی طرح سے اُنکے
متقدم کے متقدم کا علم اُنکے متقدم سے بیشی۔ علیٰ ہذا القیاس تب امام الائمہ
کا علم اسی سلسلہ سے کسقدر بیشی ہے سمجھ لیجیے۔ ہرگز آیت ولا تنسوا الفضل
بینکم کو فراموش مت کیجیے۔ پھر اسکے بعد دوسرے کی تقلید نہ فرمائے۔
خذ واهذه لانها كفاية لمن له الدراية ۔ **قولہ** جسکو ہمارے
میاںصاحب نے دلیل ۔ **اقول** بمضمون الغریق یتشبث
بالحشایش۔ ڈوبنے کو تنکے کا آسرا بہت ہے۔ جب آپکے میاںصاحب
اپنے دعویٰ کی دلیل متقدمین کے اقوال سے نہ لا سکے۔ تب مضطر ہوکر محض
متاخرین مین سے مولانا عبد العلی کے قول کا آسرا پکڑا۔ کیون نہو آخر مُلّا کی
دوڑ مسجد تک سوائے تو نہین۔ اتنی خامی عامی پر بھی اتنے دعوے۔ ؎
در کفر ہم کامل نہ زنار را رسوا مکن۔ خیر اس سے ہمارا ہی نفع نکلا۔ آپکا اور
آپکے میاںصاحب کا کیا نکلا۔ کہ جب آپکے میاںصاحب ایسے متاخر عالم حنفی کا
مقلد ہونا ثابت ہوا پھر کل حنفیون کے امام ابوحنیفہ رح کی تقلید سے نفرت کرنا
کیسا ؎ برین عقل و دانش بباید گریست ۔ ؎ ببین تفاوت رہ از کجاست
تا بکجا ۔ ابھی صاحب اسطرح کی کتابون سے مسائل استنباط کرکے اپنے کو مجتہد
مستقل کہلانا ۔ حاطب اللیل کا سا عمل کرنا ہے ۔ لا حول ولا قوۃ خیر

الاجتهاد المطلق علی الائمۃ الاربعۃ ولم یوجد مجتہد مطلق بعدھم - اور حتی اوجبوا تقلید واحد من ھؤلاء علی الامۃ سے اجتہاد مطلق کا آئمہ اربعہ پر ختم ہونا اور تقلید انہین سے آپکی واجب ہونا۔ متقدمین کے اقوال سے ثابت ہونا ثابت ہوا۔ پھر انکا ھٰذا غلط ورجم بالغیب اور ھٰذا کلہ ھوس اور تحکم علی قدرۃ اللہ فرمانا خود یہ تحکم وزیادتی ہے کئی وجہون سے - ایک تو یہ متاخر ہین اور متاخر کا ایسا کلام متقدمین کی شان مین کہنا - انکے قول مذکور کے مطابق بھی مکابرہ اور سوء ادبی ہین - دوسرے - متقدمین کے مقابلہ مین متاخرین کا کلام کسقدر معتبر ہے کسی اہل علم پر مخفی نہین - تیسرے - بالفرض دونون مین تعارض کا بھی اعتبار کیا جاوے تو بھی تو بقاعدہ اذا التعارضا تساقطا دونون ساقط الاعتبار ہے - پھر اس سے آپکا کیا نکلا - چوتھے - جس کلام سے یعنی لا یقدرون علی ایراد دلیل - اور لم یاتوا بدلیل الخ سے مولانا بحر العلوم نے متقدمین کے کلام کو ضعیف ٹھہرایا - وہ ضعف تو انکے کلام مین بھی موجود ہے - کہ انہون نے بھی کچھ دلیل اپنے کلام پر نہین لایا بجز رجم بالغیب وتحکم علی قدرۃ اللہ کے اور یہ محبت عقلی غیر نقلی بھی الزام خصم کے لیے دلیل قوی نہین - کیونکہ قدرت ومشیت آلہی جیسا عدم اختتام مین متحقق ہے کہتے ہین - ویسا ہی اختتام مین بھی تو متحقق ہے - جب جانبین کو قدرت شامل ہے - پھر عدم کو وجود پر ترجیح دیکے وجود کا ابطال کرنا کیسا - کیا خدا کا امکان نہین کہ آئمہ اربعہ پر اجتہاد مطلق کو اختتام

کہونگا اِس سے میں اضرر کیا ۔ کیونکہ وہ متعلق بالشرط ہی اور شرط بھی تو لقوله لم یبق معدوم ہان آئمہ اربعہ کے مذہب کی طرح غیرون کا مذہب بھی مدوّن ہوکر چلے آتے اور لوگ اُسپر بلا تردد عمل کر سکتے ۔ ضرور ہم اسکو بھی مثل مذاہب اربعہ کے حق جان سکتے ۔ جب وہ موجود ہی نہین معدوم ہی معدوم ۔ پھر شئ موجود مذاہب اربعہ کے مقابلہ مین اُس شئ معدوم کو موجود فرض کرکے حصر مذاہب اربعہ کا بطلان ثابت کرنا گویا کل علوم متنا وله وفنون متعارفہ کی تحریرات و تقریرات کے حصر کا بطلان ثابت کرنا ہی ۔ کہ جیسا کل حصر اعتباری ہی ۔ ویسا یہ حصر بھی اعتباری ہی ۔ چنانچہ لولم تکن الاعتبا لبطلت الحکمة اسپر شاہد ہی ۔ خذ ہذا ۔ **قوله** چنانچہ شرح مسلم مین فرماتے ہین اعلم ان بعض المتعصبین قالوا اختتم الاجتهاد المطلق علی الائمة الاربعة ولم یوجد مجتهد مطلق بعدهم (تا) وهذا غلط ورجم بالغیب فان سئل من این علمتم هذا لا یقدرون علی ایراد دلیل اصلا ثم هو اخبار بالغیب وتحکم علی قدرة الله تعالی الخ **قوله** ثم ان من الناس من حکم بوجوب الخلو من بعد العلامة النسفی واختتم الاجتهاد به وعنوا الاجتهاد فی المذهب واما الاجتهاد المطلق قالوا اختتم بالائمة الاربعة حتی اوجبوا تقلید واحد من هؤلاء علی الامة وهذا کله هوس من هوسا تهم لم یاتوا بدلیل ولا یعبأ بکلامهم الخ ۔ **اقول** جب بحر العلوم کے اِس قول قالوا اختتم

عالم ربانی وفاضل حقانی مثل آئمہ اربعہ وصالحین خیر القرون کے دنیا مین
باقی نہین رہینگے۔ اورجو رہینگے مثل حفالہ وحثالہ کے رہینگے۔ نہین تو ان
احادیثون کے معنی کا منعکس ہونا لازم آویگا۔ العیاذ باللہ۔ کہ یہی حدیثین
بمضمون قولہ تعالیٰ وما ینطق عن الھوی ان ھو الا وحی یوحے
وحی من السماء ہی ہرگز منعکس نہوگا۔ ہان اُن حفالہ کے اندر سے
ایک طائفہ ظہور دجال وقیامت تلک اظہار اُس حق کو کرتے رہینگے جسکو
آئمہ اربعہ نے ثابت کیا۔ جیسا ماشاء اللہ علماے مقلدین کرتے آئے اور
کرتے ہین اور کرینگے۔ لقولہ النبی صلعم لا یزال الطائفۃ
من الناس ظاھرین علی الحق حتی یاتی امر اللہ او حتی یظھر
الدجال کذا مسلم وغیرہ۔ یہ طائفہ مجتہدین منتسبین الی المذاہب ہین۔
نہ مثل آئمہ اربعہ کے مجتہد مطلق مستقل ہین کما زعمہ الوھابیون۔ فاین
المساواۃ بینھم۔ فخذ ھذا فانہ نعم التطبیق بین الحدیثین۔
مما القاہ فی قلبی رب العالمین۔ اورسنئے اگر یہان عدم
اجتماع ثابت کرنے کے لیے قدرت خدا کو یاد کرکے دلیل گردانتے ہین۔ تو
اجتماع ضدین کے محال کہتے ہین کیون خدا کی قدرت کو بھولتے ہین حالانکہ
قولہ تعالیٰ یا نار کونی بردا وسلاما علی ابراھیم کو تلاوت کرتے
ہین۔ کیا اجتماع ضدین کرنا خدا کی قدرت سے باہر ہے العیاذ باللہ۔ پھر کیا
اجتماع کا محال ثابت کرتے ہین۔ کیا یہان تحکم علی قدرۃ اللہ تعالیٰ ثابت
نہین۔ اور متقدمین کے اِس کلام مین کہ آئمہ اربعہ کے بعد کوئی مجتہد مطلق پایا نہ گیا

کرے۔ جیسا نبوت کا اختتام خاتم النبیین پر کیا۔ حالانکہ یہ اختتام بدلیل احادیث
مفصل الذیل بہت ہی مدلل و موثق و اقرب الی القیاس ہے۔ چنانچہ جن جنکو
اللہ تعالی نے وسعت نظر عطا کی۔ اور اولہ منصوصیہ کے فہم کی بصارت دی۔
اور انکی علمیت کو رحمت الٰہی سے مدد ملی۔ وہ بخوبی ان احادیث مفصل الذیل
سے کہ بمضمون قد جاءکم بصائر من ربکم فمن ابصر فلنفسہ ومن
عمی فعلیھا وما انا علیکم بحفیظ۔ اختتام کو استنباط کر سکتے ہین۔ اور
کہتے ہین۔ جب وہ اختتام بدلیل قطعی ثابت ہوا۔ تو بحر العلوم کا قول کا
یقدرون الخ اور لم یالو الخ ہوا سا اڑ گیا۔ ابو بحر العلوم کا ھذا
کلہ ھوس الخ اور لا یعباء بکلامھم۔ وغیر ذلک فرمانا بخوبی زیادتی
ٹھہرا۔ بلکہ انکا یہ الفاظ بالعکس انہین پر صادق آیا۔ وے حدیثین یہ
ہین حدیث خیر القرون قرنی الخ وغیرذلک جو چھٹوین گذارش مین مذکور
ہوئین۔ اور حدیث قال النبی صلعم یذھب الصٰلحون الاول فالاول
ویبقی حفالۃ کحفالۃ الشعیر او التمر لا یبالیھم اللہ بالۃ رواہ البخاری
کذا فی المشکوٰۃ۔ اور حدیث قال النبی صلعم ان اللہ لا یقبض العلم
انتزاعا ینتزعہ من الناس ولکن یقبض العلم بقبض العلماء
فاذا لم یبق عالما اتخذ الناس رؤساجھالا فسئلوا فافتوا
بغیر علم فضلوا واضلوا رواہ ابن ماجہ والدارمی والبخاری وغیرہم۔ اور
ماسوائے اسکے صحاح کے باب الفتن اور باب التغیر الناس کی حدیثین۔ کیونکہ
یے حدیثین صاف دلالت کرتی ہین اس بات پر کہ بعد زمان مبشر بالخیر کے کوئی

مظہری مین - اور صاحب تفسیر احمدی نے احمدی مین اور صاحب میزان نے
میزان وغیرہ مین - اور صاحب النصاب نے النصاب وغیرہ مین - اور صاحب
شرح سعادت نے شرح سفر سعادت وغیرہ مین - اور صاحب دُرّ المختار نے
دُرّ المختار مین اور صاحب شرح عین العلم نے عین العلم مین - اور صاحب
عمدۃ المرید نے عمدۃ المرید مین اور صاحب ترصیع نے ترصیع مین - اور صاحب
جواہر الفتاوی نے جواہر الفتاوی مین - اور صاحب شرح جامع صغیر نے شرح
جامع صغیر مین - وغیرہم نے ذکر کیا - اور مین اپنے تذکرۃ المذاہب مین دلیل
لایا - اور ان سب کے خلاصہ کو محب اللہ بہاری نے امام الحرمین کی طرف منسوب کرکے
بہلا بقولہ قال الامام اجمع المحققون علی منع العوام من تقلید
الصحابۃ بل یجب علیھم اتباع الذین سبّروا وبوّبوا فھذبوا
ونقحوا وجمعوا وفرّقوا وعلّلوا وفصّلوا و علیہ ابتنی ابن الصلاح
منع تقلید غیر الائمۃ الاربعۃ لان ذلک لم یدثر فے غیرھم
بیان کیا - پھر مذہب مختلفہ شاذہ کی طرف فیہ ما فیہ سے اشارہ کیا -
جسکو بحر العلوم نے شرح کر دیا - اور آپ کے میان صاحب نے بلا سمجھے
اسکو دلیل کر دانا - حضرت وہ تو نہ مذہب بحر العلوم کا ہے نہ مذہب صاحب
مسلم کا ہے نہ وہ کوئی مفتی بہ مذہب ہے - ہان بعض اُن متخالفین کا
مذہب ہے جنھون نے بلا دلیل ہذا کلہ ہوس من ہوسا تہم و ہذا غلط وغیر ذلک
لکھا - اور اُن دلائل قویہ عقلیہ جلیہ - اور براہین نقلیہ نصیہ قطعیہ جمہوریہ
کو جو آگے گذرے مین اپنے تعصبات نفسانیہ سے محض لاشئی تصور کیا -

تحکم علی قدرۃ اللہ ثابت ہوا - واہ واہ کیا خوب - ای حضرت متقدمین تو ائمہ اربعہ کے مثل پیدا کرنے کو محال نہین فرماتے ہین بلکہ تجربہ سے پایا نہ گیا کہتے ہین - اس سے تحکم علی قدرۃ اللہ ہی - کیونکہ خدا تو آسمان کو زمین زمین کو آسمان آگ کو پانی پانی کو آگ چاند کو سورج سورج کو چاند غروب کو طلوع طلوع کو غروب کرسکتا ہی لیکن نہ کیا نہ کرتا ہی اس سے نہ کرنے کا تجربہ حاصل ہوا اسی طرح سے ائمہ اربعہ کے مثل پیدا کرسکتا ہی لیکن نہ کیا نہ کرتا ہی اسی سے نہ پایا جانے کا تجربہ حاصل ہوا - اگر سچ پوچھیے تو خداوند تعالی نے حسب مفہوم قولہ تعالی واللہ اعلم حیث یجعل رسالتہ کے جن جن کو اجتہاد مطلق کی صلاحیت دی - انھون کو مجتہد مطلق بنایا - اور امامت دی - اکورون کو نہ دی نہ ملی - اسمین تحکم علی قدرۃ اللہ کی کیا بات ہی - خذ ہذا فانہ ادق الدقائق - واحسن الحقائق - فافرد تہ بہ بتائید خالق الخلائق -

**تنبیہ** ہمنے جو بحر العلوم کے قول کو تخطیہ کیا - فقط آپ کے میان صاحب کے زعم فاسد کے موافق اسکو بحر العلوم کا قول فرض کرکے تخطیہ کیا - حالانکہ وہ قول بحر العلوم کا نہین ہی وہ ناقل ہین کیونکہ ناظاہر نہین کہ شارح جو مثل کہل کے ہی بلالحاظ حقیت وعدم حقیت کے مافی الضمیر کو ماتن اور موکل کے نیابتہ بیان کرتا ہی (الا ماشاء اللہ) اسی طرح سے بحر العلوم نے بھی محبت اللہ الجہاری کے فیہ مافیہ کے مافی الضمیر کو اپنی جودت وفطنت وتبحر علم سے بیان کیا بس وہ بیان قابل اجتماع کا نہین مقابلے مین مذہب جمہور کے جسکو ابن ہمام نے اپنی فتح القدیر مین - اور صاحب اشباہ نے اشباہ مین اور صاحب تفسیر مظہری نے

بحرالعلوم نے اپنے اعتقاد سے یہ سب بیان کیا نہین تو مسلم الثبوت کی اکثر شرح
مین هذا التشریع جدید وغیر ذلک نفرماتا۔ **جواب اوّلا** اگر ایسا ہی
ہے تو ہماری وہ تخطیہ اس قوا ل کی رد کے لیے کفایت ہے۔ اور انکا قول ہمارے
واسطے کچھ حجت نہین ۔ وہ اگر آسمان کو زمین کہدے ہم کیا مان لینگے۔
**ثانیًا**۔ بحرالعلوم کو ان اقوال کی طرف منسوب کرنا۔ یقینًا انکی تحمیق کرنا ہے۔
کیونکہ انکی حنفیت مسلم ہے حتی کہ آپکے میاں صاحب نے بھی اقرار کیا۔ جب وہ
حنفی ہوا۔ تب حنفی بلکہ کل مقلدین کی طرح اعتقاد انکا ہونا لازم ہے۔ اور کل
مقلدین کا اعتقاد تو یہ ہے۔ کہ آئمہ اربعہ کی مثل صاحب تدوین خیر القرون کوئی
نہین۔ اور انکے بعد مجتہد مطلق صاحب مذہب مدوّن مفقود ہے کہ تجربہ
سے پایا نہ گیا۔ اسلیے یہ چار مخصوص الشریعت ہین نہین تو شریعت کا مصداق
کہان۔ اور ان چارون مین سے ایکی تقلید واجب ہے۔ جسمین تلہی لازم
نہ آوے۔ باوجود اسکے بحرالعلوم نے ان باتون کا تخطیہ کیا۔ اور مقلدین کی
رد مین۔ هوس من هوسا تهم اور هذا غلط اور رجم بالغیب اور
لا یعباء بکلامهم اور اجتنب عن تعصباتهم وغیر ذلک لکھا۔ اگر ان
اقوال کو انھون نے اپنے اعتقاد سے لکھا۔ تب تو بیشک انکو بالهوس اور احمق
مذبذبین ذلک لاالی هولاء ولاالی هولاء مین سے ہونا ثابت ہوا۔ اور کل
عبادات اور جمیع حسنات کو برباد دینا لازم آیا۔ کہ ان ہی کے قول سے کل
اعمال انکا غلطی اور ہوس اور رجم بالغیب اور تعصب سے ظہور مین آنا لازم آیا۔
پھر اسطرح کے اعمال سے آخرت مین سوائے جنجال کے اور کیا خیال ہے۔

اس قسم کے متعصبین کے تعصب کی بات کو بحر العلوم نے ماتحت مین فیہ
مافیہ کے لکھا۔ اسی طرح سے اکورا کورفیہ مافیہ کے تحت مین بھی بہت کچھ
لکھا۔ جسکو آپ کے میان صاحب نے چُن چُن کر دلیل گردانا۔ اور اُسی سے
اپنا مدعا ثابت کرنے کو فخر سمجھا۔ الغرض آپ کے میان صاحب نے مسلم الثبوت
کی عبارت کو کُچھ بھی نہاین سمجھا۔ نہ اسکے شارح بحر العلوم کے مطلب کو۔
؎ تو خود مے نشنوی بانگ دُہل را۔ امور سِر سلطان راچہ دانی۔
اسلیے برابر مسلک جمہور کو چھوڑ کرکے فیہ مافیہ کے تحت کے اقوال شاذہ
کو کالوحی من السماء سمجھ لیا۔ اور حقیقت مین جو وحی من السماء ہی اسکو
لاشی خیال کیا۔ ؎ بے بصیرت را نباشد در حق و باطل تمیز۔ کور یک داند
عصائے سحر و اعجاز کلیم۔ کیا کرنا مشیت الٰہی سے چارہ کیا۔ قولہ تعالیٰ۔
من یضلل اللہ فلا ھادی لہ ویذرھم فی طغیانھم یعمھون
؎ چون تقدیر سابق است تعلیم چہ سود۔ ابتو آپکے میان صاحب نے
بحر العلوم کے قول سے جو جو آسرا پکڑا تھا۔ وہ آسرا بھی بے آسرا ہوگیا۔ پھر
اِنکا آسرا کہان۔ اور حدیث الدنیا مزرعۃ الاٰخرۃ سے عمل دنیاوی ہی
آسرا آخرت کا ہی۔ جب اس دنیاوی آسرے سے بے آسرا ہوگیا۔
تب آخرت کے آسرے کا آسرا کیا۔ فنعم ما قال اللہ تعالیٰ لیھلک
من ھلک عن بینۃ ویحیٰ من حیّ عن بینۃ۔ وقولہ تعالیٰ من کان
فی ھذہ اعمیٰ فھو فی الاٰخرۃ اعمیٰ واضل سبیلا۔
اعتراض اجی کیا کہتے ہو تمہارے کہنے کو کون سُنتا ہی سچ تو یہ ہی کہ

اور صحابہ کرام رضا کے اقوال کو بھی قابل احتجاج نہین کہا کرتے ہین - پھر
یہان بحر العلوم کے اس قول کو (جسمین ادلہ اربعہ سے استنباط کرنے کی بو
باس بھی نہین بلکہ فقط ادعا ہے) حجت لاما گیا - شاید آپکے میانصاحب
نے بحر العلوم کو خدا رسول سمجھ لیا - تب ہی تو دلیل لائے - نہین تو کیون
لاتے - یا قرآن وحدیث کی دلیل نہ لاسکنے کے سبب سے انکا اتباع کیا -
سو کیفما بمضمون المقر یوخذ باقرارہ انکو انکے اس قول سے مشرک بنا
پڑا العوذ باللہ - کیونکہ بحر العلوم خدا رسول نہین - اور غیر خدا کو خدا جاننے
سے مشرک بنتا ہے - یہان وہ بات موجود ہے - پھر مشرک بنتے ہین کیا شبہ ہے
اور صورت ثانیہ مین بھی باستدلال اتخذوا احبارھم الخ اپنے کے
مشرک بننا پڑا - پھر بھاگنے کی جگہ کہان ؎ این المفر ولا مفر لھارب
الغرض آپکے میانصاحب نے جس آنونے کو مجتہدین عظام اور مقلدین کرام کے
لیے کھودا تھا - خداوند تعالی نے انکو اسمین گرا دیا - اور بمضمون قولہ تعالی -
واضلہ اللہ علی علمہ انکو انکے علم سے گمراہ کیا - اور مخبر صادق کے
قول من حفر بئرا لاخیہ فقد وقع فیھا - کو بخوبی تصدیق کروا لیا -
اور معجزہ اس قول رسالت مآب صلعم لا یرمی رجل رجلا الخ کا ظاہر
کر دکھلایا - کیون نہو - یہ آئمہ کرام کی کرامت کا نتیجہ ہے -
کیا حضرت آپکے میانصاحب کو کچھ بھی شرم نہ آئی - کہ باوجود اجتہاد کے
دعوی بھرنے کے قرآن حدیث کی دلیل لانے سے عاجز ہوکر ایک ادنی مقلد کے
قول کی دلیل لائے - پھر کس منھ سے کہتے ہین کہ ہم سوائے قرآن وحدیث

کیا خوب عاقل وہ ہی کہ جسنے انکے ان اقوال سے انکے ان اقوال کو
غلط اور ہوس اور لا یعبا بکلامہ سمجھا - کہ جب متقدمین کا قول انکے
اقوال سے غلط وغیر ذلک ٹھہر گیا - تو بطریق اولی انکا قول بھی غلط وغیر ذلک
ٹھہر گیا - کہ یہ کچھ شاہمع نہین کہ بلا دلیل انکا قول معتبر شرعی ہو - اور بڑا
غافل وہ شخص ہی - جسنے انکے ان ادعاسے متقدمین کے اقوال کو ہوس
وغلط وغیر ذلک سمجھا - اور انکے اقوال کو نہ سمجھا - اجی صاحب مولانا
بحر العلوم کی رفتار مثل شتر بے مہار نیکی نہین - یہ فقط مفسدون کی گفتار -
ہان غیرون کے اعتقاد وکردار کو اظہار کرتے ہین - اور انکے مافی الضمیر کے
اسرار کو بیان سے عیان کردیتے ہین - نہ اسکا وہ اعتقاد کرتے ہین -
بالفرض اگر اعتقاد سے لکھا بھی ہوگا - تو اس سے میرا کیا بگڑا - قولہ تعالی -
لا تزر وازرۃ وزر اخری - جب ہمنے امام ابو ثور وامام بخاری
وغیرہما کا کہا آئمہ اربعہ کے مقابلہ مین نہ مانا - پھر بحر العلوم اور مثل بحر العلوم
کے کہے کو کب مانینگے - جو انکے اقوال سے الزام پاوینگے ۵

بر دا این دام بر مرغے دگر نہ　　　کہ عنقا را بلند است آشیانہ

خیر جو ہو سو ہو - اب یہ تو فرمائے کہ آپکے میانصاحب تو قرآن وحدیث
کے سوا مانتے نہین - اور دوسرون کے قول سے ہمکو کچھ غرض نہین کہتے
ہین - اور ہر ہر بات مین عمل بالحدیث کا دم بھرتے ہین - اور آئمہ اربعہ
کے اقوال کو زید وبکر وخالد وغیرہم کے اقوال کا سا سمجھتے ہین - بلکہ انکے
مقلدین کو بدلیل اتخذوا احبارھم الخ - مشرک وکافر بولتے ہین -

کر لیتے ہین ہ تشنگان را نماند اندر خواب - ہمہ عالم بچشم چشمۂ آب -
حقیقی کہ اولیاے مجتہدین کرام کی بھی ہمسری کا دعوی بھرتے ہین ہ
ہمسری با انبیا بر داشتند - اولیا را ہمچو خود پنداشتند - گفتہ اینک ما بشر
ایشان بشر - ما و ایشان بستۂ خوابیم و خور - این ندانستند ایشان از
عمی - در میان فرقے بود بے منتہی - بلکہ آپکے میان صاحب نے تو اپنے معیار کو
قرآن ہی سمجھ لیا - اسلیے قرآن کی حقیقت مین جو آیت نازل ہوئی - اسکو
انھون نے اپنے معیار کی نسبت ثابت کرکے اسکے خطبے مین یہ عبارت لکھی - التماس کرتا ہے
کہ رسالہ معیار الحق کو بنظر انصاف ملاحظہ فرماوین (تا) صاف دل سے داد
حق گوئی کی اسطرح سے ادا کرین - ھذا الکتاب ینطق بالحق و ماذا
بعد الحق الا الضلال الخ کیون نہو انکو انکے اس علم کی بچھکارنے
راہِ راست سے بھٹکا رکھا - فنعم ما قال اللہ تعالی وَاَضَلَّہُ اللّٰہُ
عَلٰی عِلْمٍ اور ایسے مفسدون کے فساد سے ملت کی خرابی ہونے لگی - اور
ضلالت کا نام ہدایت ٹھہرنے لگا - ہ

تیغ مفسد شجرۂ ایمان برید ہمچو عنقا سنت از عالم پرید

پانچوان جب روے زمین مین اہل تسنن کے درمیان کوئی مذہب مثل
مذاہب اربعہ کے مدون نہ رہا تب ہم دلیل استقرائی سے حصر مذاہب اربعہ
کا ثابت کرتے ہین - چنانچہ عبارت مذکورہ مین صاحب مسلم نے بھی الیقولہ
لان ذلک لم یدر فی غیرھم سے اس دلیل استقرائی کی طرف
اشارہ کیا - اگر آپ لکھتے ہین نہین تو آپ عدم حصر کی دلیل ثنا فی لائیے اور

کے مانتے ہین - اگر کوئی ہزار بے حیا سے بےحیا - اور ہزار بے شرم سے بے شرم
بھی ہوتا تو بھی ایسی بے شرمی کی بات اِسکے مُنھ سے نہ نکلتی - نہ اِسکی تحریر مین
آتی - اور اگر مجتہد بچہ اپنے دعوی کا سچا ہوتا تو اِسطرح کی دلیل نہ لاتا -
نہ مقلد کی تقلید کرتا - بلکہ حسب دعوی حدیث و قرآن ہی سے اپنا مدعا ثابت
کر لیتا - کہ سارے ڈیل مین زبان حلال ہی - اُسی سے مافی الضمیر کی نقل قال
ہی - مرد کو چاہیے جو کہے - سو کرے - نہین تو جیسے حیوان کو بھی خدا نے دی ہی
پھر حیوان اور انسان مین تفاوت کیا ہی - ؎
بہ نطق آدمی بہتر است از دواب　　دواب از تو بہ گر نہ گوئی صواب -
اب اِس چھوٹے مُنھ سے اجتہاد کی بڑی بات کیسی - جیسے مینڈک کو بھی زکام
سے ہو جاتی ہی کھانسی - کہان وہ درجۂ اجتہاد - کہان یہ منبائے فساد -
؎ سالہا باید کہ تا یک سنگ اصلی ز آفتاب - لعل گردد در بدخشان یا
عقیق اندر یمن - ارے صاحب جن لوگون کے اقوال کی دلیل آپکے میاںصاحب
لاسے - وے لوگ تو خود مجتہد بن نہ سکے - پھر بھلا یہ کیا بنینگے - اور کون
احمق اِنکو مانینگے - ؎ اگر ژالہ ہر قطرہ دُر شدے - چو خرمہرہ بازار ازو
پُر شدے - ؎ اگر ہوتا زمانے مین حصولِ علم بے محنت - تو بس ساری کتابین
ایک جاہل دھو کے پی جاتا - سچ ہی جو لوگ استنباط کی لذت اور اجتہاد کی
کیفیت سے واقفیت نہین رکھتے ہین - وے لوگ چند اوراق حواشی وغیرہ
کی عبارت فہمی پر قدرت پاکر اپنے کو مجتہد سمجھتے ہین - ؎ مرغے کہ خبر ندارد
از آب زلال - منقار در آب شور دارد ہمہ سال - اور مجتہدون کو اپنی طرح تصور

للمصنفين واجمل التاليفات للمؤلفين - وحسبته حاويا
على تحقيقات المذاهب وجامعا على تدقيقات المآرب -
ورأيت موافقا لما هو في الشريعة لاهل السنة و
الجماعة منصوص عليه فينبغي لنا الرجوع عند اختلاف
الدراة اليه - فهذا بفضله تعالى لقلع ضلالة الاشقيا
كاف - ولنفع هدايته الاتقياء واف - فلا شك ان
المؤلف قد اجاد بما اراد - وسلك سبيل السداد و
الرشاد - وكلما اجاب - فقد اصاب - فكان سعيه
مشكورا - فلذلك صار كاسه على المخالفين منصورا -
فما لفرقة اللامذهبون في كل واد يهيمون - لما لم
يبق لهم من الجواب فبغيضهم يموتون - فيا ايها اللامذهبون
موتوا بغيضكم - ولا تلوموا غيركم - فانكم مفسدون
في الارض ولا مصلحون - لم تقولون ما لا تعملون -
فتوبوا الى بارئكم - واستغفروا عن ذنوبكم - فتنجوا - و
الا فتهلكوا - لان الشريعة عبارة من هذه المذاهب
الاربعة فحسب انها فيها قد انحصرت - فان هذه
المذاهب قد دونت - وقواعدها قد ضبطت - واصولها
بالنصوص قد انطبقت - وبفضله تعالى احكامها في
كل بلاد جرت - وفروعاتها في جميع الجهات انتشرت -

کوئی مذہب مدوّن بھی دکھلائیے۔ ہرگز نہین سکینگے جب آپ عدم کی دلیل نہین لاسکے۔ اور کوئی مذہب مدوّن بھی نہین دکھلا سکے۔ بلکہ اپنی دلیل مذکور مین لم یبق روایة مذہبہم محفوظة کا اقرار بھی کرچکے ہین۔ تب تو حصر مذاہب اربعہ کا دلیل خلف سے بھی اور اقلیدس کی ساتوین شکل سے بھی ثابت ہوگیا۔

اطلاع۔ حسب اقتضاے حال۔ اور مقتضاے مقال کے مناسب معلوم ہوتا ہی کہ یہان پر فتح المبین فی رد ظفر المبین کی تقریظ جسکو مین نے حسب فرمائش جناب مولوی عبد العلی صاحب لکھنوی کے لکھا نقل کرون۔ کہ اسمین حصر مذاہب اربعہ کی تقریر اور اُسکی حقیت کی تحریر لکھی ہوئی ہی۔ سواے اسکے اور اور زوائد بسیار و عوائد بیشمار موجود ہین۔ جنسے ناظرین کو عبرت اور سامعین کو خبرت ہو وہ یہ ہی۔

تقریظ۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ الذی کفی وحدہ۔ والصلوة والسلام علی نبیہ الامی الذی لا نبی بعدہ۔ وعلی آلہ الطیبین واصحابہ الطاہرین۔ وعلی الائمة الاربعة المجتہدین المقبولین۔ کلہم اجمعین۔ اما بعد فقد اطلعت علی ما حرر من المضامین۔ فی ہذا الکتاب الفتح المبین۔ فی کشف مکائد غیر المقلدین۔ فی جواب الظفر المبین۔ فی رد مغالطات المقلدین۔ فوجدتہ احسن التصنیفات

قال رسول اللہ صلعم اِن اللہ لا یجتمع امتی او قال امۃ محمدؐ علی الضلالۃ و ید اللہ علی الجماعۃ ومن شذّ شذّ فی النار۔ وقد قال اللہ تعالیٰ و یتبع غیر سبیل المؤمنین نولہ ما تولیٰ ونصلہ جہنم وساءت مصیرا۔ فکما یجب علینا الایمان والتصدیق لکل ما جاءت بہ الرسل وان لم نفہم حکمتہ۔ فکذلک یجب علینا الایمان والتصدیق بکلام الایمۃ الاربعۃ وان لم نفہم علّتہ۔ فاِن قلت ھذا شرک قلتُ لا لانھم کانوا من اولی الامر واھل الذکر المعروفین المقبولین۔ وقد اوجب اللہ تعالیٰ علینا اتّباعھم لقولہ اطیعوا اللہ واطیعوا الرسول واولی الامر منکم۔ فان اللہ تعالیٰ قد عطف اولی الامر منکم علی الرسول والمعطوف والمعطوف علیہ فی الحکم مساویان۔ فاین الشرک فی ھذا الکلام مقیم۔ اِن ھذا الا بفہمک السقیم۔ وامرنا ان نسئل عنھم عما لا نعلم بقولہ فاسئلوا اھل الذکر ان کنتم لا تعلمون۔ وھدانا ان نرکز المسائل الیھم ونثق باستنباطھم بقولہ ولو ردّوہ الی الرسول واولی الامر منھم لعلمہ الذین یستنبطونہ منھم۔ وَاَخبَرنا بان الایمۃ منّا یھدوننا بقولہ وجعلنا منھم ایمۃ یھدون بامرنا۔ فکیف لا یجب اتباعھم علینا۔ وکما لا یجوز لنا الطعن فیما

میں یہ عبارت مندرج ہے۔ ان الایۃ ما سبقت الا لبیان العدد المحلل لا لبیان نفس الحل لانہ عرف من غیرھا قبل نزولھا کتابًا وسنۃً فکان ذکرہ ھنا مقید بالعدد لیس الا لبیان قصر الحل علیہ اوھے الحل المقید بالعدد لا مطلقا کیف وھو حال مما طاب فیکون قیدا فے العامل وھو الاحلال المفہوم من فانکحوا۔ وایضًا۔ عدم جواز ما فوق الاربع من النساء ثبت بحدیث ابن عمر ان غیلان بن سلمۃ الثقفی اسلم ولہ عشر نسوۃ فے الجاھلیۃ فاسلمن معہ فقال النبی صلعم امسک اربعًا وفارق سائرھن رواہ الشافعی واحمد وابن ماجہ (تا) وعلے حصر الحل فے اربع العقد الاجماع وقول بعض الناس فے مقابلۃ الاجماع باطل ولم یذھب الی التعمیم احد من اھل البدع ایضًا فانہ حصر الخوارج فے ثمان عشرۃ والروافض فے تسع۔ ہشتم۔ اگر یہ آیت واسطے بیان عدد کے منصوص نہوے۔ تو قولہ تعالیٰ۔ لا تقربوا الصلوۃ و انتم سکاریٰ سے قربت صلوۃ منہی عنہ ہوے۔ کیونکہ جیسا وانتم سکارےٰ حال لا تقربوا کا واقع ہے ویسا مثنیٰ وثلاث وربٰع بھی

اسکے فان خفتم ان لا تعدلوا فواحدۃ کو ذکر کرنا۔ صاف اسپر دال ہی
کہ ما فوق الاربعہ حرام ہی۔ **دفع دخل** اور اولی اجنحۃ مثنے وثلاث
ورباع کو اسپر قیاس کرنا۔ قیاس مع الفارق پر عمل کرنا ہی۔ کیونکہ آیت
اولی اجنحۃ کے بعد مثل فان خفتم ان لا تعدلوا الخ کوئی جملہ مذکور
نہین۔ اور کوئی حدیث اس اجنحہ کی زیادتی پر معارض ومزاحم بھی نہین بلکہ
قرآن وحدیث موافق ہین۔ اور آیت فانکحوا الخ مین زیادتی نکاح کی مزاحمت
ومعارضت پر حدیثین مذکور ہین مذکور ہین۔ یعنی ما فوق الاربعہ کی حرمت
پر حدیثین وارد ہین۔ فکیف یقاس ھذہ الایۃ علی تلک
الایۃ۔ سواے اسکے جملہ شرطیہ فان خفتم الخ بزور اس بات
پر شہادت دیتی ہی کہ لوگ اگر چار سے بیشی نکاح کرین۔ تو عدالت شرعیہ پر
قادر نہین ہونگے اسلیے خداوند تعالی نے رباع تلک کہکے اسکے بعد یہ
جملہ شرطیہ کو بیان کیا جس سے لوگ اس حدیث کے وعید سے بچے۔
قال رسول اللہ صلعم من کانت لہ امرأتان یمیل مع احدٰیھما
علی الاخری جاء یوم القیمۃ واحد شقیہ ساقط اخرجہ ابن ماجہ صـ ۱۴۲
سواے اسکے یون بھی یہ بات عقل سے بعید اور انصاف سے دور
ہی کہ ایک مرد سیکڑون عورتون کو نکاح کرکے لذت اٹھادین اور عورتین
بیچاریان سیکڑون دنون کے بعد بھی اپنے شوہر کے وصل سے فیضیاب نہ ہون
کیا یہ انصاف ہی۔ بلکہ مقتضی الی الفساد والزنا ہی ہرگز یہ امر شرعی نہین ہوسکتا
ہی۔ الا ما قد سلف۔ اور چار تک کی تخمین جو اللہ اور رسول نے کیا البتہ

ولنا ان الآیۃ نزلت فی قیس (تا) فلما نزلت ھذہ الآیۃ قال له رسول صلعم طلق اربعًا وامسك اربعًا (تا) فکان من النبی صلعم بیانا للآئۃ وھواعلم بمراد اللہ تعالی۔ وثلٰثہم۔ اگر اس آیت سے مافوق الاربعۃ یعنی سیکڑون نکاح ہر امت کے واسطے حلال ہوتے۔ تو خداوند تعالی جناب رسالت مآب صلعم کی شان مین لا یحل لك النساء من بعد ہرگز نہ فرماتا۔ کہ امت کو نکاح کے مادے مین نبی پر فضیلت دینا لازم آتا۔ کیونکہ اس سے جناب آنحضرت صلعم کو نو بی بی سے زیادہ نکاح کرنا حرام ہونا ثابت ہے۔ اسلیے تفسیر جلالین[۲۰۷] مین یون لکھا ہے لا یحل بالتاء والیاء لك النساء من بعد بعد التسع اللاتی اخترتك۔ اور علی ہذا القیاس تفسیر عباسی مین یہ عبارت لکھی ہوئی ہے۔ لا یحل لك النساء تزویج النساء من بعد ھذہ الصفۃ ویقال من بعد نسائك التسع وکانت عندہ لتسع لنسوۃ الخ۔ اور علی ہذا القیاس تفسیر بیضاوی[۱۸۵] مین یون لکھا ہے۔ لا یحل لك النساء بالیاء لان تانیث الجمع غیر حقیقی وقرأ البصریون بالتاء من بعد بعد التسع وھو فی حقہ کالاربعۃ فی حقنا الخ۔ بالفرض اگر نو سے زیادہ حلال ہونا بھی ثابت ہوئے۔ تو بھی امت کے نکاح کو انکے نکاح پر قیاس نہین کیا جاسکتا ہے کہ وہ مخصوصات النبی مین سے ہے کما سیجیء ذکرہ۔ یازدہم اجی صاحب فقط سیاق وسباق عبارت سے بھی مافوق الاربعہ کی حرمت ثابت ہوتی ہے۔ کیونکہ خداوند تعالی کا کثرت نکاح کی رد مین مثنٰی وثلاث ورباع پر ختم کرنا۔ اور بعد

العیاذ باللہ۔ چہار دہم[۱۴]۔ اجی صاحب تم اگر میری بات کا قاضی شوکانی کے
مقابلہ مین اعتبار نہین کرسکتے ہو نہ کرو۔ لیکن مفسرین کی تفسیرون کا تو اعتبار
کروگے اُنھون نے ما فوق الاربع کو حرام لکھا۔ کما مرّ ذکرہ۔ اگر انکا بھی
اعتبار نہ کرو تو ابن ماجہ کی حدیث کا تو اعتبار کروگے۔ اُنھون نے حدیث مذکور مین فقال
النبی صلعم خذ منھم اربعًا لکھا۔ اگر انکا بھی اعتبار نہ کرو تو ضرور رئیس المحدثین امام بخاری
کا تو اعتبار کروگے اُنھون نے اپنی صحیح بخاری مین باب لا تزوّج الاکثر
من اربع لقوله تعالی مثنی وثلاث ورباع لکھا۔ پھر دوسری جگہ مین
ابن عباس سے یہ روایت کیا۔ قال ابن عباس مازاد علی اربع فھو
حرام کامّہ وابنته واخته۔ الخ۔ اگر انکا بھی اعتبار نہ کرو تو انکے استاذ
امام احمد بن حنبل رح کا تو اعتبار کروگے۔ اُنھون نے اپنے مسند مین حدیث
فقال النبی صلعم اختر منھنّ اربعًا کو لایا۔ اگر انکا بھی اعتبار نہ کرو تو ابن
ابی شیبہ کا (جو عمدہ ترین مشایخون سے صحاح کے ہین) اعتبار کروگے
اُنھون نے بھی حدیث اختر منھنّ اربعًا کو روایت کیا۔ اگر انکا بھی اعتبار
نہ کرو تو بخاری کے اُستاذ کے اُستاذ امام شافعی رح کا تو اعتبار کروگے
اُنھون نے بھی حدیث عن نوفل بن معاویہ قال اسلمت وتحتی خمس
نسوۃ فقال النبی صلعم امسك اربعًا وفارق الاخرٰی کو
روایت کیا۔ اگر انکا بھی اعتبار نہ کرو تو انکے استاذ امام محمد رح کا تو اعتبار
کروگے۔ اُنھون نے اپنے موطا مین اپنے استاذ امام مالک رح سے حدیث
امسك منھنّ اربعًا وفارق سائرھن کو لکھا۔ اگر انکا بھی اعتبار

وہ حسن ہی اِس جہت سے کہ عورتین سبب حیض و نفاس و وِلادت وحمل و استحاضۃ وغیر ذلک ہر وقت قابل صحبت مرد باقی نہین رہتی ہین - اِسیلیے چار تک جائز رکھا - اور اِس سے کثرت مین عدم عدالت کی خرابی اور عورتون کے حق مین سبب عدم وصل مرادی ظلم و تعدی متصور ہی - اسیلیے شرائع مین قبلنا اِس مادّے کے اِس شریعت بیضا مین منسوخ ہوگئے -

**دوازدہم** - اجی صاحب اگر غور کرکے دیکھو یہ مثنٰی وثلاث ورباع چندان مانع عمومیت لفظ ما کا بھی نہین - کیونکہ اِس ما کی عمومیت اِس آیت مین حسب محاورہ من وجہٍ ثابت ہی کہ ایک سے لے کے چار تک نکاح کی عمومیت ثابت ہی جیسا لوگ اپنے دشمنون کو مارنے مین بولتے ہین جسکو پاؤ اُسکو مارو - مثلاً اِس سے یہ لازم نہین آتا ہی - کہ سارے جہان کے لوگون مین سے جسکو وہ پاوے مارنا لازم آوے - بلکہ جسقدر کو مارنا متکلّم کا ما فی الضمیر حسب مقتضاے حال ہی اُسی قدر کی عمومیت مخاطب کے لیے ثابت ہی - اور **ناظاہر نہین** - کہ ہر ہر جگہ مخاطب حسب فہم مخاطب کے خطاب کرتا ہی - اور یہان مخاطب بالوحی رسول کریم صلعم ہین اُنھون نے منشاے خطابہ کو خوب سمجھ کر ما فوق الاربعہ کو حرام کر دیا - پھر دیگران راکہ میرسد -

**سیزدہم** - اگر اِس آیت سے ما فوق الاربعہ حلال ہوئے - تو رسول خدا صلعم کو ظالم و بے انصاف ہونا لازم آوے - کیونکہ اُنھون نے جب کسی کو کثیر الازواج پایا - تب اُسکو چار چار بی بی رکھکر باقیون کو چھوڑنے کا حکم فرمایا - (کملا عرفتم) کیا رسول صلعم نے اِس جوازِ شو کا نیہ کو نہین سمجھا تھا -

قال قال رسول اللہ صلعم ان بنی اسرائیل (تا) وان امتی ستفرق علی ثنتین وسبعین فرقہ کلہا فی النار الا واحدۃ وھی الجماعۃ اخرجہ ابن ماجہ۔ ولقول النبی صلعم الزموا الجماعۃ۔ وعلیکم بالجماعۃ اتبعوا السواد الاعظم۔ اور قول شاذ کے اختیار کرنے سے جہنم میں جاوینگے لقول النبی صلعم من شذ شذ فی النار۔ بلکہ جو شخص جماعت کو توڑنا چاہے اسکو قتل کریں لقول النبی صلعم من اتاکم وامرکم جمیع علی رجل واحد یرید ان یشق عصاکم او یفرق جماعتکم فاقتلوہ اخرجہ مسلم۔ اجی صاحب اگر جمہور کی مخالفت پر باپ بھی حکم کرے تو بھی عمل نکرنا چاہیے۔ پھر قاضی شوکانی کو کون پوچھے۔ لقولہ تعالی۔ وان جاھداک لتشرک بی مالیس لک بہ علم فلا تطعہما۔

ہفدہم۔ متفق علیہ بات ہے کہ مضمون اذا اجتمع الحلال والحرام غلب الحرام۔ جہاں کہیں علت و حرمت میں معارضہ واقع ہوے تو حرمت کی ترجیح ہووے۔ اسلیے مسلم الثبوت میں ۱۴۹ شرح بحر العلوم یہ عبارت لکھی ہوئی ہے اذا اشتبہت المنکوحۃ بالاجنبیۃ اذا دخل امرتان فی بیت وقد زوج احدیہما الوکیل ولا یعرف الزوج بعینہا وقد مات الوکیل حرمت المنکوحۃ لان الکف عن الحرام وھی وطی الاجنبیۃ واجب وھو بالکف عنہما جمیعا للاشتباہ ومن ھھنا اشتہر ان الحلال والحرام لا یجتمعان الا وقد غلب الحرام۔

ہیجدہم۔ اگرچہ بعض روافض نے اس مثنی وثلاث ورباع سے باعتبار مجموع

نہ کرو تو اجماع کا تو اعتبار کرو ... اجماع تو حلت اربع کے حصر پر منعقد ہو چکا -
چنانچہ تفسیر مظہری مین ہی - وعلیہ حصر الحل فی اربع انعقد الاجماع
وقول بعض الناس فی مقابلة الاجماع باطل ولم یذهب الی
التعمیم احد من اهل البدع ایضا فانه حصر الخوارج فی
ثمان عشر - والروافض فی تسع - اگر اجماع کا بھی اعتبار نہ کرو تو سنت
کا تو اعتبار کرو گے - سنت سے تو ما فوق الاربع حرام ہو چکا - باوجود ان باتوں
کے ما فوق الاربع کو حلال جاننا - احادیث نبویہ مذکورہ کو تکذیب کرنا - اور انکی
تکذیب کرنا یقینا ایمان سے ہاتھ دھونا ہی - پھر ایسے لوگون سے گفتگو کرنا کیسا
ای حضرت اس منھ سے پھر عمل بالحدیث کا دعوی بھرنا کیسا -
پانزدہم - اجی صاحب طرفہ معاملہ تو یہ ہی کہ تمہارے قاضی شوکانی کبھی تو اپنی کتاب
دُرر بھیہ مین اس عبارت ویحرم علی الرجل (نا) ومازاد علی العدد المباح للحر والعبد ما فوق الاربع
کو حرام لکھا - پھر بقول تمھارے وبل الغمام مین حلال لکھا - تو تناقض قطعی
ثابت ہو گئی - اسی طرح کے تناقضات پر نازان ہو کر عمل کرنا اور اسکی دلیل لانا
شہوت پرستی نہین تو کیا - شانزدہم - ناظاہر نہین ہی کہ جہان کہین اختلاف
وفتنہ واقع ہوئے - تو وہان دیکھنا چاہیے - کہ جمہور کس طرف ہی - جس طرف
جمہور ہی اسی طرف کو اختیار کرنا چاہیے - لقول النبی صلعم عن انس بن
مالک یقول سمعت رسول الله صلعم یقول ان امتی لا یجتمع
علی ضلالة فاذا رائیتم اختلافا فعلیکم بالسواد الاعظم
اخرجه ابن ماجه - ولقول النبی صلعم عن انس ابن مالک

عمرو بن العاص قال حدثت ان رسول صلعم قال ان صلوٰۃ الرجل
قاعدا علی نصف الصلوٰۃ قال فاتیتہ فوجدتہ یصلی جالسا فوضعت
یدی علی راسہ فقال مالک یا عبد اللہ بن عمرو قلت حدثت یا
رسول صلعم انک قلت صلوٰۃ الرجل قاعدا علی نصف
الصلوٰۃ وانت تصلی قاعدا قال اجل ولکنی لست کاحد منکم
اخرجہ مسلم ومالک والترمذی والنسائی کذا فی التیسیر صـ۲۱۶ ۔ چوتھی یہ ہے کہ بالفرض
اگر یہ آیت کل احتمالات مذکورہ کا شامل بھی ہو تو بھی ما فوق الاربعہ حرام ہے
اسلیے کہ قول النبی صلعم مثل حدیث غیلان کے اس آیت کا بیان ٹھہرا ۔
وھو اعلم بمراد اللہ تعالیٰ فکیف التخلف عنہ ۔

**تنبیہ** اے مومنو غیر مقلدین کی حرکت سے عبرت و خبرت پکڑو ۔ اے مسلمانون لامذہبون
کی شرارت سے خبردار اور متنبہ ہو جاؤ ۔ کہ بمضمون آیہ و یریدون ان تضلوا
السبیل یہ لوگ فقط دھوکا دینے اور گمراہ کرنے کی نیت سے عمل بالحدیث کا
دعویٰ کرتے ہین ۔ اور بمضمون آیۃ یرضونکم بافواھھم و تابیٰ قلوبھم الخ
زبان سے خوش کرنے کے لیے بہت کچھ کہتے ہین ۔ حقیقت مین عمل بالحدیث والقرآن
کا غرض نہین رکھتے ہین ۔ کیونکہ قرآن و حدیث و عمل صحابہ و قول صحابہ و قول ائمہ اربعہ مجتہدین
و قول ائمہ محدثین وغیرہم کلھم اجمعین جو بالفقہ متعلق ہے ایک طرف ۔ اور قول
شوکانی و مثلہ کا ایکطرف باوجود اسکے ان لوگون نے قول شوکانی پر عمل کیا ۔
اور قرآن و حدیث وغیرھا کا اتباع نہ کیا ۔ پھر عمل بالحدیث والقرآن کا دعویٰ
انکا کیونکر صحیح ہوا خذ ہذا ۔ اے **غیر مقلدو** ۔ بڑی عبرت و خبرت کی جگہ ہے ۔

کے یعنی ۲+۳+۴ = ۹ نو تک مراد لیا - اور اسپر رسول خدا صلعم کے نو نکاح کو دلیل لایا - اور خوارج نے باعتبار مجموعہ تکراریہ کے یعنی ۲+۲ = ۴ اور ۳+۳ = ۶ اور ۴+۴ = ۸ = ۱۸ اٹھارہ تلک مراد لیا - اور اکثر شہوت پرستون نے بمضمون کل شئ الی اصلہ اِسکی طرف مائل کیا - لیکن اس غیر مذہبی باتون سے ہوتا کیا - اور بگڑتا کیا - سواے اِسکے باعتبار ضرب کے - اور ایک احتمال ۲۹ تک کا ہی کیونکہ ۲+۲ = ۴ اور ۳+۳ = ۹ اور ۴+۴ = ۱۶ = ۲۹ حاصل ہوتا ہی بہرکیف بطلان اِنکا کئی وجہون سے ظاہر ہی - ایک تو یہ ہی کہ جب بقول تمھارے لفظ ما عام ہی مافوق الاربعۃ کو شامل ہی تب مافوق التسع اور مافوق ثمان عشرہ اور مافوق تسع عشرہ کو بھی شامل ہی پھر تمھارا نو یا اٹھارہ یا انتیس مراد لینا کیونکر صحیح ہوا جبتک اِنکا مراد لینا صحیح ہو - تو بیر مراد لینا کیونکر صحیح نہو - دوسری یہ ہی کہ یہان جمعیت وغیرہ کا اعتبار کرنا - عدم محاورہ دانی پر اقرار کرنا ہی کہ یہ مقابلہ الجمع بالجمع سے انقسام الاحاد علی الاحاد لازم آتا ہی - نہ جمعیت مراد ہوتا ہی کما فی تفسیر المظہری فان مقابلۃ الجمع بالجمع یقتضی انقسام الاحاد علی الاحاد - تیسرے یہ ہی کہ نو نکاح رسول صلعم کا مخصوص بالرسول صلعم ہی اُسپر نکاح امت کو قیاس نہین کیا جا سکتا ہی - کیونکہ اگر ہر ہر بات مین فعل نبی پر قیاس کرنا درست ہوتا تو خداوند تعالی انکی شان مین مہر وہبہ وغیر ذلک کے ماد ے مین خالصۃ لک من دون المؤمنین - ازواجہ امہات المؤمنین - ولا تنکحوا ازواجہ من بعدہ ابدا - وغیر ذلک نفرماتا - نہ خود رسول خدا صلعم حدیث عمرو بن العاص مین اجل ولکنی لست کاحد منکم فرماتا - پوری حدیث یہ ہی عن

عند اہل العلم ان لا یجمع بین الصلوتین الا فی السفر او بعرفۃ ورخص بعض اہل العلم من التابعین فے الجمع بین الصلوتین للمریض وبہ یقول احمد واسحق و قال بعض اہل العلم یجمع بین الصلوتین فے المطر وبہ یقول الشافعی واحمد واسحق ولم یر الشافعی للمریض ان یجمع بین الصلوتین اخرجہ الترمذی صـ۲۷ ـ پھر تم لوگون کا بلا عذر جمع کرنے کو درست کہنا اس حدیث کی صریح مخالفت کرنا ہے۔ اور کسی مین کیا نفع وضرر ہے عوام کالبہائم کی طرح اصلا دریافت نہ کرنا۔ کیونکہ بر تقدیر جواز کے عمل بالمباح ہے اسمین نفع و ثواب منتسو نہین۔ و بر تقدیر عدم جواز کے گناہ کبیرہ مین گرفتار ہوکر معذب ہوتا ہے اسمین ضرر متقین ہے۔ اور ترمذی کی روایت قول النبی صلعم ہے اور مسلم کی روایت قول ابن عباس رض ہے۔ اور تم لوگون کے عقائد مین قول صحابہ رض حجت نہین ہوتا ہے پھر قول نبی صلعم کے مقابلہ مین قول بعض صحابہ کا کیونکر حجت ہوئے

قافترق الفرق فرقا جلیا۔ **دفع دخل** اگرچہ۔ وہو ضعیف عند اہل الحدیث ضعفہ احمد وغیرہ۔ بہ ظاہر یہ حدیث ضعیف معلوم ہوتی ہے۔ اما فی الحقیقت اسکے نیچے کی عبارت سے اور اور مفصل الذیل کی روایتون سے بہت ہی قوی ہونا اس حدیث کا متحقق ہے۔ کیونکہ کوئی اہل حدیث بلا عذر دو نماز کو جمع کرنے کی طرف نہین گیا۔ حتی کہ وہی احمد رح نے جنے اس روایت کو باعتبار اسناد کے ضعیف کہا۔ خود انھون نے بیماری اور مطر اور سفر کو اسی روایت مین جمع کرنے کا سبب گردانا۔ پھر بلا عذر جمع کرنے کا حکم نیست و نابود ہوگیا باقی کہان رہا۔ اور مسلم کی روایت سے بلا عذر جمع درست ہونا ثابت ہے

ای لامذہبو بہت ہی بصارت وہدایت کا محل ہی دیکھو غور کرو کہ قرآن وحدیث وفعل صحابہ وقول صحابہ وقول آئمہ مجتہدین وآئمہ محدثین کلھم اجمعین کا ایک طرف - اور قاضی شوکانی کا قول ایک طرف - اجی تم اب کس طرف ہو جانچو اپنے نفس کو - پھر کبھی عمل بالحدیث کے دعویٰ سے دھوکا نہ دو غیر کو - اور حق کو باطل کے ساتھ نہ ملاؤ - اور حتی المقدور حق کو نہ چھپاؤ - لقولہ تعالیٰ لا تلبسوا الحق بالباطل وتکتموا الحق وانتم تعلمون - اجی صاحب جب تم غیروں کو عمل بالحدیث کرنے کو نصیحت کرتے ہو - پھر اپنے کو اس سے محروم رکھکر کیوں فضیحت اُٹھاتے ہو - اور اتأمرون الناس بالبرّ وتنسون انفسکم کو کیوں تلاوت نہیں کرتے ہو -

**سوال ششم** - ظہر وعصر کی نماز کے جمع کرنے مین اور مغرب وعشا کے جمع مین صحیح مسلم مین صریح یہ حدیث آئی ہی - عن ابن عباس رض قال رسول صلعم الظہر والعصر جمیعًا والمغرب والعشاء جمیعا فی غیر خوف ولا سفر اخرجہ مسلم - پھر حنفیون کا منع کرنا جمع کرنے کو حدیث مذکورہ کی صریح مخالفت کرنا ہی -

**جواب بشلہ** - بغیر عذر کے دو نماز کے جمع کرنے مین جو گناہ کبیرہ ہی وہی ابن عباس رض سے ترمذی مین صریح یہ حدیث مروی ہی - عن ابن عباس رض عن النبی صلعم قال من جمع الصلوٰتین من غیر عذر فقد اتی بابا من ابواب الکبائر - **قال** ابو عیسی وحنش ہذا ہو ابو علی الرحبی وہو قیس وہو ضعیف عند اہل الحدیث ضعفہ احمد وغیرہ والعمل علی ہذا

دیکھو چوتھا۔ یہ ہے کہ اس روایت کو نہ امام اعظم رح نے لیا نہ امام مالک رح نے لیا نہ امام شافعی رح نے لیا نہ امام احمد
نے لیا۔ اہل السنن سے کسی امام نے نہیں لیا پھر اسپر عمل کیونکر ہوسکتا ہے اور ان بزرگوں سے جس نے جمع کو درست کہا
عذر کے ساتھ درست رکھا نہ بلا عذر کے ساتھ۔ پانچواں یہ ہے کہ اس روایت کو اعتبار کرو۔ تو
باب النھی عن تاخیر الصلوۃ عن وقتہا۔ کو جو صحیح مسلم وغیرہ میں ہے۔ اور اسی باب کی کسی روایت میں
یؤخرون الصلوۃ عن وقتہا اور کسی میں یمیتون الصلوۃ عن وقتہا ہے۔ کیا کہیگا جب
فقط تاخیر میں یمیتون ہے۔ تب وقت نکلجانے سے کیا لفظ
استعمال کیجیگا۔ چھٹواں یہ ہے کہ اگر بلا عذر کی روایت کو صحیح جانو۔ تو کل
حدیثیں صحاح کی جو باب المواقیت میں ہیں انکو غیر صحیح مانو۔ بلکہ مزخرفات سمجھ لو۔
[illegible] ساتواں یہ ہے کہ ابن مسعود رض کی اس روایت نے جسکو سوائے
ترمذی کے سبھوں نے لیا۔ مسلم کی روایت مذکورہ کو منسوخ و لاشی کر دیا۔ وہ
روایت یہ ہے عن ابن مسعود رض قال ما رأیت رسول صلعم صلی صلوۃ
لغیر میقاتہا الا صلوتین جمع بین المغرب والعشاء بالمزدلفۃ
وصلی الفجر یومئذ قبل میقاتہا اخرجہ الخمسۃ الا الترمذی کذا فی التیسیر صفحہ ۲۴۰۔
تنبیہ یہ روایت سب روایتوں پر بھاری و معتبر ہے کئی وجہوں سے۔ ایک تو یہ ہے
کہ اسکو صاحبان صحاح کے عمدہ ترین مشائخوں کے استاد امام اعظم رح نے لیا۔
دوسری یہ ہے کہ اسکو پانچ صاحبوں صحاح نے لیا۔ تیسری یہ ہے کہ جب یہ روایت
غیر حنفیوں کی کتابوں میں بھی ساتھ صحت اور اتفاق کل محدثین کی پائی گئی۔
تب یہ واجب العمل ٹھہری۔ جب یہ واجب العمل ٹھہری۔ تب مسلم کی روایت ہباءً منثورا
کی طرح اڑ گئی۔ الحق یعلو ولا یعلی۔ آٹھواں یہ ہے کہ اگر ابن عباس سے

طرفہ تو یہ ہی کہ دونون روایت مسلم اور ترمذی جو باہم متضادہ ہین ابن عباس رضؓ ہی سے مروی ہین - اب کسکو صحیح کسکو غیر صحیح جانئے - ذرا بتلا تو دیجیے - یا تعارض کے قاعدے سے دونون کو ساقط الاعتبار کیجیے - یا از راہِ انصاف کے قول النبیؐ کو قول صحابہ پر ترجیح دیجیے - اور کبھی اسطرح کا سوال زبان پر نہ لائیے کیا حضرت یہ عقل تجویز کرتی ہی کہ حضرت ابن عباس رضؓ نے ایسی دو روایت متضادہ کو روایت کیا - ہرگز نہین - ہان یہ معاندین اسلام کی کارگذاریان ہین کہ یہ لوگ کمین مین بیٹھ رہتے ہین - جب فرصت و قابو پاتے ہین - بمضمون -

ولیکن قلم در کفِ دشمن است - بہت کچھ رطب و یابس بزرگان دین کی طرف منسوب کر رکھتے ہین - اور متعصبین متاخرین ان باتون پر بہک جاتے ہین - اجی صاحب مسلم کی روایت کے ضعف اور عدم اعتبار اور ترمذی کی روایت کی ترجیح و تقویت سیکڑون طرح سے ثابت کرسکتا ہون - ایک انمین سے یہ ہی کہ ترمذی اپنے سُنن کے باب العلل مین لکھتے ہین کہ ہماری جتنی حدیثین اس کتاب مین ہین وے سب معمول بہ ہین مگر دو حدیث ایک انکی یہ حدیث ابن عباس رضؓ ان النبی صلعم جمع بین الظہر والعصر بالمدینۃ والمغرب والعشاء من غیر خوف ولا سفر ولا مطر الخ - جب ترمذی ایسے بزرگ نے اس روایت کو غیر معمول بہ ٹھہرایا - پھر وہ معمول بہ کیونکر ہوگی - دوسرا یہ ہی کہ اس روایت کی عدم صحت کی دلیل بخاری وغیرہ کا نہ لینا بس کرتا ہی - تیسرا یہ ہی کہ یہ روایت رافضیون کی بنائی ہی - عجب نہین کہ مسلم رحؒ نے حالت صغر سن مین کسی رافضی تقیہ کُن سے اسکو سُن لیا یا انکے راوی نے سُن لیا - چنانچہ تحفہ اثنا عشریہ مین اسطرح کی کیفیت بہت لکھی ہوئی ہی

انه کان اذا عجل علیه السفر یوخر الظہر الی اوّل وقت العصر یجمع بینہما و یوخر المغرب حتے یجمع بینہا و بین العشاء حین تغیب الشفق اخرجہما مسلم ص۲۴۲ - دیکھیے اسطرح کی روایتوں سے ابن مسعود کی روایت کی تقویت ہوتی جاتی ہے - اور مسلم کی روایت غیرہ بلا کی تضعیف - **دسوان** - یہ ہے کہ اگر دو نماز کو جمع کرنا درست ہوتا - تو رسول صلعم یوم الخندق میں کفار کے سبب سے عصر کی نماز نہ پڑھنے پانے کی جہت سے کفار کو بد دعا نہیں کرتے - عن علی رضہ ان رسول صلعم قال یوم الخندق حبسونا عن صلوٰۃ الوسطی صلوٰۃ العصر ملاء الله بیوتہم و قبورہم نارا متفق علیہ کذا فی المشکوٰۃ ص۲۴۰ - ایضاً فی ابو داؤد ص۵۹ - **گیارھوان** یہ ہے کہ اگر دو نماز کا جمع کرنا جائز ہوتا تو یہ آیت حافظوا علی الصلوات والصلوٰۃ الوسطی ان الصلوٰۃ کانت علی المؤمنین کتابا موقوتا - نازل نہیں ہوتی - **بارھوان** یہ ہے کہ اگر جمع کرنا درست ہوتا - تو رسول خدا صلعم اس روایت میں وعید علیہ صادر نفرماتے عن قبیصہ بن وقاص قال قال رسول الله صلعم یکون علیکم امراء من بعدی یوخرون الصلوٰۃ فہی لکم وہی علیہم فصلوا معہم ما صلوا القبلۃ کذا فی المشکوٰۃ ص۲۳ - **تیرھوان** یہ ہے کہ اگر جمع کرنا دو نماز کا درست ہوتا تو نبی صلعم اس حدیث میں فصلوا الصلوٰۃ لوقتہا نفرماتے کہ صلوا امر ہے اور موجب امر کا وجوب ہے اور جمع میں سلب معنی وجوب کا لازم ہے - عن عبادہ بن صامت رض

مسلم کی یہ روایت صحت کی پہونچتی - تو پھر یہ روایت وہی مسلم و بخاری و ترمذی و مالک و نسائی وابو داؤد میں وہی ابن عباس رض سے ہونی پاتی - کہ باہم مخالفت رکھتی ہے - عن ابن عباس رض قال صلی النبیؐ بالمدینۃ سبعًا ثمانا الظھر والعصر والمغرب والعشاء قال الوایوب لعله فی لیلة مطیرة قال عسی اخرجه السنة وزاد فی الروایة للشیخین قیل للراوی عن ابن عباس اظنه اخر الظھر وعجل العصر واخر المغرب وعجل العشاء قال وانا اظن ذلك - وفی اخری لمسلم صلی الظھر والعصر جمیعا والمغرب والعشاء جمیعا من غیر خوف ولا سفر وقال مالك اری ذلك فی المطر کذا فی التیسیر ص۲۴ - دیکھو اس روایت سے ساری باتون کا تصفیہ ہوگیا کہ جہان کہین جمع کی صورت نظر آئے - وہان کچھ نا کچھ سبب یا تاویل یا جمع صوری متحقق ہوئین - پھر بلا عذر جمع کرنے کی صورت کہان پائی گئی - **نوان** - یہ ہے کہ مسلم وغیرہ مین ہے کہ جب رسول خدا صلعم سفر کا ارادہ فرماتے - تو ظہر کی تاخیر اور عصر کی تعجیل اس صورت پر کرتے کہ ظہر کی نماز سے فراغت کرنے تک عصر کے اوّل وقت آجاتا - تب عصر کی بھی نماز پڑھ لیتے - اس جمع صوری کو - جمع حقیقی سمجھ کر راویون نے روایت کیا - اسطرح کی خطا فی الفھم نے یہ سب اختلافات پیدا کر لیا - عن انس رض قال کان النبی صلعم اذا اراد ان یجمع بین الصلوتین فی السفر اخر الظھر حتی یدخل اوّل وقت العصر ثم یجمع بینھما - ایضا فیه عن انس رض عن النبی صلعم

عن یحییٰ بن سعید ان عمر بن الخطاب رض انصرف من صلوٰۃ العصر فلقی رجلا لم یشہد العصر فقال ما حبسک عن صلوٰۃ العصر فذکر الرجل عذرا فقال لہ عمر طففت اخرجہ مالک فی موطاہ صنا۔ معنی طففت کے کم کرنا یا گھٹانا یا ناقص کرنا ہے جیسا زرقانی وغیرہ مین ہے۔ عن ابی ملیح قال کنا مع بریدہ فی غزوۃ فی یوم ذی غیم فقال بکروا۔ (اسرعوا) بصلوٰۃ العصر فان النبی صلعم قال من ترک صلوٰۃ العصر فقد حبط عملہ اخرجہ البخاری صـ۔ وایضا فی ابن ماجہ۔ وایضا فی عقود الجواہر صـ۔ سولھوان [۱۶] یہ ہے کہ اگر دو نماز کو جمع کرنا حکم رسول صلعم کا ہوتا تو پھر رسول صلعم حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو ہرگز یون نفرماتے کہ ای علی تین چیز کو تاخیر مت کرو۔ ایک تو نماز جب وقت آجاوے۔ دوسرا جنازہ جب حاضر ہوجاوے۔ تیسرا زن بیوہ کا نکاح جب کفو ملجاوے۔ عن علی رض ان النبی صلعم قال لہ یا علی ثلث لا تؤخرہا الصلوٰۃ اذا انت والجنازۃ اذا حضرت والایم اذا وجدت لہا کفوا اخرجہ الترمذی [۲۴]۔ سترھوان [۱۷]۔ یہ ہے کہ جب دو وقت کی نماز کو جمع کرکے پڑھنا بھی تمھارے مذہب مین درست ہے۔ تو پھر ظہر کی نماز کو دو مثل تک پڑھنے مین ناجائز سمجھکر کیون شور و شغب کرتے ہو۔ اور امام اعظم رح کی شان مین طعنہ زن ہو کیا یہ بے شرمی نہین۔ کچھ بھی تو شرما جاؤ۔ بالکل بے حیا مت بنو۔ بلکہ الحیاء شعبۃ من الایمان کو دیکھو۔ کیون خواہ نخواہ عمل بالحدیث

قال قال رسول صلعم۔ انہا سیکون علیکم ابعدی امراء
اشغلھم اشیاء عن الصلوٰۃ لوقتہا حتے یذھب وقتہا
فصلّوا الصلوٰۃ لوقتہا الخ اخرجہ ابو داؤد ص۔ چودھوان
یہ ہیکہ قال رسول اللہ صلعم قال اللہ عز وجل انّی فرضت
علی امّتک خمس صلوات وعہدت عندی عہدا
انّہ من جاء یحافظ علیھن لوقتھن ادخلتہ الجنۃ ومن
لم یحافظ علیھن فلا عہد لہ عندی (تا) ہذا مختصر الحدیث
اخرجہ ابو داؤد ص۔ دیکھو اس روایت مین خداوند تعالی کیا فرماتا ہے
اور فلا عہد لہ عندی کے وعید سے ڈرو۔ ایماندار بن جاؤ۔ ترتیقانہ
طرز کو چھوڑ دو۔ غیر صحیح حدیثون کو چُن چُن کر ان پر عمل کرنے اور کرانے
سے حدیث ضلّوا واضلّوا کا مصداق نہ بن جاؤ۔ کم ذات کی طرح
بزرگون پر طعنہ مت مارو ؎ کم ذات بزرگ شود رنج دہد دوست را۔
آنا رچختہ شود پارہ کند پوست را۔ پندرھوان یہ ہیکہ اگر وہ روایت
مسلم کی صحیح ہو۔ تو یہ روایتین منسوخ ہون۔ حالانکہ کسی نے انکو
منسوخ نہین کیا۔ عن ابن عمر رض ان رسول صلعم قال الذی
تفوتہ صلوٰۃ العصر کانّما وتر اھلہ ومالہ۔ اخرجہ مالک فے
الموطاء ص۔ ایضًا فی ابو داؤد ص۔ ایضًا فے البخاری ص۔
والیضًا فے العقود الجواہر وغیرہ ص۔ وتر اھلہ ومالہ کے معنی
حبط عمل کا ہونا یا گھر وبار لٹ جانا وغیرہ ہے۔ کذا فے البخاری والزرقانی۔

وبہ یقول سفیان الثوری اخرجہ الترمذی ص۲۳ - دیکھو اس روایت
کو کہ پہلی رکعت میں پانچ تکبیریں ہیں ایک تو تکبیر تحریمہ کی اور ایک رکوع
کی باقی تین ہیں اور دوسری رکعت میں چار تکبیرین ہیں انمین سے
ایک رکوع کی باقی تین - یہ کل چھ تکبیرین عید کی ہین - دیکھو اور غور کرو
کہ اس روایت پر عمل اہل کوفہ کا عمل ہے - عن مکحول (قال) ان سعید
بن العاص سأل ابا موسی الاشعری وحذیفہ بن الیمان کیف کان رسول
اللہ صلعم یکبر فی الاضحی والفطر فقال ابو موسی کان یکبر
اربعا تکبیرۃ علی الجنازۃ فقال حذیفۃ صدق فقال ابو موسی
کذلک کنت اکبر فی البصرۃ حیث کنت علیہم والیا اخرجہ ابوداود
دیکھو اس روایت کو کہ ہر دو رکعت میں چار چار تکبیرین مثل تکبیرات
جنازہ کے ہین - انمین سے دو تکبیرین رکوع کی ہین باقی چھ تکبیرین عید
کی - اور دیکھو کہ جسوقت حضرت ابو موسی الاشعری بصرے مین
والی تھے اُسوقت ہزارون صحابہ کے روبرو چھ تکبیر کے ساتھ عید کی نماز
پڑھاتے تھے -

سوا اسکے قبل پیدائش کل صاحبان صحاح کے امام محمد رحمۃ
اپنے موطا مین یہ عبارت لکھی اختلف الناس فی التکبیر فی
العیدین فما اخذت بہ فھو حسن وافضل ذلک وما روی
ابن مسعود انہ کان یکبر فی کل عید تسعا خمسا واربعا
فیھن تکبیرۃ الافتتاح وتکبیرۃ الرکوع ویوالی بین القراءتین

کا دم بھرتے ہو۔ حالانکہ زندیقوں کا کام کرتے ہو۔ کیا ان حدیثوں کو
حدیث نہیں جانتے ہو۔ فقط ایک ہی روایت مسلم کو حسب خواہش نفس اپنے
کے باپ کی حدیث سمجھتے ہو۔ لا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔ اجی خدا کے
واسطے عبداللہ بن سبائی کا رخنہ اسلام میں مت ڈالو۔ آخر ایک دن مرنا ہے
خدا کو منھ دکھانا ہے۔

**سوال ہفتم** ۔ اجی صاحب تم تو عقد کے ہر مسئلوں کی حقیقت صحاح وغیرہ
سے ثابت کرنے کا دعا کرتے ہو۔ بھلا عیدین کی چھ تکبیروں کو تو صحاح وغیرہ
سے ثابت کرکے دکھلاؤ تب جانو کیونکہ صحاح وغیرہ میں تو کہیں چھ تکبیر
کا ذکر تک بھی نہیں۔ ہاں کسی روایتمیں تیرہ اور کسی میں بارہ اور کسی میں
نو وغیر ذلک ہیں۔ پھر تمھارے حنفیوں نے چھ تکبیر کہاں سے نکال لی۔

**الجواب** اجی صاحب تمھاری حالت تو کمثل الحمار یحمل اسفارا کی
طرح ہے۔ دور کیوں جاؤ۔ تمھاری روایتوں کے اندر جو نو کی روایت ہے
وہی روایت عین چھ کی ہے۔ لیکن بمصداق وعلی ابصارهم غشاوة تمھاری
نظروں سے چھپی۔ اجی ایک انمیں تکبیر افتتاح کی اور دو تکبیر رکوع کی باقی
رہیں چھ تکبیریں وہ عید کی۔ وہ روایت یہ ہے عن ابن مسعود انہ قال
فی التکبیر فی العیدین تسع تکبیرات فی الرکعۃ الاولی
خمس تکبیرات قبل القراءۃ وفی الرکعۃ الثانیۃ یبدء
بالقراءۃ ثم یکبر اربعا مع تکبیرۃ الرکوع وقد روی عن غیر
واحد من اصحاب النبی صلعم نحو ھذا وھو قول اھل الکوفۃ

احتیاج نہین۔ لیکن تمھاری تسکین کے لیے وتر کی تین رکعت کے ثبوت مین
چند روایت صحاح وغیرہ سے بھی لاتا ہون۔ اور ناظرین کے پیش نظر کرتا ہون
اجی صاحب کو طوکے بیل کی سی آنکھون مین تعصب کی پٹی لگا کر ضلالت
کے دائرہ مین کیون گھومتے ہو۔ ذرا پٹی کھولکر دیکھو تو سہی۔ بمضمون الحق
یعلو ولا یعلی۔ تمھاری صحاح مین بھی تو تین رکعت کی روایتین ہین۔
حالانکہ معاندین ومنافقین بلکہ صحاح کے اکثر مشایخون نے بھی بہتیری کوششین
کین کہ امام اعظم رح کی مستدل روایتون کو دنیا سے مٹا دین۔ مگر خدا جسکو
نہ مٹاوے کون اسکو مٹا سکے۔ قولہ تعالیٰ لیحق الحق ویبطل الباطل
ولو کرہ المجرمون۔ وہ روایتین یہ ہین۔ عن ابن عمر رض قال قال رسول
صلعم صلوٰۃ اللیل مثنی مثنی فاذا اردت ان ینصرف فارکع
رکعۃ توتر لک ما صلیت قال القاسم ورائنا اناسا منذ
ادرکنا یوترون بثلاث وان کلا لواسع وارجو لا یکون لشیٔ
منہ باس اخرجہ البخاری ص ۱۳۵۔ دیکھو اس روایت مین کہ قاسم
فرماتے ہین کہ ہمنے جب سے ہوش سنبھالا تب سے لوگون کو تین رکعت
وتر پڑھتے دیکھا۔ عن ابن عباس رض (تا) ثم اوتر بثلاث الخ
اخرجہ المسلم ص ۲۶۵۔ دیکھو اس روایت مین وتر کی تین رکعت ہین۔ عن ابن
عمر رض حدثہم ان رجلا نادیٰ رسول صلعم وھو فے
المسجد فقال یا رسول صلعم کیف اوتر صلوٰۃ اللیل
فقال رسول صلعم من صلی فلیصل مثنی مثنی فان احس

ويؤخر هلے فے الاولى ويقدم هلے فے الثانية وهو قول ابيحنيفة رح انتهى - (روى) ابوحنيفة عن حماد عن ابراهيم عن ابن مسعود رض قال كان رسول صلعم يكبر فے الفطر والاضحے اربعا تكبيرة على الجنازة هكذا رواه محمد بن الحسن في الاثار كذا في عقود الجواهر ج ۱ ص ۱۰۳

ايضا فيه روى عبد الرزاق فے مصنفه عن الثورى عن ابى اسحق عن علقمه والاسود سال سعيد بن العاص حذيفة رض وابا موسى عن تكبير العيدين فقال حذيفة رض سل ابن مسعود رض فساله فقال يكبر اربعا ثم يقرأ ثم يكبر فيركع ثم يقوم فے الثانية فيقرأ ثم يكبر اربعا فقط

ايضا فيه - عن سعيد بن المسيب قال قال عمر بن الخطاب رض كبرنا مع رسول صلعم اربعا قال قام عمر باربع يعني تكبير العيدين والجنائز ص ۱۰۴ فقط اگر كهو كه باقى روايتون كا كيا جواب ديتے هو.

كهونگا وے روايتين بسبب باهم تناقضات اور تعارضات اپنے كے ضعيف ٹهر گئين - اور ان روايتون مين بسبب عمل هونے كل اهالى كوفه اور جميع اهالى بصره كے بڑى تقويت هوئى خذ هذا -

**سوال هشتم** - صحاح كى روايتون سے صاف وتر كى نماز ايك ركعت ثابت هوتى هے حنفى تين ركعت كهتے هين اسكى كيا دليل هے -

**الجواب** - اگرچه هكو امام اعظم تابعى خير القرونى كے قول (جو كتاب وسنت سے استنباط هے) پاتے هوئے - بشر القرونى كى تاليفات كى طرف

صلی ثلثا الخ اخرجہ امام مالک ؒ دیکھو اس سے بھی تین رکعت ثابت ہے
عن ابن عمر رض قال قال رسول اللہ صلعم صلوۃ اللیل والنہار مثنی مثنی
اخرجہ اصحاب السنن کذا فی التیسیر ۔ عن ابن مسعود رض ان النبی صلعم کان
یوتر بثلث رکعات الخ کذا فی العقود الجواہر ... عقود الجواہر کو دیکھو بہت
کچھ کیفیت کھل جائے گی سوائے اسکے مسند حصفکی ہین ہے ۔ عن ثابت
بن الحرث الیمانی وعن ابن عمر عبد الرحمان ابزی قال کان رسول اللہ
یقرأ فی وترہ سبح اسم ربک الاعلی فی الاولی وقل یا ایہا الکفرون فی الثانیۃ
وقل ہو اللہ احد فی الثالثۃ + وفی روایۃ کان یوتر بثلث رکعات رواہ امام
ابو حنیفہ رح عن ابی سعید قال قال رسول اللہ صلعم لا فصل فی الوتر
کذا فی مسند الحصفکی + عن عایشہ رض قالت کان رسول اللہ صلعم یوتر
بثلث لا یسلم الا فی اخرہن رواہ الحاکم ۔ وعن عایشہ رض قالت کان
النبی صلعم لا یسلم فی رکعتی الوتر رواہ النسائی ۔ عن الحسن قد اجمع
المسلمون علی ان الوتر ثلث لا یسلم الا فی اخرہن رواہ ابن ابی شیبہ
فی مضنفہ ۔ عن ابن عباس رض قال کان رسول اللہ صلعم یوتر بثلث الخ
رواہ الطحاوی ہذا فی شرح مسند الحصفکی للملا علی القاری +
اور ابن عبد البر نے اپنے استیعاب مین یہہ نقل لکھی ہی کہ حضرت عبد اللہ بن مسعود
نی اپنے والدہ کو رسول اللہ صلعم کے گھر مین بھیجا یا بھیجا مین وتر کی نماز کا
حال دریافت کرین وہ تشریف لے گئین اور رسول اللہ صلعم کے پاس سکونت
اختیار کی اور رسول اللہ صلعم نے نماز پڑہی جسقدر انکی مرضی تھی جب رات آخر

ان یصبح سجد سجدۃ ما وترت له ما صلے اخرجہ مسلم ص۲۵۴ -
دیکھو اس حدیث مین کہ نماز کو دُو د ورکعت ہونی چاہیے - عن علی رض قال
کان رسول صلعم یوتر بثلاث یقراء فیھن تسع سور من المفصل
یقراء فی کل رکعة بثلاث سورة اخرھن قل ھو الله احد
(تا) روا ان یوتر الرجل بثلاث (تا) قال سفیان والذی
استحب ان یوتر بثلاث رکعات وھو قول ابن المبارك
واھل الکوفة اخرجہ الترمذی ص۶۳ - دیکھو اس حدیث مین کہ اسمین تین
رکعت وتر کا ہونا حضرت علی رضی اللہ سے مروی ہے اور اہل کوفہ کا عمل اسپر ہے
عن جریح قال سالت عائشة بای شئی کان یوتر رسول صلعم
قالت کان یقراء فی الاولی بسبح اسم ربك الاعلی وفی الثانیة
بقل یا ایھا الکافرون - وفی الثالثة بقل ھو الله احد
والمعوذتین اخرجہ الترمذی ص۶۴ - دیکھو اس حدیث سے صاف تین رکعت
وتر کی متحقق ہے - عن ابی ابن کعب قال کان رسول صلعم یوتر بسبح
اسم ربك الاعلی وقل للذین کفروا - (ای قل ایھا الکافرون)
والله لواحد الصمد (ای قل ہو اللہ احد) اخرجہ ابو داؤد ص۲۰۲ -
دیکھو اس روایت سے بھی تین رکعت ثابت ہے - عن ابی سلمہ (تا) انه
سال عائشه زوج النبی صلعم کیف کان صلوٰۃ رسول صلعم
فی رمضان فقالت (تا) یصلی اربعًا فلا تسال عن حسنھن
وطولھن ثم یصلی اربعًا فلا تسال عن حسنھن وطولھن ثم

نکاح بعد چار برس کے کیونکر صحیح ہوگا اما الحدیث فقولہ علیہ الصلوۃ والسلام فی امراۃ المفقود انہا امرأتہ حتی یاتیہا البیان رواہ الدارقطنی فی سننہ وقول علی رضی اللہ تعالے عنہ فیہا ھی امرأتہ ابتلیت فلتصبر حتی یستبین موت او طلاق رواہ عبد الرزاق۔ وعن ابن جریج۔ قال بلغنا ان ابن مسعودؓ وافق علیا علی ان امرأۃ المفقود تنتظرہ ابدا رواہ عبد الرزاق۔ وعن ابی قلابہ وجابر بن زید والشعبی والنخعی کلہم قالوا لیس لہا ان تزوج حتی تستبین موتہ اخرجہ ابن ابی شیبہ عن علی رضی اللہ تعالے عنہ انہ قال امرأۃ المفقود لاتزوج فاذا قدم وقد تزوجت فھی امرأتہ ان شاء طلق وان شاء امسک رواہ البیہقی کذا فی الشعرانی دیکھو ان حدیثون سے صاف صریح ظاہر و باہر ہے کہ مفقود کی بی بی مفقود ہی کی بی بی رہیگی جب تک اسکی موت یا طلاق کی خبر نہ ملے تب تک زن مفقود والمحصنات کی حرمت مین شامل و داخل رہیگی پھر باوجود موجود ہونے ان الظن لا یغنی من الحق شیئا محض ظن و گمان سے چار برس کے بعد موت فرض کرلینا کیسی مخالفت نصوص مذکورہ کی کرنا ہے۔ اپنے دل ہی سے پوچھ لیجئے

معاند کو حکم ٹھہرانا یہہ جرءت ہماری ہے

ہوگئی اور وتر پڑھنے کا ارادہ فرمایا + تب سبح اسم ربک الاعلی پہلی رکعت مین
پڑہا اور ثانی رکعت مین قل یا ایہا الکافرون پہر جلوس فرمایا پہر بلا سلام پڑہنے کے
لئے کہڑے ہو گئے پہر قل ہو اللہ احد پڑہا - جب قل ہو اللہ سے فراغت کی تکبیر
فرما کر قنوت وغیرہ پڑہی پہر تکبیر کہکر رکوع مین گئے + ہکذا ایضاً فی ملا علی القاری +
اب دیکھو ان حدیثون سے اور اس نقل سے کسقدر حال نماز وتر کا منکشف ہو گیا
اور ایک خوبی اسمین یہہ ہے کہ ابن عبد البر مالکی غیر حنفی نے جو یہہ نقل لکہی وترکی نماز
ثابت کرنیکے لئے نہین بلکہ حضرت عبد اللہ بن مسعود اور اون کے والدہ ماجدہ
کی شرافت اتحاد اور محبت کو رسول اللہ صلعم سے ثابت کرنے کے لئے لکہی ++
اس سے امر حق ظاہر ہو گیا **سوال نہم** زن مفقود کو چار برس کے بعد تفریق
کر کے نکاح نہ دینے کی کیا دلیل ہے - حنفیون کے پاس ذرا ابتلا تو دیجئے +

**الجواب** قرآن وحدیث دلیل ہے بتلائی دیتا ہون **اما القرآن** فقولہ
تعالی - والمحصنات من النساء ذوات الازواج احصنہن التزویج والازواج
کذا فی البیضاوی حرمت علیکم المحصنات ای ذوات الازواج من النساء
ان ینکحوھن قبل مفارقۃ ازواجھن کذا فی الجلالین والمحصنات من النساء
المراد من المحصنات ہہنا ذوات الازواج لانہن احصنہن فروجہن بالتزویج
کذا فی الاحمدی والمحصنات ذوات الازواج من النساء حرام علیکم
کذا فی العباسی - یعنی شوہر دار عورتون کا نکاح حرام ہے اور زن مفقود کا
شوہر دار ہونا بالیقین ثابت ہے کہ خود ترکیب اضافی (کہ در امراۃ المفقود
موجود ہے) اس بات پر شہادت دی رہی ہے - تب وہ محصنہ ٹہری محصنہ کا

تعین کو از انص سے ثابت ہی بتلا تو دیجیے کہونگا حدیث مذکورین کی حتے
یا تیھا البیان۔ حتے لیسبین سے یہ تعینات مستنبط ہوتے ہین۔ کہ جب
غالبًا زندگی لوگون کی اس سے زیادہ نہین ہوتی ہی۔ تب گویا اس مدت
نے اسکی موت کا بیان کردیا۔ اور یہ حدیث (اگرچہ کلیہ نہین اکثر یہ ہی) اسکی
تائید مین آگئی۔ قال رسول اللہ صلعم فی اخر عمرہ لاصحابہ
ارائتکم لیلتکم ھذہ فان علی راس مائۃ سنۃ منھا
لا یبقے علی وجہ الارض ممن ھو الیوم علیھا احد رواہ
البخاری و مسلم من حدیث ابن عمر رض کذا فی الاصابہ۔ اور صاحب اصابہ نے
اسی بناپر یہ عبارت لکھی المعاصرۃ فتعتبر بمضے مائۃ سنۃ وعشر
سنتین۔ پھر اگر کہو کہ عدم نکاح سے زن مفقود کا حرج منصور ہی
کہونگا کہ یہ حرج بھی حدیث مذکور کی فلتصبر سے مندفع ہی۔ کہ
اور مصیبتون مین جسطرح سے صبر لازم ہی اُسی طرح سے اسمین بھی صبر لازم ہی۔
فتامل۔ فانہ ادق الدقائق واحق الحقائق۔

| | |
|---|---|
| نقابیست ہر سطر من این کتیب | فروہشتہ بر عارض دلفریب |
| معانی است در زیر حرف سیاہ | چو در پردہ معشوق در میغ ماہ |
| محقق ہمان بیند اندر ابل | کہ در خوبرویان چین و چگل |

دفع دخل اور حضرت عمر رضی اللہ تعالے عنہ کی قضا (جو چار برس کے بعد عورت مفقود کو حکم نکاح کا فرمایا تھا) دلیل نہین ہوسکتی ہے - جب اونھون نے خود اس مسئلہ مین اور دو مسئلون مین اپنی قضا سے حضرت علی رضی اللہ تعالے عنہ کے قول کی طرف رجوع فرمایا - چنانچہ اس بات کو عبد الرحمن بن ابی لیلے نے ذکر کیا ثلث قضیات رجع فیہا عمرؓ الی قول علیؓ فی امرأۃ المفقود وامرأۃ ابی کنف و امرأۃ التی تزوجت فی عدتہا - ذکرہ عبد الرحمن ابن ابی لیلے

اجی صاحب جب حضرت عمر رضی اللہ تعالے عنہ نے اپنے قول سے رجوع فرمایا اس وجہ سے کہ نص سے یہہ تعین چار برس کی ثابت نہین ہوتی ہے تب اس قول کی سند باقی نہ رہی - تب یہہ قول نہ حضرت علی رضی اللہ تعالے عنہ کے قول کا معارضہ ہوسکتا ہے نہ اسکو زائد علی الکتاب کہنا درست ہوسکتا ہے - اگر کہو کہ جب چار برس کی تعین نص سے ثابت ہونا ثابت نہین تب نوّے - سو - ایک سو بیس برس وغیر ذلک کے

منم استاذرا استاد گردم - ) اس سال مکہ معظمہ مین ان قصو.. ون کے
سبب سے شریف مکہ کی خدمت شریف مین محبوس وماخوذ ہوکر توبہ نامہ لکھدیا
جسکے سبب سے حبس سے خلاص پایا - اور وہ توبہ نامہ مکہ معظمہ کے مطبع میریہ مین
چھپکر حاجیون کے ذریعے سے ہر ہر اطراف و اکناف مین شائع وذائع ہوگیا۔
یہانتک متفرق تاریخون مین چند حاجی دوستون نے میرے ایک ایک قطعہ اسکے
ہاتھ مین اپنے اپنے لیلیکر شادان و فرحان میری ملاقات کو دوڑے - اور دور
دور سے ہشاش بشاش ہوکر یہ کہا - کہ حرمین شریفین سے تمھارے لیے
یہ بڑا تحفہ لایا ہون - مین نے اسے دیکھکر الحمد للہ کہکر بے شک آپ صاحب
بہت ہی بڑا تحفہ لائے کہا - پھر انکی زبانون سے اور میان صاحب کے
ہمراہی حاجیون کی زبانون سے کل کیفیت و جمیع حقیقت میان صاحب
کی بمبئی سے لیکر مدینہ منورہ سے مراجعت کرنے تلک کی دریافت کرلی یعنی
بمبئی مین علماے مقلدین کے مناظرہ سے بھاگ بھاگ کر خونی اسامی کی
طرح دربستہ مقفل ہوکر چھپ رہنا - معہذا مقلدین کا گھرون مین انکے
بیٹھ جانا - اور انکی عقائد ضالہ کو انکی کتابون سے استخراج کرکے انکے
پاس پیش کرنا - اور انکا اسوقت اُن عقائد کو فقط زبانی بُرا کہنا - مگر
لکھہ نہ دینا - اور اس کشمکش سے ڈپٹی امداد علی صاحب کی توسط سے
رہائی پانا - پھر خفیۃً جہاز پر سوار ہونا - اور علماے مذکورین کا برابر
پیچھا لینا - حتّٰی کہ انکے اُن عقائد ضالہ مذکورہ کو مکہ معظمہ کے شریف صاحب
کی خدمت شریف مین پیش کرنا - اور حسب الحکم شریف ممدوح کے سنّی سپاہ

# خاتمہ

در مختصر بیان توبہ سرگروہ غیر مقلدین مولوی نذیر حسین میاں صاحب وغیرہ

بڑی بشارت ہو کُل اہلِ اسلام کو۔ اور بہت ہی راحت ہو جمیع اہل ایمان کو۔ کہ

مولوی نذیر حسین میاں صاحب نے (یعنی جسنے لطائف الحیل سے عمل الحدیث

کے تکیہ پر عبد اللہ بن سبا یہودی کی طرح اہلِ اسلام کے درمیان مین تفرقہ ڈالا

اور تقلید شخصی کا نام ضلالت اور تلہی کا نام ہدایت رکھا۔ اور جمیع مقلدین

کرام کو۔ اور کل مجتہدین منتسبین عظام کو۔ بدلیل قولہ تعالیٰ اتخذوا

احبارھم الخ وغیر ذلک مشرک لکھا اور بقولہ تعالیٰ نؤمن ببعض ونکفر

ببعض واتخذ وبین ذلک سبیلا۔ جس آیت وحدیث کو اپنا

موافق پایا اسپر عمل کیا اور کروایا۔ اور جسکو نہ پایا ترک کیا اور کروایا۔

اور بعض آئمہ کے قول سے بعض کو الزام دیکر کُل آئمہ کو خاطی جانکر حسب

خواہش نفسی۔ اور رغبت دلی اپنے کے جدید مذہب تلہی۔ استنباط کرنے

کا طریقہ نکالا۔ اور بمضمون حدیث قال رسول اللہ صلعم لیشربن ناس

من امتی الخمر یسمونہا بغیر اسمہا الخ اخرجہ ابن ماجہ اسکا نام

محمدی رکھا۔ اور بظاہر صحاح ستہ کو مدار شریعت مقرر کیا۔ حالانکہ بانی

صاحبان صحاح کو بھی سبب تقلید آئمہ اربعہ متقدمین کی وہی اتخذوا

الخ سے مشرک سمجھ رکھا تاہم بمضمون لا بحب علی بل ببغض معاویہ

بناے شریعت کو اُن اقوال پر دار مدار رکھکر کیسا کچھ رنگ جمایا۔ اُسی سے

لوگون کو خوب ہی دھوکا دیا بے شک اسمین ابن سبا کا استاذ بنا۔

احادیث صحاح کے چند راویوں نے منفرداً منفرداً بعد ڈھائی تین سو برس کے
صاحبان صحاح تلک پہونچائے۔ اسلیئے اُنمین بسبب مرور شہور و عبور دہور
و متوسطات موفور کے بہت کچھ رطب و یابس کی گنجائش ہوئی۔ کما مرّ ذکرہ۔
اور اس خبر مین باعث موجود ہونے ہر مخبرین و مورد وغیر ذلک کے رطب و
یابس کی مداخلت نہین ہونے پائی۔ اگرچہ چند سال کے بعد یہ تواتریت بھی
مثل متواترات امام صاحب کے گم ہو جائیگی۔ حتیٰ کہ اُس زمانہ کے لوگ اس خبر
یقینی کو بھی معاندین کی تحریرات کے مقابلہ مین موضوع و ضعیف ٹھہراوینگے
جیسا اِس زمانہ کے علماے غیر مقلدین امام صاحب کی اُن احادیث متواترات
کو جو اِنکے وقت مین حقیقت اِسکی ثابت تھی اَب اِن صحاح کے مقابلہ مین (جنمین
معاندین کے اقوال بھی مندرج ہین) ضعیف و موضوع ٹھہراتے ہین۔ سچ ہے تغیرات
زمان۔ اور تبدیلات مکان۔ اور انقلاب دوران۔ اور اختلاف آوان سے
کچھ کا کچھ ہو جاتا ہے۔ لیکن اِسکی حقیقت اِسوقت ایسی ثابت ہوگئی۔ کہ
اگر میانصاحب بھی حلفاً انکار کرین تو بھی اُنکا انکار دارالعدالت شرع مین
مسموع نہین ہوگا۔ کہ گویا امر بدیہی کا انکار کرنا ہے کیا کوئی آسمان کو زمین
یا آگ مین گرمی نہین ہے کہدیئے یا شپرہ کی آفتاب مین روشنی نہین ہے بولنے سے
مان لیا جائیگا۔ اور آفتاب کا سیاہ ہونا ثابت ہو جائیگا۔ ہرگز نہین ~

گر نہ بیند بروز شپرہ چشم ~ چشمۂ آفتاب را چہ گناہ ~
نور گیتی فروز چشمۂ خور ~ زشت باشد بچشم موشک کور

جیسا مولوی محمد حسین لاہوری نے ان خبرون کو سن سن کر کھسیانی

اگرانکو گرفتار کرلیجانا - اور انکے مریدوں کا تتر بتر ہوکر فرار ہونا - اور
گرفتاری کے وقت انا حنفی انا حنفی کے اقرار سے رہائی پانا - اور اُنکا
حسب فتوی مفتیان مکہ معظمہ کے حبس میں محبوس رہنا - بعد چند دن کے اپنے
مطوف صاحب کے ذریعہ سے ہزارہا روپیہ صرف کرکے حضرت دولتلو سید
عثمان نوری پاشا کی خدمت شریف میں جانا - اور اُنسے بڑی عجز و نیاز سے
یہ کہنا (کہ حضرت جب کافر اپنے کفر سے توبہ کرے تو اُسکی توبہ قبول ہوتی ہے -
پھر میری توبہ کیوں قبول نہیں ہوتی ہے) تب پاشا کا اُنسے توبہ نامہ لکھوا لینا -
پھر جناب مولانا رحمت اللہ صاحب وغیرہ کی ضمانت پر مدینہ منورہ جانے کا پروانہ
ملنا - اور وہابیت سے کل عقائد کے انفصال کو انکی مراجعت پر موقوف رکھنا -
اور انکا اس خوف سے بلا مراجعت مکہ معظمہ رابغ سے جدہ آکر جہاز پر سوار
ہوکر بھاگنا - وغیر ذالک دریافت کر لیا - بعد اسکے جناب مولوی حافظ احمد حسین صاحب
مطوف مکہ معظمہ و جناب حسن داؤد صاحب معلم و مطوف مکہ معظمہ و دیگر
چند مطوفین وغیرہم نے حرمین شریفین سے میرے یہاں تشریف لائے اور
ہر ایک نے سارا ماجرا میاں صاحب وغیرہ کا مجھ سے اور کل مدرسین وغیرہ کو
کہہ سنایا - اسی طرح سے جوق جوق کل حاجیوں نے اپنے اپنے ملکوں میں
جا جاکر لوگوں کو کہہ سنایا - سوائے اسکے اخبار نویسوں نے بھی اپنے اپنے
اخباروں میں ان خبروں کو چھاپکر مشتہر کر دیا - الغرض یہ خبر ایسی حد تواتر
کو پہونچگئی - کہ کوئی حدیث صحاح کی بھی اس درجہ کو نہیں پہونچی - کہ کثرت حاجیوں
کے سبب سے یہ خبر اظہر من الشمس و ابین من الامس ہوگئی - برخلاف

کچھ خوف ہے خدا و رسول بھی کچھ چیز ہین غیبت اور کذب دین مین کیسا ہی
اپنے دل مین سوچو اور ایماندار بن جاؤ اللہ ہدایت کرے۔ راقم ایک بندۂ خدا
از راجپوتانہ بارشاد مولوی ابوسعید محمد حسین صاحب لاہوری۔ **نور الانوار**
اب ہم اس گمنام اور اُنکے مرشد محمد حسین صاحب لاہوری سے پوچھتے ہین کہ
دار الحرب سے حرمین محترمین مراد ہین۔ کما ہو الظاہر یا کوئی اور شہر۔ در
صورت اول یہ اتباع و تقلید رئیس الطائفہ عبد الوہاب نجدی کی ہے کہ اُسنے
بھی حرمین شریفین کو دار الحرب قرار دیکے اُنکے اہل پر خروج کیا تھا۔ پس
معلوم ہوا کہ تمھارے زعم مین مولوی نذیر حسین صاحب مع اپنے رفقا کے دار الاسلام
دہلی ملک نصاری سے دار الحرب حرمین شریفین مین بقصد خروج اُسکے اہل
پر گئے تھے۔ نہ بخلوص نیت حج و زیارت لاحول ولا قوۃ۔ الغرض حرمین
معظمین کا دار الحرب ہونا کتاب و سنت سے ثابت کرنا اُنپر لازم ہے ورنہ حسب تحریر
اپنے مورد لعنۃ اللہ علی الکاذبین ہونگے۔ اور در صورت شہر بمبئی و جبلپور
وغیرہ اور دہلی برابر ہین کہ سب ملک نصاری اور مسکن جملہ فرقۂ مشرکین و
یہود و نصاری و مسلمین و مقلدین و غیر مقلدین وغیرہم ہے۔ اور مسلم عالم
شریف مکۂ معظمہ کو پلید مکہ لکھنا آپکی خوبی اسلام کی دلیل ہے اثبات اسکا بھی تمھارے
ذمہ واجب ہے ورنہ مفتری کذاب ہوگئے اور اُسی کلمۂ لعن کے مورد ہوگئے۔ اور
نور الانوار مین جو حال مولوی نذیر حسین صاحب کے توبہ کرنے وغیرہ کا مندرج
ہے وہ بنقل خطوط معتمدین آمدۂ مکۂ معظمہ اور شہادت حجاج معتبرین متعدد بسند
و حوالہ مرقوم ہے۔ چونکہ ناقل کے ذمہ یہ تصحیح نقل ہے فقط۔ جسکو اسمین شک

بلی بورنا نوچتی ہی) کی طرح اپنے سو نوچ ناچ کر بمضمون مو توا بغیظکم۔ غضب و خشم سے مشتعل ہو کر بے نامی ایک کارڈ راجپوتانہ سے بنام مہتمم اخبار نور الانوار لکھا۔ جس سے اُنکے اسلام کی خوبی بخوبی معلوم ہوگئی۔ بلکہ اس تحریر نے اُنکے ایمان کی خوب ہی خبر لی اور اہل اسلام سے عداوت دلی و نفاق قلبی رکھنے کی خبر دی۔ لیکن مہتمم ممدوح نے بھی بہت ہی عمدگی کے ساتھ دندان شکن جواب دیا۔ جسکو مین نے ناظرین کی نظر کے لیے بجنسہ نقل کیا۔ وہ یہ ہی۔

**مراسلات** نمونۂ عقائد مقلدین ہوا ے نفس۔ ۱۵ر جنوری کو ایک کارڈ راجپوتانہ سے بنام مہتمم اخبار نور الانوار آیا۔ جسکا کاتب مجہول الاسم والنسب ہی۔ نہایت جبن و نفاق سے اپنے نام کو چھپایا ہی [illegible] اسکے لکھا ہی کہ (راقم ایک بندۂ خدا از راجپوتانہ بارشاد مولوی ابو سعید محمد حسین صاحب لاہوری) اس خط مین اظہار اپنے عقیدے کا بہ نسبت حرمین محترمین اور اہل حرمین کے کیا ہی جسکی تحریر سے زبان قلم و قلم زبان کانپتا ہی مگر واسطے انتباہ خاص و عام اہل اسلام کے نقل اُسکی بلفظہ دسج ذیل ہی وہ ہو ہذا

مہتمم صاحب اخبار نور الانوار کانپور۔ بعد سلام مسنون آنکہ مولوی سید محمد نذیر حسین صاحب محدث دہلوی حج خانۂ کعبہ معظمہ و مدینہ طیبہ کا کرکے دار الحرب سے دار الاسلام مین تشریف لائے ہین۔ اور جو کچھ آپنے نسبت جناب بابت ایذا رسانی پلید تکہ جسکو شریف تکہ آپنے قرار دیا تھا۔ آپنے درج اخبار فرمایا تھا وہ جھوٹ محض ثابت ہوا۔ لعنت اللہ علی الکاذبین۔ آپ کیون ایسی حرکت بیجا کرکے اپنا نامۂ اعمال و نیز قلب کو سیاہ کرتے ہین۔ موت اور قیامت کا بھی

کہ یہ سب جھوٹ و افترا ہی ہرگز مولوی صاحب سے مواخذہ نہین ہوا اور نہ اُنھون
نے توبہ کی بلکہ شریف مکہ معظمہ نے اُنکی تعظیم و تکریم کی بعض کہتے ہین یہ توبہ اُنکی
بطور تقیہ تھی نہ صدق دل سے بعض کہتے ہین یہ مواخذہ بطریق ابتلا و امتحان
موجب علو شان و افتخار مولوی صاحب ہوا بعض کا مقولہ ہی کہ مولوی صاحب
کی توبہ ہمپر حجت نہین جب ہم امام اعظم کا کہنا نہین مانتے تو مولوی صاحب مذکور
کس شمار مین ہین بعض سنتے اِسکے سبب سے حرمین شریفین کو دار الحرب اور
شریف مکہ کو پلید ٹھہرایا اعاذنا اللہ تعالی عن ہذا الخرافات و الکذبات حال آنکہ
یہ تمام اقوال متناقضہ بطور تخمین و اٹکل ٹھہراتے ہین دلی سند و دلیل اسپر
بیان نہین کرتے اب ہم کہتے ہین کہ جناب مولوی صاحب ممدوح اِن تاویلات
سے کسکو پسند و اختیار فرماتے ہین اور کیا اظہار فرماتے ہین اللہ تعالی ہدایت فرمائے

## اب فقیر بھی صاحب کاوڑ سے کچھ پوچھتا ہے

کہ کیون صاحب مدینہ طیبہ کا بھی حج ہوتا ہی کیا۔ کہ آپنے۔ حج خانہ کعبہ معظمہ
و مدینہ طیبہ کا کرکے۔ لکھا۔ اگر ہوتا ہی تو اسکو قرآن و حدیث سے بیان فرمائیے۔
طرفہ معاملہ تو یہ ہی کہ آپ لوگون نے زیارت مدینہ طیبہ تک کو بھی روا نہین رکھا ہی۔
بدعت کہتے ہین۔ پھر ثبوت حج کو کیونکر ثابت کرینگے۔ بالفرض اگر اسوقت
زیارت کی درستگی کا قائل بھی ہوجائیگا۔ اور مدینہ طیبہ کے قبل لفظ زیارت کو
مقدر کر لیجئیگا۔ تو لفظ کا کو (جو مخالف لفظ زیارت کا ہی کیا کیجیے گا تین
پھر آپنے لکھا۔ دار الحرب سے دار الاسلام مین تشریف لے آئے۔ کیا دار الحرب
حج کرنا ہوتا ہی اگر ہوتا ہی تو آپکے پیرو مجتہد کا بڑا دار الحرب لندن وغیرہ مین جاکر

دو ہم ہو وہ مطبع نظامی مین تشریف لاوین اور بخوبی اپنی دلجمعی کرلین اور بدون
اسکے کسی کو مفتری وکذاب لکھنا خود اُس کلمہ کا مصداق ہونا ہی حال توبہ کرنے
مولوی صاحب مذکور کا اور اقرار کرنے اپنے حنفی ہونے کا مطبع میریہ واقع
مکہ معظمہ مین چھپ گیا ہی اب چھپ نہین سکتا خاص ایک شہر کی خبر اُسی شہر مین
جھوٹ بے اصل چھپے اور اُسپر کوئی مواخذہ نکرے خلاف عقل ہی یہ خبر اس تواتر
کو پہونچی ہی کہ انکار مولوی صاحب بھی اسکا معارض نہین ہوسکتا بلکہ تحریر اہم
خط مذکور سے بھی یہ امر ثابت ہوتا ہی کہ مولویصاحب موصوف پر مکہ مکرمہ مین مواخذہ
دار وگیر ضرور ہوا ہی ورنہ مکہ معظمہ کو دار الحرب اور شریف مکہ کو پلید مکہ ہر گز نہ لکھتا
اسلیے کہ اُنکا اور کوئی قصور نہین بجز اسکے کہ مولوی صاحب ممدوح کے
عقائد فاسدہ سے توبہ کرالی۔ باینہمہ اقرار پھر جو یہ کاتب خط لکھتا ہی کہ (آپنے
جو درج اخبار فرمایا وہ جھوٹ محض ثابت ہوا) عجب خبط وکذب ہی بحکم
الکذب لاحافظہ لہ پہلے ایک امر کا اقرار بدلیل اور پھر اُسی کا انکار بلا دلیل
کیسا ذلیل ہوتا ہی۔ مگر بے حیا باش ہر چہ خواہی کن۔ نہ خوف خدا ہی نہ شرم دنیا۔
عجب حال اس فرقۂ لامذہب مقلدین ہواے نفس کا ہی کہ جب سے حال
توبہ کرنے اپنے پیر ومرشد کا سُنا ہی آتش غضب اور خشم سے ایسے مشتعل ہو گئے
ہین کہ ہوش وحواس جاتے رہے اور سمجھے کہ اگر انھون نے توبہ کی تو ہمکو بھی
اس عقائد فاسدہ سے توبہ کرنی پڑیگی دیا اپنے پیر ومجتہد سے انحراف کرنا
ہوگا لہذا بدون تحقیق وبلا سند چند اقوال متناقضہ اور تاویل وتسویل مخالفہ
قبل از مرگ واویلا کہنے شروع کیے جسکو دیکھکے ہر عاقل ہنستا ہی اکثر کا یہ قول ہی

رسول مانتے تو خدا کے ہاتھ و پاؤن وناک وکان وغیر ذلک ثابت نہ کرتے
جیسے آپ لوگون کے آقا جناب نواب صدیق حسنخان صاحب بہادر نے اپنے رسالہ (الاحتواء
علی مسئلۃ الاستواء) مین لکھا نہ رسول کی رسالت کے اختتام کا انکار کرتے۔ پھر
آپنے لکھا۔ غیبت وکذب دین مین کیا۔ اتامرون الناس بالبر وتنسون
انفسکم۔ آپ تو خود غیبت کرتے ہین۔ پھر اپنے کو فضیحت دوسرے کو نصیحت کیسی
پھر آپنے لکھا۔ راقم ایک بندۂ خدا راجپوتانہ بارشاد مولوی ابوسعید محمد حسین صاحب
لاہوری۔ اس عبارت سے دو امر لازم آتے ہین ایک تو یہ ہی کہ اس خط کو
کسی راجپوت الاصل والنسل نے راجپوتانہ سے آپکے حکم کے موافق لکھا۔
کیونکہ اسطرح کا کلام خلاف شرع کسی مؤمن کی زبان سے نہین نکلتا ہی۔
دوسرا یہ ہی کہ آپنے خود لکھکر دوسرے کی طرف منسوب کردیا۔ بہر تقدیر
استعجاب کی جگہ ہے کہ آپنے کیونکر ایسی حرکت کی یا اجازت دی خدا ہدایت
کرے۔ فقط۔ سوائے اسکے لاہوری صاحب نے اور اور لوگون نے اور اور
تحریرات متناقضہ و تقریرات متخالفہ مے نوشون کی طرح مبہوت و مدہوش ہوکر
درج اخبار کیا جسکو ہمنے طوالت کی وجہ سے چھوڑ دیا نہین تو انکی بھی خبر
لیتا۔ الغرض نتیجہ اس تحریر کا یہ ہی کہ جب سرگروہ غیر مقلدین میانصاحب
کا توبہ کرنا ثابت ہوگیا۔ تب کل غیر مقلدین کو بھی توبہ کرنا واجب ہوگیا کہ
اپنے امام وپیشوا کا اقتدا واجب ہی اور برابر کرکے آیا اسوقت نہ کرنا کیا۔
سوائے اسکے مین پوچھتا ہون کہ میانصاحب نے ضلالت سے توبہ کی
یا ہدایت سے۔ اگر ضلالت سے توبہ کی۔ تب کل انکے مریدین کو بھی چاہیے

حج نہ کرکے۔ خواہ مکہ معظمہ مین جاکر شریف مکہ (جسکو آپنے پلید مکہ قرار دیا ہی)
کے حبس مین محبوس ہوکر توبہ نامہ لکھدینا کیا تھا۔ اُنکی بڑی خطا ہوئی۔ آنکو
اِنکے توبہ سے توبہ کروا دیجئے۔ اور بڑے دار الحرب سے حج کروا لائے۔ کیونکہ
آپ ہی نے اُنکو لوگون سے بچایا۔ اور مقلد سے غیر مقلدین بنوایا۔ اتنا ہی
کروا لیجیے۔ پھر آپنے لکھا۔ وہ جھوٹ محض ثابت ہوا۔ ہان فی زماننا سچ کا نام
جھوٹ اور جھوٹ کا نام سچ قرار پاگیا ہی۔ لقول النبی صلعم قال رسول صلعم
سیاتی علی الناس سنوات خداعات یصدق فیھا الکاذب
ویکذب فیھا الصادق اخرجہ ابن ماجہ۔ اجی صاحب اگر اِس خبر کو (جو
ہزارون ولاکھون حاجی وغیرہم کی زبانی ثابت ہوگئی۔ اور اب تک تدارک
اِسکا ممکن ہی کہ لوگ ہر ہر مہینے مین حرمین شریفین سے آمد و رفت کرتے ہین
اور اِسکی حقیت کو ظاہر کرتے ہین) جھوٹ کہیگا۔ تو اخبار احاد صحاح کو جو چند راویون
کی زبانی دو ڈھائی برس کے بعد ثابت ہی کیا کہیگا۔ کیونکر صحاح کو صحاح کہیگا۔
اور اُنھین احادیث نبوی کہکر مانیگا۔ ذرا بتلا تو دیجئے۔ نہین تو احکام شریعت
سے ہاتھ دھوبیٹے۔ پھر آپنے لکھا۔ لعنت اللہ علی الکاذبین۔ سبحان اللہ
ما اعظم شانہ کہ کاذب کی زبان سے کاذب پر لعنت بھیجتا ہی۔ پھر آپنے لکھا۔ اپنا
نامۂ اعمال اور نیز قلب کو سیاہ کرتے ہین۔ کیا خوب اپنے گناہ کی سزا دوسرے
پر دھرتے ہین۔ کیا آپنے ابھی شریف مکہ کو پلید مکہ اور حرمین شریفین کو دار الحرب
اور سچ کو جھوٹ لکھکے اپنے دل کو سیاہ نہ کیا۔ پھر آپنے لکھا۔ خدا و رسول بھی
کچھ چیز ہین۔ اُلٹا چور کُتوال کے ڈانٹے۔ آپ لوگ اگر خدا کو خدا جانتے اور رسول کو

حامداً و مصلیا اما بعد فان العاجز السید محمد نذیر حسین متبع السنۃ والجماعۃ عقیدۃً و فعلاً و انا اعلم ان خلافها من المذاهب کلها سوء سواء کان من الرافضیۃ والخارجیۃ والوهابیۃ وانی افتی موافقاً للمذهب الحنفی و انا حنفی المذهب و تبت مما اخطات وصلی اللہ علی سیدنا محمد و علی آلہ و صحبہ اجمعین +

الراقم السید محمد نذیر حسین بقلمہ +

ترجمۃ ما کتب المولوی الحاج سلیمان الجوناکڈی + +

